نیز بعض حضرات کا مسلک یہ ہے کہ ارجلکم کو زیر کے ساتھ پڑھا جائے یا زبر کے ساتھ دونوں کا عطف ایدیکم پر ہی ہے اس لئے کہ زیر کی صورت میں جر جواری ہے اور قاعدہ تو یہ ہے کہ ان دونوں کی حد کعبین کو قرار دیا گیا ہے اس لئے دونوں صورتوں میں دھونا لازم ہے۔ یہ مراد ہے ان حضرات کے قول کے مطابق۔ ارجلکم کا عطف اگر وجوہکم پر ہو تو پھر آیت کے معنی یہ ہوں گے کہ دونوں پاؤں ٹخنوں تک دھولیا جائے جیسا کہ آیت کی ابتداء میں بیان کیا گیا ہے۔ یہ سوال کہ جب ارجلکم کا عطف ایدیکم پر ہے تو پھر ارجلکم کو زیر کے ساتھ کیوں پڑھا جاتا ہے؟ اس کا جواب اہل لغت یہ دیتے ہیں کہ ارجلکم کا کسرہ لفظی جر جوار کا ہے یعنی رؤسکم کے قرب و جوار میں واقع ہونے کی وجہ سے ہے جیسے کہ آیت عذاب یوم الیم میں الیم کو کسرہ ہے۔ حالانکہ یہ عذاب کی صفت ہے اس لئے اس کو مرفوع ہونا چاہیے تھا لیکن یوم کے قرب و جوار میں ہونے کی وجہ سے مجرور ہے کیونکہ اگر چہ یہ صفت ہے عذاب کی اور اس کو مرفوع ہونا چاہیے لیکن جو حضرات قرب و جوار کی وجہ سے مکسور پڑھنے کو جائز قرار دیتے ہیں ان کے نزدیک یہ جائز ہے کہ دونوں صورتوں میں یکساں ہو۔ جبکہ ایک تو حرف عطف درمیان میں ہے اور دوسرا یہ کہ یہاں پر کسرہ کی وجہ سے اشتباہ ہوتا ہے کہ معلوم نہیں اس کا عطف کس پر ہے یا وہ کس کا تابع ہے اس کا جواب یہ ہے کہ ان حضرات کا جر جوار کا انکار کرنا اس کو تسلیم نہیں کیا گیا کہ قرب و جوار میں واقع ہونے کی وجہ سے جر کا استعمال قرآن پاک کی کئی آیات میں ہوا ہے۔ جیسے اہل لغت کے کلام میں موجود ہے اس لئے اس کا انکار صحیح نہیں ہے۔ ان حضرات کا استدلال یہ ہے کہ قرآن پاک کی آیت جو پیش کی گئی ہے اس میں الیم قاعدہ کے اعتبار سے منصوب ہونا چاہیے کیونکہ وہ عذاب کی صفت ہے لیکن یوم کے قرب و جوار میں واقع ہونے کی وجہ سے جر کے ساتھ پڑھا جاتا ہے اسی طرح دوسری مثال ہے کہ یہ عذاب کی صفت ہے یوم کی صفت نہیں ہے مگر یوم کے قرب کی وجہ سے جر کے ساتھ پڑھا جاتا ہے اہل عرب اس کا استعمال کرتے ہیں جیسے جحر ضب خرب۔ اس مثال میں خرب کا زیر ضب کے جوار میں آنے کی وجہ سے ہے حالانکہ خرب جحر کی صفت ہے اور جب قرآن کریم اور اہل لغت کے کلام میں جر جوار کی وجہ سے کسرہ کا استعمال موجود ہے تو پھر جر جوار کے انکار کی کوئی گنجائش نہیں ہے اور اشتباہ بھی باقی نہیں رہتا ہے کہ اس لئے کہ یہاں قرینہ موجود ہے الی الکعبین اور حرف عطف درمیان میں آنا ضروری نہیں ہے بعض اہل علم اس کے قائل ہیں کہ حرف عطف درمیان میں ہو تو حرف عطف اضافت پر دلالت کرتا ہے تب بھی جر جوار کا جواز ہے تاکہ حرف عطف کے موجود ہونے کی صورت میں بھی جر جوار قائم رہے اور حرف عطف سے اشتباہ ختم نہیں ہوتا بلکہ پختہ ہوتا ہے یعنی اخفش نے کہا کہ واؤ حرف عطف میں سے ہے واؤ کی خصوصیات یہ ہیں جن میں سے ایک جر جوار کا جواز ہے جو معطوف علیہ میں تو نہ ہو مگر واؤ کے درمیان میں آنے کے بعد بھی وہ باقی رہتا ہو۔ بہرحال جو ترتیب بھی ان دونوں کے دھونے کا وجوب اس آیت سے ثابت ہوتا ہے اور وہ ثابت ہو چکی ہیں جو ہم اوپر بیان کر چکے ہیں کہ ارجلکم کا عطف وجوہکم پر ہے اور دھونا جائز ہے اور حدیثوں میں اس کا بیان آیا ہے اور امت کا اجماع بھی ہو چکا ہے اس لئے حرف عطف کے درمیان میں آنے کے بعد بھی جر جوار کا باقی رہنا ایک ثابت شدہ حقیقت ہے۔ (تفسیر مظہری ج ۳)

اس کے علاوہ ایک بات یہ بھی ہے کہ کعبین سے مراد ۔۔۔۔۔ ٹخنے ہیں جو پنڈلی اور قدم کے جوڑ پر دونوں طرف ابھری ہوئی ہیں ان دونوں ہڈیوں تک مسح کرنے کا کوئی قائل نہیں بلکہ مسح قدم کی پشت پر صرف انگلیوں تک ہوتا ہے جس سے معلوم ہوا کہ آیت وضو میں پاؤں پر مسح کرنا مراد نہیں ہے کیونکہ مسح ٹخنوں تک نہیں کیا جاتا ہے اس لئے یہ ترتیب وار ہی مراد ہے۔ یہ سوال کہ جب دونوں پیروں کا حکم دھونا ہی ہے تو پھر امسحوا کے تحت کیوں بیان کیا اس میں نکتہ یہ ہے کہ اگر پاؤں کے دھونے کا بیان چہرہ اور ہاتھ کے ساتھ ہوتا تو بار بار کا مسح بیان کرنے پر ترتیب کی خلاف ورزی ہوتی کہ پہلے دھونا بیان کر دو پھر پاؤں دھونا اگر پاؤں کے دھونے غسل کی تصریح ہوتی تو کلام طویل ہو جاتا لہٰذا تحسین ہو جانے سے ترتیب بھی باقی رہی اور مسح کے قیاس کی سند اور کلام فصیح و بلیغ ہوا (كذا قاله بعض المحققين) علامہ زمخشری وغیرہ نے یہ بھی کہا کہ اس کا مقصد یہ ہے کہ پاؤں دھونے میں اعتدال نہیں کرتے بے ضرورت پانی بہاتے ہیں جو اسراف کی حد میں داخل ہوتا اس لئے قرآن کریم نے پاؤں کے دھونے کا حکم امسحوا کے تحت بیان کیا تاکہ پانی کا اسراف نہ کریں۔

ابن عربیؒ نے آیت کی ایک اور تاویل کی ہے جو انہوں نے اپنی فتوحات میں ذکر کی ہے انہوں نے فرمایا کہ اہل عرب غسل کو مسح سے تعبیر کرتے ہیں چنانچہ ابو زید انصاری وغیرہ لغت کے ماہرین نے اس کی تصریح کی ہے وہ کہتے ہیں تمسحت للصلوة ای اغتسلت للصلوة، مسح الارض المطر (استعمال کرتے ہیں چنانچہ بارش نے زمین کو دھو دیا) وغیرہ اور آنحضور اکرم ﷺ نے بیان فرمایا کہ مسح سے مراد دونوں پاؤں کو بھگونا اور پانی بہانا اور مسح جس سے مراد ہو اس کے ساتھ دونوں پیروں پر ہاتھ پھیرنا ہے جس کو غسل کہتے ہیں بعض محققین نے ... دونوں قرأتوں کو دو حالتوں پر رکھا ہے واللہ اعلم کہ اگر منصوب پڑھا جائے تو پاؤں برہنہ ہونے کی صورت پر محمول کیا جائے اور اگر مجرور پڑھا جائے تو اس صورت پر محمول کیا جائے جبکہ پاؤں موزے کے اندر ہوں جیسے کہ امام غلیب ... دونوں طرح پڑھا جائے دو روایات کے اعتبار سے جیسا کہ یہاں دو اعراب دو حالتوں پر محمول کیا جائے اس توجیہ سے دونوں قرأتوں کے درمیان تطبیق اور بقدر امکان دونوں پر عمل ہو جاتا ہے اور حدیث نقل سے اس کی تائید ہوتی ہے کہ آنحضرت ﷺ موزے پہنے ہوتے تو ان پر مسح فرماتے اور اگر موزے نہ پہنے ہوتے تو پاؤں دھوتے اس کا بیان صحیح احادیث میں آیا ہے اور تواتر کے ساتھ نقل کی گئی ہیں اور ننگے پاؤں پر مسح کرنے کے سلسلہ میں آنحضرت ﷺ سے کوئی حدیث منقول نہیں ہے بلکہ اس کے برعکس جن لوگوں کی ایڑیاں خشک رہ جانے پر سخت وعید فرمائی ہے چنانچہ بخاری و مسلم کی روایت میں آیا ہے کہ کچھ لوگ حضور اکرم ﷺ کے ہمراہ مکہ سے مدینہ کی طرف جارہے تھے دوران سفر نماز عصر کا وقت آگیا لوگوں نے وضو کیا جلدی میں ان کی ایڑیاں خشک رہ گئی تھیں اسی وقت حضور اکرم ﷺ نے وعید کے تحت الفاظ ویل للاعقاب من النار فرمائے اور اس طرح کی سخت وعید معمولی عمل کے چھوڑنے پر وارد نہیں ہوتی بلکہ ایڑیاں خشک رہ جانے کی وعید سنانا ضروری نہیں اسی لئے ترک فرض پر وعید کے الفاظ فرمائے ہیں جس سے آیت کی مراد واضح ہوگئی کہ ننگے پاؤں کا حکم مسح نہیں بلکہ دھونے کا حکم ہے اور غسل میں بھی استیعاب کی رعایت شرط ہے اگر تھوڑی جگہ بھی خشک رہ گئی تو وضو درست نہ ہوگا اس آیت کریمہ سے اور بھی بہت سے مسائل کا تعلق ہے گفتگو طویل ہو جائے گی اس لئے

[illegible]

تحقیق رجال

اخبرنا قتیبة بن سعید [illegible]

معمر [illegible]

زهری [illegible]

ابی سلمة [illegible]

ابی هریرة [illegible]

اذا استيقظ احدكم من نومه الخ [illegible]

[illegible]

فلا يغمس يده الخ [illegible]

[illegible]

پھر یہ بلا کسی قید ضرورت سے زیادہ ہے ہاتھ کو برتن میں داخل کرنے پر محمول ہے بلکہ اس حال سے منع نہیں کیا گیا ہے جواب دیا ہے سوال کہ سعید بن منصور نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ آپ نے ایک برتن میں جو کہ چھوٹا تھا ہاتھ کو دھونے کے بغیر داخل کیا ہے اور ابن ابی شیبہ نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ آپ نے طہارت یعنی وضو کے لوٹے میں دھونے سے پہلے ہاتھ داخل کیا ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ بیان جواز پر محمول ہے اور اس عمل سے اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے کہ نہی تنزیہی ہے جیسا کہ حضور اکرم ﷺ نے خود ہی اپنے قول "فان احدکم لا یدری این باتت یدہ" سے علت حکم بیان فرمادی ہے وہ بھی تنزیہی ہی کو مقتضی ہے۔ اور جمہور علماء اسی کے قائل ہیں کہ یہ نہی جو سوتے ہی ہے وہ بقرینہ علت مذکورہ تنزیہی ہے کیونکہ نجاست کا وجود یہاں قطعی یا یقینی نہیں محض شک ہے تو ایسا نہیں ہے اور چونکہ شبہ کی وجہ سے یہ نہی تنزیہی ہے اس لئے اگر ہاتھ دھوئے بغیر برتن میں ڈال دیا تو پانی ناپاک نہ ہوگا بلکہ پاک رہے گا اور ہاتھ ڈالنے والا گنہگار نہ ہوگا البتہ اگر ہاتھ پر نجاست کا یقین ہو تو اس کا دھونا واجب ہے اور بغیر دھوئے برتن میں ہاتھ ڈالنے سے پانی ناپاک ہو جائے گا کیوں کہ جب اس حدیث میں احتمال نجاست کی وجہ سے احتیاطاً برتن میں بغیر دھوئے ہاتھ ڈالنے سے منع کیا گیا ہے تو احتیاط اس وقت درست ہو سکتی ہے جبکہ ہاتھ کو نجاست لگنے کا یقین ہو اور بغیر دھوئے اس کو پانی میں ڈالنے سے پانی کو ناپاک کر دے کیونکہ اگر یقین کی حالت میں بھی پانی ناپاک نہ ہو تو پھر احتمال کی صورت میں احتیاط کی کیا ضرورت ہے

بہر حال جب یہ تحقیق ہو چکی کہ ہاتھ پر نجاست کی لگی ہوئی ہے تو اس کو برتن میں ڈالنے سے پہلے دھو لینا ضروری ہے اور یہی شرعی احتیاط بھی ہے کہ اس حدیث میں رسول کریم ﷺ نے غسل ید کے حکم کو ایک وہم کے ساتھ وابستہ فرمایا ہے اور وہ چیز (یعنی غسل ید) جو کسی امر مظنون سے وابستہ ہوتی ہے وہ واجب نہیں ہوتی ہے اگر پانی میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے اس کے دھونے کو فرض کہنا درست ہے ورنہ واجب کہاں کہ پانی اور ہاتھ دونوں طہارت اصلیہ پر ہیں اس لئے کچھ علماء نے اس حدیث کو احتیاط پر محمول کیا ہے علامہ طیبی نے کہا کہ امام احمد بن حنبل اور داؤد ظاہری نے ظاہر حدیث پر نظر رکھتے ہوئے کہا کہ اگر رات کی نیند کے بعد اٹھے تو واجب ہے کہ پہلے ہاتھ کو دھولے پھر پانی میں ہاتھ ڈالے امام نووی نے شرح مسلم میں اس جگہ حدیث الباب پر نہایت عمدہ بحث کی ہے وہاں ملاحظہ کیجئے آخر میں لکھتے ہیں کہ حسن بصری سے جو قول منقول ہے کہ اگر ہاتھ دھوئے بغیر پانی میں داخل کر دے تو پانی ناپاک ہو جائے گا لہذا پہلے دھو لینا واجب ہے یہ قول بہت کمزور ہے کیوں کہ اس میں کوئی تردد نہیں کہ پانی اور ہاتھ دونوں پاک ہیں لہذا محض شک سے اس کا نجس ہونا درست نہیں کیونکہ یہ قواعد شرع کے خلاف ہے اور ہمارا اور متقدمین کا مسلک یہی ہے کہ یہ حکم نیند سے جاگنے پر موقوف نہیں ہے بلکہ ہر حالت میں ہے جبکہ ہاتھ کے پلید ہونے کا شک و شبہ ہو اور یہی جمہور علماء کا مذہب ہے اور امام احمد سے جو ایک روایت نقل کی گئی ہے کہ رات کی نیند سے جاگنے والے پر غسل یدین واجب ہے اور دن میں اس کے پانی میں ہاتھ ڈالنا مکروہ تنزیہی ہے اور جب دن کو سو کر اٹھے تو پھر دھوئے بغیر ہاتھ ڈالنا مکروہ تنزیہی ہے اور داؤد ظاہری نے بھی حدیث کے ظاہری الفاظ کی وجہ سے جو لفظ بات کا ہے اس کی موافقت کی ہے یہ مذہب نہایت ضعیف ہے کیوں کہ شارع علیہ السلام نے خود ہی اپنے قول "فانہ لا یدری این باتت یدہ" سے علت حکم بیان

اور دن کے سونے کے متعلق ہیں کہ جو سونے سے اٹھے، اسے اپنا ہاتھ برتن میں ڈالنے کا یقین نہیں کہ اس کا ہاتھ ناپاک ہونے کا شک و شبہ کی بنا پر نجاست کے ازالے کی وجہ سے ثابت ہے۔ یہ احتمال نجاست کی یہ صورت دونوں کو شامل ہے خواہ رات کی نیند سے اٹھے یا دن کی نیند سے بیدار ہو کر حالت میں ہو۔ (شرح مسلم للنووی)

حدیث سے اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اگر اس حدیث سے اس کا حال پیشاب جیسا ہے اور جو سبب حدث ہے جو غسل مباشرت ہے وہ امام احمد بن حنبل وغیرہ کے نزدیک پیشاب اور مباشرت وغیرہ سے کم بھی پانی میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے اس کے دھونے کو واجب نہیں کرتا ہے جو رات کی نیند کے قائل ہیں، سو پیشاب اور مباشرت کے بعد برتن میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے اس کا دھو لینا ضروری ہے تو جب یہاں نجاست یقینی کے وجوب کے قائل نہیں ہوئے تو دن کی نیند سے اٹھنے کے بعد غسل یدین واجب قرار دینا ان کی بات کا ان کے اصول سے بالاتر ہے۔ غور کیجئے کہ رسول ﷺ نے غسل یدین کی علت نجاست بیان فرمائی چنانچہ فرمایا:

فانه لا یدری این باتت یده الخ کہ اس کو کیا معلوم کہ رات کو اس کا ہاتھ کہاں رہا۔ قاضی بیضاوی نے کہا کہ اس جملے سے اس علت کی طرف اشارہ فرمایا ہے کہ جس نے وضو کے پانی میں ہاتھ ڈالنے کی ممانعت سے پہلے اس کی علت فرمائی کہ وہ ہاتھ کے پاک ہونے کا علم نہیں رکھتا کیونکہ جب کلام میں شرعی حکم کی تعلیل یعنی علت کے ساتھ علت حکم کی ضروری بیان فرمائی تو ظاہر بات ہے کہ ثبوت حکم اس علت کے ساتھ متعلق ہوگا جیسے حدیث محرم میں آیا ہے کہ حالت احرام محرم کے لئے خوشبو کا استعمال کرنا منع ہے جس کی علت محرم کی حالت احرام ہے اس لئے جب احرام نہ رہے تو خوشبو لگانے کی ممانعت کا حکم علت حالت احرام کے ساتھ وابستہ ہے، اسی طرح حدیث مذکور میں وضو سے پہلے پانی میں ہاتھ ڈالنے کی ممانعت کا حکم "فانه لا یدری الخ" علت کے ساتھ وابستہ ہے۔ واللہ اعلم بالصواب (زہر الربیٰ)

اس لئے اس حدیث سے نجس ہونے کا وجوب ثابت نہیں ہوتا حاصل بحث کا یہ ہے کہ پانی میں ہاتھ ڈالنے سے قبل اس کا دھونا اس وقت ہے جب کہ ہاتھ پر نجاست کا یقین ہو اور عدم یقین کے وقت مستحب ہے بشرطیکہ اس پر احتمال نجاست ہو اور یہی مذہب احناف اور اکثر اہل علم کا ہے۔ امام احمد چونکہ تعلیل احکام کے قائل نہیں اس لئے آپ نے ظاہر حدیث سے قید عمل کو ترک کر کے رات کی نیند سے اٹھنے کے بعد ہاتھ دھونے کو واجب قرار دیا ہے حالانکہ بدون وضو معلوم نہیں ہوتا کہ ان کے نزدیک بھی مسئلہ یہ ایسا واجب نہیں جیسے کہ ملا علی قاری نے مرقاۃ میں اس کی تصریح کی ہے۔

اس حدیث سے حنفیہ کے لئے یہ مسئلہ بھی مستفاد ہوتا ہے کہ احناف کے نزدیک نجاست غیر مرئیہ یعنی وہ نجاست جو آنکھوں سے نظر آنے والی نہیں ہے تین بار دھونے سے پاک ہو جاتی ہے کیونکہ جب حدیث میں نجاست موہومہ کی تطہیر کے لئے تین مرتبہ دھونے کا حکم دیا گیا ہے تو نجاست متحققہ غیر مرئیہ تین مرتبہ دھونے سے بطریق اولیٰ پاک ہوگی چنانچہ حدیث مذکور اس طرح کی دوسری احادیث احناف کی دلیل ہیں بلکہ بعض روایات میں تین بار کے ساتھ یہ لفظ بھی وارد ہوا ہے "فتمها تطهر منه" کہ تین بار دھو لینے سے کافی ہو جاتا ہے۔ (رواہ احمد وابو داؤد وغیرھما)

[illegible]

كتاب الطهارة

باب السواك اذا قام من الليل

مسواک کے بیان میں جب رات کو تہجد کے لئے اٹھے

أخبرنا إسحق بن إبراهيم وقتيبة بن سعيد عن جرير عن منصور عن أبي وائل عن حذيفة رضی اللہ عنہ قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا قام من الليل يشوص فاه بالسواك

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت تہجد کو اٹھتے تو منہ کو مسواک سے صاف فرماتے تھے۔

تشریح علامہ [illegible] کے قول میں رات کو اٹھنے کے بعد [illegible] مسواک [illegible] [illegible] مسواک کی [illegible] [illegible] [illegible] السواك من الله من عمل۔

اذا قام من الليل [illegible] روایت میں اذا قام يتهجد من الليل [illegible] کہ جب آپ تہجد کے لئے اٹھتے تو [illegible] روایت [illegible]

يشوص فاه بالسواك [illegible] مسواک کرنے کے [illegible] معلوم ہوا کہ [illegible] اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] تو مسواک [illegible] صاف [illegible] [illegible] نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم [illegible] مسواک [illegible] قراءت [illegible]

باب كيف يستاك

مسواک کس طرح سے کی جائے اس کے بیان میں

أخبرنا أحمد بن عبدة قال أخبرنا حماد بن زيد قال حدثنا غيلان بن جرير عن أبي بردة عن أبي موسى رضی اللہ عنہ قال دخلت على رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو يستن وطرف السواك على لسانه وهو يقول عأ عأ

[illegible]

تشریح وطرف السواک علی لسانه [illegible]

[illegible]

وهو يقول عُعْ عُعْ [illegible]

[illegible]

باب هل يستاك الإمام بحضرة رعيته

اس امر کے بیان میں کہ کیا امام اپنی رعایا کے سامنے مسواک کر سکتا ہے

أخبرنا عمرو بن علي قال حدثنا يحيى وهو ابن سعيد قال حدثنا قرة بن خالد قال حدثنا حميد بن هلال قال حدثني أبو بردة عن أبي موسى قال أقبلت إلى النبي صلى الله عليه وسلم ومعي رجلان من الأشعريين أحدهما عن يميني والآخر عن يساري ورسول الله صلى الله عليه وسلم يستاك فكلاهما سأل العمل قلت والذي بعثك بالحق نبيا ما أطلعاني على ما في أنفسهما وما شعرت أنهما يطلبان العمل فكأني أنظر إلى سواكه تحت شفته قلصت قال إنا لا أو لن نستعين على العمل من أراده ولكن اذهب أنت فبعثه على اليمن ثم أردفه معاذ بن جبل رضي الله عنهما

[illegible]

[illegible]

تشریح [illegible]

ومسح رجلاہ الخ [illegible]

قلت والذی الخ [illegible]

فصاح انا لا اولیس مستغنی علی العمل الخ [illegible]

واللہ اعلم بالصواب

[illegible]

ہے جس کے بارے میں بحث ان شاء اللہ آگے کتاب الطہارۃ میں آئے گی۔

ولکن اذهب انت یعنی حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ چونکہ اس منصب کے مستحق تھے اس لئے انہیں یمن کے حاکم بنا کر بھیج دیا پھر حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو ان کی معاونت کے لئے ان کے پیچھے بھیجا اور دونوں کو یہ ہدایت فرمائی "یسرا ولا تعسرا وبشرا ولا تنفرا وتطاوعا ولا تختلفا" لوگوں کے ساتھ آسانی کا معاملہ کرنا اور سختی نہ کرنا اللہ کی رحمت کی بشارت دینا اور عذاب خدا سے لوگوں کو بہت زیادہ نہ ڈرانا کہ وہ رحمت خداوندی سے ناامید ہو جائیں اور اتفاق سے کام کرنا اور اختلاف نہ کرنا۔

باب الترغيب في السواك

مسواک کی ترغیب کا بیان

أخبرنا حميد بن مسعدة ومحمد بن عبد الأعلى عن يزيد وهو ابن زريع قال حدثني عبد الرحمن بن أبي عتيق قال حدثني أبي قال سمعت عائشة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال السواك مطهرة للفم مرضاة للرب

حضرت عبدالرحمن بن ابی عتیق کہتے ہیں میرے والد نے مجھ سے حدیث بیان کی کہ انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے سنا وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتی ہیں فرمایا مسواک منہ کے واسطے پاکیزگی کا سبب ہے اور پروردگار کے واسطے رضامندی کا ذریعہ ہے۔

تشریح السواك مطهرة للفم مرضاة للرب: امام نووی نے شرح المہذب میں لکھا ہے لفظ مطہرۃ میم کے کسرہ اور فتح دونوں کے ساتھ مستعمل ہے اور اسی طرح مکنسہ وغیرہ میں بھی دونوں حرکتیں نقل کی ہیں لیکن کسرہ کے ساتھ زیادہ مشہور ہے جس سے مراد آلہ طہارت ہے یعنی مسواک منہ کی صفائی کا آلہ ہے۔ صاحب زہر الربی نے لکھا ہے کہ لفظ مطہرۃ اور مرضاۃ میم کے فتح کے ساتھ دونوں مصدر ہیں جو اسم فاعل کے معنی میں ہے ای مطهر للفم ومرض للرب یعنی مسواک منہ کو صاف رکھنے والی ہے اور پروردگار کو خوش کرنے والی ہے یعنی اس کے استعمال سے اللہ تعالیٰ خوش ہو جاتے ہیں یا یہ دونوں ہی مصدر سببیہ ہوتی ہیں "ای سبب للطهارة والرضا" یعنی منہ کی صفائی اور رضائے الٰہی کا ذریعہ ہے، امام طیبی نے کہا کہ لفظ مطہرۃ اسوات مطہرۃ کی شکل قولہ مبخلة مجبنة کے ہے یعنی جس طرح اولاد بخیل اور بزدل بنانے والی چیز ہے اسی طرح مسواک کا استعمال طہارۃ اور اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کا باعث ہے۔

اس حدیث میں خاص طور سے صرف دو فائدوں کے بیان پر ہی اس لئے اکتفا فرمایا گیا ہے کہ یہ دونوں ہی تمام فوائد سے افضل اور اہم ہیں ان دونوں کے علاوہ مسواک کے اور بھی بہت سے فوائد ہیں مثلاً مسواک کے عمل سے شیطان بھاگ جاتا ہے اور فرشتے خوش ہوتے ہیں دانتوں کی زردی ختم ہو جاتی ہے نگاہ اور بینائی تیز ہوتی ہے، دانت صاف ہو جاتے ہیں وغیرہ وغیرہ

تفصیل کے لئے شرح بلوغ، المرعید ی میں دیکھئے غرض یہ ہے اس کے بے فوائد ہیں خصوصاً اس عمل سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے جو ہر نماز سے دوام کو مسواک کے عمل کی پابندی کر کے اس سے مستفید ہونا چاہئے۔

باب الاکثار فی السواک

مسواک کے بارے میں بہت زیادہ ارشاد فرمانے کا بیان

اخبرنا حمید بن مسعدة و عمران بن موسی قالا ثنا عبد الوارث ثنا شعیب بن الحبحاب عن انس بن مالک رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد اکثرت علیکم فی السواک

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے مسواک کے بارے میں تم سے بہت کچھ بیان کیا۔

تشریح قد اکثرت علیکم فی السواک حافظ ابن حجرؒ نے اس کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ میں نے بار بار اور مسواک کی طلب و ترغیب کے سلسلہ میں تم سے بہت کچھ بیان کیا۔ یا یہ مطلب ہے کہ میں نے احادیث مسواک کی ترغیب میں وارد کی ہیں اور تمہارے سامنے تفصیل سے بیان کر دیا۔ ابن التین نے اس کا یہ مطلب بیان کیا ہے "ای اکثرت علیکم وحقیق ان افعل وحقیق ان تطیعوا" یعنی میں نے مسواک کے فضائل و فوائد کے بارے میں تم سے بہت کچھ بیان کیا اب اس کا مقتضیٰ یہ ہے کہ میں خود بھی اس کا اہتمام کروں اور تمہارے لئے بھی مناسب ہے اس کا اہتمام کیا کرو۔ حضور آپ کے اس ارشاد مبارک سے مقصود مسواک کی ترغیب اور تاکید ہے حق کی بات یہ ہے کہ مسواک کی فضیلت میں چالیس (۴۰) احادیث وارد ہوئی ہیں مگر افسوس ہے کہ اس سنت کی طرف سے عام طور پر بے توجہی ہے عوام کا کیا کہنا علماء بھی اس کی طرف کوئی توجہ نہیں دیتے حالانکہ یہ فرائض و واجبات و سنن وغیرہ کے مجموعہ کا نام ہے۔

الرخصة فی السواک بالعشی للصائم

روزہ دار کے لئے شام کے وقت مسواک کرنے کی اجازت ہے

اخبرنا قتیبة بن سعید عن مالک عن ابی الزناد عن الاعرج عن ابی ھریرة رضی اللہ عنہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لولا ان اشق علی امتی لامرتھم بالسواک عند کل صلوة

حضرت ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر میں اپنی امت پر مشکل نہ جانتا تو ان کو ہر نماز کے وقت مسواک کرنے کا حکم دیتا۔

عن ابی الزناد آپ ابو الزناد سے مشہور ہیں ان کا اصل نام عبداللہ بن ذکوان القرشی ابو عبدالرحمٰن مدنی ہے محدث اور فقیہ تھے امام بخاریؒ نے "ابو الزناد عن الاعرج عن ابی ھریرة رضی اللہ عنہ" والی سند کو سب سے اصح الاسانید قرار دیا ہے ابن معینؒ نے کہا "وھو ثقة حجة لا یعرف بہ جرح" امام ابو یوسفؒ نے اپنے استاد امام ابو حنیفہؒ سے نقل کرتے ہوئے کہا کہ آپ

نے فرمایا کہ جب میری حاضری مدینہ منورہ میں ہوئی تو وہاں دیکھا کہ ربیعہ کے پاس بہت سے لوگوں کا مجمع ہے حالانکہ اس وقت امام مالک اس سے زیادہ فقیہ تھے مگر ربیعہ فقہ الرای کے بارے مشہور تھے ربیعہ نے کہا "لیس بحافظ ولا رضی" کہ یہ حجت اور مستند نہیں مگر امام یحییٰ نے کہا "لا یسمع قول ربیعة فقد تكن بینهما عداوة ظاهرة" ربیعہ کا قول نا قابل تسلیم ہے ان کے کمروں کے درمیان کوئی ہوئی عداوت تھی۔ ان کا انتقال ۱۳۶ھ میں ... کے بعد ہوا۔

عن الاعرج ان کا نام عبدالرحمٰن بن ہرمز ہے ربیعہ بن حارث بن عبدالمطلب کا مولیٰ تھا اور ثقہ معتمد روایت دار تھا ان کا انتقال ۱۱۷ھ میں مصر میں ہوا۔

تشریح لولا ان اشق علی امتی الخ۔ قاضی بیضاوی وغیرہ نے کہا کہ لولا درحقیقت امتناع کسی ایک شی کے وجود کی وجہ سے دوسری شی کے وجود کے ممتنع ہونے پر دلالت کرتا ہے مثلاً کہتے ہیں "لولا زید لا کرمتک" کہ اگر زید موجود نہ ہوتا میں تیری عزت کرتا مگر چونکہ زید موجود ہے اس لئے میں تمہاری عزت نہیں کر سکتا تو ظاہر ہے کہ جواب کے عدم وجود کا سبب زید کا وجود ہے جیسا کہ اس ارشاد نبوی میں مسواک کے عدم امر کا سبب خوف مشقت تو اب اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر مجھے اپنی ضعیف امت پر دشواری اور مشقت کا خوف نہ ہوتا تو میں انہیں ہر نماز کے وقت مسواک کے استعمال کا حکم دیتا مگر امت کے مشقت میں پڑنے کا خوف دامن گیر ہوا اس لئے آپ نے ہر وضو و صلوٰۃ کے وقت اس کے لئے مسواک کا وجوبی حکم نہیں دیا۔

امام شافعی کا ارشاد

امام شافعی نے فرمایا کہ ارشاد نبوی "لامرتهم بالسواك" میں اس بات کی دلیل موجود ہے کہ مسواک کا عمل واجب نہیں کیوں کہ اگر واجب ہوتا امت پر مشقت کا اندیشہ ہوتا ... مسواک کرنے کا حکم دیتے اور یہی عدم وجوب کا قول اکثر اہل علم کا ہے بلکہ بعض اہل علم نے تو عدم وجوب پر اجماع کا دعویٰ کیا ہے قاضی عیاض نے کہا کہ کلام نبوی اور فہم ان علماء کی دلیل ہے جو کہتے ہیں کہ پیغمبر ﷺ کا امر وجوب کے لئے آتا ہے اور یہی قول اکثر فقہاء اور بعض متکلمین کا ہے اس لئے کہ حقیقت استحباب کے ساتھ لاحق ہوئی چونکہ مندوبات کے ساتھ ہوتا کہ پیغمبر ﷺ مسواک کا امر فرماتے تو اس کا امر واجب ہوتا اور کسی کا کوئی اختیار نہ چلتا چاہے کرے یا نہ کرے مگر چونکہ وجوب ایجاب کی صورت میں آپ کو امت کے لوگوں کے مشقت میں پڑنے کا اندیشہ لاحق ہوا اس لئے رعایت شفقت و سہولت امت کو مد نظر رکھتے ہوئے مسواک کا حکم نہیں دیا البتہ تاکید و ترغیب مسواک کی بہت زیادہ فرمائی حتیٰ کہ وجوب تک کا خیال ہوتا تھا آج کے ڈاکٹروں نے اس کا اعتراف کیا ہے کہ یہ بہت اچھا عمل ہے اور اس میں بڑی حکمت ہے جو کسی دوسرے مذہب میں نہیں پائی جاتی کیونکہ کئی امراض دانتوں سے پیدا ہوتے ہیں چنانچہ ان کا علاج یہی ہے کہ بطور حفظ ما تقدم مسواک کی جائے بہرحال اس کے ظاہری اور معنوی فوائد بہت ہیں جو کتابوں میں مذکور ہیں اس تقریر مذکورہ سے ظاہریہ کا مذہب رد ہو گیا کیونکہ وہ وجوب کے قائل ہیں جو اجماع کے خلاف ہے کیونکہ امام نووی نے مسواک کے عدم وجوب پر ائمہ کا اجماع نقل کیا ہے اور کہا کہ مسواک کرنا سنت ہے کسی حال میں واجب نہیں ہے نہ قیام الی الصلوٰۃ کے وقت واجب ہے اور نہ اس کے علاوہ دوسرے اوقات میں واجب ہے اسی پر علماء کا اجماع ہے۔

مسواک کا تعلق وضو سے ہے یا نماز سے

[illegible] اعلم بالصواب

عقل و نقل

[illegible]

درمیان کوئی اختلاف نہیں کیونکہ شیخ ابن ہمام نے شیخ قدوری کی پانچ مقامات پر مسواک کے استحباب کی صراحت کی ہے جو یہ ہیں (۱) جب دانت زرد ہو جائیں (۲) منہ میں بدبو پیدا ہو جائے (۳) سو کر اٹھنے کے بعد (۴) نماز کے لئے کھڑے ہوتے وقت اور (۵) وضو کے وقت۔ [illegible] لہٰذا ثابت ہوا کہ [illegible] علامہ ابن ہمام کی عبارت [illegible] اور وضو کے وقت [illegible] مستحب ہے [illegible] اسی لئے علماء نے [illegible] عبارت [illegible] ویستحب السواک عند کل صلوٰۃ وعند کل وضوء [illegible] کے علاوہ شیخ ابن ہمام کی صراحت سے معلوم ہوتا ہے کہ مسواک [illegible] کل صلوٰۃ میں ایک مضاف مقدر ہے [illegible] اختیار کیا ہے۔

روزہ دار زوال کے بعد مسواک کر سکتا ہے

بعض فقہاء روزہ دار کو روزے کے وقت مسواک کرنے سے منع کرتے ہیں [illegible] مسواک ہر وقت مستحب ہے [illegible] میں امام یوسف نے حضرت امام صاحب کی مخالفت کی ہے [illegible] حدیث [illegible] ہے کہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسواک [illegible] وقت مستحب [illegible] روزہ دار بھی [illegible] مسواک [illegible] نہ مستحب [illegible] منہ کی بدبو [illegible] ہے۔

السواك في كل حين

ہر وقت میں مسواک کرنے کا بیان

اخبرنا علي بن خشرم قال حدثنا عيسى وهو ابن يونس عن مسعر عن المقدام وهو ابن شريح عن ابيه قال قلت لعائشة باي شيء كان يبدأ النبي صلى الله عليه وسلم اذا دخل بيته قالت بالسواك

حضرت مقدام بن شریح اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ شریح نے کہا میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا کہ رسول اللہ ﷺ گھر میں تشریف لاتے تو سب سے پہلے کیا کام کرتے تھے تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا کہ حضور ﷺ مسواک کا عمل کرتے تھے۔

تشریح: اس حدیث کے راوی مقدام بن شریح [illegible] یعقوب بن سفیان نے توثیق کی ہے [illegible] حضور اکرم ﷺ [illegible]

[illegible]

[illegible] [illegible]

[illegible]

[illegible]

ذكر الفطرة: الاختتان

ختنہ کرنے کا بیان

[illegible]

[illegible]

تشریح ذکر الفطرة [illegible]

الفطرة خمس یہاں حصر مراد نہیں کہ امور فطرت صرف یہی پانچ ہیں کیونکہ اس سے زیادہ اور چیزیں بھی ان کے علاوہ بھی ہیں جن کا ثبوت دوسری روایات میں آیا ہے چنانچہ آگے ابن عمر کی روایت آرہی ہے اس میں تین امور بیان فرمائے ہیں اور حضرت عائشہ کی حدیث میں دس (۱۰) بیان ہوئے ہیں [illegible] امور فطرت میں (۳۰) تک شمار کیے ہیں [illegible] حدیث میں پانچ کا [illegible] سے [illegible] کی نفی نہیں ہوتی ہے۔

اب یہ سوال کہ امور فطرت کے بیان میں عدد کا اختلاف کیوں واقع ہوا تو اس کا جواب بعض علماء نے یہ دیا ہے کہ چونکہ مخاطبین کے احوال مختلف ہوتے ہیں اس لئے مخاطب کے مقتضائے حال کی رعایت فرماتے ہوئے پیغمبر علیہ الصلوۃ والسلام نے ان کے لئے جتنے امور [illegible] مناسب سمجھا اسی کے مطابق بات کی [illegible] اسی وجہ سے امور فطرت کے بیان میں اختلاف واقع ہوگیا [illegible]

یا یہ کہا جائے کہ [illegible] امور فطرت [illegible] ﷺ کی حدیث میں [illegible] اجمالی طور سے اس لئے [illegible] کہ امور فطرت [illegible] مفہوم عدد [illegible] میں کوئی منافات نہیں ہے۔

اس حدیث میں جن چیزوں کا ذکر ہے وہ تمام انبیاء علیہم الصلوۃ والسلام کی سنت ہیں اور اس حدیث میں جو لفظ فطرت وارد ہوا ہے [illegible] اس کے معنی [illegible] علامہ خطابی کے [illegible] اس کی تفسیر سنت سے کی ہے [illegible] ایک روایت میں [illegible] حضرت عائشہ ﷺ کی حدیث میں [illegible] لفظ فطرت سے سنت مراد ہے یعنی یہ امور تمام انبیاء علیہم السلام کی سنت ہیں اور اس کے [illegible] میں۔

حضرت شاہ ولی اللہ نے فرمایا کہ [illegible] حضرت ابراہیم ﷺ سے منقول ہیں اور تمام ملت حنیفی میں [illegible] جاری ہیں [illegible] ان کے دلوں میں [illegible] اسی وجہ سے ان کا نام فطرت رکھا گیا۔

الاختتان ختنہ کرنا: حضرت شاہ ولی اللہ نے فرمایا کہ ختنہ کرنا [illegible] ہے [illegible] پیشاب کے قطروں سے [illegible] حضرت ابراہیم ﷺ [illegible] [illegible] (اللعو المعتصر)

امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ختنہ [illegible] سنت ہے، امام مالک اور اکثر اہل علم کا قول بھی یہی ہے، ان حضرات نے حدیث باب اور حدیث "الختان سنۃ" سے استدلال کیا ہے، امام شافعی اور ان کے نزدیک ختنہ واجب ہے [illegible] دیتے ہیں۔

اور ختنہ کرنے کا وقت مختلف ہے، [illegible] ایک سال سے بارہ سال تک اور بعض کے نزدیک [illegible] اور بعض کے نزدیک جب بچہ ختنہ کرانے [illegible] کرنے سے پہلے جب بچے ختنہ کرانے خصوصاً [illegible] کی ختنہ کی اجازت اور حرج ہو [illegible] سے علیحدہ رہنے [illegible] کے لئے واجب کا ترک کرنا جائز نہیں۔ امام ابو حنیفہ نے فرمایا "لا اعلم فی ذلک وقتا ولم یرو عنھما الی الصاحبین فیہ شیئ" اس لئے بعض مشائخ کے نزدیک [illegible] ابن حبیب مالکی کا قول ہے [illegible] ختنہ [illegible] ہے کہ [illegible] بعض علماء نے کہا کہ کوئی تعیین نہیں ہے چنانچہ [illegible] شیخ [illegible] حضرت [illegible] سے روایت کی ہے "ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم ختن حسنا وحسینا لسبعۃ ایام" [illegible] کے بارے میں پوچھا [illegible] بہرحال ختنہ کی ایک طرف کی [illegible] کے مطابق [illegible] ختنہ کا مسئلہ [illegible] ہے۔

والاستحداد [illegible] بال صاف کرنا [illegible] بالوں سے صاف کیا جائے تو [illegible] کے بال [illegible] اور [illegible] حاصل ہوتی ہے [illegible] مقصود ہے۔

قص الشارب بعض روایات میں "جزوا الشوارب" اور بعض روایات میں "احفوا الشوارب" اور بعض میں "انھکوا الشوارب" کے الفاظ آئے ہیں ان سب سے اس بات کی طرف اشارہ مقصود ہے کہ مونچھوں کے بال کسی طرح کتروا لینے چاہئیں [illegible] ہو سکتے ہیں کہ ہونٹ کی حالت [illegible] اور کھانے پینے میں [illegible] ہو جاتے ہیں [illegible] دشمنان دین [illegible] ہوتی ہے حضرت شاہ ولی اللہ نے لکھا ہے کہ [illegible] لمبا چھوڑنا ہے اور [illegible] ہے اور یہ مجوس کا طریقہ ہے جس کی مخالفت کا حکم دیا گیا ہے [illegible] مونچھوں کے بال [illegible] ہے کہ کس قدر کتروا [illegible] اختلاف [illegible] بعض حضرات کہتے ہیں اور بعض جن میں امام مالک بھی شامل ہیں [illegible]

تقلیم الاظفار [illegible] معلوم ہوتی ہے [illegible] حضرت ابو ایوب ﷺ کی

حدیث شریف ہے کہ ایک شخص حضور ﷺ کی خدمت میں آیا تو آپ ﷺ سے آسمان کی خبر دریافت کی تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ تم مجھ سے عالم بالا کی خبر پوچھتے ہو حالانکہ تمہاری حالت تو یہ ہے کہ تم نظافت سے دور ہو، بے ناخن رکھتے ہو کہ پرندوں کے ناخن ہیں جن کے اندر میل کچیل اور گندی چیزیں جمع ہو جاتی ہیں تو اس واقعہ سے ایک تو یہ معلوم ہوا کہ اگر ناخن قدر معتاد سے بہت زیادہ طویل ہو جائے تو یہ خلاف ہے فطرت سلیمہ کے، قابل مذمت ہے اسی لئے حضور ﷺ کو اس شخص کی یہ حالت ناگوار معلوم ہوئی۔ ہاں اگر قدر معتاد سے زیادہ طویل ہو جائیں مگر معتدل کی حد تک رہیں تو کوئی حرج نہیں، دوسرے یہ کہ ناخن اگر قدر معتاد سے بہت زیادہ طویل ہو جائے تو اس کے اندر میل جمع ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے جلد تک پانی نہیں پہنچ سکے گا لہذا ایسی حالت میں پوری طرح صفائی وپاکیزگی حاصل نہیں ہو سکے گی۔ (اکمال اکمال المعلم ۱/۲۷)

اب رہا ناخنوں کے کاٹنے کی ترتیب تو یہ حدیث سے ثابت نہیں جس طرح بھی کاٹ لیں اصل سنت ادا ہو جائے گی مگر دائیں ہاتھ سے شروع کرے کیونکہ حضرت عائشہؓ کی حدیث اس کی طرف رہنمائی کر رہی ہے وہ فرماتی ہیں "کان یعجبه التیمن فی طهوره وترجله وفی شأنه کله" کہ نبی کریم ﷺ کو دائیں جانب سے شروع کرنا پسند تھا طہارت حاصل کرنے اور کنگھی کرنے اور ہر کام میں پسندیدہ تھا۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ شہادت کی انگلی بوجہ سبقت کے اور شیطان پر شدید ضرب لگانے کے اشرف و صالح ہے اس لئے پہلے داہنے ہاتھ کی شہادت کی انگلی کا ناخن اتارنا افضل ہے پھر درمیانی کا پھر اس کے پاس والی کا پھر چھنگلی کا پھر انگوٹھے کا پھر بائیں ہاتھ کی چھنگلی کا پھر اس کے پاس والی کا پھر بیچ کی انگلی کا پھر شہادت کی انگلی کا پھر انگوٹھے کا کاٹے اور بعض علماء نے کہا کہ دائیں ہاتھ کی شہادت کی انگلی سے شروع کر کے چھنگلی یعنی چھوٹی انگلی تک جائے پھر بائیں ہاتھ کی چھنگلی سے شروع کر کے انگوٹھے تک پہنچ کر دائیں ہاتھ کے انگوٹھے پر ختم کرے۔ اور پاؤں کے ناخن اس طرح کاٹے کہ دائیں پاؤں کی چھنگلی سے شروع کرے اور بائیں پاؤں کی چھنگلی پر ختم کرے۔

اور علماء نے لکھا ہے کہ ناخنوں کا دفن کر دینا مستحب ہے اور پاخانہ اور غسل خانہ میں ڈالنا مکروہ ہے جیسا کہ آجکل لوگ اس میں بے احتیاطی کرتے ہیں جو عند الشرع پسندیدہ نہیں ہے۔

تنبیہ الالمعی: اس سے معلوم ہوا کہ بغلوں کے بال اکھیڑنا سنت ہے اور بعض علماء نے کہا کہ اکھیڑنا اس کے لئے افضل ہے جو قوی ہو اور اس کی تکلیف کو برداشت کر سکتا ہو جو شخص اکھیڑنے کی تکلیف برداشت نہ کر سکے اس کے لئے حلق کرنا اور نورہ سے صاف کرنا جائز ہے، چنانچہ ابن ابی حاتم نے مناقب شافعی میں یونس بن عبد الاعلیٰ سے تخریج کی ہے انہوں نے کہا کہ میں ایک مرتبہ امام شافعی کے پاس گیا جبکہ حجام امام شافعی کے بغل کے بال مونڈ رہا تھا تو امام شافعی نے محسوس کر لیا اور فرمایا کہ میں خوب جانتا ہوں کہ اکھیڑنا سنت ہے مگر میں تکلیف برداشت نہیں کر سکتا تو اس سے معلوم ہوا کہ تکلیف برداشت کرنے کی طاقت نہ ہو تو حلق کرنا جائز ہے اور اکھیڑنے میں حکمت یہ بیان کی جاتی ہے کہ معلوم ہے کہ بغل میں میل کچیل جمع ہوتا ہے اور اس سے بدبو آتی ہے جس سے طبیعت کو نفرت ہوتی ہے اس لئے اکھیڑنے کو مسنون قرار دیا گیا تاکہ بال کمزور ہو جائیں اور ان میں قلت آ جائے بخلاف حلق کے کیونکہ اس سے بال زیادہ ہو جاتے ہیں اور بدبو کی شدت سخت ہو جاتی ہیں

[illegible] فطرت [illegible]

تقلیم الاظفار

ناخنوں کا کاٹنا

أخبرنا محمد بن عبد الأعلى قال حدثنا المعتمر قال سمعت معمرا عن الزهري عن سعيد بن المسيب عن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خمس من الفطرة قص الشارب ونتف الإبط وتقليم الأظفار والاستحداد والختان

حضرت ابو ہریرہ [illegible] یہ حدیث سابق عنوان کے تحت گزر چکی ہے [illegible]

نتف الابط

بغل کے بالوں کا اکھیڑنا

أخبرنا محمد بن عبد الله بن يزيد قال حدثنا سفيان عن الزهري عن سعيد بن المسيب عن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال خمس من الفطرة الختان وحلق العانة ونتف الإبط وتقليم الأظفار وأخذ الشارب

یہاں بھی صرف عنوان [illegible] ہے یہ حدیث سابق عنوان کے تحت آچکی ہے ترجمہ و تشریح وہیں ملاحظہ کریں۔

حلق العانة

زیر ناف بال کا مونڈنا

أخبرنا الحارث بن مسكين قراءة عليه وأنا أسمع عن ابن وهب عن حنظلة بن أبي سفيان عن نافع عن ابن عمر أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الفطرة قص الأظفار وأخذ الشارب وحلق العانة

انس کے علاوہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث سامنے آئی اس میں بھی اور بعض ناخنوں کے کاٹنے بغلوں کے لینے اور زیر ناف کے بال مونڈنے کا بیان ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں ان امور کا بیان آ چکا ہے اور پیچھے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں پانچ کا بیان ہوا ہے وہاں تفصیل سے وضاحت بیان کی گئی ہے ملاحظہ کیجئے۔

قص الشارب

مونچھیں کاٹنے کا بیان

اخبرنا علی بن حجر قال اخبرنا عبیدۃ بن حمید عن یوسف بن صہیب عن حبیب بن یسار عن زید بن ارقم قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من لم یاخذ شاربہ فلیس منا

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص اپنی مونچھیں نہ کاٹے وہ ہم میں سے نہیں۔

فلیس منا علامہ سندھی نے فرمایا کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ ہمارے ان طریقوں میں سے نہیں جو ہماری سنت کی پیروی کرتے ہیں اور ہمارے طریقہ کو پسند کرتے ہیں وہ اس کلام سے وعید ﷺ کی مراد نہیں کہ وہ حقیقی معنی میں اسلام سے خارج ہو جاتے ہیں بلکہ اس سے مقصود ترک سنت کے واسطے تہدید ہے اور سنت کو نہیں چھوڑنا چاہئے اور اس سے سستی و غفلت برتی چاہئے۔

التوقیت فی ذلک

بغل وغیرہ کے بالوں کے ازالہ میں وقت مقرر کرنے کا ثبوت

اخبرنا قتیبۃ قال حدثنا جعفر هو ابن سلیمان عن ابی عمران الجونی عن انس بن مالک قال وقت لنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی قص الشارب وتقلیم الاظفار وحلق العانۃ ونتف الابط ان لا نترک اکثر من اربعین یوما وقال مرۃ اخری اربعین لیلۃ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اکرم ﷺ نے ہمارے لئے وقت مقرر فرمایا مونچھوں کے کترنے میں ناخنوں کے کاٹنے میں زیر ناف کے بال مونڈنے میں اور بغل کے بال اکھیڑنے میں یہ کہ ہم چالیس دن سے زیادہ نہ چھوڑیں اور کبھی تو یوں فرمایا کہ چالیس رات سے زیادہ نہ چھوڑیں۔

تشریح حافظ ابن عبدالبر رحمہ اللہ نے کہا کہ جعفر بن سلیمان کے علاوہ کسی نے اس حدیث کو روایت نہیں کیا اور ان کی روایت حجت نہیں کیونکہ ان کا حافظہ خراب ہو گیا تھا اور عقل بہت کم تھی لیکن امام نووی نے کہا کہ بہت سے ائمہ حدیث نے جعفر بن سلیمان کی توثیق کی ہے خصوصاً ان کی توثیق کے لئے امام مسلم کا ان کی روایت سے احتجاج کرنا کافی ہے حالانکہ اور دوسرے راویوں نے بھی ان کی متابعت کی ہے تو پھر ان کی حدیث کے اعتبار میں کیا اشکال ہے۔

ان لا نترک اکثر الخ یعنی ہم کو یہ حکم دیا گیا کہ زیر ناف وغیرہ کے بال اور ناخن وغیرہ چالیس دن سے زیادہ مدت تک نہ چھوڑا جائے یہی وجہ ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث جس کو امام مسلم اور نسائی نے روایت کیا ہے وہ چالیس دن سے زیادہ عرصہ تک ترک کرنے کی ممانعت پر دلالت کرتی ہے، بعض محققین نے کہا کہ بعض روایات کے الفاظ سے شریعت کی تحدید فرمائی ہے کہ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ تحدید بیان جواز کی ہے، افضل یہ ہے کہ ہر جمعہ میں ایک دفعہ زیر ناف صاف کرے بغل و مونچھیں اور ناخنوں کو کتروائے طہارت و نظافت کا اہتمام کیا جائے اور بہتر ہے کہ نماز سے پہلے حجامت بنوائی جائے اور پھر غسل کر کے نماز جمعہ پڑھنے جائے اور اگر ہر جمعہ میں حجامت نہ ہو سکے تو درمیانی مدت پندرہ دن میں کر لے اور انتہائی مدت چالیسویں دن تک ہے اس کے بعد رخصت نہیں اور اگر چالیس دن گذر گئے پھر بھی یہ امور مذکورہ سے صفائی حاصل نہیں کی تو گنہگار ہوگا **الافضل ان یقلم اظفاره ویحفی شاربه ویحلق عانته وینظف بدنه بالاغتسال فی کل اسبوع مرة فان لم یفعل ففی خمسة عشر یوما ولا یعذر فی ترکه وراء الاربعین ویستحق الوعید** (فتاوی ہندیہ ۲۲۸/۲)

احفاء الشارب واعفاء اللحی

مونچھوں کا کترنا اور داڑھیوں کو بڑھنے دینا

اخبرنا عبید اللہ بن سعید قال حدثنا یحیی ھو ابن سعید عن عبید اللہ اخبرنی نافع عن ابن عمر رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال احفوا الشوارب واعفوا اللحی

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا مونچھوں کے بالوں کو باریک اور صاف کر کے کترو اور داڑھیوں کو بڑھنے دو۔

تشریح: پیغمبر ﷺ نے دو باتوں کی ہدایت فرمائی اول مونچھوں کے بال کترنے کی دوسرے داڑھیوں کے بال بڑھنے کی، مونچھوں کا کتروانا اس قدر کہ لب کے کنارے ہو جائے سنت ہے، منڈانے میں اختلاف ہے بعض بدعت کہتے ہیں اور بعض اجازت دیتے ہیں لیکن نہ منڈانے میں ہی احتیاط ہے مونچھیں ترشوانا سنت ہے، حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث میں آیا ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ **خالفوا المشرکین اوفروا اللحی واحفوا الشوارب** اور ایک روایت میں ہے "**انھکوا الشوارب واعفوا اللحی**" (متفق علیہ) یعنی تم مشرکین کی مخالفت کرو وہ مونچھیں بڑھاتے ہیں اور داڑھیاں پست کرتے ہیں لہٰذا تم ان کی مخالفت کرو کہ داڑھی بڑھاؤ اور مونچھ پست کرو۔

حضرت تھانوی رحمۃ اللہ نے فرمایا: داڑھی ایسی چیز ہے کہ اس سے بڑے چھوٹے کی تمیز ہوتی ہے اور وہ مردوں کے لئے باعث حسن و جمال اور ان کی ہیئت کو مکمل کرنے والی ہے چنانچہ اس کو بڑھانا مسنون ہے اور اس کا کتروانا مجوسیوں کا طریقہ ہے اور اس میں خلق الٰہی کو بدل دینا ہے اور یہ آپ علیہ السلام صاحب عظمت و جلال و شوکت ہونے کے باوجود متکبروں میں شامل کرنا ہے۔

قرآن کریم میں ہے "ولامرنهم فليغيرن خلق الله" یعنی شیطان نے کہا تھا کہ میں ان کو یہ تعلیم دوں گا تیرے بندوں کو اعمال سیئہ کی بھی تعلیم دوں گا جس سے وہ اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی صورتوں کو بگاڑا کریں گے۔ اور اس سے آپ اندازہ لگا لیں کہ یہ اعمال سیئہ سے ہیں اور اس سے معلوم ہوا کہ جو لوگ ایسی حرکات کرتے ہیں وہ درحقیقت شیطان لعین کی پیروی کرتے ہیں اور پیدائش الٰہی کو بگاڑ رہے ہیں، تو اگر اس فعل مذموم سے خلوص دل کے ساتھ توبہ کر لیں اور شریعت کے مطابق داڑھی رکھنے کا عمل اختیار کیا تو پھر توبہ مقبول ہے اور وعید شدید کے تحت نہیں ہوں گے، ورنہ اس وعید کے مستحق ہوں گے جس کو کریں ملاحظہ اور ابوداؤد کی روایت میں آیا ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ "من تشبه بقوم فهو منهم" یعنی جو شخص کسی قوم سے مشابہت رکھے وہ انہی میں سے ہوگا اور یہ مشابہت عام ہے خواہ اخلاق میں ہو یا اطوار میں، وضع میں ہو یا کھانے پینے میں ہو وغیرہ وغیرہ تو اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسلمان کے لئے بالکل یہ درست نہیں کہ وہ ان امور میں سے کسی امر میں غیر مسلم یعنی انگریز اور مجوس کی مشابہت اختیار کرے لیکن بہت افسوس ہے کہ مسلمان بجائے مشرکین کی مخالفت کے داڑھیاں منڈانے اور مونچھیں بڑھانے کا عمل یعنی اختیار کر کے ان کی مشابہت کو باعث فخر سمجھتے ہیں۔

بہر صورت ان کی یہ مشابہت ارشاد نبوی "خالفوا المشركين الخ" یعنی مشرکین کی مخالفت کرو کہ داڑھیوں بڑھاؤ! اور مونچھیں بہت کترواؤ یا کم کرو کی صریح خلاف ورزی ہے اب ایسے لوگوں کو ذرا فکر کرنا چاہئے کہ ان کا شمار کن حضرات علماء کے زمرہ میں، یا فساق و فجار کے زمرہ میں۔ اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو اس گناہ کبیرہ سے بچنے کے لئے عقل سلیم عطا فرمائے۔ باقی یہ بات کہ داڑھی کی حد اور مقدار شرعی کیا ہے تو اس سلسلہ میں نصوص اور فقہاء کرام کی تصریحات اس پر دلالت کرتے ہیں کہ داڑھی بقدر قبضہ یعنی مٹھی کے برابر رکھنا واجب ہے، ہاں چونکہ سنت سے ثابت ہے اس لئے اسے سنت کہہ دیتے ہیں، جیسے نماز عید واجب ہے لیکن اسے سنت سے تعبیر اس لئے کرتے ہیں کہ وہ سنت سے ثابت ہے۔ بہرحال سنت کے مطابق داڑھی کی مقدار مٹھی بھر ہونی چاہئے اس سے کم رکھنا جائز نہیں البتہ مقدار مسنون سے زائد مشت کو کتروا لینا ملک وغیرہ کی تصریح کے مطابق سنت ہے تاکہ داڑھی کے سب بال برابر ہو جائیں، اور مجتبیٰ نے کہا ہے کہ اگر آدمی داڑھی کے بالوں کو چھوڑ دے تو اس کی وجہ سے اسے برا بھلا نہیں کہا جائے گا البتہ اس پر اعتراض کیا جائے گا جس کی داڑھی کے بال مٹھی سے زیادہ بڑھ جائیں تو پھر ایسا عمل قابل اعتراض ہے کیونکہ اس نے خود کو بدنما کر کے لوگوں کے سامنے پیش کیا ہے جس کی وجہ سے ان کو استہزاء کرنے کا موقع ملتا ہے۔ چنانچہ داڑھی کے مٹھی سے بڑھے ہوئے بالوں کو ہر طرف سے کتر کر برابر کرے تاکہ بدہیئت نظر نہ آئے چنانچہ اس امر کے جواز پر وہ حدیث دلالت کرتی ہے جو امام ترمذی نے عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ کے طریق سے روایت کی ہے اس کے الفاظ یہ ہیں "ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يأخذ من لحيته من عرضها وطولها" یعنی نبی کریم ﷺ کترتے تھے اپنی داڑھی سے عرض میں سے اور طول میں سے یعنی مٹھی سے بڑھے ہوئے بالوں کو کتروا دیتے اور برابر کرتے تھے اور یہ علماء اور فقہاء کے مطابق نہیں ہے جس کا امر حدیث میں وارد ہے، تو لوگ مونچھوں کے ساتھ داڑھی کو کٹوانے کی بات سے داڑھی کا حلق مثلہ سے برابر اور صلاح نہ کی۔ مطلقاً اس کے مطابق نہیں جانا چاہئے کہ منقول ہے حضور اکرم ﷺ سے

[illegible]

[illegible] رسول اللہ ﷺ [illegible]

[illegible]

ﷺ [illegible] عن عبد الرحمن [illegible] لمحمد في كتاب الآثار عن الاوزاعي [illegible]

[illegible]

الابعاد عند ارادة الحاجة

قضائے حاجت کے ارادہ کے وقت دور چلے جانا

أخبرنا عمرو بن علي قال حدثنا يحيى بن سعيد قال حدثنا أبو جعفر الخطمي عمير بن يزيد قال حدثني الحارث بن فضيل وعمارة بن خزيمة بن ثابت عن عبد الرحمن بن أبي قراد رضي الله عنه قال خرجت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى الخلاء وكان إذا أراد الحاجة أبعد

حضرت عبدالرحمن بن ابی قراد ﷺ سے روایت ہے [illegible] رسول اللہ ﷺ [illegible] کی طرف چلا اور آپ [illegible] قضائے حاجت [illegible] دور چلے جاتے تھے۔

أخبرنا علي بن حجر قال حدثنا إسماعيل عن محمد بن عمرو عن أبي سلمة عن المغيرة بن شعبة رضي الله عنه أن النبي صلى الله عليه وسلم كان إذا ذهب المذهب أبعد قال فذهب لحاجته وهو في بعض أسفاره فقال ائتني بوضوء فأتيته بوضوء فتوضأ ومسح على الخفين قال الشيخ إسماعيل هو ابن جعفر بن أبي كثير القاري

حضرت مغیرہ بن شعبہ ﷺ سے روایت ہے [illegible] رسول اللہ ﷺ [illegible]

[illegible]

عن المغيرة بن شعبة [illegible]

[illegible] ﷺ [illegible]

جب کہ یہ حدیث بیان کی ہے اسے مسلم نے بھی صحیح میں ذکر کیا ہے البتہ ابن ماجہ نے متفقین میں سے کسی ایک حدیث سے مخصوص ذکر کیا اور سند ہے۔

وکیس اذا اراد الحاجة ابعد آپ جب قضائے حاجت کا ارادہ فرماتے تو دور تشریف لے جاتے یعنی لوگوں کی نظروں سے دور ہو جاتے اور اس طرح سے بعض روایات میں نقل کیا ہے کہ حضور ﷺ قضائے حاجت کے لئے اتنی دور تشریف لے جاتے تھے کہ نظر نہ آتے اور اس کی اصل یہ ہے کہ حدیث کی روایت اس حدیث کی طرح ہے اور حضور ﷺ کی یہ عادت تھی جس طرح ایک مسافر سفر میں قیام کرتا ہے اسی طرح آپ کے سفر میں مناسب جگہ کا انتخاب فرماتے تھے جس میں ہر قسم کا آرام ہو اسی طرح آپ جب پیشاب کا ارادہ فرماتے تو جہاں کہیں بیٹھتے تھے بلکہ مناسب جگہ کی تلاش کرتے تھے مثلاً نرم جگہ وغیرہ اور پیشاب کرنے کی جگہ معلوم ہوا جیسا کہ یہ حدیث اس بات کی دلیل ہے کہ جو کوئی قضائے حاجت کا قصد کرے وہ لوگوں کی نظروں سے دور جگہ چلا جائے اور راحت حاصل کرے تا کہ اس کے ستر پر کسی کی نظر نہ پڑے اور بے پردگی نہ ہو اور وہاں کوئی چیز ایسی نہ ہو جس سے تکلیف پہنچے اور اس کی آواز نہ سنی جائے اور یہ مستحب ہے اور اس سے سنت کا اجر حاصل ہو کر راحت حاصل کرے اور دور ہے تو آواز سننے میں کمی آئے گی۔

ومسح علی الخفین یعنی آپ نے موزوں پر مسح کیا اس بارے میں کئی احادیث وارد ہوئی ہیں جن کی تفصیل آگے آئے گی اور ان احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مسح علی الخفین کے بارے میں صحابہ کرام سے بہت سی روایات منقول ہیں جس طرح کہ حدیث سے ثابت ہے کہ مسح علی الخفین کی حدیث متواتر ہے جس کی تفصیل آگے آئے گی۔

قال الشیخ یعنی امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے اسماعیل کے بارے میں فرمایا کہ یہ اسماعیل بن جعفر ہیں جو علی بن حجر کے شیخ ہیں اور قاری ہیں۔

الرخصة فی ترک ذالک

ابعاد یعنی رفع حاجت کے لئے دور جانے کو چھوڑ دینے کی اجازت ہے

حدثنا اسحق بن ابراهيم قال اخبرنا عيسى بن يونس قال حدثنا الاعمش عن شقيق عن حذيفة ﷺ قال كنت امشي مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فانتهى الى سباطة قوم فبال قائما فتنحيت عنه فدعاني وكنت عند عقبيه حتى فرغ ثم توضا ومسح على خفيه

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ میں رسول کریم ﷺ کے ساتھ چل رہا تھا آپ ایک قوم کی کوڑی پر پہنچے اور کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کا ارادہ کیا میں آپ کے قریب سے ہٹ گیا تو آپ نے مجھے بلایا میں حاضر ہوا اور آپ کے پیچھے کھڑا ہو گیا حتی کہ آپ پیشاب سے فارغ ہو گئے پھر وضو فرما کر موزوں پر مسح کیا۔

تشریح: اس حدیث باب کا مقصد یہ ہے کہ پہلے جو باب گذرا اس میں آیا ہے کہ نبی کریم ﷺ قضائے حاجت کے لئے دور تشریف لے جاتے تھے اس کا تعلق پاخانہ سے ہے کیونکہ اس میں آگے پیچھے دونوں طرف سے پردہ کا اہتمام کرنا پڑتا ہے لیکن پیشاب کا حال اس کے برعکس ہے کہ اس میں ایک جانب آڑ کی ضرورت پڑتی ہے اس لئے اگر صرف پیشاب کی ضرورت ہو تو اس بعد کا اہتمام کرنا ضروری نہیں جس بعد کا پاخانہ میں کیا جاتا ہے دوسروں کی موجودگی میں بھی کسی کی آڑ میں پردہ کی غرض سے قریب کرنے کے بعد بھی کیا جا سکتا ہے اس امر کے اثبات کے لئے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی روایت لائے ہیں کہ جب حضور ﷺ پیشاب کرنے لگے تو حضرت حذیفہ پیچھے ہٹنے لگے مگر آپ نے اشارہ سے بلایا اور وہ پیچھے کھڑے ہو گئے پھر آپ نے پیشاب سے فراغت حاصل کی۔

فانتهى الى سباطة قوم: لفظ سباطہ سین کے فتحہ اور باء کی تخفیف کے ساتھ مستعمل ہے کوڑی کو کہتے ہیں جہاں گندگی اور تمام جگہوں سے کوڑے کرکٹ لا کے ڈالے جاتے ہیں اور بعض نے کہا کہ کوڑے کرکٹ ہی کو سباطہ کہتے ہیں وہ اس جگہ سے کنایہ ہے یہاں سباطہ کی نسبت اضافت قوم کی طرف ہوئی ہے جو اضافت اختصاصیہ ہے اضافت ملکیت نہیں ہے کیونکہ وہ غیر آباد جگہ تھی وہاں سب لوگ کوڑا ڈالتے تھے لیکن اس کے قوم کے قریب ہونے کی وجہ سے انہی کی طرف نسبت کر دی ہے اس لئے یا کوڑی پر پیشاب کرنا دوسرے کی ملکیت میں تصرف نہیں ہے جس کے لئے اجازت کی ضرورت ہوتی ہے علامہ سندھی نے لکھا ہے کہ شاید وہ جگہ قوم کی ملکیت تھی اور مالک سے اجازت کرنے کے بعد اس نے اجازت دے دی ہوگی یا دلالۃً اجازت پر عمل کر آپ نے پیشاب سے فراغت حاصل کی کیونکہ کوڑی گندگی جمع کرنے کے لئے ہوتی ہے جہاں پر پیشاب کرنا اس طرح کا تصرف نہیں ہے جس سے مالک کو ناگواری ہو اس لئے اس کی اجازت ہوگی چنانچہ یہاں یہی صورت پیش آئی کہ شاید آپ مصالح مسلمین میں مشغول ہو گئے ہوں اس کی وجہ سے مجلس طویل ہو گئی ہوگی اور پھر پیشاب کی ضرورت ہوئی تو اٹھ کر دور جانے کے بجائے قریب ہی ایک کوڑی پر حاجت کے لئے کھڑے ہو کر پیشاب کیا۔

کھڑے ہو کر پیشاب کیوں کیا

آپ ﷺ کے کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کی متعدد وجوہ منقول ہو سکتی ہیں جنہیں علامہ عینی نے نقل کیا ہے چنانچہ بعض حضرات کا خیال ہے کہ اس کوڑی پر بیٹھنے کی کوئی جگہ نہ تھی اور کوڑی چونکہ نجاستوں والی ہوتی ہے اس لئے پیشاب کے لوٹ آنے کا اندیشہ تھا لہٰذا آپ نے کھڑے ہو کر پیشاب سے فراغت حاصل کی۔

علامہ نووی اور قاضی عیاض نے کہا کہ خلاف عادت آپ کا یہ عمل اس لئے پیش آیا کہ آپ آبادی کے قریب تھے اور بیٹھ کر پیشاب کرنے کی حالت میں خروج ریح حدث کی قباحت محسوس کی جس سے آواز پیدا ہوتی ہے اور کھڑے ہو کر پیشاب کی حالت میں آواز پیدا نہیں ہوتی اس لئے کھڑے ہو کر پیشاب کیا گویا آبادی کے قریب پیشاب کرنے میں احتیاط کا مقتضی یہی تھا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا قول ہے "البول قائما احصن للدبر" یعنی کھڑے ہو کر پیشاب کرنا دبر کے لئے زیادہ حفاظت کا باعث ہے کیونکہ اس میں آواز نہیں ہوتی جو باعث حیا اور غیروں کی نظر میں ناپسندیدہ کام ہے۔ امام شافعی اور امام احمد سے اس بارے

میں یہ منقول ہے کہ عرب کے لوگ کھڑے ہو کر پیشاب کرنا درد کمر کا علاج تصور کرتے تھے تو ممکن ہے کہ کھڑے ہو کر پیشاب کرنے سے
پیشاب کی کثرت سے پوری طرح وصول ہو جاتا ہے اس لئے ہو سکتا ہے کہ حضور اکرم ﷺ کو کمر میں اس وقت کوئی شکایت ہو اور
آپ نے بطور علاج ایسا عمل فرمایا۔

بیہقی اور حاکم نے حضرت ابوہریرہ ؓ سے نقل کیا ہے کہ آپ کے گھٹنے میں اندرونی طرف میں درد تھا اس لئے
آپ بیٹھنے سے معذور تھے اس لئے آپ نے کھڑے ہو کر پیشاب کیا لیکن اس حدیث کے بارے میں حافظ ابن حجر نے کہا کہ اگر حدیث
صحیح ہو تو دوسرے تمام بیان کردہ اعذار سے مستغنی کر دیتی ہے لیکن دارقطنی اور بیہقی نے اس روایت کی سند کو ضعیف قرار دیا ہے اور
ابن شاہین کہتے ہیں کہ کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کا عمل منسوخ ہو چکا ہے مگر سب سے بہتر اور سب سے مختلف بات یہی ہے کہ آپ
نے یہاں جواز کے لئے ایسا کیا ہے اس لئے کہ امام بخاری نے ذکر کیا اور عنوان میں قائماً اور قاعداً ذکر کیا ہے تو اس سے معلوم ہوا کہ قائماً
بغیر کسی عذر کے کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کی اجازت ہے، بیٹھ کر ہی پیشاب کرنے کو حتمی اور ضروری نہ سمجھیں، گویا جواز کے لئے
پیغمبر ﷺ اس طرح احکام شرع میں لوگوں کو مطلع فرمانے کی تعلیم دیتے تھے اسی طرح جواز کے
اظہار کی خاطر بھی آپ نے کر دیا ہے۔ (ایضاح البخاری)

فتنحیت عنہ الخ یعنی حضرت حذیفہ ؓ کہتے ہیں کہ جب پیغمبر ﷺ نے پیشاب کرنے کا ارادہ کیا تو میں
یہ سمجھا کہ پیشاب کرنے کی حالت میں میری نزدیکی سے آپ کو ناگواری معلوم نہ ہو کیونکہ قضائے حاجت کے وقت آپ کی
عادت شریفہ لوگوں سے دور جانے کی تھی لیکن آپ نے اشارے سے مجھے حصول ستر کی غرض سے قریب بلایا اور میں آپ کے
پیچھے کھڑا ہو گیا اور آپ پیشاب سے فارغ ہو گئے اور آپ نے اس عمل سے یہ بھی بتلا دیا کہ صرف پیشاب کی ضرورت کیلئے دور
جانا ضروری نہیں بلکہ لوگوں کی موجودگی میں کرنا بھی جائز ہے۔

القول عند دخول الخلاء

پاخانہ کی جگہ میں داخل ہوتے وقت پڑھنے کی دعا کا بیان

أخبرنا إسحاق بن إبراهيم أخبرنا إسماعيل عن عبد العزيز بن صهيب عن أنس بن مالك ؓ قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا دخل الخلاء قال اللهم إني أعوذ بك من الخبث والخبائث.

حضرت انس بن مالک ؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول کریم ﷺ جب بیت الخلاء میں داخل ہونے کا
ارادہ کرتے تو یہ دعا پڑھتے **اللهم إني أعوذ بك من الخبث والخبائث** ' اے اللہ میں تیرے ساتھ ناپاک اور خبیث
شیاطین سے پناہ مانگتا ہوں۔

عن انس بن مالک ؓ اس حدیث کے راوی حضرت انس بن مالک ؓ بن نضر انصاری نجاری خزرجی
ہیں۔ دس سال تک انہوں نے رسول کریم ﷺ کی خدمت کی ہے حضور ﷺ نے ان کی کنیت ابوحمزہ رکھی ہے جو ترکاری کا نام

[illegible]

اذا دخل الخلاء [illegible]

[illegible]

النهي عن استقبال القبلة عند الحاجة

[illegible]

[illegible] ... عن أبي أيوب ... أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: إذا ذهب أحدكم إلى الغائط ... فلا يستقبل القبلة ... [illegible]

[illegible]

ابو ایوب انصاری [illegible]

[illegible] ﷺ سے [illegible] قرآن کے [illegible] رسول کریم ﷺ کے [illegible]
[illegible] کی وفات [illegible] میں [illegible]
[illegible] گئے ہیں۔

تشریح قوله وهو يبصر [illegible]
قدمنا الشام فوجدنا مراحيض [illegible] قبل القبلة فكنا ننحرف عنها [illegible] کی روایت سے معلوم ہوتا ہے [illegible] ﷺ [illegible] سے معلوم ہوا [illegible]
[illegible] عراقی نے کیا [illegible] دونوں روایتوں [illegible]
[illegible] شہروں میں [illegible] دونوں شہروں میں [illegible] گئے [illegible]
[illegible] گئے تھے۔

اذا جلس احدكم [illegible] ہوتی ہے کہ جب تم قضائے حاجت کے لئے [illegible] پیشاب اور پاخانہ کے وقت [illegible] [illegible] استقبال اور [illegible] استقبال اور استدبار [illegible] کرتے ہیں کہ نماز میں [illegible] [illegible] سے معلوم ہوتا [illegible] قال الحكمة [illegible] قوله تعالى ومن يعظم حرمات الله [illegible] ومن يعظم شعائر الله [illegible] سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی یادگاروں [illegible] القرآن [illegible] بیت الحرام [illegible] ہے۔

[illegible] ﷺ سے مرفوعاً روایت کیا ہے: من تفل تجاه القبلة جاء يوم القيامة وتفلة بين عينيه [illegible] قیامت کے دن [illegible] پیشاب [illegible] بڑی [illegible] ہے حق على كل مسلم [illegible] [illegible] پیشاب کے وقت قبلہ [illegible] فلينحرف عنه [illegible] لم يقم من مجلسه حتى يغفر له [illegible] روایت سے معلوم ہو [illegible] استقبال [illegible]
[illegible] ہے۔

اس مسئلہ مذکورہ کے بارے میں اقوال ائمہ

اس کے بعد [illegible] مسئلہ میں فقہاء کا اختلاف [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] استدلال [illegible] حضرت [illegible] ﷺ [illegible] فی ذلک فی [illegible]

[illegible] ﷺ [illegible] ﷺ [illegible]

[illegible] ﷺ [illegible]

[illegible] ﷺ [illegible]

[illegible]

بہرحال شوافع [illegible] حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ [illegible]

حنابلہ کی طرف سے جوابات

[illegible] ﷺ [illegible]

[illegible] ﷺ [illegible]

[illegible] حدیث [illegible] حدیث [illegible] ﷺ [illegible]
اس سے متعدد [illegible] مراد [illegible]
اسحاق کے طریق سے یہ حدیث صحیح ہے تو امام مسلم [illegible] محمد بن اسحاق [illegible] بیان میں بہت معتبر ہے مگر
حلال وحرام [illegible] معاملات میں ضعیف [illegible] امام بخاری کی مراد [illegible] حدیث کی [illegible] حضرت جابر ﷺ کی
حدیث میں جس واقعہ کا بیان ہوا ہے وہ ایک واقعہ [illegible] حیثیت [illegible] ابن عمر کی حدیث میں
بیان کیا گیا [illegible] حدیث [illegible]
انصاری ﷺ کے سبب سے حدیث ابن عمر [illegible] میدان [illegible]
[illegible] آپ ﷺ [illegible]
[illegible]
[illegible] ﷺ [illegible]
[illegible] حدیث ابی ایوب انصاری ﷺ [illegible]
[illegible] حدیث ابن عمر ﷺ اور حدیث جابر ﷺ [illegible]

[illegible] حدیث جابر [illegible] ﷺ [illegible]
[illegible]
[illegible] ﷺ [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] حدیث [illegible] استدلال کیا جا سکے۔

[illegible] حدیث ابن عمر کا جواب [illegible] جواب [illegible]
کریم ﷺ کا فعل قول خاص کا معارض نہیں ہو سکتا [illegible] ابن عمر کی چھت پر حضور
اکرم ﷺ [illegible]
[illegible] حضور ﷺ [illegible]
[illegible] حدیث ابی ایوب [illegible] ﷺ [illegible]
[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] تلخیص الحبیر ۱/۷۱، صحیح مسلم ۱/۲۲۵ [illegible]

علامہ انور شاہ صاحب نے اس کو قابل بحث قرار دیا ہے اس لئے فرمایا کہ یہ حدیث ابو ایوب ﷺ سے پہلے کی ہے یا بعد کی جائز پہلے کی ہے تو ظاہر ہے کہ حضرت ابو ایوب انصاری ﷺ کی حدیث سے منسوخ ہو گئی ہے اور اگر بعد کی ہے تو یہ بات یقیناً محال بات ہے کہ جب حضور اکرم ﷺ پہلے استقبال و استدبار سے منع فرما چکے ہیں اور لوگ اس پر عمل کرنے لگے تھے تو ان کی ملامت کیا جاتی قول "اوقد فعلوها" سے انکار کیوں فرمایا گیا یہ بات بھی ناقابل یقین ہے کہ کوئی مسلمان تصور بھی نہیں کر سکتا اور کوئی دانشمند شخص اس لئے کہ یہ حدیث ثابت بھی ہو جائے تو بھی منسوخ ہو گی۔

النهي عن استدبار القبلة عند الحاجة

قضائے حاجت کے وقت استدبار قبلہ کی ممانعت کا بیان

اخبرنا محمد بن منصور قال حدثنا سفيان عن الزهري عن عطاء بن يزيد عن ابي ايوب ان النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تستقبلوا القبلة ولا تستدبروها لغائط او بول ولكن شرقوا او غربوا

حضرت ابو ایوب انصاری ﷺ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ پاخانہ و پیشاب کے وقت قبلہ کی طرف منہ کر کے مت اور نہ پیچھے کر کر مشرق یا مغرب کی جانب منہ کر کے بیٹھو۔

تشریح قوله ولكن شرقوا او غربوا یعنی فراغت کے وقت مشرق کی جانب رخ کر کے بیٹھو یا مغرب کی جانب اس حدیث میں چار سمتوں کا بیان ہے اور اہل مدینہ جو کہ شمالی سمت رہتے ہیں ان کو خطاب ہے یعنی ان سے فراغت کے وقت جانب شمال و جنوب استقبال و استدبار کی ممانعت کی کہ اہل مدینہ کا آمنا سامنا یہ مشرق یا مغرب کی جانب رخ کر کے قضائے حاجت کی جا سکتی ہے کیونکہ جب مدینہ والے جنوب کی طرف منہ کریں گے تو مشرق یا مغرب کی جانب ہوں گی لیکن جو لوگ مشرق یا مغرب کی سمت رہتے ہیں ان کے لئے یہ حکم نہیں ان کے لئے حکم ہے کہ شمال یا جنوب کی طرف منہ کر کے فراغت حاصل کریں۔

امام عراقی نے اس حدیث سے یہ مسئلہ استنباط کیا ہے کہ نماز میں استقبال قبلہ جو فرض ہے وہ صرف جہت قبلہ کی طرف رخ کرنے سے ادا ہو جائے گا عین قبلہ کی طرف منہ کرنے کا پابند نہیں بنایا گیا اگر یہ صورت ہو تو دور دراز علاقوں میں رہنے والوں کے لئے بہت ہی بڑی مشقت کا سبب ہو گا ان کے واسطے جہت کعبہ کی طرف رخ کرنا کافی نہیں بلکہ عین کعبہ کا رخ کرنا ضروری ہوگا۔

حدیث کی بقیہ تشریح عنوان سابق کی حدیث کے ماتحت آ چکی ہے۔

الامر باستقبال المشرق او المغرب عند الحاجة

قضائے حاجت کے وقت مشرق یا مغرب کی طرف رخ کرنے کا حکم دینا

اخبرنا يعقوب بن ابراهيم قال حدثنا غندر حدثنا معمر قال اخبرنا ابن شهاب عن عطاء بن يزيد عن ابي ايوب الانصاري ﷺ قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اتى احدكم الغائط فلا يستقبل

الغائط ولكن ليشرق أو ليغرب

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کوئی پاخانہ کے لئے جائے تو قبلہ کی طرف رخ نہ کرے بلکہ مشرق یا مغرب کی طرف رخ کرے۔

تشریح اذا ذهب احدكم الغائط الخ [illegible] "فلا يستقبل القبلة" [illegible] استقبال کا بیان ہے اور استدبار سے ممانعت ہے بلکہ اس کے علاوہ دوسری [illegible] روایت [illegible] استدبار سے ممانعت بھی وارد ایک روایت بھی مروی ہے [illegible] قبلہ [illegible] ہو جائے گا [illegible] استدبار کا استثناء [illegible] روایت [illegible] کے امام [illegible] سے [illegible] روایت [illegible] قول [illegible] کا قول [illegible] فرمایا ہے (واللہ اعلم بالصواب)

[illegible] کتاب الفقه على المذاهب الاربعه [illegible] [illegible]

الرخصة فى ذلك فى البيوت

مکانات کے اندر استدبار قبلہ کی اجازت ہے

اخبرنا قتيبة بن سعيد عن مالك عن يحيى بن سعيد عن محمد بن يحيى بن حبان عن عمه واسع بن حبان عن عبد الله بن عمر قال لقد ارتقيت على ظهر بيتنا فرأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم على لبنتين مستقبل بيت المقدس لحاجته

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں اپنے گھر کی چھت پر چڑھا تو میں نے رسول کریم ﷺ کو دیکھا کہ آپ دو اینٹوں پر بیٹھے ہوئے قضائے حاجت کر رہے تھے اور آپ کا رخ بیت المقدس کی طرف تھا۔

تشریح قوله لقد رقيت على ظهر بيتنا بخاری کی روایت میں بعض حاجتی کی عبارت ہے [illegible] سے معلوم ہوا کہ کسی ضرورت سے گھر کی چھت پر چڑھے تھے تو وہاں انہوں نے جو کچھ دیکھا اسے اس روایت میں نقل کیا ہے یہاں روایات کے الفاظ مختلف [illegible] [illegible] بخاری کی ایک روایت میں بھی [illegible] [illegible] ایک روایت میں [illegible] اور مسلم کی روایت میں بیت [illegible] کے الفاظ ہیں اور [illegible] بیت اللہ ہے اور ترمذی میں بھی بیت حفصہ ہے [illegible]

نے یہ بات ابن عمر ﷺ کی طرف منسوب کی ہے جبکہ ابن [illegible] سے روایت کی گئی ہے [illegible] حضرت حفصہ ﷺ کی
دوسری روایت میں [illegible] ابن عمر ﷺ کی طرف [illegible] کی نسبت [illegible]
[illegible] حضرت حفصہ ﷺ کی طرف بھی تعلق [illegible] ہوئے [illegible]
[illegible] حضرت شاہ صاحب اس حدیث کے بارے میں حضرت ابو ایوب
انصاری ﷺ کی [illegible] روایت کا تعلق [illegible] مسائل
کے سلسلے میں حضرت شاہ صاحب کی موافقت فرمائی ہے [illegible] سب سے پہلے النھی عن استقبال
القبلة عند الحاجة کا عنوان قائم کیا ہے اس کے بعد [illegible] الرخصة فی ذالک فی البیوت کا ترجمہ
قائم کیا ہے [illegible] حضرت ابن عمر ﷺ کی روایت [illegible] حضرات حنفیہ کی طرف سے اس حدیث کے متعدد
جوابات عنوان النھی عن استقبال القبلة عند الحاجة کے ذیل میں نقل [illegible] حدیث کی شرح میں گذر چکے ہیں وہاں
[illegible] کے علاوہ [illegible] بعض [illegible] کا تعلق
حضرت شاہ صاحب نے فرمایا ہے کہ [illegible] کی طرف [illegible] اور ایک عرصہ کے بعد
[illegible] حضرت ابن عمر ﷺ سے [illegible] پیشاب پاخانہ کے وقت بیت اللہ
کے ساتھ بیت المقدس کو بھی [illegible] کہ قضائے حاجت کے وقت بیت المقدس کا استقبال جائز
نہیں [illegible] حدیث [illegible] بیت اللہ کے مسئلے
[illegible] روایت [illegible] ابن حبان سے
[illegible] ابن حبان کہتے ہیں [illegible] قبلہ کی طرف پشت کئے ہوئے
بیٹھے ہوئے تھے [illegible] کہتے ہیں کہ جب تم قضائے حاجت
کے لئے [illegible] قبلہ کی طرف رخ [illegible] بیت المقدس کی طرف [illegible] گھر کی چھت پر چڑھا تو دیکھا کہ آپ
ﷺ [illegible] بیت المقدس کی طرف چہرہ مبارک کئے ہوئے قضائے حاجت فرما رہے تھے حضرت ابن عمر ﷺ کے کلام
سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کا مقصد [illegible] بیت المقدس کے استقبال کی نفی [illegible]
[illegible] حضرت ابن عمر ﷺ کے تصور میں داخل ہی نہیں [illegible] انہوں
نے اپنا مشاہدہ بیان کرتے وقت صرف استقبال بیت المقدس کی خبر دی ہے اس سے معلوم ہوا کہ استدبار کعبہ کا اس حدیث سے
کوئی تعلق نہیں ہے [illegible] حضرت ابن عمر ﷺ کی مذکورہ روایت کا [illegible] کوئی تعلق باقی نہیں
رہتا [illegible] امام احمدؒ نے فرمایا کہ یہ روایت بیت المقدس کے [illegible] کے لئے ناسخ ہے لیکن بعض
روایات میں [illegible] کے الفاظ وارد ہوئے ہیں یعنی حضور ﷺ کی پشت مبارک کعبہ کی طرف تھی [illegible] کے اعتبار سے
[illegible] کہ بیت اللہ اور بیت المقدس چونکہ ایک خط مستقیم پر واقع ہے اس لئے بیت المقدس کے

استقبال سے بیت اللہ کا استدبار لازم آتا ہے وہاں واقع میں ایسا نہیں بلکہ اس حقیقت کا علم جغرافیہ اور عرض بلد تمثیل سے (کہ دو بیت المقدس کا انحراف واضح ہو جاتا ہے یہ سے صرف نظر کرنا ہے کہ دونوں ایک ہی سمت میں واقع نہیں ہیں۔ (واللہ اعلم بالصواب)

لہٰذا بیت المقدس کے استقبال سے بیت اللہ کا استدبار لازم نہیں آتا ہے روایت میں مستدبر الکعبۃ کا ذکر نہیں ہے بلکہ تردی اعتبار سے اس کا تذکرہ کیا گیا ہے اور مسلم کا مطلب ہوگیا تو پھر یہ حضرت ابن عمر ؓ کی روایت کی وجہ سے حضرت ابو ایوب انصاری کی حدیث مطلق کو فضا کے ساتھ مخصوص کیا جا سکتا ہے کیونکہ یہاں سوال یہ بھی ہے کہ مطابق تو حضرت ابن عمر ؓ کی روایت موضوع کلام سے خارج ہے۔ (ایضاح البخاری)

باب النهي عن مس الذكر باليمين عند الحاجة

قضائے حاجت کے وقت داہنے ہاتھ سے اپنے ستر کو چھونے سے منع کرنے کا بیان

أخبرنا يحيى بن درست قال أخبرنا أبو إسماعيل وهو القناد قال حدثني يحيى بن أبي كثير أن عبد الله بن أبي قتادة حدثه عن أبيه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إذا بال أحدكم فلا يأخذ ذكره بيمينه.

حضرت عبداللہ اپنے والد ابو قتادہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی پیشاب کرے تو اپنے ستر کو دائیں ہاتھ سے نہ پکڑے۔

أخبرنا هناد بن السري عن وكيع عن هشام عن يحيى هو ابن أبي كثير عن عبد الله بن أبي قتادة عن أبيه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا دخل أحدكم الخلاء فلا يمس ذكره بيمينه.

عن ابیہ: میرے والد نے حضرت ابو قتادہ ؓ کی طرف اشارہ ہے۔ کنیت ہے نام ان کے والد ابو قتادہ کی کنیت سے مشہور ہیں کہ انہیں رسول اللہ ﷺ کہتے تھے کہ آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے اور ان کا اصل نام حارث بن ربعی ہے۔ بدر کے علاوہ تمام غزوات میں شریک رہے ستر سال کی عمر پائی اور ۵۴ ھ میں ان کا انتقال ہوا۔

اذا دخل احدکم الخ: مس ذکر کی ممانعت کا حکم اذا بال احدکم پر مرتب کیا گیا ہے اس سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ داہنے ہاتھ سے عضو مستور کو چھونے کی ممانعت کا حکم صرف حالت بول کے ساتھ مقید ہے ہاں یہ بات قید احترازی کی صورت میں درست ہو سکتی ہے لیکن یہاں روایت میں بات بول کی قید اتفاقی ہے احترازی نہیں ہے۔

علامہ سندھی نے فرمایا کہ روایت میں حالت بول کی قید سے بطریق مفہوم مخالف غیر بول کے حالات میں مس بالیمین کے جواز کا قول کرنا درست نہیں ہے کیونکہ مفہوم مخالف کا اعتبار نہیں ہے البتہ روایت میں حالت بول کی قید اس لئے لگی ہے کہ کبھی کبھار قضائے حاجت کے وقت عضو مستور پکڑنے کی ضرورت پڑتی ہے پھر بھی باوجود اس کے عضو مخصوص کو داہنے ہاتھ سے پکڑنا مکروہ ہے تو عدم ضرورت کی حالت میں بطریق اولیٰ مکروہ ہوگا اور مس ذکر بالیمین کی کراہت حالت بول

[illegible]

[illegible] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]

[illegible]

الرخصة فی البول فی الصحراء قائما

خارج مکان کھڑے ہو کر پیشاب کرنے کی رخصت کا بیان

اخبرنا مؤمل بن هشام قال حدثنا اسمعيل قال حدثنا شعبة عن سليمان عن ابی وائل عن حذيفة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم اتى سباطة قوم فبال قائما

[illegible]

اخبرنا محمد بن بشار قال حدثنا محمد قال حدثنا شعبة عن منصور قال سمعت ابا وائل ان حذيفة قال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم اتى سباطة قوم فبال قائما

[illegible]

اخبرنا سليمان بن عبيد الله قال حدثنا بهز قال حدثنا شعبة عن سليمان ومنصور عن ابی وائل عن حذيفة ان النبی صلى الله عليه وسلم مشى الى سباطة قوم فبال قائما قال سليمان فی حديثه ومسح على خفيه ولم يذكر منصور المسح

[illegible] کھڑے ہو کر پیشاب کیا۔

[illegible]

[illegible]

مسعود [illegible]

[illegible] **لا یحفظ ولا یحلی** [illegible]

عن عیسی والبقل [illegible]

[illegible]

قال سلمی فی حدیثه ابو [illegible]

روایت میں [illegible] کے الفاظ [illegible]

[illegible] کے [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] حضرت [illegible] ﷺ [illegible]

[illegible]

[illegible] ﷺ [illegible] ﷺ [illegible]

حدثکم ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال فانما لا تنتصروا [illegible]

[illegible]

اس توجیہ کے بعد دونوں قسم کی روایت میں کوئی تعارض باقی نہیں رہتا [illegible]

[illegible] ﷺ [illegible]

[illegible] بیان کئے گئے ہیں [illegible]

[illegible]

اس کے بعد دوسرا مسئلہ [illegible]

[illegible]

(۲۱۷ : ۱ [illegible])

البول في البيت جالسا

گھر میں بیٹھ کر پیشاب کرنے کا بیان

أخبرنا علي بن حجر أخبرنا شريك عن المقدام بن شريح عن أبيه عن عائشة قالت من حدثكم أن رسول الله صلى الله عليه وسلم بال قائما فلا تصدقوه ما كان يبول إلا جالسا

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

البول الى السترة يستتر بها

پردے کے ساتھ پیشاب کرنے کا بیان

أخبرنا هناد بن السري عن أبي معاوية عن الأعمش عن زيد بن وهب عن عبد الرحمن بن حسنة قال خرج علينا رسول الله صلى الله عليه وسلم وفي يده كهيئة الدرقة فوضعها ثم جلس خلفها فبال إليها فقال بعض القوم انظروا إليه يبول كما تبول المرأة فسمعه فقال أو ما علمت ما أصاب صاحب بني إسرائيل كانوا إذا أصابهم شيء من البول قرضوه بالمقاريض فنهاهم صاحبهم فعذب في قبره

[illegible]

عبد الرحمن بن حسنہ [illegible]

انتقال بعض العلوم [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] **[illegible] فانظر** [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] صحیح حاصل [illegible] واللہ اعلم بالصواب۔

یبول کما تبول المرأۃ: [illegible] روایت [illegible] **کما تبول المرأۃ** [illegible] پیشاب [illegible] جیسے عورتیں [illegible] پیشاب کرتی تھیں [illegible] عورتوں [illegible] کھڑے ہو کر [illegible] پیشاب کرتے تھے [illegible] سے [illegible] پیشاب کر رہے تھے [illegible]

[illegible] گئے۔

[illegible] روایت [illegible] **فقال بعضهم لبعض** [illegible] **انظروا اليه يبول كما تبول المرأة وهو قاعد**۔

[illegible] روایت [illegible] قرار دیا جاتا ہے۔

كانوا اذا اصابهم شيء من البول [illegible] حضرت عبدالرحمٰن [illegible] روایت [illegible] پیشاب [illegible] **الصحیح علی الخفین** [illegible] **اصابه** [illegible] **فرضه بالمقاريض** [illegible]

[illegible] روایت [illegible]

[illegible] **قطعوا ما اصابه البول** [illegible] **منهم** [illegible] کپڑے [illegible] **اصابه** [illegible] ہیں

[illegible] پیشاب [illegible] صورت [illegible]

شمہ کاٹ دینے سے تو ظاہر ہے کہ اس سے رفتہ رفتہ ان لوگوں کا پورا جسم کٹ جاتا کیونکہ پیشاب کا معاملہ عادی اور غیر اختیاری ہے جو بار بار واقع ہوتا ہے اگرچہ یہ بحث عمل کا متعلق ہے اور قدرت میں اہل ہیں تجویز ارحم الراحمین پروردگار عدل کی شان رحمت ہو سمجھے ہوئے یہی بات کہی گئی ہے کہ ان کو قطع جسم کا حکم نہیں دیا گیا۔

(واللہ اعلم بالصواب)

التنزہ عن البول

پیشاب سے احتیاط کا بیان

أخبرنا هناد بن السري عن وكيع عن الأعمش قال سمعت مجاهدا يحدث عن طاوس عن ابن عباس رضي الله عنه قال مر رسول الله صلى الله عليه وسلم على قبرين فقال إنهما يعذبان وما يعذبان في كبير أما هذا فكان لا يستنزه من بوله وأما هذا فإنه كان يمشي بالنميمة ثم دعا بعسيب رطب فشقه باثنين فغرس على هذا واحدا وعلى هذا واحدا ثم قال لعله يخفف عنهما ما لم ييبسا خالفه منصور رواه عن مجاهد عن ابن عباس ولم يذكر طاوسا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ دو قبروں پر گزرے آپ ﷺ نے فرمایا ان دونوں قبر والوں پر عذاب ہو رہا ہے اور عذاب کسی بڑی چیز کی وجہ سے نہیں ہو رہا ہے ان میں سے ایک پیشاب سے احتیاط نہیں کرتا تھا اور دوسرا چغل خوری کرتا تھا پھر آپ ﷺ نے کھجور کی ایک تر شاخ منگوائی اس کے دو ٹکڑے کئے اور ہر ایک قبر پر ایک ایک ٹکڑا گاڑ دیا پھر فرمایا کہ جب تک یہ دونوں ٹہنیاں خشک نہ ہوں ممکن ہے کہ ان کے عذاب میں کمی ہو جائے۔

عملی عبرت: مذکورہ قبروں والے ... کے نام ... ﷺ ... کی کوئی بات نقل نہیں ہوئی اصل بات یہ ہے کہ آپ ﷺ نے پردہ پوشی سے کام لیا ... کسی معاملے کے بارے میں صاحب حدیث ... کا یہی طریقہ تھا ... ان کے نام کو چھپایا ... دونوں قبر والے حضرات کے نام ظاہر نہیں کیے گئے۔ (کذا قالہ الحافظ)

اب شارحین حدیث میں اختلاف ہوا ہے کہ یہ دونوں مسلمانوں کی قبریں تھیں یا کافروں کی بعض حضرات نے کہا کہ یہ قبریں کافروں کی تھیں ... یہی بات ... کے قائل ہیں ... مسلمانوں کے ساتھ ... یہ قبریں مسلمانوں کی نہیں ... قرار دیا ... کرتا ... حدیث سے بھی ظاہر ہوتا ہے کہ وہ قبریں مسلمانوں کی تھیں اصل اختلاف ... اتفاق ... ہے ... یہ واقعہ ... کی روایت میں ہے ... مسلم نے ... ﷺ سے ایک طویل حدیث میں منقول ہے ... دونوں واقعات ایک ... ہیں ...

واقعات ہیں اور روایات بھی اس پر واضح ہونے پر دلالت کرتی ہیں چنانچہ ابن ماجہ میں ہے: "مر بقبرین جدیدین" یعنی آپ کا گزر دو نئی قبروں پر ہوا تھا تو یہ ہونا اس بات کا قرینہ ہے کہ وہ قبریں دور جاہلیت کی نہ تھیں۔ مسند احمد میں حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ "صلی اللہ علیہ وسلم مر بالبقیع فقال من دفنتم الیوم ھھنا" یعنی حضور اکرم ﷺ کا گزر بقیع کے قبرستان سے ہوا تو آپ نے پوچھا کہ اس قبرستان میں آج تم نے کس کو دفن کیا ہے تو یہ روایت واضح طور پر مسلمانوں کی قبر ہونے پر دلالت کرتی ہے اور مسند احمد و طبرانی میں سند صحیح سے حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے "انہما لیعذبان وما یعذبان فی کبیر بلی وما یعذبان الا فی الغیبۃ والبول" اس روایت سے معلوم ہوا کہ ان دونوں شخصوں کو غیبت اور پیشاب سے احتیاط نہ کرنے کی بنا پر عذاب ہو رہا ہے اور یہ حصر ان دونوں کے کافر ہونے کی نفی کرتا ہے کیونکہ کافر و مشرک کو اگرچہ احکام اسلام کے چھوڑنے پر عذاب دیا جائے گا لیکن اس سے پہلے ان کو کفر پر عذاب دیا جانا ایسا قطعی اور یقینی ہے کہ اس پر تمام امت کا اتفاق ہے کسی نے اس کے خلاف نہیں کہا اور ان شواہد و قرائن کے علاوہ اور بھی متعدد وجوہ ہیں جن کی وضاحت علامہ عینی وغیرہ نے کی ہے ان سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ واقعہ اور وہ واقعہ جو مسلم شریف میں مذکور ہے الگ الگ دو واقعات ہیں۔

ابھی ماقبل میں ابوموسیٰ مدینی کا قول گذرا، بتایا ہے کہ ابوموسیٰ مدینی وغیرہ کہتے ہیں کہ وہ قبریں کافروں کی تھیں ان کا استدلال حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حدیث سے ہے جو بسند ابن لہیعہ مروی ہے اس میں آیا ہے کہ حضور اکرم ﷺ بنی نجار کے دو شخصوں کی قبر پر گذرے جو دونوں زمانہ جاہلیت میں ہلاک ہو گئے تھے، تو حضور اکرم ﷺ کو معلوم ہوا کہ ان دونوں شخصوں کو پیشاب اور چغلخوری سے احتیاط نہ کرنے کی وجہ سے قبر میں عذاب دیا جا رہا ہے۔ اب ابوموسیٰ مدینی کہتے ہیں کہ یہ حدیث اگرچہ قوی نہیں ہے لیکن معنی اس کا صحیح ہے اس لئے کہ یہ دونوں قبر والے اگر مسلمان ہوتے تو حضور اکرم ﷺ کی اس سفارش کا کوئی مطلب نہیں ہے کہ جو آپ ﷺ نے ایک خاص مدت یعنی ٹہنی کی ان دونوں شاخوں کے خشک ہونے تک کے لئے فرمائی تھی، جب حضور ﷺ نے دیکھا کہ وہ دونوں شخص عذاب قبر میں مبتلا ہیں تو آپ نے اپنی شفقت اور مہربانی کی بنا پر اس کو مناسب نہیں سمجھا کہ ان کو اپنے احسان سے محروم رکھا جائے اس لئے آپ نے ان دونوں کے لئے ان کے خشک ہونے تک کے لئے سفارش فرمائی تو اس سے معلوم ہوا کہ عذاب میں تخفیف کا معاملہ ایک خاص مدت تک رہے گا اس کے بعد عذاب دستور لوٹ آئے گا تو عذاب کا ایک محدود مدت کے لئے ہلکا ہو جانا بتلا رہا ہے کہ وہ قبریں کافروں کی تھیں، بہرحال اس تقریر کی بنا پر ابوموسیٰ مدینی وغیرہ کہتے ہیں وہ دونوں قبر والے غیر مسلم تھے اس کا جواب یہ ہے کہ ابوموسیٰ مدینی نے جس حدیث سے استدلال کیا ہے وہ ضعیف ہے جیسا کہ خود انہوں نے بھی اس کا اعتراف کیا ہے اور اس حدیث کو امام احمد نے بھی اسی سند کے ساتھ جو مسلم کی شرط پر ہے روایت کیا ہے مگر اس میں سبب تعذیب کا کوئی ذکر نہیں ہے نیز معلوم ہوا کہ اس حدیث مذکور میں سبب تعذیب کا بیان ابن لہیعہ کی تخلیط یعنی خلط ملط سے ہوا ہے اور حدیث حضرت جابر کی اس حدیث طویل کے مطابق ہے جس کو امام مسلم نے روایت کیا ہے وہ اس میں جن دو شخصوں کا واقعہ بیان کیا ہے ظاہر ہو کافر تھے لیکن حدیث باب کے تمام طرق پر نظر ڈالنے سے واضح ہوتا ہے کہ وہ قبریں مسلمانوں کی تھیں

چنانچہ ہم پیچھے بیان کر چکے ہیں کہ ابن جابر کی روایت میں ہے مر بقبرین جدیدین تو قبر کا نیا ہونا اس بات کا قرینہ ہے کہ وہ دونوں قبریں دور جاہلیت کی نہیں تھیں نیز مسند احمد میں حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی حدیث موجود ہے اس میں آیا ہے کہ حضور ﷺ کا گذر بقیع کے قبرستان سے ہوتا ہے تو آپ نے پوچھا "من دفنتم الیوم ھھنا" تو اس سے صاف معلوم ہوا کہ وہ دونوں مسلمان تھے، کیونکہ بقیع مسلمانوں کا قبرستان ہے اور خطاب مسلمانوں سے ہو رہا ہے لیکن کہ مشہور یہ ہے کہ ہر فریق کا دعوی محض ظن ہوتا ہے جو کہ یقین سے کم ہے اور ان دونوں کا مسلمان ہونا حضرت ابوبکرہ کی اس روایت سے ثابت ہوتا ہے جس کو امام احمد اور طبرانی نے اسناد صحیح کے ساتھ روایت کیا ہے اور یہ روایت ہم پیچھے حدیث باب کے ذیل میں نقل کر چکے ہیں۔ (فتح الباری ۱/ ۲۷۶)

انھما یعذبان وما یعذبان فی کبیر فرمایا کہ ان دونوں کو عذاب دیا جا رہا ہے اور عذاب کسی بڑے گناہ کی وجہ سے نہیں ہو رہا ہے بخاری کی روایت میں "بلی وانہ لکبیر" کی زائد عبارت ہے یعنی پہلے تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ ان دونوں کو عذاب کسی بڑے گناہ کی وجہ سے نہیں ہو رہا ہے پھر آپ نے فرمایا جس گناہ کی وجہ سے ان کو عذاب دیا جا رہا ہے وہ گناہ بڑا ہے تو اب ارشاد مبارک میں نفی اور اثبات دونوں جمع ہو گئے ہیں لہذا اس کے متعدد جوابات علامہ سیوطی نے نقل کئے ہیں جن کو ہم نقل کرتے ہیں کہ ابو عبدالملک البونی نے کہا کہ حضور اکرم ﷺ نے اس گمان سے کہ ان دونوں صاحب قبر کو جو عذاب ہو رہا ہے وہ کسی بڑے گناہ کے سبب سے نہیں ہے "وما یعذبان فی کبیر" ارشاد فرمایا اس کے بعد فوراً وحی نازل ہوئی جس میں اس بات کی خبر دی گئی کہ یہ گناہ کبیرہ ہیں معمولی گناہ نہیں اس لئے آپ نے فوراً استدراک یعنی کلام سابق کی اصلاح فرمائی "بلی انہ لکبیر" کہ ہاں بلکہ یہ دونوں گناہ کبیرہ کے مرتکب تھے اس لئے عذاب قبر میں مبتلا ہو گئے۔

داؤدی اور ابن العربی نے یہ جواب دیا ہے کہ "وما یعذبان فی کبیر" میں جس شی کی کبیرگی کی نفی کی گئی ہے وہ حقیقی ہے مگر علاوہ "بلی انہ لکبیر" ارشاد میں جس گناہ کا اثبات فرمایا ہے وہ کبائر سے ایسے ہیں جیسے قتل وغیرہ کی طرح اگرچہ بہت بڑے گناہ نہیں ہے مگر در حقیقت وہ بھی بڑا گناہ ہے بعض حضرات نے یہ جواب دیا کہ ان دونوں کے اعتقاد میں یا مخاطبین کے اعتقاد میں تو وہ بڑے گناہ نہ تھے معمولی تھے اس لئے وہ ان سے احتیاط نہیں کرتے تھے مگر اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ گناہ کبیرہ ہیں جیسے کہ قرآن کریم میں ارشاد باری تعالیٰ ہے "وتحسبونه هينا وهو عند الله عظيم" (سورہ نور) اور تم اس کو ہلکی بات سمجھتے ہو حالانکہ وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک بہت بڑی بات ہے جو واقعہ افک میں جس طرح اللہ تعالیٰ نے جھوٹے الزام کی بات کو چرچا کرنے والوں کے نزدیک ہلکا گناہ اور اپنے نزدیک عظیم بتلایا اسی طرح حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے "وما یعذبان فی کبیر" سے مرتکب ہونے والوں کی نظر و اعتقاد میں گناہ صغیرہ اور "بلی وانہ لکبیر" سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک گناہ عظیم ہونے کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔

بعض شارحین نے کہا کہ ان گناہوں سے بچنے اور ان سے پرہیز کرنے کے لئے کوئی دشواری اور مشقت نہ تھی پھر بھی ان سے احتیاط نہیں

نہیں کرتے تھے امام بیہقی وغیرہ کے قول ہیں۔ علامہ بدر الدین عینی اور علماء کی ایک جماعت نے اسی کو ترجیح دی ہے علامہ سندھی فرماتے ہیں کہ وہ لوگ جس چیز کے مرتکب تھے وہ فی نفسہ کبیرہ نہیں تھی مگر عادی ہو جانے سے کبیرہ بن گیا کیونکہ عذاب کا تعلق صغیرہ سے نہیں کبیرہ سے ہوتا ہے کیونکہ باقی کلام سیاق کی طرف رہنمائی کر رہا ہے کہ فکان لا یستتر من بولہ "اور کان یمشی بالنمیمۃ" کے صیغے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ لوگ ان گناہوں پر مداومت کرتے تھے جس کی وجہ سے وہ کبیرہ گناہ ہو گئے عرض کرتی تا۔ جتنی باتیں کی گئی ہیں سب اپنی اپنی جگہ میں معتبر درست ہیں اب کی روایات دونوں اپنی اپنی جگہ درست ہو گئے اور تعارض رفع ہو گیا۔

واما هذا فكان يمشي الخ حضرت شاہ صاحب نے فرمایا کہ نمیمہ کے معنی ہیں لوگوں کی باتیں دوسروں کے سامنے فساد کے قصد سے پہنچانا اور یہ بدترین گناہوں میں سے ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت کعب احبار رحمہ اللہ سے پوچھا کہ تم نے تورات میں سب سے بڑا گناہ کیا پایا؟ انہوں نے جواب دیا چغل خوری حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا قتل کے گناہ سے بھی؟ انہوں نے کہا ہاں کیونکہ چغلی سے ہی ہر کا جرم ہوتا ہے ماحصل قتل ہی ہے۔ بھائی بھائی سے جدا ہو جاتا ہے اس میں لڑائیاں پیدا ہو جاتی ہیں حتیٰ کہ قتل کی نوبت تک پہنچا دیتی ہیں۔

فغرس على هذا واحدا وعلى هذا واحدا یعنی آپ نے کھجور کی شاخ کے دو حصے کئے یعنی دو ٹکڑے کئے ایک ٹکڑا ایک شخص کی قبر پر گاڑ دیا دوسرا ٹکڑا دوسرے شخص کی قبر پر گاڑ دیا بعض شارحین نے کہا کہ سر کے نزدیک گاڑ دیا تھا جو احادیث صحیحہ سے ثابت ہے۔

لعله يخفف الخ تخفیف عذاب کا سبب کیا ہے؟ کیا ان شاخوں کی تسبیح کا اثر ہے یا کوئی اور بات ہے؟ اس بارے میں حدیث ساکت ہے علماء شارحین کے اقوال ملتے ہیں جنہیں علامہ عینی نے نقل کیا ہے، چنانچہ

(۱) علامہ مازری نے فرمایا ہے کہ ممکن ہے آپ ﷺ کو وحی کی روشنی میں یہ بات معلوم ہوئی ہو کہ ان دونوں سے اس مدت تک عذاب کی تخفیف رہے گی۔

(۲) ایک قول امام قرطبی نے یہ نقل کیا ہے کہ آپ نے ان کے لئے اتنی ہی مدت تک کے لئے شفاعت کی ہوگی جو قبول ہوئی۔

(۳) علامہ خطابی نے فرمایا کہ تخفیف عذاب میں تر و تازہ شاخ کی کوئی خصوصیت نہیں ہے اور اس میں ایسا کوئی معنی ہے جو خشک شاخ میں نہیں ہے بلکہ یہ حضرت نبی کریم ﷺ کی دعا کا اثر تھا جو آپ نے شاخ تر رہنے کی مدت تک کے لئے فرمائی ہوگی۔

(۴) علامہ کرمانی نے کہا کہ شاخ میں دفع عذاب کی خاصیت تھی لیکن یہ بات نبی کریم ﷺ کے دست مبارک کی برکت سے حاصل ہوئی۔

ان کے علاوہ دوسری وجہیں بھی بیان کی گئی ہیں جو کہ شروحات میں دیکھی جا سکتی ہیں۔ چنانچہ بخاری میں حضرت بریدہ

کرتا ہے جیسا کہ حضرات ارشاد فرماتے ہیں کہ اس کی معنی اچھی سے وارد ہوتے ہیں۔ علامہ لکھتے ہیں کہ درخت کی تسبیح سے تخفیف ہو
آپ کے دست مبارک کی برکت سے جس سے شاخ ترچی ہے اور اس کو قبر پر رکھنے والا ہے اسی لئے تو آپ نے یہ عذاب
دور ہونے کی آپ ﷺ کی اسی شفقت اور آپ کی سفارش کا اور شاخ کی تسبیح کا ہے ... لکھتے ہیں کہ ان کی برکت سے کہ ان دو
میں کچھ بھی نہیں سے مقاصد کا علم ہے کہ تخفیف عذاب میں شاخ کی کوئی خصوصیت نہیں ہے بلکہ آپ کے دست
مبارک کی خصوصیت تھی اور آپ کی شفاعت کا اثر تھا۔ اسی سے بعد ہوتا ہے کہ تخفیف عذاب شاخ کی تسبیح کا
نتیجہ ہے تو حضور ﷺ نے اس موقع پر ایسا کیا تاکہ اس وقت تک تخفیف رہے۔ جب تک وہ شاخیں تر رہیں
اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تسبیح قولی کی کا اثر ہے کیونکہ خشک ہونے کے بعد شاخ لکڑی ہوجاتی ہے اور اس کی
زندگی ختم ہوجاتی ہے اور اس کی تسبیح بھی ختم ہوجاتی ہے لیکن کوئی معقول بات نہیں ہے قرآن پاک
میں ہے "وان من شیء الا یسبح بحمدہ الخ" یعنی ہر چیز اپنی استعداد کے مطابق تسبیح کرتی ہے
سوال یہ ہے کہ اگر شاخ تر ہے تو اسی کے سبب عذاب میں تخفیف ہوئی اور خشک ہو کر لکڑی ہوگئی تو اس کا اثر
ختم ہوگیا ہے جس کی تسبیح اس طرح ہے ... اسی لئے سب کا اس کی تسبیح ہو
تو اس کی تسبیح ہوتی ہے بلکہ تسبیح ختم ہونے کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا ... اس کے مطابق تسبیح کرتی
ہے اس لئے صاف بات یہ ہے کہ عذاب کی تخفیف شاخ کی تسبیح کی وجہ سے نہیں تھی بلکہ آپ کے دست مبارک کے
ہاتھ سے ہونے کی وجہ سے ... شاخ کا ... اصل وجہ ... علیہ السلام
کے ہاتھ خاص تھا ... کی حاجت ہے کہ ... کامل ... تخفیف عذاب کی توقع
رکھی جائے ... علامہ خطابی ... کا یہی کہنا ہے ... اس حدیث میں جس چیز کا بیان
ہے کہ شاخ کا ایک ... بات ... روایت ... کہ ... سب نفع و
نقصان ... ہوتا ہے ... نبی کریم ﷺ کی خصوصیت تھی اسی لئے علامہ خطابی
وغیرہ فرماتے ہیں کہ اس حدیث کی بنا پر لوگوں نے قبروں پر شاخ وغیرہ ... یہ طریقہ صحیح نہیں ہے ... واللہ
... کی مرضی کے مطابق ... حضرت ... شاہ صاحب ... کی یہی رائے ہے کہ آپ نے
فرمایا کہ حافظ ... قرآن پر نظر کرنے ... طرف ... قبروں پر شاخ
گاڑنا بالکل بے بنیاد اور بدعت ہے۔

حکمت و مصلحت ... حضرت ... کے
... حدیث شریف ... اس ... کی
... ﷺ ... معلوم ہوا کہ ...
حدیث ... ﷺ ... معلوم ہوتا ہے

کہا جاتا ہے کہ اس حدیث کو مجاہد نے طاؤس عن ابن عباس ﷺ سے سنا ہے یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جس کی طرف امام نسائی نے اشارہ کیا ہے لیکن ان دونوں میں کوئی مخالفت نہیں ہے کیونکہ صحیح روایت میں نقصان ہے یہ ممکن ہے کہ مجاہد نے اس حدیث کو پہلے بواسطہ طاؤس ابن عباس ﷺ سے سنا ہو پھر بلا واسطہ بھی سن لیا ہو جس طرح مجاہد عن ابن عباس کی روایت صحیح ہے اسی طرح اس کا مجاہد عن طاؤس عن ابن عباس بھی صحیح ہے اور علامہ عینی نے لکھا ہے کہ ابن حبان نے دونوں طریق کی صحت کو تسلیم کیا ہے۔

باب البول فی الاناء

برتن میں پیشاب کرنے کا بیان

أخبرنا أيوب بن محمد الوزان حدثنا حجاج قال قال ابن جريج أخبرتني حكيمة بنت أميمة عن أمها أميمة بنت رقيقة قالت كان للنبي صلى الله عليه وسلم قدح من عيدان يبول فيه ويضعه تحت السرير

حکیمہ اپنی ماں امیمہ بنت رقیقہ سے روایت کرتی ہیں انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کے واسطے لکڑی کا ایک پیالہ تھا جس میں آپ پیشاب کرتے تھے اور اس کو پلنگ کے نیچے رکھ دیتے۔

عن امها امیمۃ بنت رقیقۃ: علامہ عینی نے اس حدیث میں فرمایا ہے کہ امیمہ بنت رقیقہ عبد اللہ بن بجاد بن عمیر التیمی کی لڑکی ہیں جو مشہور صحابیہ ہیں اور رقیقہ خویلد کی بیٹی ہیں جو حضرت خدیجہ ام المؤمنین ﷺ کی بہن ہیں حافظ ذہبی نے فرمایا کہ حکیمہ صرف اپنی والدہ سے روایت کرتی ہیں اور حکیمہ سے ابن جریج کے علاوہ اور کسی نے روایت نہیں کی ابن حبان نے حکیمہ کو ثقات میں شمار کیا ہے اور ابن جریج ان کے واسطے سے روایت لاتے ہیں۔

قالت کان للنبی صلی اللہ علیہ وسلم قدح الخ: اس روایت میں یبول فیہ ہے ابوداؤد کی روایت میں یبول فیہ کے بعد باللیل کا لفظ زیادہ ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ برتن میں پیشاب کرنے کا واقعہ رات کا تھا کہ پلنگ کے نیچے لکڑی کا ایک پیالہ پڑا رہتا تھا جب رات کو پیشاب کی ضرورت ہوتی تو حضور ﷺ اس پیالہ میں پیشاب کرتے کیونکہ رات کو خصوصاً سردی کے اوقات میں یا بیماری کی صورت میں پیشاب سے فراغت کے لئے باہر جانا بہت تکلیف کا کام ہے چنانچہ اصل میں آپ کا یہ عمل بھی تعلیم اور بیان جواز کے لئے تھا کہ امت کو اس طرح کی تنگی نہ ہو کیونکہ آپ نبی رحمت تھے امت کی سہولت اور آسانی کا خاص خیال رکھتے تھے ﷺ نے اپنی امت کو یہ طریقہ سکھا دیا غرض اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رات کو پیشاب کی ضرورت پیش آئے تو بیت الخلاء میں جا کر پیشاب کرنے کے علاوہ یہ بھی جائز ہے کہ عذر وغیرہ کی صورت میں برتن وغیرہ میں پیشاب سے فراغت حاصل کی جا سکتی ہے اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے یہاں اشکال ہوتا ہے کہ طبرانی نے اوسط میں سند جید سے حضرت عبد اللہ بن یزید ﷺ کی حدیث مرفوعاً

روایت نقل کی ہے "لا ینقع بول فی طست فی البیت فان الملائکۃ لا تدخل بیتا فیہ بول منتقع" "جس گھر کے اندر برتن میں جمع شدہ پیشاب کافی دیر تک پڑا ہوا ہو اور دیر تک پڑے رہنے کی وجہ سے متغیر ہو جاتا ہے اس گھر میں فرشتے داخل نہیں ہوتے۔ اسی طرح مصنف ابن ابی شیبہ میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے "لا یدخل الملائکۃ بیتا فیہ بول" "ان روایات سے معلوم ہوا کہ جس گھر میں پیشاب کی موجودگی ہو وہاں فرشتے داخل نہیں ہوتے۔ اور حدیث باب میں جو واقعہ بیان کیا گیا ہے وہ ان روایات کے خلاف ہے بظاہر تعارض پیدا ہو گیا اس کا جواب علامہ سیوطی وغیرہ نے یہ دیا ہے کہ شاید طبرانی کی اس حدیث مرفوع میں انتقاع سے مراد طول مکث ہے اس کا مطلب یہ ہوگا کہ جس گھر میں پیشاب پڑا ہوا دیر تک رکھا رہتا ہے اس میں فرشتے داخل نہیں ہوتے ہیں لیکن نبی کریم ﷺ جس پیالہ میں پیشاب کرتے شاید وہ گھر میں زیادہ دیر تک نہ چھوڑا جاتا ہو جس کی وجہ سے متغیر ہو جائے بلکہ فوراً ہی اسے باہر ڈال دیا جاتا ہو اس لئے دونوں قسم کی روایت میں کوئی تعارض نہیں ہے اور حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہ میں جو بات فرمائی گئی ہے کہ فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں پیشاب ہوتا ہے وہ اس گھر سے متعلق ہے کہ جس گھر میں نجاست و غلاظت کی کثرت ہوتی ہے چنانچہ وہاں پر فرشتے داخل نہیں ہوتے ہیں لیکن اس کے برعکس جو پیشاب برتن وغیرہ کے اندر مستقر اور بند ہوتا ہے اس کی وجہ سے پوری جگہ ناپاک نہیں ہوتی ہے لہذا گھر کے اندر برتن میں رکھا ہوا ہوتا ہے یہ صورت دخول ملائکہ سے مانع نہیں ہے کیونکہ علامہ سندھی نے جواب دیا ہے کہ جب رات کو پیشاب کی ضرورت ہوتی تو نبی ﷺ اپنے بستر کے اندر ہی حدیث باب میں آیا ہے پیشاب سے فراغت حاصل کرتے تھے پھر جب یہ معلوم ہو گیا کہ فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں پیشاب والا برتن پڑا رہتا ہے تب آپ نے اس عمل کو چھوڑ دیا۔ حدیث باب کے الفاظ سے آخری عمر تک آپ کا یہ عمل ثابت نہیں ہوتا ہے لہذا روایات میں کوئی تعارض نہیں ہے۔

البول فی الطست

طست میں یعنی برتن یا سلفچی میں پیشاب کرنے کا بیان

أخبرنا عمرو بن علي قال حدثنا أزهر قال أخبرنا ابن عون عن إبراهيم عن الأسود عن عائشة قالت يقولون إن النبي صلى الله عليه وسلم أوصى إلى علي لقد دعا بالطست ليبول فيها فانخنثت نفسه وما أشعر فإلى من أوصى قال الشيخ أزهر هو ابن سعد السمان

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ کچھ لوگ کہتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو وصیت فرمائی تھی حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ آپ نے پیشاب کرنے کے لئے برتن منگایا تھا پھر آپ کے اعضاء بے حرکت ہو گئے اور مجھے تو علم نہیں کہ آپ نے کس کے واسطے وصیت فرمائی۔

یقولون ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اوصی الی علی رضی اللہ عنہ ام المؤمنین نے فرمایا کہ

[illegible]

... ربما اشتهر على من أوصى ... [illegible]

... متى أوصى إليه وقد كنت مسندته إلى صدري ... [illegible]

[illegible]

... ما عهد إلينا رسول الله صلى الله عليه وسلم عهدا لم يعهده إلى الناس ... [illegible]

... أمر النبي صلى الله عليه وسلم في مرضه أبا بكر أن يصلي بالناس ... [illegible]

... رسول الله صلى الله عليه وسلم ... [illegible]

... مات رسول الله صلى الله عليه وسلم ولم يستخلف ... [illegible]

... لم يعهد إلينا في هذه الإمارة شيئا ... [illegible]

کسی کو وصیت نہیں فرمائی کہ اللہ ... سے زیادہ فرمد ہے ہیں شیعہ لوگ اس کی نسبت نبی کی طرف کر رہے ہیں۔

با ... بری محمل دوشش بسیار گریست

چنانچہ یہ لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی تعظیم و تکریم کا دعویٰ تو کرتے ہیں مگر حقیقت یہ ہے کہ ان کے دلوں میں ان کی کوئی قدر نہیں ہے کیونکہ انہوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ پر آپ کی شدت شجاعت اور صلابت فی الدین کے باوجود مصلحت و تقیہ اور طلب حق پر قادر ہونے کے باوجود اس سے اعراض کرنے کا الزام لگا دیا ہے حالانکہ یہ واقع کے بالکل خلاف ہے بہرحال حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اس کا انکار کرتے ہوئے فرماتی ہیں کہ خلافت کے بارے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کو بھی کوئی وصیت نہیں فرمائی البتہ خلافت کے علاوہ دوسری چیزوں کے متعلق وصیت فرمانے کا ذکر احادیث میں آیا ہے جس کی تفصیل فتح الباری وغیرہ میں موجود ہے۔

حدیث باب میں طست کا لفظ آیا ہے اس کی کامل طرح ہے جو مٹی کا ہوتا ہے یہاں طست بتلایا گیا ہے تھوکنے کے برتن کو کہتے ہیں یہ حدیث صحیح بخاری میں "باب مرض النبی صلی اللہ علیہ وسلم ووفاته" اور کتاب الوصایا میں دونوں جگہ آئی ہے لیکن وہاں صرف لفظ الطست کے الفاظ ہیں لیوں کا لفظ مذکور نہیں ہے حافظ ابن حجر نے فرمایا کہ بعض نے حکایا اور فتح الباری میں نقل کا لفظ موجود ہے لیکن جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی اس روایت میں واضح طور پر لیوں کا لفظ موجود ہے کہ وہ خود فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پیشاب سے فراغت کے لئے طست منگوایا تھا تو پھر معلوم نہیں حافظ ابن حجر نے فدعا بالطست کے تحت اس کی توجیہ میں الفاظ حدیث کو چھوڑ کر اپنی طرف سے نقل کا لفظ کیوں اختیار کیا ہے۔

بہرحال حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس عمل سے جو کہ حدیث میں مذکور ہے امت کے لئے سہولت اور آسانی کا راستہ کھل گیا خصوصاً عذر اور مجبوری کی حالت میں کسی برتن میں پیشاب وغیرہ کر کے اس کو باہر ڈال دینے کا جواز اس سے معلوم ہوتا ہے ورنہ امت کو بڑی دشواری اور تکلیف پیش آتی۔

كراهية البول في الجحر

بل اور غار کے اندر پیشاب کرنے کی کراہت کا بیان

اخبرنا عبيد الله بن سعيد قال حدثنا معاذ بن هشام قال حدثني ابي عن قتادة عن عبد الله بن سرجس ان نبي الله صلى الله عليه وسلم قال لا يبولن احدكم في جحر قالوا لقتادة وما يكره من البول في الجحر قال يقال انها مساكن الجن

حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی شخص سوراخ میں پیشاب نہ کرے قتادہ سے لوگوں نے پوچھا سوراخ میں پیشاب کرنا کیوں مکروہ ہے انہوں نے جواب دیا کہا جاتا ہے کہ ان سوراخوں میں جنات رہتے ہیں۔

عن عبد الله بن سرجس علامہ سندی نے سین کے فتح راء کے سکون اور جیم کے کسرہ کے ساتھ ہے غیر منصرف اور جحر کی

[illegible]

لا يبولن أحدكم في جحر [illegible]

[illegible]

نحن قتلنا سيد الخزرج سعد بن عبادة	ورميناه بسهمين فلم نخط فؤاده

(واللہ اعلم بالصواب)

قال يقال إنها مساكن الجن [illegible]

[illegible]

النهي عن البول في الماء الراكد

ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنے کی ممانعت کا بیان

أخبرنا قتيبة قال حدثنا الليث عن أبي الزبير عن جابر رضي الله عنه عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أنه نهى عن البول في الماء الراكد

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنے سے منع فرمایا۔

أنه نهى عن البول الخ [illegible]

سے غسل ہو سکے گا تو وسوسوں سے ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنے کی ممانعت کردی ہے اور اگر پانی کثیر ہو تو پیشاب کیے ہوئے پانی کا حکم یہ ہے کہ اگر تغیر ہو جائے یعنی رنگ و مزہ و بو بدل جائے تو وہ پانی ناپاک ہو کر ناقابل استعمال ہو جائے گا اور محسوس ہوتا ہے کہ اگر پانی کثیر بھی ہو اور پیشاب وغیرہ سے فی الفور ناپاک نہیں ہوتا ہے پھر بھی اس میں پیشاب وغیرہ کرنا ادب کے خلاف ہے اس لئے کہ شاید … دوسرے … پیشاب … سے طبیعت گھن کرے گی اور رہا قلیل پانی میں تغیر آ جائے گا اس سے ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنے کی ممانعت … کثیر پانی میں پیشاب کرنے کی ممانعت تنزیہ کے لئے اور مستقبل میں تغیر ہو جانے کے اندیشہ سے ہے … قلیل پانی پر تحریم کے لئے ہے اور کثیر پانی پر کراہت کے لئے ہے … تفصیل اور تحقیق … ان شاء اللہ آگے آئے گی۔

كراهية البول في المستحم

غسل خانہ میں پیشاب کی کراہت کا بیان

أخبرنا علي بن حجر حدثنا ابن المبارك عن معمر عن الأشعث بن عبد الملك عن الحسن عن عبد الله بن مغفل عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا يبولن أحدكم في مستحمه فإن عامة الوسواس منه

اشعث بن عبد الملک نے حسن بصری سے اور انہوں نے حضرت عبد اللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے روایت کی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا تم میں سے کوئی شخص غسل خانہ میں پیشاب نہ کرے اس لئے کہ اکثر وسوسے اسی سے پیدا ہوتے ہیں۔

عن الاشعث بن عبد الملک الخ امام نسائیؒ نے حسن بصریؒ سے روایت کرنے والے راوی کا نام اشعث بن عبد الملک لکھا ہے … لیکن یہاں … وہ صحیح نہیں ہے بظاہر یہ کاتب کی غلطی سے اندراج ہو گیا ہے جیسا کہ … کا کلام … اور یہی درست ہے جو علامہ سیوطیؒ نے شرح میں لکھا ہے کہ اس راوی کا نام اشعث بن عبد اللہ … الازدی البصری ہے امام نسائیؒ وغیرہ نے انکی توثیق کی ہے اور اشعث کا سماع اپنے استاد حسن بصریؒ سے ثابت ہے اور … میں ہے جو نقل ہوا ہے کہ الحسن کا سماع حسن بصریؒ سے ثابت نہیں ہے اس کے بارے میں … حسن بصریؒ سے … کا … نہیں ہے … شیخ موصوف نے یہ بھی فرمایا کہ امام احمد بن حنبلؒ نے اس کی تصریح کی ہے کہ حضرت حسن بصریؒ نے حضرت عبد اللہ بن مغفل سے حدیثوں کا سماع کیا ہے۔

لا یبولن احدکم فی المستحم الخ مستحم … سے … حمیم گرم پانی کو کہتے ہیں … وہ جگہ کہتے ہیں جہاں گرم پانی سے غسل کیا جاتا ہے پھر مطلق غسل یعنی غسل کرنے کے لئے استعمال ہونے لگا … اتفاق …

کے بعد اختلاف الفاظ کے ساتھ امام احمد کی روایت میں "ثم یتوضأ فیہ" اور حسن بصری کی روایت میں "ثم یغتسل فیہ" آیا ہے۔ ملا علی قاری نے فرمایا کہ درست یہی ہے کہ کہا گیا ہے۔ ارشاد "فإن عامۃ الوسواس منہ" میں اسی علت نہی کی طرف اشارہ فرمایا ہے اس سے معلوم ہوا کہ "لا یبولن" میں نہی کا تعلق غسل خانہ میں پیشاب کرنے پھر اس میں غسل کرنے یا وضو کرنے دونوں چیزوں کے مجموعہ سے ہے کیونکہ علت میں وسوسہ دونوں چیزوں کے جمع کرنے سے پیدا ہوتا ہے چنانچہ اسی لئے اگر کسی نے غسل خانہ میں پیشاب کیا مگر اس کے بعد اس میں غسل نہیں کیا، یا صرف اس میں غسل کر لیا اور اس میں پیشاب نہیں کیا تو یہ شخص "لا یبولن" کی ممانعت میں داخل نہیں ہوگا بلکہ اس کے لئے جائز ہوگا۔

بہر حال بقرینہ تعلیل مذکورہ نہی کا اصل سبب دونوں چیزوں کا جمع کرنا ہے کہ پہلے غسل خانہ میں پیشاب کرے پھر اس کے بعد اسی جگہ میں جو پیشاب کی وجہ سے ناپاک ہو گئی غسل یا وضو کرے جس سے وسوسہ نفسانی پیدا ہوتا ہے کہ شاید چھینٹیں پڑی ہوں پھر وہ وسوسہ دل میں جم جاتا ہے جو باعث تشویش ہے اور اس سے محفوظ رہنے کی یہی تدبیر ہے جس کی آنحضرت علیہ السلام نے تعلیم دی ہے کہ تم میں سے کوئی شخص غسل خانہ میں پیشاب نہ کرے پھر اسی جگہ غسل یا وضو بھی کرے کیونکہ اس سے وساوس پیدا ہوتے ہیں جو باعث تشویش ہیں۔

یعنی اگر غسل خانہ کی زمین ایسی ہو کہ اس میں نہانے سے چھینٹیں اڑ کر نہ آتی ہوں یا اس میں سوراخ بنا ہوا ہو جس سے سارا پیشاب باہر نکل جاتا ہو تو ایسے غسل خانہ میں پیشاب کرنا مکروہ نہیں ہے کیونکہ پہلی صورت میں جب چھینٹیں لوٹ کر بدن پر پڑنے کا اندیشہ نہیں ہے تو غسل خانہ میں پیشاب سے کوئی وسوسہ پیدا ہوگا اور دوسری صورت میں تھوڑا سا پانی بہا دینے سے وہ پاک ہو جائے گی اس کی تائید علی بن محمد طنافسی کے قول سے ہوتی ہے جو ابن ماجہ نے اپنی سنن میں نقل کیا ہے وہ فرماتے ہیں "إنما هذا في الحفيرة فأما اليوم فمغتسلاتهم الجص والصاروج والقير فإذا بال فأرسل عليه الماء فلا بأس به" یعنی غسل خانہ میں پیشاب کرنے کے بعد اس میں غسل کرنے اور وضو کرنے سے وساوس پیدا ہونے کا بیان جو حدیث میں آیا ہے یہ اس صورت میں ہے جبکہ وہ جگہ کچی ہو اور نرم ہو اور اس میں پانی نکلنے کا راستہ نہ ہو بلکہ غسل کی وجہ سے وہیں ٹھہر جاتا ہو یا اسی میں جذب ہو جاتا ہو تو بیشک اس کا عمل وسوسہ کا سبب ہے لیکن چونکہ اس دور میں غسل خانہ کی زمین چونے وغیرہ سے پختہ کی ہوئی ہوتی ہے اور پتھروں کا فرش لگا دیا جاتا ہے اس لئے اگر اس میں پیشاب کر دیا جائے تو کوئی مضائقہ نہیں کیونکہ جب اس پر پانی ڈال دیا جائے گا تو پانی کے ساتھ باہر نکل جائے گا اسی طرح امام ترمذی نے حضرت عبداللہ بن مبارک کا جو قول نقل کیا ہے اس سے بھی مسئلہ مذکورہ کی تائید ہوتی ہے حضرت عبداللہ بن مبارک فرماتے ہیں "قد وسع في البول في المغتسل إذا جرى الماء فيه" یعنی جب غسل خانہ کا فرش پختہ ہو اور اس میں پیشاب کے بعد پانی بہانے سے نکل جانے کی جگہ بھی ہو تو اس میں پیشاب کرنا بلا کراہت جائز ہے۔

اس موقع پر شرح المشکوٰۃ کے مصنف نے اس کی موافقت کرتے ہوئے صاحب مجمع البحار نے کہا کہ اولیٰ یہی ہے کہ مغتسل یعنی غسل خانہ کو [illegible] کے ساتھ [illegible] کیا جائے کیونکہ [illegible] قسم کے غسل خانوں

میں پیشاب کرنے سے پیدا ہوتا ہے لہذا غسل خانہ میں مطلقاً پیشاب کرنا جائز نہیں ہوگا، ان کا یہ قول درست نہیں کیونکہ ان کے پیشوا امام علامہ شوکانی نے کہا کہ مصنف کے قول سے معلوم ہوتا ہے کہ جب غسل خانہ میں پیشاب کے لئے سوراخ بنایا گیا ہو جس سے وہ پانی نکل جاتا ہے تو اس میں پیشاب کرنا مکروہ نہیں ہے اس سے معلوم ہوا کہ ان کے امام خود علامہ شوکانی بھی غسل کو پختہ ہونے کے ساتھ مقید کرنے کے قائل ہیں کہ اگر پختہ ہو اور سوراخ بھی ہو تو اس میں پیشاب کرنا جائز ہے اور اگر زمین کچی زمین ہو تو اس میں مکروہ ہے لہذا ان دونوں صاحبان کا قول کسی طرح درست نہیں اور حدیث باب میں غسل خانہ میں پیشاب سے ممانعت کا جو حکم فرمایا گیا ہے وہ نہی تنزیہی ہے نہ کہ تحریمی۔

السلام علی من یبول

ایسے شخص کو سلام کرنا جو پیشاب کر رہا ہو

اخبرنا محمود بن غیلان قال حدثنا زید بن الحباب وقبیصة قالا حدثنا سفیان عن الضحاک بن عثمان عن نافع عن ابن عمر ﷺ قال مر رجل علی النبی صلی اللہ علیه وسلم وهو یبول فسلم علیه فلم یرد علیه السلام۔

نافع حضرت ابن عمر ﷺ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ پیشاب کر رہے تھے کہ ادھر سے ایک آدمی کا گزر ہوا تو اس نے آپ کو سلام کیا آپ نے اس کے سلام کا جواب نہیں دیا۔

فلم یرد علیه السلام: یعنی پیغمبر ﷺ پیشاب میں مشغول تھے اس لئے اس شخص کے سلام کا جواب نہ دیا۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ پیشاب کی حالت میں کوئی شخص سلام عرض کرے تو باوجودیکہ سلام کا جواب دینا واجب ہے لیکن ایسی حالت میں وہ سلام کرنے والا شخص جواب کا مستحق نہیں ہے اور نہ جواب دینا ضروری ہے لہذا جو شخص پیشاب میں مشغول ہو اسے سلام نہ کرنا چاہئے اور قنیہ و مجتبیٰ وغیرہ نے بحالت پیشاب سلام کو مکروہ کہا ہے اس کے علاوہ بعض اور مواقع پر بھی سلام کرنا مکروہ ہے چنانچہ ان کی تفصیل صدر الغزی کے نظم میں صاحب درمختار نے نقل کی ہے جو یہ ہے۔

سلامک مکروہ علی من ستسمع	ومن بعد ما ابدی یسن ویشرع
مصل وتال ذاکر ومحدث	خطیب ومن یصغی الیهم ویسمع
مکرر فقه جالس لقضائه	ومن بحثوا فی الفقه دعهم لینفعوا
مؤذن ایضا او مقیم مدرس	کذا الاجنبیات الفتیات امنع
ولعاب شطرنج وشبه بخلقهم	ومن هو مع اهل له یتمتع
ودع کافرا ایضا ومکشوف عورة	ومن هو فی حال التغوط اشنع
ودع آکلا الا اذا کنت جائعا	وتعلم منه انه لیس یمنع

اور حالت بول میں سلام کی کراہت اس وجہ سے کہ رسول اکرم ﷺ نے ایسے وقت میں سلام دینے کی ممانعت فرمائی ہے جس کی دلیل ابن ماجہ کی روایت ہے جو انہوں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے کہ ایک شخص کا گزر حضور اکرم ﷺ کے پاس سے ہوا اس وقت آپ پیشاب میں مشغول تھے "فسلم علیہ" یعنی اس شخص نے سلام عرض کیا "فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا رأيتني على هذه الحالة فلا تسلم على فانك ان فعلت ذلك لم ارد عليك" تو اس سے معلوم ہوا کہ حالت بول میں سلام کی کراہت حضور کے منع کرنے کی وجہ سے ہے اور ایسی حالت میں سلام کرنے سے احتراز کرے اور قضائے حاجت کی حالت میں سلام کا جواب دینا بھی مکروہ ہے جس کی طرف ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی روایت جو ابوداؤد وغیرہ میں ہے اشارہ کر رہی ہے کہ قضائے حاجت کے وقت کشف عورۃ ہوتا ہے اور ایسی حالت میں کلام کرنا مکروہ ہے اور جب گفتگو کرنا مکروہ ہے تو تعریٰ کی حالت میں ذکر خداوندی یعنی سلام کا جواب دینا درجہ اولیٰ مکروہ ہوگا یہاں پر اگر یہ اشکال کیا جائے کہ حدیث باب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث "كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يذكر الله عزوجل على كل احيانه" کے مخالف ہے (رواہ مسلم) یعنی نبی اکرم ﷺ ہر وقت اللہ کو یاد کرتے تھے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ حدیث مذکور میں جو لفظ احیان وارد ہوا ہے اس سے مراد طہارت اور حدث یعنی بے وضو کی حالت ہے نہ کہ کشف عورۃ اور پاخانہ کی حالت اب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا مطلب یہ ہوگا کہ نبی کریم ﷺ ہر حالت میں خواہ طہارت میں ہو یا بے وضو کی حالت اللہ تعالیٰ کی یاد سے غافل نہ ہوتے اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ آپ پاخانہ اور کشف عورۃ کی حالت میں ذکر کرتے۔

اور بعض علماء نے کہا ہے کہ یہاں یعنی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث مذکور میں ذکر سے مراد ذکر قلبی ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی قدرتوں میں غور و فکر کرنا یہ کسی حالت میں نہ چھوڑتے تھے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

علامہ سندھی نے فرمایا کہ جب حالت بول آپ کو اس شخص نے سلام دیا تو فوراً اس کا جواب نہ دینا تاریب کی غرض سے تھا تاکہ آئندہ ایسے موقع پر سلام سے احتراز کرے اب "فلم يرد عليه السلام" کا مطلب یہ ہوگا کہ اس وقت سلام کا جواب نہیں دیا بلکہ تاخیر سے دیا ہے جیسا کہ مہاجر بن قنفذ کی حدیث جو آگے آ رہی ہے وہ اس پر دلالت کرتی ہے اور تاخیر سے جواب دینا اس شخص کی تادیب کے لئے کافی ہے۔

رد السلام بعد الوضوء

وضو کے بعد سلام کا جواب دینا

اخبرنا محمد بن بشار حدثنا معاذ بن معاذ قال حدثنا شعبة عن قتادة عن الحسن عن حضين ابي ساسان عن المهاجر بن قنفذ انه سلم على النبي صلى الله عليه وسلم وهو يبول فلم يرد عليه السلام حتى توضأ فلما توضأ رد عليه.

حضین ابی ساسان مہاجر بن قنفذ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی کریم ﷺ پر سلام عرض کیا اس وقت

آپ پیشاب کر رہے تھے اس لئے سلام کا جواب نہیں دیا پھر آپ نے وضو کیا اور سلام کا جواب دیا۔

عن حضین ابی ساسان راوی حدیث حضین کے والد کا نام منذر بن حارث رقاشی ہے جو رقاش بنت قیس بن ثعلبہ کی طرف نسبت کر کے رقاشی کہتے ہیں ابو ساسان ان کا لقب ہے اور ابو محمد ان کی کنیت ہے بصری ہیں جنگ صفین میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے جھنڈا انہی کے ہاتھ میں تھا، ان کا انتقال ۹۷ھ کے شروع میں ہوا، امام نسائی وغیرہ نے ان کی توثیق کی ہے ابن خراش نے انہیں صدوق کہا اور ابن حبان نے بھی ثقات میں ذکر کیا ہے۔

عن المهاجر بن قنفذ مہاجر بن قنفذ صحابی رسول اللہ ﷺ کے ساتھی ہیں پورا سلسلہ نسب یہ ہے مہاجر بن قنفذ بن عمیر بن جدعان التیمی القرشی کا بیٹا ہے اور مہاجر کے والد کا نام ہے ... نے لکھا ہے کہ قنفذ ... عمرو اور قنفذ کا نام خلف ہے اور عسکری نے اسی پر ... ہے اور حسن بصری نے نقل کیا ہے کہ جب وہ ہجرت کرنے لگے تو مشرکوں نے ان کو پکڑ لیا اور ... مارا ... پھر ایک ... کسی طرح سے ... نکلے اور ... نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ ﷺ نے ان کے حق میں فرمایا "هذا المهاجر حقا" ابن سعد وغیرہ نے کہا کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے مہاجر بن قنفذ کو اپنے دور خلافت میں محکمہ پولیس کا حاکم مقرر کیا تھا۔

حتى توضأ فلما توضأ رد عليه یعنی جس وقت مہاجر بن قنفذ رضی اللہ عنہ نے سلام کیا اس وقت آپ پیشاب میں مشغول تھے اس لئے ان کو سلام کا جواب نہیں دیا اور اس لئے کہ پیغمبر ﷺ باوضو نہیں تھے اس لئے آپ ﷺ نے مناسب نہ سمجھا کہ بغیر وضو خدا کا نام لیں کیونکہ سلام کے جواب میں ذکر اللہ آتا ہے اور حدیث مرفوع میں آیا ہے کہ سلام اللہ تعالیٰ کے ناموں میں سے ہے اس لئے ... آپ ﷺ نے باوضو ہو کر جواب دینا ... پہلے وضو فرمایا پھر ان کو سلام کا جواب عنایت فرمایا۔

نسائی کی یہ روایت مختصر ہے تفصیلی روایت ابوداؤد میں ہے اس میں یہ ہے **لم فقال انی كرهت ان اذكر الله الا على طهر** یعنی آپ نے معذرت فرماتے ہوئے یہ بات فرمائی کہ مجھے یہ بات پسند معلوم ہوئی کہ بغیر طہارت کی حالت میں اللہ کا ذکر کروں اس لئے وضو کے بعد جواب دیا آپ ﷺ کے اس ارشاد سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی سبب عذر کے ... سلام کا جواب دینے سے قاصر ہو تو مستحب ہے کہ اس کو بعد میں ... بیان کر دے تاکہ ... طرف سے ... کیا جائے یہاں دو قصے بیان ہوئے ہیں ایک تو مہاجر بن قنفذ کا ہے دوسرے کا ذکر ... سے متصل سابق حدیث کے ماتحت حضرت ابن عمر کی روایت میں ہو چکا ہے کہ باب التیمم میں ... حضرت ابو جہیم رضی اللہ عنہ کا ... سوال ہے کہ ... واقعات الگ الگ ہیں یا ایک ہی ہیں اس ... میں مجھے کافی ... ہوا ... ایضاح البخاری میں ... ہے ... سے معلوم ہوا کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت میں ... حدیث ... باب التیمم ... چنانچہ یہاں ... کی روایت میں یہ بھی ... کہ سلام کرنے والے نے اس وقت سلام کیا تھا جب آپ ﷺ پیشاب میں مشغول تھے یہی آیا ہے ... ۔

[illegible]

[illegible] صلی اللہ علیہ وسلم [illegible]

[illegible] اللہ یقول [illegible]

[illegible]

[illegible] غفرانک [illegible] الحمد للہ الذی اذھب عنی الاذی [illegible]

[illegible]

النهي عن الاستطابة بالعظم

ہڈی سے استنجا کی ممانعت کا بیان

أخبرنا أحمد بن عمرو بن السرح قال أنبأنا ابن وهب قال أخبرني يونس عن ابن شهاب عن أبي عثمان بن سنة الخزاعي عن عبد الله بن مسعود ؓ أن رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى أن يستطيب أحدكم بعظم أو روث

حضرت عبداللہ بن مسعود ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے منع فرمایا کہ تم میں سے کوئی ہڈی یا گوبر سے استنجا کرے۔

نهى أن يستطيب أحدكم [illegible]

[illegible]

استنجاء کرنے میں قوت تحسین ہے جیسا کہ ابن ابی شیبہ کی روایت میں ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس اونٹ کی ایک سوکھی ہڈی تھی جس سے استنجاء کرتے: ان عمر بن الخطاب کان له عظم یستنجی به ثم یتوضأ و یصلی (بیہقی) لیکن ضروری ہے کہ وہ تکلیف دہ نہ ہو ورنہ اس سے جسم پر زخم وغیرہ کا خدشہ ہوتو اس کا استعمال درست نہ ہوگا اسی طرح جو چیز دوسروں کے لیے مفید ہو یا کسی کی ملک ہو، یعنی دوسرے کے مال کا استعمال درست نہ ہوگا۔

ہڈی سے استنجاء کی ممانعت کی وجہ: حدیث میں یہ بیان کی گئی ہے کہ یہ جنات کی غذا ہے چنانچہ ارشاد ہے: ان عظم زاد اخوانکم من الجن یعنی کہ ہڈی جنات کا خوراک ہے اس لیے اس کا استعمال جائز نہیں ہے جو صحیح مسلم کی روایت ہے آپ نے والی الجن کو بیان کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے فرمایا تھا کہ میرے ساتھ چلو تحقیق کا مقصد ہے جو میں ساتھ لے گیا ... فرماتے ہیں کہ میں ایک جگہ بیٹھ گیا اور آپ ﷺ تشریف لے گئے اور جنات کو قرآن سنایا حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے پوچھا کہ یہ کیا تھا؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہ جنات نے مجھ سے زاد کی درخواست کی تو میں نے ہر وہ ہڈی جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو ان کا زاد مقرر کیا ہے جو پہلے سے زیادہ گوشت والی ہو جائے گی۔

لیکن بعض محققین نے لکھا ہے کہ ان دونوں میں کوئی تعارض نہیں ہے کیونکہ ہڈیاں جنات کی خوراک ہیں اور گوبر ان کے جانوروں کی خوراک ہے اس لیے استنجاء کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے جیسا کہ ابن جریر کی روایت میں آیا ہے اور ابن عمر نے اس روایت میں یہ بھی بیان کیا ہے کہ جب جنات نے ... ہڈیاں اور گوبر طلب کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا ... اس سے معلوم ہوا کہ ہڈی اور گوبر ان کی غذا ہیں جو ان کے لیے مختص ہے اس لیے ان سے استنجاء کرنا درست نہیں، انسان کے لیے ان کے ساتھ احترام کا معاملہ کرنا چاہیے اور یہی بات روایت سے بھی معلوم ہوتی ہے کہ فسألوني الزاد فدعوت الله لهم ان لا يمروا بعظم ولا بروثة الا وجدوا عليها طعاما (صحیح مسلم) روایت سے معلوم ہوا کہ گوبر، مینگنی وغیرہ ان کے چوپایوں کی غذا ہے کہ جنات نے جب حضور ﷺ سے زاد کی درخواست کی تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ ہر وہ ہڈی جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو تمہیں ملے گی اور پہلے سے بھی زیادہ گوشت والی ہوگی اور ... وکل بعرة علف لدوابکم (مسلم ۱۸۶/۱) یعنی ہر مینگنی تمہارے جانوروں کی غذا ہے۔

مذکورہ بالا روایات سے معلوم ہوا کہ شریعت نے کسی چیز کا احترام کرنے کا حکم دیا ہے جس کی اس میں صلاحیت ہو کہ ان کے مطعومات کا احترام کرنا ضروری ہے اور انسان کے طعام کا احترام اس سے بھی زیادہ ہونا چاہیے کیونکہ جب حدیث شریف میں جنات اور ان کے دواب کی غذا سے استنجاء کی ممانعت آئی ہے تو انسان اور اس کے مویشی کی غذا سے استنجاء بدرجہ اولیٰ ممنوع ہوگا، شیخ ابن عثیمین نے بھی ... [illegible] ... اس سے معلوم ہوا کہ ہر وہ چیز جو قابل احترام ہو اس سے استنجاء کرنا درست نہیں ...

مٹی سے ڈھیلے پر عمل کرتے ہیں۔ پاک چیز سے مسح کا شوافع وغیرہ کے نزدیک بلا قید جائز ہے اور ہر صورت میں استنجا حاصل ہے
تو اگر حقیقت میں استنجا ہو جائے تو درست ہے مگر ہمارے یہاں بعض اہل تحقیق کہتے ہیں کہ ڈھیلے کے علاوہ دوسری چیز
سے استنجا کرنا جائز نہیں ہے۔

اس کے بعد دوسری بحث یہ ہے کہ یہاں مسلم اور ترمذی کی روایات میں تعارض معلوم ہوتا ہے کیونکہ مسلم کی
روایت آگئی ہے اس میں تین کا ذکر ہے اور ترمذی کی روایت ہے اس کے خلاف معلوم ہوتا ہے آپ نے سورۂ
رحمن کی تفسیر میں روایت ذکر کی ہے اس میں یہ آتا ہے "كل عظم لم يذكر اسم الله عليه يقع في ايديكم او
فر ما كان لحما" اس میں یہ ہے کہ ہڈی پر جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو پہلے سے زیادہ گوشت پیدا کر دیا جاتا ہے جتنا پہلے اس
پر تھا۔ اس کا جواب حضرت شاہ صاحب نے دیا ہے جس کو صاحب معارف السنن نے (۱/۱۲۲) میں
نقل کیا ہے آپ نے فرمایا کہ یہ تعارض اہل ایمان کے جنات کی طرف ہے ہر صاحب ایمان کے لیے ترمذی نے
ذکر کیا ہے اس میں جو کافر جنات ہیں ان کا ذکر ہے مسلم کی روایت میں جن مسلمانوں کا ذکر کیا ہے وہ مسلمان ہوں
گے اور ترمذی کی روایت میں جو مردار کا ذکر کیا ہے وہ جنوں کے لیے ہو گی لیکن حضرت شاہ صاحب فرماتے
ہیں کہ یہ جواب تحقیقی نہیں ہے کیونکہ یہ ایک ہی حدیث ہے جس میں الفاظ کا اختلاف تو راویوں کے فہم کی بنا پر ہے لہٰذا
میرے نزدیک جواب یہ ہے کہ اصل مسلم کی روایت ہے مسلم کی روایت کو مقدم کیا جائے ترمذی کی روایت پر ترجیح
ہو گی اور محدثین کے ایک اصول کے مطابق "الصحيح يقدم على غيره" یہ ایک اصول ہے جس کے مطابق ترجیح ہو
سکتی ہے جیسا کہ متعدد مقامات پر بھی ہوتا ہے کہ بعض اوقات ایک راوی مختلف ارشادات میں سے ایک بات
دوسری بات سے ملا کر روایت کرتا ہے اور دوسرے کو دوسری بات یاد رہتی ہے اس نے اسے روایت کیا اور یہ واقع ہوتا ہی
ہے کہ صورت حال یہ ہو تو یہاں بھی یہی صورت ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ ارشاد فرمایا کہ ہڈی پر اللہ کا نام
لیا جائے یا نہ لیا جائے ہر دو صورت میں وہ جنات کی غذا ہوتی ہے ایک راوی نے پہلی بات کو نقل کر دیا دوسرے راوی نے دوسری
بات کو۔

آگے ایک قرینہ ہے کہ جمہور علماء نے جمع کے طریقے میں یہ قاعدہ ذکر کیا ہے یہ بہت عجیب
بات ہے کہ محدثین نے اسے نظر انداز کر دیا ہے اس لیے اصول حدیث کی کتابوں میں اس کا ذکر نہیں ملتا البتہ حافظ ابن حجر
نے فتح الباری میں مختلف مواقع پر اس اصول کو ذکر فرمایا ہے۔

النهي عن الاستطابة بالروث

لید وگوبر سے استنجاء کی ممانعت

اخبرنا يعقوب بن ابراهيم قال حدثنا يحيى يعني ابن سعيد عن محمد بن عجلان قال اخبرني

القعقاع عن ابی صالح عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال انما انا لکم مثل الوالد اعلمکم اذا ذھب احدکم الی الغائط فلا یستقبل القبلۃ ولا یستدبرھا ولا یستنج بیمینہ وکان یامر بثلاثۃ احجار وینہی عن الروث والرمۃ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں آپ نے ارشاد فرمایا: میں تمہارے لیے باپ کی طرح ہوں میں تمہیں دین کی تعلیم دیتا ہوں جب تم میں سے کوئی شخص بیت الخلاء میں جائے تو وہ قبلہ کی طرف منہ کر کے اور قبلہ کی طرف پیٹھ کر کے نہ بیٹھے اور دائیں ہاتھ سے استنجاء نہ کرے اور نبی اکرم ﷺ تین پتھروں سے استنجاء کرنے کا حکم فرماتے تھے آپ نے گوبر اور ہڈی کے ذریعے استنجاء کرنے سے منع کیا ہے۔

محمد بن عجلان: یہ مشہور محدثین میں سے ہیں امام مالک نے ان سے روایت کی ہے ثقہ قرار دیا ہے علم اور دیانت میں ان کا ثانی نہیں تھا۔

قعقاع: ان کے والد کا نام حکیم ہے الکنانی المدنی علامہ ذہبی نے ان کو ثقہ قرار دیا ہے اور ابن حبان نے ان کا ذکر ثقات میں کیا ہے۔

ابو صالح: آپ نے بہت سے صحابہ کرام سے احادیث روایت کی ہیں آپ کا اصل نام ذکوان السمان ہے یہ زیات کے لقب سے مشہور ہیں۔

انما انا لکم مثل الوالد: یہ روایت کا ابتدائی حصہ ہے کہ میں تمہارے لیے باپ کی طرح ہوں جس طرح باپ تمہیں دین کی تعلیم دیتا ہے اسی طرح میں تمہیں تعلیم دیتا ہوں اہل ایمان نبی اکرم ﷺ سے عقیدت و محبت رکھتے ہیں اور آپ ان کے والد کی مانند ہیں الحدیث شریف میں آپ کو روحانی باپ قرار دیا گیا ہے آپ اللہ کے بعد سب سے زیادہ حق رکھتے ہیں اور روحانی باپ جسمانی باپ سے افضل و اکمل ہیں اور آپ کی ازواج مطہرات مومنین کی مائیں ہیں آپ نے اپنی امت کو دین کی تعلیم دی اور آپ ان کی بھلائی چاہتے ہیں ان کا عقیدہ قرآن کریم میں ہے "النبی اولی بالمومنین" سے اسی طرف اشارہ ہے۔

اذا ذھب احدکم الی: اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ نے تعلیم دی ہے کہ جب تم میں سے کوئی قضائے حاجت کے لیے جائے تو قبلہ کی طرف منہ کر کے یا پیٹھ کر کے نہ بیٹھے۔

دوسری چیز یہ ہے کہ دائیں ہاتھ سے استنجاء نہ کرے اس کی حرمت اور فضیلت کو ملحوظ رکھا جائے تیسری یہ کہ آپ تین پتھروں سے استنجاء کرنے کا حکم فرماتے تھے تاکہ طہارت مکمل ہو جائے اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ استنجاء کی تاکید ہوتی ہے وہ تکلیف دہ چیزوں سے پاک ہو اس کی پوری تعلیم دی گئی ہے اس کا جواب یہ ہے کہ وضو کے وقت آپ کی ہدایت میں جو احکام دیے گئے ہیں وہ تفصیل کے ساتھ بیان کیے گئے ہیں اور ان کا تعلق صفائی اور پاکیزگی سے ہے۔

[illegible]

النهى عن الاكتفاء فى الاستطابة باقل من ثلثة احجار

استنجاء میں تین ڈھیلوں سے کم پر کفایت کرنے کی ممانعت

[illegible] ... باقل من ثلثة احجار

[illegible]

ان کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے "سلمان منا اهل البيت" فرمایا سلمان کی عمر بڑی طویل ہوئی بعض کہتے ہیں کہ تین سو پچاس برس کی تھی اور بعض کہتے ہیں ڈھائی سو برس اور یہی صحیح ہے آپ اپنے ہاتھ کی کمائی سے کھاتے تھے، ان کی ۳۵ھ میں مدائن میں وفات ہوئی اور ان سے حضرت عباس رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے روایت کی ہے۔ (کذا فی المرقاۃ)

قال قيل له وجعل: اس قال کا فاعل عبدالرحمن بن یزید ہے جنہوں نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے ابن ماجہ اور ابن سعد وغیرہ نے ان کو نقل کیا ہے اور قیل کا فاعل مجہول ہے اور مسلم کی طرح حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے جس کے ساتھ اس شخص نے "ان صاحبكم ليعلمكم حتى الخراءة" کہہ کر طنز سے تمسخر کیا تھا۔ وہ شخص مشرکین میں سے تھا جیسا کہ ابن ماجہ کی روایت سے معلوم ہوتا ہے اس میں "من المشركين" ہے جس سے معلوم ہو گیا کہ یہ یہودی نہیں بلکہ مشرک ہی تھا۔

حتى الخراءة: یہ لفظ خاء مکسورہ اور راء کے بعد الف کے ساتھ پڑھنا چاہیے جس کے معنی قضائے حاجت کے وقت بیٹھنے کے طریقے ہیں علامہ سیوطی نے اپنی شرح میں علامہ خطابی کا قول نقل کیا ہے انہوں نے فرمایا کہ عام لوگ اس لفظ کو خاء مفتوحہ کے ساتھ پڑھتے ہیں وہ صحیح نہیں کیونکہ اس سے اس کے معنی بدل جاتے ہیں لہٰذا اسے خاء مکسورہ اور الف ممدودہ کے ساتھ پڑھنا چاہیے لیکن علامہ سندی نے ... سے نقل کیا ہے کہ ... صحیح ہے ... شرح مسلم میں ہے کہ لفظ خراءۃ خاء کے زیر اور مد کے ساتھ ہے کہ نفس حدث کو اور کسرہ اور فتحہ اور مد کے ساتھ بدون تاء کے نفس حدث کو کہتے ہیں جوہری نے کہا ہے کہ خاء کے ضمہ کے ساتھ ... اور کسرہ ... نام ہے جیسے ... ہیں۔

فقال اجل: یعنی شخص نے کہا۔ اجل اور نعم دونوں حرف تصدیق کے لیے آتے ہیں اس لیے حرف تصدیق کہلاتے ہیں لیکن خبر میں اجل کا استعمال نعم سے زیادہ بہتر ہے اور استفہام میں نعم کا استعمال اجل سے زیادہ بہتر ہے۔

غرض جب اس مشرک نے بطور استہزاء یہ بات کہی کہ تمہارے نبی تمہیں ہر بات کی تعلیم دیتے ہیں حتی کہ قضائے حاجت کے وقت بیٹھنے کے طریقے کی بھی تعلیم دیتے ہیں یہ بھی کوئی دین ہے جس کو تم نے قبول کیا ہے اس کی اس نازیبا حرکت پر حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کو اس کا پورا حق تھا کہ اس کو ترکی بہ ترکی جواب دیتے لیکن ایسا نہیں کیا بلکہ اس کی اشتعال انگیز بات سے صرف نظر کرتے ہوئے نہایت خوش اسلوبی سے اس کو جواب دیا جس طرح ایک مرشد کامل مخلص ... کے جذبۂ ... سمجھاتا ہے چنانچہ انہوں نے فرمایا کہ ہمیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کی برکت سے جو دین ملا ہے وہ ایک جامع دین ہے اس میں بڑی چھوٹی جتنی بھی باتیں ہیں ہمارے نبی ہمیں ان سب کی تعلیم دیتے ہیں حتی کہ ... کے آداب بھی سکھاتے ہیں لہٰذا یہ اس بات کی بڑی دلیل ہے کہ ہمارا دین کامل و مکمل ہے اور جس پر طعن و تشنیع کرنا اور اس کا مذاق اڑانا جس طرح تم کر رہے ہو ... ہے علاوہ ... دین حق ... اللہ تعالیٰ کے نزدیک ... طریق مستقیم کو ... ظاہر

و باطن کفر و شرک کی گندگیوں سے پاک و صاف ہو جائیں پھر حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے ان امور کا ذکر فرمایا جن کی نبی کریم ﷺ نے قضائے حاجت کے وقت ممانعت فرمائی ان میں اول وہ ہے جس کی تشریح پیچھے ہو چکی ہے تیسری چیز کہ استنجاء میں تین پتھروں کا عدد ضروری ہے یا نہیں یہ ایک مختلف فیہ مسئلہ ہے امام شافعیؒ، امام احمدؒ، اسحاق بن راہویہ اور ابو ثور کے نزدیک استنجاء میں انقاء کل کے ساتھ تثلیث یعنی تین ڈھیلوں کا ہونا ضروری ہے ان کی ایک دلیل حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے جو ابھی اوپر والے سوال کے تحت نقل کی گئی ہے اس میں "وکان یامر بثلاثۃ احجار" کے الفاظ آتے ہیں جس سے معلوم ہوا کہ تثلیث شرط ہے دوسری دلیل حدیث باب ہے اس میں "او یستنجی باقل من ثلاثۃ احجار" کے الفاظ آتے ہیں اس روایت میں تین ڈھیلوں سے کم کے ساتھ استنجاء کرنے سے منع فرمایا گیا ہے طرز استدلال یہ ہے کہ اگر کوئی عدد کا شریعت میں اعتبار نہ ہوتا تو بعید ہے مگر یہاں اس کے ذکر کی ضرورت نہ تھی معلوم ہوا کہ استنجاء میں تین کا عدد بھی مطلوب ہے اگرچہ مقصود یعنی انقاء کل تین عدد سے کم ڈھیلوں سے حاصل ہو جائے ان حضرات نے اپنے قول کی توضیح اور تقویت میں ایک نظیر بھی پیش کی ہے کہ قرآن پاک میں ہے کہ عدت کے مسئلہ میں تین حیض کا عدد مطلوب ہے اگرچہ رحم کی پاکی وصفائی کا مقصد ایک ہی حیض سے حاصل ہو جاتا ہے لیکن شریعت کی نظر میں تین کا عدد بھی مطلوب ہے اس لئے تین حیض کا انتظار ضروری ہوگا اسی طرح استنجاء کے مسئلہ میں متعدد روایات میں ثلاث کا لفظ آیا ہے بلکہ بعض روایت میں اس کے متعلق صیغہ امر بھی وارد ہوا ہے جس سے عدد ثلاث کے وجوب کا خیال اور بھی پختہ ہو جاتا ہے لیکن اگر تین ڈھیلوں سے بھی صفائی کلی حاصل نہ ہو تو بقدر ضرورت تین سے زائد کا استعمال کرنا واجب ہے تاکہ طہارت کا مقصد حاصل ہو جائے البتہ اس زائد ڈھیلوں میں ایتار کا خیال رکھنا مستحب ہوگا چنانچہ امام بیہقیؒ نے امام ابو داؤد کی روایت "من استجمر فلیوتر من فعل فقد احسن ومن لا فلا حرج" کے بیچ کی مرفوع ٹکڑے کو نقل کر کے زائد کے استعمال میں ایتار کی رعایت مستحب ہے یہ ہے حضرات شوافع کے استدلال کا خلاصہ۔

حضرت امام ابو حنیفہؒ، امام مالکؒ اور امام داؤد ظاہری وغیرہ کے نزدیک تثلیث شرط نہیں اصل مقصد انقاء کل ہے ان حضرات کی دلیل حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث ہے جو اگلے باب میں آرہی ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے استنجاء میں دو پتھر استعمال فرمائے تیسرے کا استعمال ثابت نہیں اس سے متعلق مزید بحث وہاں آئے گی۔

حضرات شوافع کے مستدلات کے جوابات یہ ہیں کہ آپ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور سلمان رضی اللہ عنہ کی روایات کی بناء پر استنجاء میں تثلیث کو ضروری سمجھتے ہیں حالانکہ اصل مدار استنجاء میں کلی کی صفائی اور ضرورت کے پورا ہونے پر ہے اور چونکہ اکثر حالات میں کلی استنجاء کی صفائی کے لئے تین عدد ڈھیلے کافی ہو جاتے ہیں اس لئے تین کا عدد احادیث میں کثرت سے وارد ہوا ہے چنانچہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث جو ابو داؤد میں ہے اس بات کی طرف رہنمائی کر رہی ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی بیت الخلاء جائے تو پاکی حاصل کرنے کے لئے اپنے ساتھ تین پتھر لے جائے "فانھا تجزئ عنہ" اس لئے کہ یہ تین پتھر اس کے لئے کافی ہو جائیں گے اس حدیث کی اسناد صحیح اور حسن ہے کما قال

[illegible]

سے شرمگاہ کی صفائی عام طور پر تین ڈھیلے کفایت کر جاتے ہیں اس لئے روایت میں تین کا ذکر آیا ہے ورنہ اصل مقصود صفائی ہے
تین ڈھیلوں کا استعمال اس لئے کیا جاتا ہے کہ عام طور پر صفائی ہو جاتی ہے یہ تو ممکن ہے کہ ایک ہی ڈھیلے سے کام ہو جائے اور پھر بھی تین کا عدد پورا کرنے کا حکم ہو
ایک ڈھیلے کے تین گوشوں کا استعمال کیا جائے تو یہ بھی جائز ہے اور ایک ڈھیلے کے تین گوشوں کا استعمال کرنا ظاہر
حدیث کے مطابق نہیں ہوتا اس سے معلوم ہوا کہ حقیقت میں تین ڈھیلے ہی کی ضرورت نہیں ہے۔
بعض حضرات یہ کہتے ہیں کہ اگر تین عدد سے صفائی حاصل نہ ہو تو ... ہے کہ طاق عدد کا خیال رکھا جائے جب کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت مذکورہ ... تین ڈھیلے کفایت کر جاتے ہیں لیکن شوافع عدد کفایت کا قول کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ تین ڈھیلوں کا ہونا لازمی ہے اگرچہ صفائی ان سے کم سے حاصل ہو جائے ... ہے کہ ... بھی ظاہر حدیث کا یہی تقاضا ہے اور ان روایات کی تائید کرتی ہیں جن کا ذکر حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ وغیرہ کی حدیث میں آیا ہے۔ جس استنجاء کے مسئلہ کا تعلق ہے تو یہ کہنا بھی درست نہیں کیونکہ ایک دوسرے سے مختلف ہیں جو عدد کے مسئلہ میں تین کا عدد قرآن و حدیث کی رو سے ضروری ہے جس کے ساتھ کوئی دوسری نص معارض نہیں ہے حالانکہ تین عدد ... ہے کہ جو تین سے معارض حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ وغیرہ کی روایت میں آیا ہے اس کے عدد کی ضرورت ہے چنانچہ بخاری میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے طریق سے روایت ہے من استجمر فلیوتر من فعل فقد احسن ومن لا فلا حرج ... ہے کہ اس روایت کے مطابق تین عدد سے زیادہ کا حکم دیا گیا ہے لیکن تین سے کم کے ساتھ استنجاء کرنے سے منع فرمایا گیا ہے کیونکہ اس روایت میں ... ہے اور اس سے معلوم ہوا کہ جس شخص سے ... بھی ... عدد کی واقفیت ہے معلوم ہوا کہ تین ڈھیلے کا حکم ... صورت کے مطابق ہے کہ جب ... ضروری ہے۔
غرض ... تحصیل ... استنجاء کے معاملہ میں عدد کا ... کرنا الگ ہے ...

(واللہ اعلم بالصواب)

الرخصة في الاستطابة بحجرين

استنجاء دو پتھروں سے بھی جائز ہے

أخبرنا أحمد بن سليمان قال حدثنا أبو نعيم عن زهير عن أبي إسحاق قال ليس أبو عبيدة ذكره ولكن عبد الرحمن بن الأسود عن أبيه أنه سمع عبد الله يقول أتى النبي صلى الله عليه وسلم الغائط وأمرني أن آتيه بثلاثة أحجار فوجدت حجرين والتمست الثالث فلم أجده فأخذت روثة فأتيت بهن النبي صلى الله عليه وسلم فأخذ الحجرين وألقى الروثة وقال هذه ركس قال أبو عبد الرحمن الركس طعام الجن

عبدالرحمن اپنے والد سے روایت کرتے ہیں انہوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے فرماتے سنا کہ نبی

کریم ﷺ قضائے حاجت کے لیے تشریف لے گئے اور مجھ کو حکم دیا کہ تین پتھر لے کر آؤں میں دو پتھر لے کر آیا تیسرا تلاش کیا مگر نہیں ملا تو میں نے گوبر کا ٹکڑا اٹھا لیا پھر ان کو آپ کی خدمت میں پیش کیا آپ نے دونوں پتھر لے لیے اور گوبر کو پھینک دیا اور فرمایا یہ ناپاک چیز ہے۔

عن ابی اسحٰق قال لیس ابو عبیدة ذکرہ الخ حافظ ابن حجرؒ نے شرح بخاری میں لکھا ہے کہ چونکہ ابو عبیدہ کا سماع اپنے والد محترم حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ سے صحیح طور سے ثابت نہیں ہے اس وجہ سے وہ روایت منقطع تھی اس لئے ابو اسحاق نے ان کی روایت کرنے کو باوجود اس کے عالی ہونے کے چھوڑ دیا اور اس کی جگہ عبدالرحمن بن اسود کی روایت موصول ذکر کیا گویا ابو اسحاق اس کلام مذکور کو نقل کر کے یہ کہنا چاہتے ہیں کہ **لست ارویہ الآن عن ابی عبیدة وانما ارویہ عن عبد الرحمن** یعنی میں اس وقت ابو عبیدہ کے طریق سے جس میں انقطاع ہے روایت نہیں کرتا بلکہ عبدالرحمن بن اسود کے طریق سے جو متصل ہے اس کو ذکر کر رہا ہوں۔

راوی حدیث اسود بیٹے ہیں یزید بن قیس نخعی کے ابو عبدالرحمن ان کی کنیت ہے اور ابراہیم نخعی کے ماموں اور حضرت ابن مسعود کے شاگردوں میں ثقہ اور زاہد تھے ۷۵ھ میں انتقال ہوا ابن الحنبل نے کہا کہ وہ اسود بن عبد یغوث زہری ہے۔ کہ ابن یزید النخعی حافظ ابن حجرؒ نے ان کی اس بات کو بالکل غلط قرار دیا ہے کیونکہ اسود زہری تو اسلام تک نہیں لائے تھے چہ جائیکہ وہ حضرت ابن مسعود ﷺ سے روایت کرنے تک زندہ رہا ہو۔

بہر حال اس حدیث کی روایت متعدد طرق سے ہوئی ہے جیسا کہ امام نسائی نے یہ روایت طریق زہیر عن ابی اسحاق عن عبدالرحمن بن الاسود عن ابیہ عن عبداللہ بن مسعود ذکر کی ہے اور ساتھ ہی ابو اسحاق کا قول مذکور بھی نقل کر دیا ہے جس سے معلوم ہوا کہ ان کے نزدیک ابو اسحاق کے شاگرد زہیر کا طریق راجح ہے جس سے سند متصل ہو جاتی ہے اور اسرائیل کا طریق جو ابو اسحاق کے دوسرے شاگرد ہیں جس سے اسناد منقطع ہو جاتی ہے کیونکہ جیسا حافظ ابن حجرؒ نے ابو عبیدہ کا سماع اپنے والد محترم حضرت عبداللہ بن مسعود ﷺ سے ثابت نہیں ہے امام بخاری نے بھی اس روایت کو ترجیح دی ہے جو زہیر کے طریق سے ہے اور اپنی جامع صحیح میں اسی کو جگہ دی ہے لیکن اس کے برخلاف امام ترمذی نے یہ روایت طریق اسرائیل عن ابی اسحاق عن ابی عبیدہ نقل کی ہے اور یہ کہا ہے کہ ان کی روایت کا طریق امام بخاری کے طریق روایت سے زیادہ صحیح ہے پھر دوسرا یہ کہ اپنے استاذ امیر المومنین فی الحدیث امام بخاری کی رائے سے کی ہوئی روایت پر کلام کیا ہے اور آخر میں پھر اسرائیل کی روایت پر بھی انقطاع کا اعتراف کیا ہے کیونکہ ابو عبیدہ کا سماع اپنے والد عبداللہ بن مسعود ﷺ سے ثابت نہیں ہے معلوم ہوا کہ اس روایت میں انقطاع ہے۔

اب رہے یہ سوالات کہ امام ترمذی نے امام بخاری کی نقل کردہ زہیر والی روایت پر کیا نقد کیا ہے اور محدثین نے امام بخاری کی طرف سے اس کا کیا جواب دیا ہے پھر انہوں نے جامع ترمذی میں اسرائیل کے طریق سے کی ہوئی روایت پر کہ منقطع ہونے کا جو اعتراض کیا ہے وہ صحیح ہے یا نہیں، اگر صحیح ہے جیسا کہ وہ خود مقر ہیں تو پھر انہوں نے زہیر والی روایت صحیحہ کو چھوڑ کر اسے اپنی کتاب میں کیوں ذکر کیا اور اس کی ترجیح غیر معقول ہے جیسا کہ حافظ عینی وغیرہ کے کلام سے معلوم ہوتا ہے

کہ ان کے نزدیک ابو عبیدہ کا سماع اپنے والد حضرت ابن مسعود ﷺ سے ثابت ہے اور انہوں نے اس کو دلیل سے ثابت کیا ہے تفصیل کے لئے صاحب مذہب کے دلائل کی یہاں گنجائش نہیں ہے ان کے لئے شروحات بخاری عینی وغیرہ اور شرح ترمذی معارف السنن للعلامۃ البنوری کی طرف رجوع کریں۔

میں پچھلے عنوان میں اشارہ کر چکا ہوں کہ حضرات حنفیہ کی دلیل حدیث ابن مسعود ﷺ ہے اور یہی حدیث ہے امام نسائی باوجود شافعی المسلک ہونے کے حضرت عبد اللہ بن مسعود ﷺ کی روایت پر "الرخصة في الاستطابة بحجرين" کا عنوان رکھا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ امام نسائی کی تحقیق بھی اس موقع پر صرف دو پتھروں کا استنجاء ثابت ہے

امام طحاوی نے بھی اس حدیث سے تثلیث کے عدم وجوب پر استدلال کیا ہے کیونکہ اگر تین پتھروں کا لینا ضروری ہوتا تو رسول اکرم ﷺ تیسرا پتھر ضرور طلب فرماتے حالانکہ کسی معتبر روایت سے اس بات کا ثبوت نہیں ملتا کہ آپ نے تیسرا طلب کیا ہو اس سے معلوم ہوا کہ استنجاء میں تین ڈھیلوں کا ہونا ضروری نہیں ہے لیکن حافظ ابن حجر اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ سوال مذکور ضعیف ہے اس لیے کہ مسند احمد میں معمر کے طریق سے جو روایت ہے اس کے بعد "ائتني بحجر" کا جملہ بھی منقول ہے یعنی فرمایا کہ یہ گوبر کا ٹکڑا ناپاک ہے ایک اور پتھر لے آؤ جس سے معلوم ہوا کہ آپ نے تیسرا پتھر تلاش کرنے کا حکم فرمایا تو ظاہر ہے کہ حکم کی تعمیل کی گئی ہوگی پھر حافظ نے کہا "ورجاله ثقات" یعنی اس حدیث کے سب راوی ثقہ ہیں اگر یہ اشکال کیا جائے کہ ابو اسحاق کا سماع علقمہ سے نہیں ہے تو کرابیسی نے اس حدیث کا سماع ثابت کیا ہے اور اگر مرسل بھی مان لیا جائے تو وہ بھی محدثین کے نزدیک حجت ہے حافظ ابن حجر نے یہ بھی فرمایا کہ شاید امام طحاوی کو مسند احمد کی اس روایت سے غفلت ہوگئی ہے۔

(فتح الباری ۱/۱۸۱)

محقق عینی نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ امام طحاوی سے غفلت نہیں ہوئی بلکہ غفلت تو انہی کو ہوئی ہے جو امام طحاوی جیسے وسیع النظر محدث کی طرف غفلت کو منسوب کرتے ہیں وجہ یہ ہے کہ امام احمد نے اس حدیث کو بطریق ابی اسحاق عن علقمہ روایت کیا ہے اور امام طحاوی کے نزدیک ابو اسحاق کا سماع علقمہ سے ثابت نہیں ہے لہذا حدیث مذکور تحقیق نظر سے منقطع ہے جس پر محدثین کرام اتفاق نہیں کرتے مزید تفصیل کے لئے عمدۃ القاری (۱/۲۷۴) ملاحظہ ہو۔

رہی یہ بات کہ حافظ ابن حجر نے فرمایا کہ اگر مرسل بھی مان لیا جائے الخ تو ہمیں تسلیم نہیں کیونکہ ہم حدیث مرسل کو علی الاطلاق حجت نہیں مانتے بلکہ حدیث مرسل کو بشرط عدم التعارض حجت مانتے ہیں کیونکہ اس روایت اول سے منقطع کے علاوہ یہ کہ آپ نے تیسرے کی تلاش کرنے کا حکم دیا ہے یہ کہاں سے ثابت کرو گے کہ واقع میں تیسرا ڈھیلا حضرت ابن مسعود ﷺ لے کر آئے تھے ظاہر یہی ہے کہ آپ نے منگائے اور ایک روایت جو اس کے ثبوت میں ابو الحسن بن القصار مالکی سے مروی ہے جس کو خود حافظ ابن حجر نے بھی قابل اعتبار نہیں سمجھا اور سند کہہ کر رد کر دیا ہے غرض کہ جب تیسرا ڈھیلا لانا ثابت نہیں ہے تو امام طحاوی پر اعتراض کیسا؟ فیض الباری (۱/۲۶۰) میں حضرت شاہ صاحب کا قول مذکور ہے کہ حافظ ابن حجر نے امام طحاوی پر جو اعتراض کیا ہے کہ ان کا "والقى الروثة" سے احجار پر استدلال کرنا صحیح نہیں ہے اس لئے کہ اس جملے کے بعد "وائتني بحجر" کی

ربانی کی جانب سے جناب نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ حافظ ابن حجرؒ امام طحاویؒ پر کیوں برستے ہیں یہ جو اعتراض کیا ہے وہی اعتراض امام ترمذیؒ پر بھی پڑتا ہے کیونکہ انہوں نے بھی اس حدیث پر ترجمۃ الباب "باب الاستنجاء بحجرین" قائم کیا ہے جس سے معلوم ہوا کہ انہوں نے بھی روثہ والی زیادتی "وائتنی بثالث" کو قبول نہیں کیا اسی طرح امام بخاریؒ نے حضرت ابن مسعودؓ کی حدیث پر "باب ... فی الاستنجاء بحجرین" کا عنوان لگایا ہے جس سے معلوم ہوا کہ انہوں نے بھی مذکورہ زیادتی کو ساقط النظر سے آزادی قبول نہیں کیا ہے اب ہم حافظ ابن حجرؒ سے پوچھتے ہیں کہ آپ نے تو امام طحاویؒ کی تغلیط کی ہے کیا وہی مخالفت امام ترمذیؒ اور امام بخاریؒ کی طرف منسوب نہیں کی جاسکتی۔

علاوہ اس کے حضرات حنفیہ کی دوسری دلیل حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث ہے جس کو امام ابوداؤد وغیرہ نے روایت کیا ہے **"من اکتحل فلیوتر من فعل فقد احسن ومن لا فلا حرج ومن استجمر فلیوتر من فعل فقد احسن ومن لا فلا حرج"** تو علامہ ابن حجرؒ اس حدیث کی بنا کو دیکھتے ہوئے نقل ... اس حدیث میں ایتار کے بارے میں فرماتے ہیں کہ جس شخص نے ایتار یعنی طاق عدد کی رعایت کی تو یہ سب سے بہتر مستحب پر عمل کرنے کے اچھا کیا اور اس ایتار میں تین کا عدد بھی داخل ہے جیسا معلوم ہوا کہ استنجا تین پتھروں سے کرنا شرط اور واجب نہیں ہے جیسا کہ شوافع اس کے قائل ہوتے ہیں بلکہ اس سے کم کے ساتھ بھی استنجا جائز ہے اس لئے کہ کسی نے ایک ہی پتھر سے استنجا کیا ہو تو اس نے اس حدیث کے مقتضے پر بالکل عمل کیا اسی طرح حدیث کا آخری جز "ومن لا فلا حرج" اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ جس شخص نے استنجاء میں طاق عدد کی رعایت نہیں کی خواہ وہ ایک پتھر ہو یا تین بلکہ دو پتھروں سے استنجا کیا تو فلا حرج یعنی اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے لہٰذا اس سے معلوم ہوا کہ تین پتھروں کا استعمال ضروری نہیں ہے کیونکہ اگر ضروری ہوتا تو پھر اس کے چھوڑنے پر یہ فلا حرج یہ فرمانا کیسے درست ہوگا۔

غرض کہ اس حدیث سے دو باتیں معلوم ہوتی ہیں کہ نہ ایتار ضروری ہے اور نہ تین ڈھیلوں کا استعمال ضروری ہے بلکہ تمام روایات پر نظر ڈالنے سے واضح ہوتا ہے کہ شارع ﷺ کا اصل مقصود محل نجاست کی صفائی ہے اب وہ ایک ڈھیلے سے بھی حاصل ہو جائے کافی ہے ضرورت کی حد تک کسی عدد خاص کو وجوب کا درجہ نہیں دیا جاسکتا لیکن چونکہ عام طور پر نجاست کو دور کرنے کے لئے تین ڈھیلے کافی ہو جاتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ ایتار کی بھی رعایت ہوتی ہے جو منشاء شرع ہے اس لئے احادیث میں ان کا ذکر آتا ہے یہ بھی بات ہے کہ شوافع بھی یہ کہتے ہیں کہ اگر تین سے طہارت حاصل نہ ہو تو تین سے زیادہ استعمال کرنا ان کے نزدیک واجب ہے جس سے وہ خود ظاہر حدیث کی تحدید کو چھوڑ دیتے ہیں عدد ان کے دوسری بات یہ ہے کہ جب شریعت ایتار یعنی طاق عدد کا حکم دیتی ہے تو اس کے ساتھ "من فعل فقد احسن ومن لا فلا حرج" کے الفاظ سے تقیید کو بھی ظاہر کر دیتی ہے جب عدد ثلاث کو بیان کرتی ہے تو اس کے ساتھ ساتھ ... تا کہ اس میں ڈھیلے کافی ہو جانے کی طرف سے جیسا کہ حضرت عائشہؓ کی روایت میں "... معہ بثلاثة احجار" کے بعد "فانها تجزئ عنه" کے الفاظ وارد ہوئے ہیں تو اس سے معلوم ہوا کہ تین کی طرح ایتار بھی مستحب ہے شرط اور واجب نہیں ہے ... بعض روایات میں جو تین ڈھیلوں

باب الرخصة في الاستطابة بحجر واحد

ایک ہی پتھر سے استنجاء کی رخصت کا بیان

رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اذا استجمرت فاوتر

سلمہ بن قیس رسول اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں آپ نے فرمایا کہ جب تم ڈھیلوں سے استنجاء کرو تو طاق عدد اختیار کرو۔

تشریح امام نسائی امام شافعی کے مسلک کی طرف ہوتے ہوئے ... باب الرخصة في الاستطابة بحجر واحد قائم فرمایا ہے جس سے پہلے انہوں نے "باب الرخصة في الاستطابة بحجرين" کا عنوان قائم کیا تھا جس کے ماتحت حدیث ابن مسعود ﷺ روایت کی تھی جس سے دو پتھروں سے استنجاء کرنے کا ثبوت ہوتا ہے اور اس عنوان کے ماتحت حدیث سلمہ بن قیس لائے ہیں جس میں مطلق ایتار کا ذکر ہے اس لیے ہو سکتا ہے کہ ایک بھی شامل ہو جائے اگر ایک ہی ڈھیلا کفایت کر جائے تو دوسرے سے استنجاء ضروری نہیں ہے ... اس سے بھی ظاہر ہوتا ہے ... امام نسائی ... امام شافعی کے مسلک کو ... ہیں ... تین ... اصل مقصود ... ہے ... حاصل ہو جائے کافی ہے۔ (فتاویٰ ہندیہ ۱۰۰/۲) میں ہے ليس في الاستنجاء عدد مسنون وانما الشرط هو الانقاء حتى لو حصل بحجر واحد يكفيه ... ولو لم يحصل بثلثة احجار لا يكفيه حتى ينقيه

الاجتزاء فى الاستطابة بالحجارة دون غيرها

صرف پتھر کے ساتھ استنجاء کرنے پر بس کرنا نہ کہ دوسری چیز سے

اخبرنا قتيبة قال حدثنا عبد العزيز بن ابي حازم عن ابيه عن مسلم بن قرط عن عروة عن عائشة ﷺ ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اذا ذهب احدكم الى الغائط فليذهب معه بثلاثة احجار فليستطب بها فانها تجزئ عنه

عروہ ﷺ حضرت عائشہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی شخص قضائے حاجت کے لیے جائے تو اپنے ساتھ تین پتھر لے جائے اور ان سے پاکی حاصل کرے اس لیے کہ تین پتھر کافی ہو جاتے ہیں۔

ابی حازم عن ابیہ ... اس حدیث کے ... ہیں ان کا اصل نام سلمہ بن دینار ہے ... آزاد کردہ غلام ... حدیث میں ... ثقہ ... ہیں ... اس کے بعد ہوا۔

عن مسلم بن قرط ... ہیں ... کے ...

سکون کے ساتھ ہے حافظ ابن حجرؒ وغیرہ نے کہا ہے کہ ابن حبان نے اگرچہ ثقات میں شمار کیا ہے مگر انہوں نے یہ بھی کہہ دیا ہے "ربما یخطئ" یعنی وہ غلطی کرتے تھے اس کے بعد حافظ ابن حجرؒ کہتے ہیں کہ وہ بہت ہی کم روایت کرتے تھے اور جب وہ قلت حدیث کے باوجود غلطی کرتے تھے تو ان کا شمار ضعیف راویوں میں ہے مزید آگے نقل کرتے ہیں "وله غرائب بحفظ لا يعرف" مگر دارقطنی نے ان کی حدیث کو حسن قرار دیا ہے۔

فیه منعه بثلاثة احجار : داؤد ظاہری کے نزدیک علاوہ پتھر کے اور کسی چیز سے استنجاء کرنا جائز نہیں ہے جمہور ائمہ کہتے ہیں کہ احادیث میں پتھر کا جو ذکر آیا ہے وہ تخصیص حکم کے لئے نہیں ہے اس لئے ہر وہ چیز جس میں جذب کی صلاحیت ہو اور نجاست کو دور کرنے کی صلاحیت رکھتی ہو بشرطیکہ غیر محترم ہو وہ بھی پتھروں کے حکم میں ہے لہٰذا اس سے استنجاء کرنا درست ہے اور حدیث میں احجار کا ذکر اس لئے آیا ہے کہ عرب میں ہر جگہ بسہولت ملتے تھے۔

(واللہ اعلم بالصواب)

حضرت علامہ انور شاہ صاحبؒ نے فرمایا کہ تنقیح مناط چونکہ منصوصات میں بھی جاری ہوتی ہے اس لئے امام ابو حنیفہؒ نے اس کی روشنی میں فرمایا کہ اگرچہ حدیث میں صرف پتھروں کا ذکر آتا ہے لیکن حکم عام ہے کہ اس لئے ہر غیر محترم پاک صاف چیز کو جس سے ازالۂ نجاست ہو سکے تحصیل مقصود میں مشارک حجر قرار دیا ہے جو کہ عمل ہے۔ (حضرت شاہ صاحب نے) فرمایا کہ پیغمبر ﷺ کی تعلیم کا طریقہ تعلیم بالعمل ہے یعنی جو بات امت سے کرانا چاہا اس کو اپنے عمل سے بتلا دیا پھر ان کو اس کی پیروی کا حکم دیا آپ کا طریقہ یہ نہیں تھا کہ ایک جامع مانع عبارت درست کر کے لوگوں کے سامنے پیش کر دیں کیونکہ یہ تو ایک طریق محدث ہے جو مقتضی فطرت کے خلاف ہے بہرحال جب یہ ایک ناقابل انکار حقیقت ہے کہ شارع ﷺ کا طریقہ عملی تعلیم دینے کا ہے اس لئے آپ نے اہل حجاز کی عادت کے مطابق استنجاء میں پتھروں کا استعمال کیا جو وہاں بسہولت ہر جگہ ملتے تھے تو اس سے آپ کی غرض عام حکم دینا ہے نہ کہ آپ کے افعال یا قول سے صرف احجار کے ساتھ استنجاء کو خاص کیا جائے اور دوسری چیزوں سے عدم جواز ثابت کرنا تنگ نظری ہے جیسے داؤد ظاہری اور ان کے متبعین اس کے قائل ہوئے۔

الاستنجاء بالماء

پانی سے استنجاء کے بیان میں

اخبرنا اسحق بن ابراهيم اخبرنا النضر اخبرنا شعبة عن عطاء بن ابي ميمونة قال سمعت انس بن مالك ﷺ يقول كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا دخل الخلاء احمل انا وغلام معي نحوي اداوة من ماء فيستنجي بالماء

عطاء ابن ابی میمونہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے انس بن مالک ﷺ سے سنا وہ فرماتے تھے کہ رسول کریم ﷺ جب بیت الخلاء میں داخل ہوتے تو میں اور میرے ساتھ ایک لڑکا جو میرا ہم عمر ہوتا پانی کا چھاگل لے کر ساتھ ہو جاتے آپ

اس پانی سے استنجا فرماتے۔

أخبرنا قتيبة حدثنا أبو عوانة عن قتادة عن معاذة عن عائشة أنها قالت مرن أزواجكن أن يستطيبوا بالماء فإني أستحييهم منه إن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يفعله

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ آپ نے عورتوں سے فرمایا کہ تم اپنے شوہروں کو یہ مسئلہ بتلادو کہ وہ پانی سے استنجا کیا کریں اس لئے کہ میں خود ان کو یہ بات بتانے سے شرم محسوس کرتی ہوں بے شک رسول اکرم ﷺ پانی سے استنجا فرماتے تھے۔

تشریح: امام نسائی اس باب سے ان لوگوں کے قول کو رد کرنا چاہتے ہیں جو اس بات کے قائل ہیں کہ پانی چونکہ مشروب و مطعوم ہے اس لئے اس سے استنجا کرنا درست نہیں ہے جیسا کہ دوسری حدیث میں آیا ہے کہ ہڈی اور گوبر وغیرہ سے استنجا مت کرو کیونکہ وہ جنات کی خوراک ہے جب جنات کی غذا اور خوراک میں اس قدر احتیاط اور ادب کی رعایت کی گئی ہے تو انسان کے مشروب و مطعوم میں اس کی بطریق اولیٰ رعایت ہونی چاہئے اس کے علاوہ اور بھی اقوال منقول ہیں پانی سے استنجاء کے متعلق تفصیلات کے لئے فتح الباری وعمدۃ القاری میں ملاحظہ کیجئے۔ غرض کہ امام نسائی اس ترجمہ میں بتلانا چاہتے ہیں کہ جب رسول اکرم ﷺ سے استنجا بالماء حدیث صحیح سے ثابت ہے تو پھر مشروب و مطعوم ہونے کو علت قرار دے کر پانی سے استنجا نہ کرنا یہ ایک غیر معقول بات ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ پانی مطعوم و مشروب ہے لیکن پانی اور دوسری کھانے پینے کی چیزوں میں فرق ہے۔ پانی کو تو باری تعالیٰ نے طاہر و مطہر اور نجاست کو دور کرنے کا ذریعہ بنایا ہے اور دوسری چیزیں اس کو خود وہ کھانے پینے کی ہیں یا غیر مطعومات میں سے قابل احترام چیزیں ہیں اور اس مقصد کے لئے نہیں بنائی گئی ہیں لہٰذا پانی کو دوسرے مطعومات پر قیاس کرنا درست نہیں ہے۔ اگر مطعوم و مشروب ہونے کی علت نکال کر پانی کو بھی دوسری چیزوں کی طرح محترم قرار دیا جائے تو پھر اس سے وضو کرنا، غسل جنابت کرنا اور ناپاک کپڑوں وغیرہ سے نجاست کو دور کرنے کے لئے پانی سے دھونا جائز نہیں ہونا چاہیے اور صرف پتھر اور مٹی وغیرہ سے نجاست کو دور کرنا کافی ہونا چاہئے "ولم يقل به احد من الائمة" اور کسی کا کوئی بھی قائل نہیں ہے اس بات کی طرف حضرت مولانا خلیل احمد صاحب نے توجہ دلائی ہے۔ (بذل المجهود ۱/۲۷)

امام بخاری نے استنجاء بالماء کی فضیلت پر آیت مبارکہ (فيه رجال يحبون ان يتطهروا الآية) سے استدلال کیا ہے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو حضور اکرم ﷺ اہل قبا کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا کہ اے گروہ انصار اللہ تعالیٰ نے تمہاری طہارت کے معاملہ میں تمہاری تعریف فرمائی ہے تو تمہاری طہارت کیا ہے انہوں نے کہا کہ ہم نماز کے لئے وضو کرتے ہیں اور جنابت سے غسل کرتے ہیں اور استنجاء پانی سے کرتے ہیں آپ نے فرمایا بس یہی بات ہے ہمیشہ اس کو "فعليكموه" یعنی اسی کو لازم پکڑو۔ (رواه ابن ماجه ودیمی)

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قرآن کریم کی اس آیت میں طہارت سے مراد پانی سے استنجا کرنا ہے کیونکہ اس سے خوب اچھی طرح سے صفائی حاصل ہوتی ہے اور ظاہر ہے کہ پہلے اہل قبا پتھروں سے استنجاء کرتے تھے پھر پانی سے طہارت

حاصل کرتے تھے اور وضو میں ان حضرات میں سے جو مہاجرین میں ممتاز تھے وضو اور غسل اہم چیزیں بھی کرتے تھے، نیز یہ کہ روایت مرفوعہ بھی استنجاء کے متعلق منقول ہے کہ ڈھیلے اور پانی دونوں کو جمع کرنا مستحب ہے چنانچہ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں آیا ہے کہ ایک دفعہ نبی کریم ﷺ قضائے حاجت کے لئے تشریف لے گئے پھر واپس ہو کر پانی طلب فرمایا اور یہ بات مستنبط معلوم ہوتی ہے کہ حضور ﷺ بعد استنجاء بالحجر کے حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے جب کہ یہ قولی صورت ہے جو موجب نجاست ہے اور کسی دور تک کے لئے بھی نجاست سے آلودہ ہونے کی حالت میں رہنا آپ کی پاکیزہ طبیعت کے تحمل ہو سکتی ہے۔ بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ آپ ڈھیلے سے استنجاء سے فراغت حاصل کرنے کے بعد مغیرہ کے پاس تشریف لائے تھے پھر جب اس کے بعد پانی سے استنجاء فرمایا تو آپ کے فعل سے جمع ثابت ہو گیا اور یہ اثر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے "کما فی الام للشافعی" "محقق عینی" نے فرمایا کہ جمہور سلف و خلف کا مسلک اور ہمارا مختار یہی ہے اور یہ ہے کہ افضل صورت ڈھیلے اور پانی کو جمع کرنے کی ہے لیکن کسی ایک پر اکتفاء کرنے کی صورت میں پانی افضل ہے اس کے بارے میں فرماتے ہیں کہ پانی نجاست کے عین اور اثر دونوں کو صاف کر دیتا ہے اور ڈھیلوں سے عین نجاست کا ازالہ تو ہو جاتا ہے مگر اس کا اثر باقی رہتا ہے اس لئے صاف واضح ہوتا ہے کہ پانی سے طہارت زیادہ ہوتی ہے لہٰذا انفرادی صورت میں پانی کا استعمال افضل ہونا چاہئے۔

شیخ ابن ہمام کی توجیہ

شیخ ابن ہمام کی توجیہ فیض الباری (۱/ ۲۵۸) میں مذکور ہے "وحمل الشیخ ابن الهمام سنیۃ الجمع بین الحجر والماء فی زماننا لأن الناس مكثرة أكلهم يثلطون ثلطا" شیخ ابن ہمام نے ترجیح دی ہے اس زمانہ کے لوگوں کا پاخانہ زیادہ کھانے کی وجہ سے نرم اور پتلا ہوتا ہے اس لئے ڈھیلے اور پانی دونوں کا استعمال سنت ہے۔

اتبعه انا وغلام معی نحوی الخ "ای مقارب لي في السن" یعنی وہ لڑکا حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کا ہم عمر تھا اس حدیث میں مذکور ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ اور ایک دوسرا لڑکا دونوں کے ہم عمر تھے پانی کا برتن رسول اکرم ﷺ کے لئے لیا کرتے تھے۔

غلام کا اطلاق پیدائش سے دس (۱۰) سال تک کے لڑکے پر ہوتا ہے "قاله ابو عبيد" بعض نے کہا ہے کہ دودھ چھڑانے کے وقت سے سات سال کی عمر تک کے لڑکے کو غلام کہتے ہیں علامہ زمخشری نے اساس البلاغہ میں لکھا ہے کہ غلام کا اطلاق داڑھی نکلنے کی حد تک چھوٹے لڑکے پر ہوتا ہے اور اگر اس کے بعد بھی داڑھی نکلنے کے بعد غلام کہہ دیا جائے تو یہ مجاز ہوگا۔

اس روایت میں غلام سے کون مراد ہے، روایات میں اس کی کوئی تصریح نہیں۔ حافظ ابن حجر کہتے ہیں کہ اس سے مراد ابن مسعود رضی اللہ عنہ ہے لیکن حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ پر غلام کا اطلاق درست نہیں کیونکہ اس کا اطلاق ایسے لڑکے پر ہوتا ہے جس کی مونچھیں نکلنے والی ہوں، بڑی عمر اور داڑھی والے پر اس کا اطلاق نہیں ہوتا اس لئے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو جو بڑی عمر والے تھے اور باریش تھے غلام نہیں کہہ سکتے نیز یہ کہ بعض روایات میں انصار کی تصریح ہے اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ

انصاری نہیں بلکہ مہاجرین میں سے تھے اس لئے یہاں عمر بن عبدالرحمن کے علاوہ دوسرا کوئی انصاری راوی مراد ہے اور یہی قول روایات کے ظاہری الفاظ کے ساتھ زیادہ مطابق ہے۔

فیصلہ بعض شارحین نے کہا کہ یہاں مذکورہ سے روایت کرنے والے عروہ کا قول ہے لیکن پہلا قول صحیح لگتا ہے کیونکہ یہ حضرت انس ﷺ کا قول ہے واللہ اعلم۔

ترجمہ کے ماتحت کی دوسری حدیث ترمذی میں بھی موجود ہے امام ترمذی نے اس کی تحسین اور تصحیح کی ہے اور فرمایا کہ اس پر اہل علم کا عمل ہے وہ پانی سے استنجاء کرنے کو افضل کہتے ہیں اگرچہ صرف ڈھیلے پر اکتفاء کو بھی جائز کہتے ہیں کلام کا حاصل یہ ہے کہ یہاں تین امور ہیں ایک تو استنجاء بالماء ہے دوسرا استنجاء بالاحجار ہے تیسرا ڈھیلے اور پانی دونوں سے استنجاء کرنا اول دو کا ثبوت احادیث مشہورہ سے ہے جو حضرت ابن مسعود، حضرت ابو ایوب انصاری اور ابن عمر اور جابر وغیرہ ﷺ سے مروی ہیں دوسری بھی احادیث مشہورہ سے ثابت ہے چنانچہ اس بارے میں احادیث حضرت انس ﷺ، عائشہ ﷺ وغیرہ سے مروی ہیں تیسری چیز تحقیق طلب ہے ڈھیلے اور پانی دونوں کو جمع کرنا تو اس بارے میں کوئی حدیث صحیح صریح نہیں ہے اس کا ثبوت بعض ایسی احادیث ضعیفہ میں ہے جو دونوں کو جمع کرنے پر دلالت کرتی ہیں ان میں زیادہ صریح حدیث ابن عباس ﷺ ہے جس کو بزار نے روایت کیا ہے اس میں یہ الفاظ وارد ہوئے ہیں "انا نتبع الحجارة الماء" یعنی ہم پتھر کے ڈھیلے لینے کے بعد پانی سے استنجاء کرتے ہیں اس کے راوی محمد بن عبدالعزیز کو محدثین کے ہاں ضعیف ہے مگر پھر بھی چونکہ دونوں کو جمع کرنے کا مسئلہ باب فضائل سے ہے اس لئے حدیث قابل اعتبار ہے مزید یہ کہ اس مسئلہ میں سب سے زیادہ صریح حضرت علی بن ابی طالب ﷺ کا اثر ہے "ان من كان قبلكم كانوا يبعرون بعرا وانتم تثلطون ثلطا فاتبعوا الحجارة الماء" اس اثر کی سند میں کسی نے کلام نہیں کیا اس کو ابن ابی شیبہ نے اپنی مصنف میں ذکر کیا ہے اور عبدالرزاق نے بھی اپنی مصنف میں تخریج کیا ہے اور بیہقی نے بھی اپنی سنن میں طرق متعددہ سے نقل کیا ہے علامہ زیلعی فرماتے ہیں "هو اثر جيد" (نصب الرایہ) یہ اثر صریح طور پر دونوں کو جمع کرنے پر دال ہے۔

اس ساری تفصیل سے معلوم ہوا کہ اگرچہ حدیث صحیح سے واضح طور پر جمع کا ثبوت مشکل ہے لیکن بعض احادیث ضعیفہ اور حضرت علی ﷺ کے اثر سے اس بات کا ثبوت ملتا ہے اور اس کے مستحب ہونے پر جمہور سلف و خلف متفق ہیں مگر حضرت حسن بصری نے کہا کہ ڈھیلے کے استعمال کے بعد پانی سے استنجاء کرنا اس زمانہ میں بدعت ہے کسی نے ان سے وضاحت کیا کہ عہد رسالت میں صحابہ کرام ڈھیلے کے استعمال پر اکتفاء کرتے تھے انہوں نے جواب دیا کہ "انهم كانوا يبعرون بعرا وانتم تثلطون ثلطا" یعنی ان کا پاخانہ مینگنی کی طرح سخت ہوا کرتا تھا اور تمہارا پتلا جس سے کم ہی تعلق رہتا ہے اس لئے ڈھیلے کا استعمال کافی تھا اور تمہارا پاخانہ پتلا اور نرم ہوتا ہے جس کی وجہ سے نجاست مخرج سے تجاوز ہوکر ادھر ادھر پھیل جاتی ہے اس لئے دونوں کی رعایت کرنی چاہئے اور اس سے معلوم ہوا کہ دونوں کو جمع کرنے کا عمل عہد رسالت کے بعد اکثر صحابہ سے مسنون ہو کر شروع ہوگیا جیسا کہ تراویح کی بیس رکعت پر صحابہ کا اتفاق ہے اسی طرح ابن نجیم نے بحر میں لکھا ہے "وقيل الجمع سنة في زماننا وقيل سنة على الاطلاق وهو الصحيح وعليه الفتوى كذا في سراج الوهاج"

(ملتقطا من معارف السنن للعلامة البنوری)

النهى عن الاستنجاء باليمين

داہنے ہاتھ سے استنجاء کی ممانعت کا بیان

اخبرنا اسماعیل بن مسعود قال حدثنا خالد قال حدثنا هشام عن يحيى عن عبد الله بن ابی قتادة عن ابی قتادة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اذا شرب احدكم فلا يتنفس في انائه واذا اتى الخلاء فلا يمس ذكره بيمينه ولا يتمسح بيمينه

عبداللہ بن ابی قتادہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی پانی پیئے تو برتن میں سانس نہ لے اور جب قضائے حاجت کرے تو داہنے ہاتھ سے عضو مستور کو نہ چھوئے اور نہ داہنے ہاتھ سے استنجا کرے۔

اخبرنا عبيد الله بن محمد بن عبد الرحمن قال حدثنا عبد الوهاب عن ايوب عن يحيى بن ابی كثير عن ابن ابی قتادة عن ابيه ان النبي صلى الله عليه وسلم نهى ان يتنفس في الاناء وان يمس ذكره بيمينه وان يستطيب بيمينه

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے برتن میں سانس لینے سے منع فرمایا اور دائیں ہاتھ سے عضو مستور کو چھونے سے اور دائیں ہاتھ سے استنجا کرنے سے۔

اخبرنا عمرو بن علی وشعيب بن يوسف واللفظ له عن عبد الرحمن بن مهدی عن سفيان عن منصور والاعمش عن ابراهيم عن عبد الرحمن بن يزيد عن سلمان قال قال المشركون انا لنرى صاحبكم يعلمكم الخراءة قال اجل نهانا ان يستنجي احدنا بيمينه ويستقبل القبلة وقال لا يستنجي احدكم بدون ثلاثة احجار

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مشرکین نے کہا ہم دیکھتے ہیں کہ تمہارے ساتھی یعنی حضور ﷺ تم کو پاخانہ کرنے کا طریقہ بھی سکھاتے ہیں تو سلمان نے کہا کہ ہاں بے شک آپ ﷺ نے ہم لوگوں کو داہنے ہاتھ سے استنجا کرنے سے منع فرمایا اور قبلہ رخ بیٹھنے سے اور فرمایا کہ کوئی شخص تین سے کم پتھروں سے استنجا نہ کرے۔

اذا شرب احدكم الخ فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی پانی پیئے تو سانس برتن میں نہ لے بلکہ سانس لیتے وقت برتن کو منہ سے علیحدہ کر لو اور تین سانس میں پیو۔ اس ارشاد مبارک میں جس ادب کی تعلیم دی گئی ہے اس میں بہت سی مصلحتیں ہیں جن کی طرف علامہ عینی اور شیخ بیضاوی وغیرہ نے اشارہ کیا ہے کہ اگر تین سانس میں پانی پیا جائے تو تھوڑے پانی سے پیاس رفع ہو جاتی ہے اور سیرابی حاصل ہو جاتی ہے اور ہضم کرنے میں مددگار ہوتا ہے اور اس سے معدہ کی حرارت بھی ...

پینے کی کراہیت بھی ہوتی ہے شمائل ترمذی میں ہے کہ رسول اکرم ﷺ تین سانس میں پانی پیتے تھے اور ہر دفعہ برتن کو منہ سے علیحدہ کر لیتے یعنی برتن سے باہر سانس لیتے اور فرماتے "هو امرأ واروى" یعنی تین سانس میں پینے کا عمل بہت مفید ہے اور اس سے اچھی طرح پیاس بھی جاتی ہے اس کے برعکس اگر ایک سانس میں پانی پی جائے تو اس کا اندیشہ ہے کہ پانی زیادہ مقدار میں یکدم معدہ میں چلا جائے گا اور اس سے نقصان یہ ہے کہ معدے کی وہ حرارت باقی نہ رہے گی جو غذا کو پکانے کا کام کرتی ہے پھر جب اس کی حرارت بجھ جائے گی تو معدہ اپنے عمل میں کمزور ہو جائے گا جس کی وجہ سے غذا اچھی نہ پچے گی پھر یہ غذا جگر میں پہنچے گی اور وہ بھی اپنا کام بخوبی انجام نہ دے سکے گا یعنی غذا کا جو اصل مقصد ہے وہ پورا نہ ہو سکے گا۔ غذا کا اصل مقصد یہ ہے کہ جسم کے ہر حصہ کو غذا پہنچے اور خون کی صحیح مقدار ہر جگہ پہنچ جائے اور صفراء اسی طرح سوداء اور بلغم بھی اپنی اپنی جگہوں پر پہنچ جائیں اور یہ سب چیزیں ایک دوسرے سے مناسبت الگ ہوتی ہیں جب غذا اچھی طرح پک جاتی ہے [illegible] نہیں پکے گی تو بدن کے تمام اعضاء کو اس کی تقسیم بقدر ضرورت نہ ہو سکے گی لہٰذا بدن بیمار رہے گا اور کمزور ہو جائے گا علاوہ اس کے ایک سانس میں سارا پانی پی جانا اونٹ کی شکل ہے اور یہ حیوانات اور چوپایوں کی عادت ہے جس کی روایت میں ممانعت وارد ہوئی ہے فرمایا "ولا تشربوا واحدا كشرب البعير ولكن اشربوا مثنى وثلاث" یعنی اونٹ کی طرح ایک سانس میں پانی مت پیو بلکہ دو تین سانس میں پیا کرو۔

تجربہ سے معلوم ہوا کہ دو تین دفعہ سانس لے کر پینے سے چند گھونٹ میں پیاس ختم ہو جاتی ہے اور ایک سانس میں پینے سے خصوصاً سخت گرمی میں اور شدت پیاس کی حالت میں پیاس نہیں بجھتی بلکہ بڑھ جاتی ہے ایسی حالت میں پیاس کو ختم کرنے کے لئے زیادہ پانی پینا پڑتا ہے جس سے معدہ بوجھل ہو جاتا ہے جو موجب تکلیف ہے نیز برتن میں سانس لینا نظافت کے بھی خلاف ہے کیونکہ بعض اوقات سانس کے ساتھ لعاب دہن یا ناک یا منہ کی ہوا پیٹ سے خارج ہو کر پانی کو مکدر کر دیتی ہے جس کی وجہ سے دوسرے پینے والوں کو بلکہ خود پینے والے کو بھی بعض اوقات اس پانی سے نفرت ہو جاتی ہے ان تمام مصالح کی رعایت رکھتے ہوئے شریعت نے ارشاد فرمایا ہے کہ پانی ایک ہی سانس میں مت پیو بلکہ تین سانس میں پیا کرو اور سانس کے وقت برتن کو منہ سے الگ کر لیا کرو۔ (ایضاح البخاری)

واذا اتی الخلاء الخ فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی قضائے حاجت کے لئے جائے تو داہنے ہاتھ سے عضو مستور کو نہ چھوئے اور نہ داہنے ہاتھ سے استنجا کرے۔

ابن بطال کہتے ہیں مجھے اشکال ہوتا ہے کہ یہاں پہلا جملہ "فلا يمس ذكره بيمينه" دوسرا جملہ "ولا يتمسح بيمينه" ان دونوں کا مفہوم ایک ہے پھر فرق کیا ہے؟ علامہ عینی نے فرمایا کہ پہلے جملے کا تعلق استنجے کے پیشاب سے ہے اور دوسرے کا تعلق پاخانہ سے ہے اور موصوف نے توجیہ کی ہے جو بظاہر قرین قیاس ہے مقبول معلوم ہوتی ہے کہ پیشاب کرتے وقت داہنے ہاتھ سے ذکر کو نہ چھوا جائے اور پاخانہ سے فارغ ہونے کے بعد اس ہاتھ سے استنجا کیا جائے یہی جو حدیث باب سے معلوم ہوتی ہے جمہور کے نزدیک نہی تنزیہی ہے اصحاب ظواہر اس کو تحریمی پر محمول کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ

کرنا اپنے ہاتھ سے استنجا کرنے کا تو شرعاً کوئی ... سے دوسرے حضرات کا بعض حنابلہ اور بعض شافعیہ بھی اسی کے قائل ہیں۔

(عمدۃ القاری ۷۱۷/۱)

اب رہا یہ سوال کہ ممانعت کی کیا وجہ ہے؟ اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے داہنے ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر فضیلت اور شرافت دی ہے جو اسلام کی نظر میں ... بڑی حد تک قابل لحاظ ہے ... ہر حق والے کا حق ادا کیا جائے اس کا خیال رکھنا بہت پسندیدہ ہے اس لئے داہنے ہاتھ کی شرافت کا مقتضی یہ ہے کہ گندے کاموں اور نجاست کے کام ہیں مثلاً استنجا کرنا، ناک صاف کرنا وغیرہ ان کے لئے داہنا ہاتھ استعمال نہ کیا جائے بلکہ ایسے کاموں کے لئے بایاں ہاتھ استعمال ہو۔ اس کے برخلاف جتنے بھی شریف کام ہیں مثلاً کھانا پینا، مصافحہ کرنا وغیرہ وہ داہنے ہاتھ سے کئے جائیں اسی لئے داہنے ہاتھ کو بائیں ہاتھ پر امتیازی شان حاصل ہے اور رسول اکرم ﷺ کھانے پینے کی چیز اور کوئی اچھا کام داہنے ہاتھ سے لیتے تھے اور ... جو چیز بھی ... اپنے ہاتھ سے دیتے تھے تو وہ بھی داہنے ہاتھ سے دیتے تھے اور جتنے شریف اعمال ہیں ان کے لئے داہنا ہاتھ استعمال فرماتے اور بائیں ہاتھ کو ادنیٰ چیزوں اور نجاست کی چیزوں سے بچانے کے لئے استعمال فرماتے تھے چنانچہ اس کی تصریح حضرت عائشہ ؓ کی حدیث میں آتی ہے فرماتی ہیں کہ "كانت يد رسول الله صلى الله عليه وسلم اليمنى لطهوره وطعامه وكانت يده اليسرى لخلائه وما كان من اذى" اس حدیث میں بالکل صاف بتا رہی ہیں کہ اس حدیث میں رسول اکرم ﷺ کا معمول بیان فرما رہی ہیں کہ آپ داہنا ہاتھ کھانے پینے اور طہارت وغیرہ کے لئے استعمال فرماتے تھے اور جتنی بھی گندی اور قابل نفرت چیزیں ہیں ان کے لئے بایاں ہاتھ استعمال فرماتے تھے یہ آپ کی عادت مبارکہ تھی جیسا کہ حضرت حفصہ ؓ کی حدیث سے بھی معلوم ہوتی ہے جو حدیث حضرت عائشہ ؓ کے موافق اور ہم معنی ہے چنانچہ ابوداؤد میں ہے کہ حضرت حفصہ ؓ فرماتی ہیں "ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يجعل يمينه لطعامه وشرابه وثيابه ويجعل شماله لما سوى ذلك"

غرض کہ ان روایات سے معلوم ہوا کہ نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کی عادت مبارکہ یہی تھی کہ آپ شرافت والے امور کے لئے داہنا ہاتھ استعمال فرماتے تھے اور وہ چیزیں جن سے طبیعت نفرت کرتی ہے ان کے کرنے کے لئے بایاں ہاتھ استعمال کرتے تھے علاوہ ازیں حضرت عثمان ؓ کی یہ روایت مشہور ومذکور ہے کہ وہ فرماتے ہیں کہ جب سے میں نے رسول اکرم ﷺ سے بیعت کی ہے اس وقت سے میں نے داہنے ہاتھ سے اپنی شرمگاہ کو نہیں چھوا یہی دوسری وجہ ہے کہ گندے وقت داہنے ہاتھ کا استعمال ... علاوہ جب کھانے کے دوران وہ بات آئے گی کہ اسی ہاتھ سے استنجا بھی کیا تھا تو اس سے طبیعت میں نفرت پیدا ہوگی۔

اس کے بعد دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ حدیث باب کی کس چیز کا حکم دے رہی ہے وہ حکم خاص ہے یا عام ہے ترمذی شریف میں حضرت ابوقتادہ ؓ سے مروی ہے "ان النبي صلى الله عليه وسلم نهى ان يمس الرجل ذكره بيمينه" یہ حدیث مطلقاً مس ذکر کے عدم جواز پر دلالت کرتی ہے خواہ کسی حال میں ہو ... اس عنوان کے تحت دوسری حدیث دیکھئے "باب النهي عن مس الذكر باليمين عند البول" کے تحت یہی الفاظ آئے ہیں

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال [illegible] لا یحلف احد [illegible] اس سے معلوم ہوتا ہے کہ [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] (فتح الباری وعمدة القاری)

اسی طرح [illegible]

[illegible]

[illegible] حالت اعتقاد کے

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

شرح [illegible] حاشیہ علی [illegible]

[illegible] تیسری حدیث [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

واللفظ له تیسری حدیث [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] واللفظ [illegible]

یہ تیسری حدیث حضرت عبدالرحمن [illegible] حضرت عثمان [illegible]

[illegible]

[illegible]

باب دلك اليد بالأرض بعد الاستنجاء

استنجاء کے بعد ہاتھ کو زمین پر مل لینے کا بیان

أخبرنا محمد بن عبد الله بن المبارك المخرمي قال حدثنا وكيع عن شريك عن إبراهيم عن أبي زرعة عن أبي هريرة رضي الله عنه أن النبي صلى الله عليه وسلم توضأ فلما استنجى دلك يده بالأرض

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب نبی کریم ﷺ قضائے حاجت کے بعد استنجاء سے فارغ ہو جاتے تو ہاتھ کو زمین پر رگڑ لیتے تھے۔

أخبرنا أحمد بن الصباح قال حدثنا شعيب يعني ابن حرب قال حدثنا أبان بن عبد الله البجلي قال حدثنا إبراهيم بن جرير عن أبيه قال كنت مع النبي صلى الله عليه وسلم فأتى الخلاء فقضى الحاجة ثم قال يا جرير هات طهورا فأتيته بالماء فاستنجى بالماء وقال بيده فدلك بها الأرض قال أبو عبد الرحمن هذا أشبه بالصواب من حديث شريك والله أعلم

ابراہیم بن جریر اپنے والد سے نقل کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ میں رسول کریم ﷺ کے ساتھ تھا آپ قضائے حاجت کے لئے تشریف لے گئے قضائے حاجت کے بعد آپ نے فرمایا اے جریر پانی لے آؤ جریر کہتے ہیں کہ میں نے اس کی تعمیل کی پانی ساتھ لے کر آپ کی خدمت میں پانی پیش کیا پھر آپ نے پانی سے استنجاء کیا پھر اپنا ہاتھ زمین پر مار کر رگڑ لیا۔

عن ابی زرعۃ ان کے نام میں اختلاف ہے بعض نے ہرم بتایا ہے اور بعض نے عبد الرحمٰن لکھا ہے کہ ان کے نام اور کنیت میں کوئی فرق نہیں ہے کنیت ہی نام ہے ان کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کا زمانہ ملا ہے لیکن حدیث کا سماع ثابت نہیں ہے البتہ اپنے دادا جریر بن عبد اللہ اور حضرت معاویہ و ابوہریرہ رضی اللہ عنہم سے روایت کرتے ہیں ان کا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے خاص تعلق ہے ثقہ ہیں ان کے دادا جریر بن عبد اللہ البجلی صحابی ہیں اس حدیث کے راوی ابراہیم بن جریر ان کے چچا ہیں حافظ ابن حجر نے یہ روایت نقل کر کے کہا ہے کہ ابراہیم بن جریر کا ان کا چچا ہونے کے باوجود اپنے والد سے یہ حدیث روایت کرتے ہیں لیکن چونکہ باعتبار عمر ابو زرعہ سے بڑے ہیں اس لحاظ سے یہ روایت روایۃ الاکابر عن الاصاغر کے باب سے نکل ہے۔

اس کے بعد دوسری حدیث ہے جو شریک عن ابراہیم بن جریر کی سند سے مروی ہے امام نسائی نے اس حدیث کو اشبہ بالصواب قرار دیا ہے وہ کہتے ہیں کہ حدیث شریک میں اضطراب ہے اور شریک کا حافظہ بگڑ جانا بھی مشہور ہے اور دوسری بات ابراہیم بن جریر کی شریک سے روایت کی وجہ مجہول ہے لہٰذا حدیث

معلول ہو کر قابل احتجاج نہ رہی۔

اس اشکال کا جواب علامہ [illegible] نے [illegible] اور محدثین کے اصول کی روشنی میں یہ دیا ہے کہ حافظ ابن [illegible] نے شریک کے تفردات [illegible] میں سے شمار کیا ہے اور اس کو قبول نہیں کیا بلکہ معروف ہے جس کی تائید [illegible] ابن عدی کے قول سے ہوتی ہے ابن عدی کہتے ہیں [illegible] حدیث منکر ضعیف [illegible] ان کی [illegible] جانا [illegible] کیا جاتا ہے [illegible] سے اچھی [illegible] طرح [illegible] ان کی [illegible] ہوتی ہے وہ کہتے ہیں [illegible] "[illegible]" [illegible] سے ہیں [illegible] حدیث [illegible] کی وجہ سے [illegible] جب حافظ ابن حزم وغیرہ نے ان کو [illegible] کیا [illegible] کا [illegible] ہے [illegible] شریک کو [illegible] سے ابن [illegible] میں [illegible] "وشریک کثیر الغلط" کہ ابن شریک بہت غلطی کرتے تھے [illegible] ان کی [illegible] حدیث قابل اعتبار ہے [illegible] شریک سے مروی [illegible] حدیث کی [illegible] میں یہ شریک بن [illegible] کی [illegible] قابل [illegible] صحیح مسلم [illegible] ہے [illegible] کہ شریک بن عبداللہ [illegible] بخاری و مسلم کے [illegible] ہیں [illegible] حدیث شریک کو ضعیف قرار [illegible] دوسرے طریقے سے [illegible] حدیث شریک کے بعد [illegible] روایت کرنے کے بعد فرماتے ہیں "[illegible] بالصواب من حدیث شریک [illegible]" [illegible] حدیث شریک کے [illegible] الصواب [illegible] کہتے ہیں [illegible] کلام کا مطلب یہ ہے کہ حضرت جبرئیل ﷺ کی [illegible] حدیث [illegible] سند سے بیان کی گئی ہے جس کی [illegible] اسی لئے [illegible] حدیث [illegible] کی [illegible] اس کے [illegible] حدیث پر کلام کیا ہے [illegible] بیان [illegible] ہیں۔

اس کا جواب علامہ [illegible] نے [illegible] فرماتے ہیں کہ [illegible] حدیث [illegible] شریک سے [illegible] بالصواب [illegible] "[illegible]" [illegible] کی [illegible] روایت میں [illegible] شریک قاضی [illegible] روایت حدیث میں بہت [illegible] وہ قابل تھے اور حافظ کی بہت [illegible] امام مسلم نے [illegible] روایت [illegible] لیکن ان سے کوئی حدیث [illegible] کہتے ہیں [illegible] کے [illegible] تو یہ میری نظر سے [illegible] "قال الحاکم احتج به مسلم وحدیثه هذا [illegible] فی صحیحه [illegible] بالصواب منه ای من حدیث شریک" [illegible] حدیث [illegible] ایک تو [illegible] سند سے [illegible] ہے [illegible]

فدلك بها الارض یعنی آپ ﷺ نے ہاتھ کو زمین پر مل کر دھو لیا تاکہ بدبو ختم ہو جائے اور خوب اچھی طرح پاک و صاف ہو جائے اور یہ اکمل طہارت ہے مٹی سے بھی حاصل ہوتی ہے بدبو کا ازالہ اور نجاست کا عین اور اثر دونوں کا ازالہ ہوتا ہے۔

اشکال یہ ہے کہ علماء نے حضور اکرم ﷺ کے فضلات کو پاک کہا ہے اور اس پر امت کا اتفاق ہے پھر استنجا کے بعد آپ کا ہاتھ دھونا کیوں ہے؟ اس کا جواب علماء نے یہ دیا ہے کہ آپ ﷺ کا یہ عمل تعلیم امت کے لئے تھا کہ جب امت کے لوگ استنجا کریں گے تو ان کا ہاتھ نجاست سے ملوث ہوگا یا بدبو کا کچھ اثر ہاتھ میں باقی رہا تو اس حالت میں کیا طریقہ اختیار کرنا چاہیے۔ اس عمل کی تعلیم حدیث باب میں فرمائی ہے کہ استنجا کے بعد ہاتھ کو زمین پر مل کر دھو لیا جائے اس سے خوب اچھی طرح سے پاک صاف ہو جائے گا اور بدبو ختم ہو جائے گی اسی وجہ سے علماء نے اس کو افضل قرار دیا ہے۔

باب التوقيت في الماء

بیان میں پانی کی تحدید کے

أخبرنا هناد بن السري والحسين بن حريث عن أبي أسامة عن الوليد بن كثير عن محمد بن جعفر بن الزبير عن عبيد الله بن عبد الله بن عمر عن أبيه قال سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الماء وما ينوبه من الدواب والسباع فقال إذا كان الماء قلتين لم يحمل الخبث

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ سے دریافت کیا گیا کہ اس پانی کا کیا حکم ہے جس میں سے جانور اور درندے پیتے ہیں (ارشاد) فرمایا جب پانی دو قلہ ہو تو نجاست اٹھا نہیں سکتا۔

تشریح اس ترجمہ کے الفاظ کا مطلب ہے کہ کس قدر پانی میں نجاست گرنے سے وہ ناپاک ہو جاتا ہے اور پانی ناپاک نہیں ہوتا اس مسئلہ میں ابن عمر ﷺ کی روایت ہے کہ اگر پانی بقدر قلتین ہو تو وہ ناپاک نہیں ہوتا اور اگر اس مقدار سے کم ہو تو ناپاک ہو جاتا ہے اسی حدیث پر اعتماد کرتے ہوئے حضرت امام شافعی نے اسی پر عمل کیا ہے اور ایک روایت کے مطابق امام احمد بن حنبل بھی اس کے ساتھ ہیں ان دونوں حضرات نے اس حدیث کی بنا پر قلتین کو کثیر اور قلیل پانی کے درمیان حد فاصل قرار دیا ہے کہ اگر پانی قلتین کی مقدار کو پہنچ جائے تو کثیر ہے اور اگر نجاست کی وجہ سے پانی کا کوئی وصف بدل جائے تو وہ ناپاک ہو جائے گا اور اگر پانی قلتین سے کم ہو تو محض نجاست گرنے کے بعد وہ ناپاک ہو جاتا ہے لیکن حنفیہ اعتماد کرتے ہیں اگر پانی میں نجاست کا اثر ظاہر ہو تو پانی ناپاک سمجھا جائے گا اور ان کی دلیل حضرت ابو امامہ کی روایت ہے جس

میں ہے الماء طهور الا ما غلب علی ریحه او طعمه او لونه [illegible] پانی پاک ہے [illegible]
[illegible] نجاست گرنے سے [illegible] پانی [illegible] ہے [illegible]
فرمایا الماء طهور لا ینجسه شیء کہ پانی پاک ہے اس کو کوئی چیز ناپاک نہیں کرتی [illegible]
قلیل ہو یا کثیر ناپاک نہیں ہوگا [illegible] اسی طرح شوافع کی طرف [illegible]
کے درمیان اوصاف کی تبدیلی [illegible]
پانی [illegible] کا جواب [illegible]

حضرات حنفیہ کی تقریر [illegible] قلیل و کثیر [illegible]
[illegible] کا گمان غالب [illegible] دوسری جانب [illegible] نجاست نہیں پہنچی [illegible]
[illegible] امام اعظم سے منقول ہے [illegible]
الاصح کما فی الغنیۃ وغیرها ۔

اور یہ جو بعض کتب فقہ میں [illegible] کی تحدید [illegible]
درست نہیں ہے [illegible] کی تحقیق سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ تحدید [illegible] امام ابو حنیفہ [illegible]
[illegible] امام محمد [illegible] سوال [illegible] کے جواب
میں [illegible]
[illegible]

شیخ ابن الہمام نے فتح القدیر میں [illegible]
[illegible] حضرت شیخ [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] امام ابو یوسف [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] قلیل و کثیر [illegible]
[illegible] سے معلوم ہوا کہ [illegible] کوئی مستقل [illegible]
[illegible] مستقل [illegible]
اس [illegible] (... ملخصاً)

یہاں پر ایک بات قابل ذکر ہے کہ اوپر جو بیان کیا گیا ہے مختلف اقوال ہیں، سب دہ در دہ کا فاصل ہونا دوسرے ہیں صاحب ودیعتہ امام طحاوی کی تصریح کے مطابق ہمارے ائمہ ثلاثہ کی ظاہر روایت یہی ہے لیکن اس کے باوجود بعض دیگر حضرات نے غدیر عظیم کی تعریف کی ہے مثلاً بما لا یتحرک طرفہ بتحریک الطرف الآخر یعنی بڑے تالاب اور جوہڑ کو کہتے ہیں جس کے ایک کنارہ پر پانی کو حرکت دینے سے دوسری جانب پانی میں حرکت پیدا نہ ہو، صاحب فتح القدیر وغیرہ نے اسی کو ظاہر مذہب قرار دیا ہے اور بعض حضرات نے حنفیہ کا قول ہے حتی کہ صاحب ہدایہ نے بھی اسے کہا کہ "المعتبر فی الروایۃ عن اصحاب مشائخنا من لہ یعتبر بالتحریک" اور تاتارخانیہ میں ہے کہ اعتبار تحریک کا قول کتب مشہورہ میں ہمارے ائمہ ثلاثہ سے منقول ہے غرض کہ اس سے معلوم ہوا کہ کثیر اور قلیل پانی کی حد اعتبار تحریک ہے۔ اب ظاہر ہر دو اقوال میں تضاد معلوم ہوتا ہے کیونکہ پہلے قول میں غالب گمان کا اعتبار ہے اور دوسرے میں تحریک کا اعتبار ہے تو اس کے ہر ایک سے مختلف ہو سکتا ہے لیکن ایک کنارہ پر حرکت دینے سے دوسری جانب میں حرکت پیدا ہونا یا نہ ہونا بھی ایک امر حسی ہے جو ہر شخص مشاہدہ کر سکتا ہے اور مختلف نہیں ہوتا، لہٰذا دونوں میں سے ہر ایک قول کتب معتبرہ کی تصریحات کے مطابق ہمارے ائمہ ثلاثہ کی ظاہر روایت ہے یہ کس طرح ہو سکتا ہے، صاحب البحر نے اس کو نقل کرنے کے بعد دونوں میں اس طرح تطبیق دی ہے "بیان المراد عنہ اللفظی ما لو حرک لوصل الی الجانب الآخر اذا لم یوجد التحریک بالفعل (امانی الاحبار ۱/۵)"
اب دونوں میں کوئی تضاد نہیں رہا، بہرحال اس تفصیل مذکور سے معلوم ہوا کہ احناف کا مسلک دیگر کے مسلک سے مختلف ہے احناف کثیر اور قلیل پانی کے درمیان فرق کے قائل ہیں، اور ہر ایک کا حکم بھی الگ الگ ہے جس کی تفصیل یہ ہے کہ اگر تھوڑے پانی میں نجاست گر جائے تو تغیر اوصاف تک توقف نہیں کیا جائے گا بلکہ وہ پانی ناپاک ہو جائے گا لیکن اگر کثیر پانی میں نجاست واقع ہو جائے تو اس وقت تک ناپاک نہیں ہوگا جب تک کہ اس کا رنگ، بو یا مزہ نہ بدل جائے، اگر اس میں سے کوئی ایک وصف بدل گیا تو پانی ناپاک ہو جائے گا کیونکہ شریعت نے کثیر کی طہارت و نجاست کا مدار تغیر اوصاف و عدم تغیر پر رکھا ہے چنانچہ جہاں نجاست کی وجہ سے تغیر ہوا ہے وہاں پانی کا حکم بدل جائے گا یعنی پانی کو ناپاک قرار دیا جائے گا اور جہاں نجاست نے پانی کے اوصاف پر اثر نہیں کیا تو پانی طہارت اصلیہ پر باقی رہے گا۔

علاوہ ازیں شوافع کی طرح احناف بھی کثیر و قلیل کا فرق کرتے ہیں اور کثیر میں تغیر اوصاف کو دیکھتے ہیں لیکن وہ پانی جس کی مقدار قلیل ہو اس میں نجاست گرنے سے تغیر اوصاف ہو یا نہ ہو ہر صورت ناپاک ہو جاتا ہے جس پر روایت دلالت کرتی ہیں جسے ہم یہاں نقل کرتے ہیں۔

دلیل اول: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے جس میں یہ الفاظ آئے ہیں "اذا ولغ الکلب فی اناء احدکم فلیرقہ ثم لیغسلہ سبع مرار" (رواہ مسلم وغیرہ) اس حدیث کے تمام روات ثقہ ہیں نبی علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا ہے کہ جب کتا کسی کے برتن میں منہ ڈال کر پانی پی لے تو اس پانی کو گرا دے پھر سات مرتبہ دھوئے ظاہر بات ہے کہ کتے کے صرف منہ ڈالنے سے پانی وغیرہ میں رنگ، مزہ اور بو میں کوئی تبدیلی پیدا نہیں ہوتی لیکن اس کے باوجود رسول اکرم ﷺ نے برتن دھونے اور پانی وغیرہ کے

[illegible] حدیث کی [illegible] مسلک حنفیہ کی دلیل [illegible]

دلیل سوم: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں: "إذا استيقظ أحدكم من نومه [illegible]" [illegible] لا يدري [illegible]

[illegible]

دلیل چہارم: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: "لا يبولن أحدكم في الماء الدائم الذي لا يجري ثم يغتسل فيه" [illegible] مسلک حنفیہ کی دلیل [illegible]

حدیث باب سے استدلال کا جواب

شوافع کے استدلال کا جواب یہ ہے کہ حدیث قلتین مضطرب ہے [illegible]

[illegible]

عمر بن محمد بن جعفر بن الزبیر بن عبداللہ بن عبداللہ بن جعفر سے اور جس نے اس کو چھوڑ کر کسی اور طریق سے روایت کی اس نے غلطی کی تفصیل کے لیے تلخیص الحبیر ملاحظہ ہو۔

ہم کہتے ہیں کہ اس طرح کے احتمالات سے بجائے رفع اضطراب کے اس کو اور زیادہ تقویت ملتی ہے بہر حال یہ عبارت کہ عدم ضبط راوی کو ظاہر کر رہی ہے جو ضعف حدیث کا موجب ہے اس کی تائید امام ترمذی کے اس حکم اضطراب سے ہوتی ہے جو انہوں نے اپنی سنن میں حضرت زید بن ارقم کی حدیث "فلیقل اللّٰھم انی اعوذبک من الخبث والخبائث" پر لگایا ہے اس باب کے آخر میں کہا: قال ابو عیسیٰ سالت محمداً عن ھذا یعنی امام ترمذی کہتے ہیں کہ میں نے اپنے استاد امام بخاری سے حدیث زید بن ارقم کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے جواب دیا 'یحتمل ان یکون قتادۃ روی عنہما جمیعاً' (ممکن ہے قتادہ نے نضر بن انس اور قاسم بن عوف شیبانی دونوں سے سنا ہو) دیکھیے یہ نہ کہہ سکے کہ اس قول کے بعد وہ اس کی طرف کوئی توجیہ نہیں کی اور حدیث زید بن ارقم کی سند میں اضطراب کا حکم لگانے سے باز نہیں رہے، جب تک کہ کسی ایک طریق کو راجح قرار دیا جائے اور دوسرے کو مرجوح یا جمع بین الطریقین کی صورت نکالی جائے جیسے کہ حافظ ابن حجر نے دارقطنی کے طرز پر چلتے ہوئے اختیار کی ہے بہر صورت اضطراب خالی نہیں ہے اس حدیث کی سند میں تو اضطراب باقی رہ جاتا ہے۔

دوسری علت اس حدیث میں اضطراب متن کی بھی ہے کسی روایت میں قلتین ہے اور کسی میں قلتین او ثلاثا ہے کہ یہ بھی راوی کا شک ہے کسی میں اربعین قلہ آیا ہے۔ ایک جگہ حدیث موقوف میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے اربعین قلہ ہے اور ایک روایت میں جو حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے بطریق مرفوع نقل ہوئی ہے اربعین غرباً ہے۔ تیسرا اضطراب اس حدیث کے لفظ قلہ کے معنی میں ہے قلہ چھوٹے مٹکے کو بھی کہتے ہیں بڑے مٹکے اور مشکیزے کو بھی کہتے ہیں "راس الجبل" یعنی پہاڑ کی چوٹی کے معنی میں بھی آتا ہے اور قامت انسان کو بھی کہا جاتا ہے۔ حتیٰ کہ یہ بھی معلوم نہیں کہ مٹکے سے کون سے مٹکے مراد ہیں پھر اس کا تعین ہونا چاہیے جب تک اس کا تعین نہ ہو اس سے قلتین کی مقدار پر استدلال نہیں ہو سکتا حدیث سے اس کی تفسیر ثابت نہیں مگر قیاس سے اس کی تفسیر کی گئی ہے شوافع نے ذکر کیا ہے اس مقام میں قلہ کے معنی مٹکے کے ہیں لیکن سوال یہ ہے کہ مٹکے کس علاقے کے اور کس قسم کے ہوتے ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ وہ مٹکے ہجر کے مراد ہیں (ہجر عرب کے ایک صوبے کا شہر کا نام ہے) وہاں کے مٹکے بڑے بڑے ہوتے ہیں ابن عدی نے اپنی سند سے ابن جریج سے ایک روایت بیان کی ہے جس میں من قلال ہجر کی تصریح ہے مگر ساتھ ہی کہہ دیا "باسناد لا یحضرنی ذکرہ" (اس حدیث کے راوی ابن جریج کہتے ہیں کہ میں نے ہجر کے مٹکوں کو دیکھا فالقلۃ تسع قربتین وشیئا) امام شافعی نے فرمایا کہ ہم نے بطور احتیاط کے اس کو ڈھائی مشک کے برابر قرار دیا ہے یعنی مشک کے حساب سے ان کے مذہب کے مطابق دو مٹکوں کے پانچ مشکیں ہوئیں یعنی مشک عرب کے حساب سے پانی کے بجائے ... (واللہ اعلم)

ہم کہتے ہیں کہ اس حدیث کی بناء پر قلتین سے ہجر کے مٹکے مراد لینا درست نہیں کیونکہ اس کے اندر ایک چیز کمی ہے جس کی وجہ سے وہ قابل حجت نہیں رہ جاتی ہے علامہ زیلعی نے اس کی نشاندہی کی ہے۔

ایک تو یہ کہ روایت مذکورہ کے راوی مسلم بن خالد ہیں جن سے امام شافعی نے روایت کی ہے ان کو محدثین کی ایک جماعت نے

کی سند میں محمد بن اسحاق ہیں اور امام بیہقی وغیرہ نے ضعیف قرار دیا ہے اور خود امام بیہقی نے "باب من رخص ان لا ینجس بالمجاورة الفضل" میں اس کو ضعیف کہا ہے۔

دوسری علت یہ ہے کہ اس حدیث کیلئے اشارہ کی ہے جیسا کہ خود امام شافعی کہتے ہیں "باسناد لا يحضرني ذكره" کیا ایسی حدیث جس کی اسناد ہی معلوم نہ ہو قسم تسلیم کرے گا؟ پھر کوئی نہیں فرق کہ حدیث مذکور کی سند مجہول ہونے کی وجہ سے انقطاع کے درجہ میں ہے اور ایسی منقطع حجت نہیں بن سکتی۔

تیسری علت یہ ہے کہ امام شافعی کا قول "ولا اراني في الحديث بقلال هجر" سے ظاہر یہ ہوتا ہے کہ یہ لفظ پیغمبر ﷺ کا ہے لیکن ابن جریج کی روایت سے جس کو بیہقی نے اس حدیث مذکور کے بعد سنن کبری میں نقل کیا ہے معلوم ہوتا ہے کہ یہ لفظ یحییٰ بن عقیل کا ہے چنانچہ وہاں ہے کہ ابن جریج کہتے ہیں محمد نے اپنے استاد یحییٰ بن عقیل سے پوچھا کہ "قال قلال هجر الخ" یعنی قلتین سے مقصد ہجر مراد ہے تو انہوں نے کہا قلال ہجر کے یہاں مراد مٹکے ہجر کے ہیں اور یحییٰ بن عقیل صحابی نہیں لہٰذا ان کے قول سے قلتین کی تفسیر کرنا اور اس سے استدلال کیسے صحیح ہے بہرحال قلتین کی تفسیر کسی حدیث صحیح سے ثابت نہیں اس کی تفسیر محض قیاس سے کی گئی ہے اور جب مٹکے کے معنی ہی معلوم نہیں ہوئے اور مقدار ہی متعین نہیں ہو سکی تو حدیث قلتین ضعیف ہوگی اس لئے اس سے پہلی کی مقدار نکل ہی سکتی کہ قلتین کونسا مٹکا مراد ہے اور اس سے کیا کوئی تفصیل ہو جائے چنانچہ امام طحاوی نے سند کی بحث تو صحیح کی بلکہ یہ کہا کہ اس پر عمل نہیں ہوسکتا "انما تركناه لانا لا نعلم ما القلتان" یعنی اس حدیث کو ہم نے اس واسطے ترک کردیا کہ ہم نہیں جانتے دو مٹکے کیا ہیں۔ حافظ ابن دقیق العید نے کہا ہے کہ حدیث قلتین صحیح ہے محدثین کی ایک جماعت نے اس کو صحیح کہا ہے البتہ وہ مضطرب الاسناد ہے اور اس کے بعض الفاظ میں اختلاف ہے جس کا صحیح جواب دیا جا سکتا ہے لیکن میں نے اس کو اس لئے چھوڑ دیا کہ ہمارے نزدیک مقدار قلتین کی تعیین بطریق استدلال نہیں ہو سکی جس کی طرف شرعاً رجوع کرنا واجب ہو اور قول حافظ ابن حجرؒ کے ان کا اشارہ اس حدیث کی طرف ہے جس کو ابن عدی نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے "اذا بلغ الماء قلتين من قلال هجر لم ينجسه شيء" ابن عدی نے اس کو ضعیف قرار دیا ہے اور کہا ہے اس میں قلال ہجر کی قید صرف اسی حدیث میں ذکر کیا گیا ہے اور کسی حدیث میں اس کا ذکر ہی نہیں اور اس کی سند میں مغیرہ بن مسلم ہے راوی منکر الحدیث ہے اور عقیلی نے کہا "لم يكن مؤتمنا على الحديث"۔

بہرحال اس تفصیل مذکور سے واضح ہوا کہ حدیث قلتین ایسی صحیح اور معتبر نہیں ہے جس پر طہارت و نجاست کے سارے احکام و مسائل مرتب کئے جائیں اور اگر ہم سند اور متن سے قطع نظر اس کو تسلیم بھی کریں تب بھی مقدار کا اختلاف اس پر عمل کرنے سے مانع ہے چنانچہ محقق ابن عبدالبر مالکی نے بھی تمہید میں یہی اختیار کیا ہے کہ ناقابل عمل قرار دیا ہے فرماتے ہیں کہ امام شافعی نے جس مذہب کا اثبات حدیث قلتین سے کیا ہے وہ نظر کی رو سے ضعیف ہے اور اثر کے لحاظ سے غیر ثابت ہے کیونکہ حدیث مذکور میں اہل علم کی ایک جماعت نے کلام کیا ہے اور اس لئے کہ قلتین کی مقدار کسی حدیث یا اجماع سے ثابت اور متعین نہیں ہو سکی اور موصوف نے استذکار میں فرمایا کہ حدیث قلتین معلول ہے اور شیخ ابن ہمام نے فتح القدیر میں کہا کہ اس حدیث کو حسن

محدثین نے ضعیف کہا ان میں سے حافظ ابن عبد البر مالکی اور قاضی اسماعیل بن ابی اسحاق اور ابوبکر ابن العربی مالکی ہیں اور بدائع میں ہے "عن ابن المدینی لا یثبت حدیث القلتین" یعنی علی ابن المدینی نے کہا حدیث قلتین مرفوعاً حضور ﷺ سے ثابت نہیں ہے۔ بیہقی نے کہا ہے کہ حدیث قلتین ثابت نہیں محدثین کی ایک جماعت نے اس کو ضعیف قرار دیا ہے "حسن فی البیہقی من شذ عنہ اما غیر قوی" کہ امام بیہقی کے متعلق بعضوں کا خیال ہے کہ وہ ... شرح ... کا احسان ہے کہ وہ بھی حدیث قلتین کو غیر قوی قرار دیتے ہیں اور امام ... اور ... نے باوجود شافعی کی شدۃ اتباع کے اس حدیث کو ضعیف ہونے کی وجہ سے چھوڑ دیا ہے۔

علامہ ابن تیمیہ اور ان کے شاگرد ابن القیم نے حدیث قلتین کی سند کی تصحیح تسلیم کرنے کے باوجود یہ کہا کہ یہ ... غیر صحیح ہے کیونکہ صرف صحت سند سے کسی حدیث کو صحیح قرار نہیں دیا جا سکتا جب تک کہ اس سے شذوذ اور علت ختم ہو جائے اور یہ حدیث شذوذ اور علت سے خالی نہیں ... شذوذ اور علت ... کی تفصیل کے لئے تہذیب السنن لابن قیم میں ملاحظہ کیجئے یا ... (۲۲۲/۱) ... ابن قیم کی تہذیب السنن نقل کی ہے۔

اب خلاصہ کلام یہ ہے کہ اس تمام بحث کے بعد اگر حدیث قلتین کو صحیح مان لیا جائے تو ہمارے نزدیک اس صورت پر محمول ہے جبکہ پانی زمین پر پھیلا ہوا ہو جیسے کہ جنگل ... اس کی دلیل ترمذی کی حدیث ہے اس میں "عن ... کے بعد یکون فی الفلاۃ من الارض" کی قید ہے اس سے معلوم ہوا کہ نبی کریم ﷺ سے جنگل کے پانی کے متعلق دریافت کیا گیا جس سے درندے پانی پیتے ہیں حضور ﷺ نے فرمایا جب پانی بقدر قلتین ہو تو وہ پاک ہوگا اور ظاہر ہے کہ جنگل کا پانی اکثر پھیلا ہوا ہوتا ہے ... پانی زمین پر پھیلا ہوا ہونے کی شکل میں اگر اس کی گہرائی اس قدر ہو کہ چلو سے پانی لینے سے زمین ظاہر نہ ہو ... اتنی جگہ میں ہوگا کہ ایک کنارے کی حرکت سے دوسری طرف حرکت نہیں کرتی ہے اور یہ مذہب میں اسی پانی کو ماء کثیر کہتے ہیں اور وہ دہ در دہ تمام ہوتا ہے ... (ص ...) اور حدیث کی صحت تسلیم کر لینے کے بعد اس کا محمل ماء کثیر ہونا ... سے بھی معلوم ہوتا ہے جو علامہ سمعانی نے امام ابو یوسف سے نقل کیا ہے کہ ابو یوسف نے کہا کہ ایک دن میں نے امام اعظم سے پوچھا کہ اس حدیث "اذا کان الماء قلتین الخ" کے کیا معنی ہیں؟ تو میں نے کئی تاویلات کے مگر میرے استاد اس سے خوش نہیں ہوئے تو میں نے کہا آپ بتائیں تو فرمایا کہ اس کے معنی یہ ہیں "اذا کان ... کثیراً" (جاری سے مراد کثیر ہے) گویا کنایہ ہے کثرت سے جو عمل ... سے نقل کیا اور ... کی حدیث میں ... کیونکہ ... امام اعظم کی ... شدت سے خوش ہوئے ... بہرحال اس حدیث میں مقصود ... "اذا کان الماء کثیراً" ہے۔

(واللہ اعلم)

اب مالکیہ نے حضرات کا جواب انہوں نے ایک مشہور حدیث سے استدلال کیا جو ... حدیث الماء طہور ... بالکل ہے۔

وہ کہتے ہیں کہ "ان الماء طهور لا ينجسه شيء" میں الف لام جنس کے لئے ہے لہٰذا اگرچہ مورد خاص ہے مگر حکم عام ہے چنانچہ ان کے نزدیک پانی تھوڑا ہو یا بہت ناپاک نہیں ہوگا جب تک کہ اس کے اوصاف میں سے کسی ایک وصف کا تغیر نہ ہو۔ جواب اس کا یہ ہے کہ الف لام الماء میں جنس کے لئے نہیں بلکہ عہد خارجی کے لئے ہے اور معہود بئر بضاعہ کا پانی ہے کیونکہ اس حدیث میں ایک معروف سوال ہے یعنی کہ صحابہ کرام نے رسول اللہ ﷺ سے بئر بضاعہ کے متعلق کیا تھا کہ ہم کنویں کے متعلق لہٰذا جواب بھی اسی کے مطابق دیا گیا کہ مطلق جیسا بنفسہ کا حکم اس حدیث میں بیان کیا گیا بلکہ تو صرف بئر بضاعہ کے پانی کا حکم بیان فرمایا ہے لہٰذا الماء طهور کا مطلب یہ ہوگا کہ جس کنویں کے متعلق دریافت کر رہے ہو اس کا پانی طاہر و مطہر ہے جب تک کہ اس کے اوصاف میں سے کسی وصف کا تغیر نہ ہو اس قید کی اس لئے ضرورت ہے کہ تغیر اوصاف کے بعد پانی بالکل اجماعاً ناپاک ہو جاتا ہے اور اس کنویں کا پانی جاری تھا اس کے پانی سے باغات سیراب کئے جاتے تھے جیسا کہ امام طحاوی نے واقدی سے نقل کیا ہے اور واقدی کا قول سیر واخبار اور واقعات میں حجت مانے جاتے ہیں اور حضور اکرم ﷺ کی وفات کے بعد وہ تمام حجت ہیں اور جب وہ جاری تھا تو اس کا پانی ناپاک نہیں ہو سکتا۔

بہرحال اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ حدیث بئر بضاعہ اپنے اطلاق اور عموم پر نہیں ہے بلکہ اس کے اطلاق کو یہ حدیث بھی ختم کرتی ہے فرمایا "لا يبولن احدكم في الماء الدائم الذي لا يجري ثم يغتسل فيه" (رواہ البخاری) اگر رکے ہوئے غیر جاری پانی میں پیشاب کرنے سے وہ پانی ناپاک نہ ہوتا تو پھر ممانعت کا کوئی فائدہ نہ ہوتا اسی طرح "اذا ولغ الكلب في اناء احدكم فليهرقه الخ" اور "اذا استيقظ احدكم من نومه فلا يغمس يده في وضوئه الخ" یہ روایات بھی حدیث بئر بضاعہ کے اطلاق اور عموم کو باطل کرتی ہیں لہٰذا ارشاد رسول "الماء طهور لا ينجسه شيء" سے مالکیہ کا اپنے مسلک کے لئے تمسک کرنا صحیح نہیں ہے۔

مالکیہ کی دوسری دلیل حضرت ابوامامہ ﷺ کی حدیث ہے جیسا کہ اوپر اس کا ذکر ہو چکا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ اس حدیث کی اسناد میں ایک راوی رشدین بن سعد ضعیف ہے ترمذی وغیرہ نے اس کو ضعیف کہا ہے شیخ ابن ہمام نے کہا کہ اس کو بیہقی نے دو طریق سے روایت کیا ہے اس میں رشدین بن سعد نہیں ہے ایک طریق میں "ان الماء طاهر الا ان تغير ريحه او طعمه او لونه بنجاسة تحدث فيه" دوسرے طریق میں "الماء لا ينجس الا ما غير طعمه او ريحه" کے الفاظ آئے ہیں بیہقی نے کہا "والحديث غير قوي" یعنی یہ حدیث قوی نہیں لہٰذا یہ مستدل والی حدیث دلیل بننے کے قابل نہیں ہے۔

(واللہ اعلم)

ان سب تحقیقات کا حاصل یہ ہے کہ اس باب میں حنفیہ کا مذہب بہت احوط ہے لہٰذا اسی پر عمل کرنا چاہئے کیونکہ جو پانی حنفیہ کے نزدیک پاک ہوگا وہ امام شافعی اور امام مالک اور امام احمد وغیرہم کے نزدیک بالاتفاق پاک ہوگا اور برعکس اس کے مختلف فیہ ہے بعض کے نزدیک پاک اور بعض کے نزدیک نجس۔

ترک التوقیت فی الماء

اس امر کے بیان میں کہ پانی میں کوئی تحدید نہیں

أخبرنا قتيبة قال حدثنا حماد عن ثابت عن أنس أن أعرابيا بال في المسجد فقام إليه بعض القوم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم دعوه لا تزرموه فلما فرغ دعا بدلو فصبه عليه قال أبو عبد الرحمن يعني لا تقطعوا عليه

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دیہاتی شخص نے مسجد میں پیشاب کرنا شروع کر دیا بعض لوگ اس کی طرف بڑھے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کو چھوڑ دو جب وہ پیشاب سے فارغ ہو گیا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی کا ڈول منگایا اور اس کے پیشاب کی جگہ پر بہا دیا۔

أخبرنا قتيبة قال حدثنا عبيدة عن يحيى بن سعيد عن أنس بن مالك قال بال أعرابي في المسجد فأمر النبي صلى الله عليه وسلم بدلو من ماء فصب عليه

أخبرنا سويد بن نصر قال أنبأنا عبد الله عن يحيى بن سعيد قال سمعت أنسا يقول جاء أعرابي إلى المسجد فبال فصاح به الناس فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اتركوه فتركوه حتى بال ثم أمر بدلو فصب عليه

أخبرنا عبد الرحمن بن إبراهيم عن عمر بن عبد الواحد عن الأوزاعي عن محمد بن الوليد عن الزهري عن عبيد الله بن عبد الله عن أبي هريرة قال قام أعرابي فبال في المسجد فتناوله الناس فقال لهم رسول الله صلى الله عليه وسلم دعوه وأهريقوا على بوله دلوا من ماء فإنما بعثتم ميسرين ولم تبعثوا معسرين

تشریح اعرابی: اعراب کی جمع ہے کہ اعرابی کی نسبت اعراب کی طرف ہے جس کا واحد مستعمل نہیں ہے دیہات کے باشندوں کو کہتے ہیں عربی ہوں یا عجمی اور عربی کی نسبت عرب کی طرف ہے خواہ شہر کے یا دیہات کے رہنے والے ہوں۔

جس دیہاتی شخص نے مسجد میں پیشاب کیا تھا اس کا بیان اس حدیث میں آیا ہے وہ کون تھا اس میں اختلاف ہے کسی نے کہا کہ وہ اقرع بن حابس تھا اور کسی نے کہا کہ وہ عیینہ بن حصن تھا اور کتاب صحابہ میں ابو موسیٰ مدینی کی روایت میں آیا ہے اطلع ذو الخويصرة اليماني وكان رجلا جافيا مع ... اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ذوالخویصرہ یمانی تھا اور صاحب قاموس نے کہا ہے کہ ذوالخویصرہ یمانی صحابی تھے انہوں نے ہی مسجد میں پیشاب کیا تھا۔ (والعلم عند اللہ تعالیٰ)

فقام اليه بعض القوم: تیسری روایت میں ہے کہ لوگ اس کی طرف اٹھے تو ... چوتھی روایت میں جو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اس میں فتناوله الناس آیا ہے بخاری میں بھی اسی طرح ہے ... فقال

کرنے کے بعد کچھ کہ روایات کے الفاظ سے ظاہر ہوتا ہے کہ لوگوں نے آپ کا ہاتھ سے پکڑ کر روکنے کی کوشش نہیں کی بلکہ زبان سے ڈانٹ ڈپٹ کر اس کو اس ناشائستہ فعل سے روکنا چاہا۔

مه مه لا تزرموه امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے فریضہ کا اہتمام ہے جس میں صحابہ کرام کسی زیادہ محنت نہیں کرتے تھے اس سلسلے میں ان کا جوش بہت بلند تھا چنانچہ جب انھوں نے اس اعرابی کے ناپسندیدہ فعل کو دیکھا تو اس کو روکنا چاہا لیکن حضور اکرم ﷺ نے انکو ایسا کرنے سے روک دیا جس کی وجہ یہ ہے کہ وہ صاحب نئے نئے مسلمان ہوئے تھے قبول اسلام کو زیادہ عرصہ نہیں گزرا تھا اس لئے وہ آداب مسجد سے ناواقف ہونے کی بنا پر مسجد کا احترام نہیں کر سکے اور جو ادب ملحوظ ہونا چاہیے اس کا ان کو علم نہیں تھا۔

بعض شارحین نے کہا کہ اس دیہاتی شخص کے ساتھ جو برتاؤ اختیار کیا گیا ہے وہ ایک قاعدے کے ماتحت تھا جو یہ ہے کہ "اذا ابتلی الانسان ببلیتین فلیختر اهونهما" یعنی انسان جب دو مصیبتوں میں گھر جائے تو اسے آسان والی مصیبت کو اختیار کرنا چاہئے کیونکہ یہی تقاضائے عقل ہے اور یہی تقاضائے شریعت ہے اب یہاں دو مصیبتیں ہیں ایک تو مسجد کی دوسری اعرابی کی جان کا خطرہ۔ مسجد تو پیشاب سے آلودہ ہو چکی کیونکہ اس نے پیشاب کرنا شروع کر دیا تھا لیکن پوری مسجد میں نہیں ایک جانب میں شروع کیا تھا جیسا کہ ابو داؤد اور بخاری کی روایت سے معلوم ہوتا ہے اور جس میں ہے فلم یلبث ان بال فی ناحیة المسجد "یعنی اس اعرابی نے دیر نہیں کی فوراً مسجد کے ایک کنارے پر پیشاب کرنا شروع کر دیا۔ اور بخاری میں ہے فبال فی طائفة المسجد یا ناحیة المسجد "یعنی مسجد کے ایک کونے میں پیشاب کرنے لگا بہرحال اس کو روکنے سے فائدہ تھا کیونکہ جب اس نے پیشاب کرنا شروع کر دیا تو مسجد کے فرش کی نجاست تو متعین تھی جس کو پاک کرنا آسان تھا اور اس کی صفائی بھی کوئی مشکل کام نہیں تھا لیکن اگر اس وقت اسے روکنے کی کوشش کی جاتی تو دو مصیبتوں کا خطرہ تھا یا تو اس پر رعب طاری ہو جاتا اور اس کا پیشاب رک جاتا جس کی وجہ سے اس کو سخت تکلیف ہو جاتی بلکہ پیشاب کی بندش سے جان کا خطرہ پیدا ہو جاتا یا وہ خوف کے مارے پیشاب کرتے ہوئے ادھر ادھر بھاگتا جس کی وجہ سے اس کا بدن اور کپڑا ناپاک ہو جاتا اور جو پیشاب ایک جانب میں تھا اب مسجد کی مختلف جگہوں میں پھیل جاتا اس لئے ہلکی مصیبت کو اختیار کرتے ہوئے فرمایا اس کو بھی اس کو پیشاب کی حالت میں چھوڑ دو اور بلا خوف و خطر اس سے فارغ ہو جانے دو بہرحال جب وہ فارغ ہو گیا تو حضور اکرم ﷺ نے اسی موقعہ پر صحابہ کرام کو ناپاک شدہ فرش مسجد کے پاک کرنے کا طریقہ بتا دیا جس کا بیان حدیث باب میں آیا ہے کہ "دعا بدلو فصب علیه" یعنی پانی کا ڈول منگوایا اور اس کے پیشاب پر بہا دیا۔ پھر رسول اکرم ﷺ نے اس اعرابی کو بلایا اور اس کو نرمی سے سمجھایا کہ ان مساجد کی تعمیر کا مقصد یہ نہیں ہے کہ ان میں پیشاب کیا جائے بلکہ مقصد یہ ہے کہ ان میں صرف نماز و تلاوت قرآن و ذکر و تسبیح وغیرہ کیا جائے ان الفاظ کا اگرچہ نسائی کی روایت میں ذکر نہیں ہے مگر بخاری و مسلم کی روایت میں ہے اور صحابہ کرام کو بھی یہ تلقین و ہدایت فرمائی جس کا ذکر اسی حدیث کے آخری الفاظ میں ہے۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ زمین پر اگر پیشاب لگ جائے تو اس پر کثرت سے پانی بہا دینے سے پاک ہو جاتی ہے یہی قول امام مالک امام شافعی اور امام احمد بن حنبل کا ہے اور ان کے نزدیک اس کے دھونے کے لئے پانی بہانا ہی ضروری

طریقہ نہیں ہے بعض حضرات نے حدیث باب سے استدلال کیا ہے

حضرات حنفیہ کہتے ہیں کہ ناپاک زمین کی تطہیر تین طریقے سے ہو سکتی ہے، زمین کو کھرچ کر ناپاک مٹی کو پھینک دینے سے پاک ہو جاتی ہے یا اتنا کھود دیا جائے کہ جہاں تک نجاست کی تری پہنچی ہو وہاں تک کی مٹی نکال دی جائے اور یا پانی کی کثرت سے پانی بہا دینے سے بھی پاک ہو جاتی ہے اور سوکھنے سے بھی پاک ہو جاتی ہے خواہ وہ خشک ہونا دھوپ سے ہو یا ہوا سے اور یہ بھی یاد رکھیں کہ حنفیہ طریقہ ناپاک مٹی کو کھود کر پھینک دینے کو واجب نہیں کہتے خواہ مٹی نرم ہو یا سخت جیسا کہ بعض لوگ سمجھتے ہیں بلکہ حنفیہ یہی کہتے ہیں کہ مکلف کو اختیار دیا گیا ہے کہ ان تین طریقوں میں سے کسی ایک طریقہ سے ناپاک زمین کی طہارت حاصل کر سکے اور حدیث باب میں جس عمل کا بیان ہوا ہے وہ حصول طہارت کے مختلف طریقوں میں سے ایک صورت ہے حنفیہ کے نزدیک بھی مسلم ہے لہٰذا حدیث باب ہمارے خلاف نہیں ہے جیسا کہ لوگوں نے سمجھا ہے حنفیہ کا اصول ہے کہ اگر ایک مسئلہ میں متعدد روایات مروی ہوں تو جہاں تک ممکن ہو سکے ان سب کو جمع کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور اگر جمع کرنے کی کوئی شکل نہ ہو تو ترجیح کا طریقہ اختیار کرتے ہیں چنانچہ یہاں بھی ناپاک زمین کو پاک کرنے کے مسئلہ سے متعلق جتنی روایات ہیں حنفیہ نے ان کو اپنے اپنے موقع کے مطابق قابل عمل کہا ہے بخلاف شوافع وغیرہ کے انہوں نے زمین کی طہارت کو صرف پانی بہا دینے ہی میں انحصار کر دیا ہے جس سے تطہیر بالحفر اور تطہیر بالیبس کی روایات کو ترک کرنا لازم آتا ہے مقام حیرت ہے کہ پھر بھی وہ حضرات اہل حدیث کہلاتے ہیں اور حنفیہ کو اہل الرائے سے ملقب کرتے ہیں جو بالکل انصاف کے خلاف ہے

اب ہم ان روایات کا ذکر کرتے ہیں جن کی روشنی میں احناف کہتے ہیں کہ جس طرح ناپاک زمین پر پانی بہا دینے سے زمین پاک ہو جاتی ہے اسی طرح خشک ہو جانے سے بھی پاک ہو جاتی ہے جبکہ نجاست کا ظاہری اثر باقی نہ رہے چنانچہ محمد بن حنفیہ رضی اللہ عنہ (تابعی امام) سے روایت ہے "اذا جفت الارض فقد زكت" یعنی فرمایا کہ جب زمین خشک ہو جائے تو پاک ہو جاتی ہے اس کو ابن ابی شیبہ نے اپنے مصنف میں روایت کیا ہے اور اس کے راوی ثقہ ہیں اور یہ حکم قیاس سے درک نہیں ہو سکتا کیونکہ خشک ہونا عقل کی روشنی میں طہارت کا سبب نہیں لہٰذا یہ حکماً مرفوع ہے اور یہ حدیث مرسل تابعی ہے اور مرسل ہمارے یہاں حجت ہے اور المرسل کالمسند مرفوع میں ہے کہ یہ مضمون حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے بھی مروی ہے اور وہ حدیث موقوف ہمارے یہاں حجت ہے اور عبد الرزاق نے اپنے مصنف میں ابو قلابہ سے روایت کی ہے "جفوف الارض طهورها" یعنی زمین کا خشک ہونا اس کی طہارت کے لئے کافی ہے ان آثار سے معلوم ہوا کہ زمین سوکھنے سے بھی پاک ہو جاتی ہے جب نجاست کا اثر ختم ہو جائے اور ناپاک مٹی کو کھرچنے کا طریقہ بھی زمین کی تطہیر کا ایک طریقہ ہے جس کو حنفیہ اپنی طرف سے نہیں بلکہ حدیث سے ثابت کرتے ہیں چنانچہ امام زیلعی نے تخریج کے وقت جو اعرابی کا واقعہ نقل کیا ہے جس اسی واقعہ سے متعلق سنن دارقطنی میں دو حدیثیں مروی ہیں ایک حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے دوسری حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اس میں ہے کہ ایک اعرابی آیا اور مسجد میں پیشاب کیا تو رسول اکرم ﷺ نے اس جگہ کی مٹی کھرچنے کا حکم دیا اور اس پر ایک ڈول پانی کا بہا دیا گیا "فامر بمكانه فاحتفر وصب عليه دلو من ماء" کے الفاظ آئے ہیں پہلی روایت جو حضرت عبد اللہ بن

مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے [illegible] سب ثقہ راوی ہیں اور دوسری حدیث جو حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے [illegible] حضرت عبداللہ [illegible] رضی اللہ عنہ [illegible] روایت کیا [illegible] کہ حضور ﷺ نے فرمایا [illegible] [illegible] طرح [illegible] [illegible] ﷺ نے فرمایا [illegible] [illegible] حاصل ہو جائے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] حضور ﷺ [illegible] [illegible] [illegible] ﷺ سے پہلے [illegible] [illegible] [illegible] حکم فرمایا۔

([illegible] ۱۳۹ [illegible])

[illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] حضرت انس رضی اللہ عنہ [illegible] ﷺ [illegible] ﷺ [illegible] صحابہ کرام رضی اللہ عنہم [illegible] [illegible]

کردہ بات تھی۔ یہ آخری قسم ہے کوئی عادۃ کام ہو جاتا ہے تو شفقت کے ساتھ صحیح بات دین میں بتا دیا کرو۔ معاذ سے کہا تم دونوں لوگوں میں بعثت کی نسبت صحابہ کرام کی طرف بھی ہو رہی ہے اس لئے کہ در حقیقت نبی ﷺ ہی احکام دین کی تبلیغ کے سلسلہ میں اس امت کے ساتھ مبعوث ہوئے تھے لیکن چونکہ صحابہ کرام بھی دور دراز علاقوں میں حضور ﷺ کی موجودگی غیر موجودگی میں آپ کے قائم مقام تھے اس لئے لفظ بعثت کی نسبت ان کی طرف کر دی گئی۔ یا یہ کہ حضور ﷺ کی طرف سے صحابہ کرام احکام دینیات کے مامور تھے کہ وہ لوگوں کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کریں جیسا کہ آپ کی شان میں [illegible] کے حق میں یہی تیسیر کی تھی نبی کسی علاقہ کا حاکم بنا کر بھیجا جاتا تو آپ ان کو ہدایت فرماتے "یسروا ولا تعسروا" بہرحال دونوں صورتوں میں بعثت کی نسبت صحابہ کرام کی طرف بطور مجاز ہو گئی ہے۔

اب رہا یہ سوال کہ عنوان سابق کے بعد اس عنوان کے انعقاد کا مقصد کیا ہے؟ اس کا ماخذ کیا ہے؟ تو اس مسئلہ میں مصنف کے طرز و طریقہ سے ان کا مقصد یہ معلوم ہوتا ہے کہ شاید وہ [illegible] الماء علی النجاسۃ اور [illegible] کے درمیان فرق کرنا چاہتے ہیں جس کے شافعیہ قائل ہیں۔ یعنی اگر نجاست پانی پر وارد ہو جائے تو [illegible] میں پانی کی قلت و کثرت کا اعتبار ہوگا اگر پانی زیادہ ہے یعنی دو قلے کے برابر ہے تو وہ نجاست سے ناپاک نہیں ہوتا ہے ورنہ ناپاک ہو جائے گا اس کے لئے عنوان سابق رکھا ہے لیکن اگر پانی نجاست پر وارد ہو جائے تو اس شکل میں [illegible] بہر حال وہ پاک رہے گا اور نجاست کو زائل کر دے گا اسی کے ثبوت کے لئے یہ عنوان قائم کیا ہے اور اس کو حدیث کے الفاظ صبوا علیہ سے نکالا ہے وہ اس طرح سے کہ ظاہر ہے کہ [illegible] پانی قلیل ہے تو جب اس کو پیشاب پر بہا دیا گیا تو اس کے ساتھ مخلوط ہو گیا ہے اگر پیشاب کے ساتھ پانی مل جانے کی وجہ سے وہ ناپاک ہو جاتا تو اس سے [illegible] کے بجائے تنجیس نجاست لازم آئے گی حالانکہ وہ خلاف معقول ہے جب معلوم ہوا کہ پانی اگرچہ تھوڑا ہو لیکن نجاست پر وارد ہونے کی صورت میں پاک رہتا ہے۔ (ع)

علامہ سندی نے اس استدلال کو نقل کرنے کے بعد اس پر اعتراض کیا ہے کہ [illegible] بات نہیں ہے کہ مسجد کو پاک کرنے کے لئے پیشاب پر پانی ڈالا گیا بلکہ ہو سکتا ہے کہ پانی اس لئے بہایا گیا ہو تا کہ بدبو دور ہو جائے اور مسجد کی طہارت بعد میں خشک ہو جانے کی وجہ سے حاصل ہوئی ہو اور یہ صورت احناف کے قول کے [illegible] ہے جو دلیل کے اعتبار سے زیادہ قوی ہے اس لئے ابوداؤد نے [illegible] میں حدیث باب کو [illegible] المسجد [illegible] طہارت [illegible] پر [illegible] کیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ بھی اسی کے قائل ہیں۔

مگر یہ بھی ہو سکتا ہے [illegible] جگہ پیشاب کیا [illegible] تھے جس سے پیشاب کا [illegible] ہے مگر چونکہ پیشاب کے اجزاء زمین کی [illegible] باقی رہ گئے تھے اس لئے جب [illegible] پانی بہا دیا گیا تو وہ [illegible] زمین کے اندر [illegible] گئے اور اس کی جگہ پانی نے [illegible] اس [illegible] پانی [illegible] پاک پانی کے ذریعہ سے پاک و صاف ہو گیا ہے۔ کذا فی المعالم

باب الماء الدائم

رکے ہوئے پانی کا بیان

اخبرنا اسحق بن ابراهيم اخبرنا عيسى بن يونس قال حدثنا عوف عن محمد عن ابى هريرة رضی اللہ عنہ عن النبى صلى الله عليه وسلم قال لا يبولن احدكم فى الماء الدائم ثم يتوضأ منه قال عوف وقال خلاس عن ابى هريرة عن النبى صلى الله عليه وسلم مثله

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ رسول کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا تم میں سے کوئی شخص رکے ہوئے پانی میں پیشاب نہ کرے پھر اس پانی سے وضو کرے۔

اخبرنا يعقوب بن ابراهيم حدثنا اسمعيل عن يحيى بن عتيق عن محمد بن سيرين عن ابى هريرة رضی اللہ عنہ قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يبولن احدكم فى الماء الدائم ثم يغتسل منه قال ابو عبد الرحمن كان يعقوب لا يحدث بهذا الحديث الا بدينار

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی شخص رکے ہوئے پانی میں پیشاب نہ کرے پھر اس پانی سے غسل بھی کرے۔

لا يبولن احدكم الخ: اس حدیث میں ٹھہرے ہوئے پانی جو جاری نہ ہو اس کا حکم بیان فرمایا ہے کہ ایسے پانی میں پیشاب مت کرو کیونکہ اگر اس میں پیشاب کرو گے تو وہ ناپاک ہو جائے گا پھر اس سے وضو کرنا درست نہ ہوگا۔

دوسری روایت میں آیا ہے **ثم يغتسل منه** "پھر اس سے غسل" کا درست نہ ہوگا یہ بات بھی ذہن نشین رہے کہ پانی جو کہ طہارت ہے اس سے صرف وضو و غسل کی ضرورت ہی پوری نہیں کی جاتی ہے اور کوئی ضرورت پوری نہیں کی جاتی بلکہ اس سے ایک اور ضرورت وابستہ ہے جو وضو و غسل کے علاوہ ہے اور جو انسان کے ساتھ ہر وقت لگی رہتی ہے اور اس کا کوئی وقت بھی متعین نہیں ہے جب کہ وضو غسل کا وقت متعین ہے اور وہ ہے پینے کی ضرورت چنانچہ بخاری میں یہ الفاظ وارد ہوئے ہیں **فعلی انه ... علیه فیشرب ویتوضأ منه** کہ پانی کی کس قدر ضرورت کی چیز ہے جو روزانہ پیش آتی ہے اور ... کی ہر وقت ضرورت رہتی ہے اس میں پیشاب کر کے اس کو اپنے حق میں اور دوسرے لوگوں کے حق میں ناقابل استعمال ... کیا جائے ... ہے تم خود ... بچو ... دوسروں کو بھی ... پانی میں پیشاب کرنے سے اجتناب ... نبی ﷺ نے فرمایا کہ **ثم يتوضأ** ... **ثم يغتسل** میں جو ... کے لئے ہے جس کی ... کہ رکے ہوئے پانی میں پیشاب کرو پھر اسی پانی سے غسل کرنا ... انسان سے نہایت دور کی بات ہے ... یہاں پر کلام ... ایک ... میں بھی فرمایا ... **لا يجلد احدكم امرأته ضرب الامة ثم يضاجعها** ... تم میں سے کوئی شخص ... جس طرح باندی کو مارتا ہے پھر اس سے مجامعت کرنے لگے مطلب یہ ہے کہ جس طرح ... بات ہے ... کی جاتی ہے

اس طرح کا کام [illegible] کے ساتھ نہیں ہو سکتا ہے اس لئے اگر ایسا سلوک اختیار کرے گا تو تمہیں بلا وجہ [illegible] بھی [illegible] کے ساتھ [illegible] اب یہ صورت [illegible] ایک عقلمند انسان سے نہایت مستبعد ہے اسی طرح حدیث باب میں ارشاد ہے کہ تم میں سے کوئی شخص ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب نہ کرے کیونکہ پیشاب کے بعد اگر وضو وغیرہ کی نوبت آئے گی اس وقت کیا کرے گا تم خود ہی سوچ لیا کرو کہ یہ کس قدر نامناسب حرکت ہے جو پانی کی نجاست کا سبب بن جاتی ہے غرض کہ ترمذی اور بیہقی کے کلام کا خلاصہ یہ ہے کہ ارشاد مبارک "ثم یتوضأ منہ" بطور علت کے واقع ہوا تو گویا یوں فرمایا گیا ہے "لا یبولن احدکم فی الماء الدائم لانہ یتوضأ منہ او یغتسل" یعنی ٹھہرے پانی میں پیشاب کرکے تم اس کو ناقابل استعمال نہ بناؤ اس لئے کہ تم کو اسی سے غسل وغیرہ میں اس کے استعمال کی ضرورت پیش آئے گی۔

یہاں پر ایک اشکال وارد ہوتا ہے کہ حدیث نے پانی میں صرف پیشاب کرنے سے منع فرمایا ہے تو پاخانے سے اس تخصیص کی کیا وجہ ہے جواب اس کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ پانی میں پیشاب کے وجود کا گمان زیادہ ہے [illegible] بھی ہو جاتا ہے خصوصاً بچوں کی عادت ہے کہ وہ پانی میں پیشاب کرتے ہیں لیکن پانی میں پاخانہ کرنے کو [illegible] سب ہی ناپسند کرتے [illegible] شریعت ان چیزوں کا سد باب کرتی ہے جن کے واقع ہونے کا غالب احتمال ہوتا ہے تو شریعت ایسے امور [illegible] پر کوئی حکم مرتب ہوتا ہے جن کا احتمال [illegible] اس بنا پر حدیث مذکور میں خصوصیت کے ساتھ پیشاب کا ذکر وارد ہوا ہے [illegible] حدیث کی [illegible] پانی میں صرف پیشاب کرنے کی ممانعت ہے اور [illegible] وغیرہ کی ممانعت نہیں ہے جیسا کہ داؤد ظاہری نے کہا کہ حدیث مذکور میں ممانعت کا حکم پیشاب کے ساتھ خاص ہے [illegible] اور اگر کسی برتن میں پیشاب کرکے [illegible] پانی میں ڈال دے تو [illegible] داؤد ظاہری کی طرف سے نقل شدہ [illegible] سب سے [illegible] تعجب ہے کہ علامہ ابن حزم جیسے [illegible] اور [illegible] نے اس موقع پر داؤد ظاہری کا ساتھ دیا ہے۔

بہرحال [illegible] حدیث مذکور میں ماء دائم کا جو لفظ وارد ہوا ہے اس سے ماء قلیل مراد ہے جہاں تک پیشاب وغیرہ کرنے سے وہ [illegible] ناپاک ہو جاتا ہے لیکن اگر کثیر پانی ہے تو چونکہ وہ جاری پانی کے حکم میں ہے اس لئے پیشاب وغیرہ سے ناپاک نہیں ہوتا جب تک کہ اس کا رنگ، مزہ، بو نہ بدل جائے لیکن علماء نے لکھا ہے کہ کثیر پانی میں بھی پیشاب وغیرہ کرنا منع ہے کیونکہ ایک کی دیکھا دیکھی دوسرے لوگ بھی کریں گے [illegible] وہ پانی متغیر ہو کر ناقابل استعمال ہو جائے گا۔

[illegible] پہلی صورت [illegible] کے لئے ہے اور دوسری صورت [illegible] کراہت کے لئے ہے اور اس [illegible] اس سے [illegible] متغیر [illegible] ہے بہرحال [illegible] پیشاب وغیرہ کرنے سے [illegible] ناپاک ہو جائے گا [illegible] میں حضرت شاہ صاحب کا قول نقل کیا ہے کہ حدیث [illegible] امام ابو حنیفہ کے [illegible] آپ ہی [illegible] کے درمیان فرق کیا ہے [illegible]

کے تقسیم کیا ہے اور امام شافعیؒ نے پانی کی طہارت ونجاست کا مدار قلتین پر رکھا ہے ان حضرات میں سے کسی نے بھی کوئی حد بیان کی جو پانی کے درمیان فرق کا اعتبار نہیں کیا اسی طرح ان میں سے کسی نے بھی پانی کی فطری طور پر جو تین قسمیں ہیں ان پر نظر کرنے کی نہیں لیکن امام اعظم نے پانی کی ان تینوں فطری اقسام کا اعتبار کر کے ان سب کی رعایت کی ہے اور ان کے احکام احادیث سے مستنبط کئے جس کی وجہ سے صرف ان تمام روایات پر عمل ہو جاتا ہے جو پانی سے متعلق وارد ہوئی ہیں لہٰذا آپ کا مذہب پانی کے معاملے میں بے شبہ دوسرے مذاہب کے مقابلے میں زیادہ قوی اور قابل ترجیح قرار پایا اور چونکہ دوسرے حضرات نے اس اصول کو چھوڑ دیا ہے اور پانی کے تینوں حصوں کو ایک ہی درجہ میں رکھا ہے اس لئے ان کے مسلک پر یہ بات لازم آتی ہے کہ پانی کے مسئلہ میں جتنی بھی روایات وارد ہوئی ہیں ان میں سے کسی نہ کسی حدیث کو ترک یا مخالف تاویل کرنا پڑے۔ (واللہ اعلم)

بہرحال حدیث باب حضرت امام ابوحنیفہؒ کی حجت ہے کہ ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنے کی ممانعت بہر صورت نجس ہونے کا سبب ہے لیکن اگر پانی جاری ہو یا ماء کثیر ہو تو جب وہ جاری پانی کے حکم میں ہے تو وہ بالاتفاق پاک ہے جب تک کہ اس کے اوصاف بدل نہ جائیں۔ غور کیجئے حنفیہ نے حدیث کو بغیر تاویل کے عمل کیا ہے لیکن شوافع وغیرہ کو مجبوراً تاویلات کا سہارا لینا پڑا شوافع نے لا یبولن احدکم والی حدیث کو ماء دون القلتین یعنی دو قلے سے کم پانی پر محمول کیا ہے اور مالکیہ نے تغیر کے ساتھ مقید کیا ہے جو ظاہر حدیث کے خلاف ہے علامہ ابن تیمیہ نے چونکہ مالکیہ کا مسلک اختیار کیا ہے اس لئے انہوں نے حدیث باب کا یہ مطلب بیان کیا ہے کہ نہی کا مقصد یہ نہیں ہے کہ ماء دائم میں پیشاب کرنے سے فوراً نجاست آجاتی ہے بلکہ نہی کا مقصد ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کی عادت ڈالنے سے روکنا ہے کیونکہ جب اس میں کثرت سے پیشاب ہوگا تو ظاہر ہے کہ ٹھہرا ہوا پانی کب تک متغیر نہ ہوگا بار بار پیشاب کرنے کی وجہ سے کچھ عرصے کے بعد ضرور اس کے اوصاف میں تبدیلی آجائے گی اور وہ پانی وضو وغیرہ کے قابل نہیں رہے گا اس لئے ماء دائم میں پیشاب کرنے کی ممانعت نجس ہونے کے ذریعہ کو بند کرنے اور مستقبل میں تغیر ہو جانے کے اندیشے سے کی گئی ہے یہ مطلب نہیں کہ ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کرنے سے فوراً ناپاک ہو گیا ناپاک مستقبل میں تغیر کے بعد ہی ہوگا غرض کہ ابن تیمیہ کے نزدیک بھی پانی قبل تغیر پاک ہی رہے گا۔

حضرت شاہ صاحبؒ نے اس کا یہ جواب دیا ہے کہ علامہ ابن تیمیہ کے کلام کے اندر طلاقت ہے مگر انہوں نے جو غرض حدیث بیان کی ہے وہ مخالف حدیث ہے نیز وہ فہم راوی کے بھی خلاف ہے انہوں نے حدیث کا جو مطلب بیان کیا ہے وہ ان کی سوچ کا حاصل ہے جو سیاق حدیث کے خلاف ہونے کی وجہ سے ناقابل اعتبار ہے کیونکہ حدیث ٹھہرے ہوئے پانی میں پیشاب کے بعد غسل اور وضو کو مستبعد کہتی ہے اور استبعاد اس لئے ہے کہ جس پانی کو خود اس نے اپنے حق میں ناپاک بنا دیا ہے پھر اسی پانی سے غسل یا وضو کرنے لگے اور حدیث کے سیاق وسباق سے ایسا کوئی اشارہ نہیں ملتا جس سے یہ معلوم ہو کہ پانی کی نجاست تغیر پر موقوف ہے علاوہ ازیں وہ حکم اس تغیر پر ہے کیونکہ حدیث نبوی میں ماء دائم میں پیشاب کرنے اور پھر اسی پانی سے غسل وغیرہ کرنے کو مستبعد قرار دیا گیا ہے نہ یہ کہ تغیر کے بعد وضو یا غسل کو مستبعد کہا گیا ہے۔

نیز یہ کہ خود راوی حدیث حضرت ابوہریرہؓ کا فتویٰ طحاوی میں منقول ہے اس سے بھی مسلک حنفیہ کی تائید ہوتی ہے

یہ اس حدیث ہے کہ جو کہتے ہیں کہ ہم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ اگر ایک شخص کسی تالاب کے پاس سے گذرے تو کیا اس میں پیشاب کر سکتا ہے؟ انہوں نے فرمایا "لا حتی یمر بہ اخوہ المسلم فیشرب منہ ویتوضا الخ" نہیں کیونکہ اس کے بعد شاید اس کا دینی مسلمان بھائی وہاں سے گذرے اور اس کا پانی پئے یا اس تالاب کے پانی سے وضو کرے اس سے معلوم ہوا کہ وہ پانی پیشاب کرنے کی وجہ سے پینے اور وضو و غسل کے قابل نہ رہے گا۔

اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ مخالفت حدیث باب اور مستقل میں عمیر ہونے کی وجہ سے نہیں فرمائی ہے بلکہ شیخ وغیرہ کی رائے ہے کہ انہوں نے حدیث کا مفہوم اپنی رائے سے حالات کے مطابق بیان کیا ہے اس کے علاوہ مطلب یا الفاظ حدیث ساکت ہیں اور سند کی حدیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی تفسیر سمجھا (واللہ اعلم بالصواب)

قال ابو عبد الرحمن كان يعقوب الخ: امام نسائی کہتے ہیں کہ میرے استاد یعقوب بن ابراہیم جب یہ حدیث بیان کرتے تو ایک دینار لیتے تھے شاید وہ حدیث شریف کی اہمیت کے لئے لیتے ہوں گے۔ (واللہ اعلم)

باب ماء البحر

سمندر کے پانی کا بیان

اخبرنا قتيبة عن مالك عن صفوان بن سليم عن سعيد بن سلمة ان المغيرة بن ابي بردة من بني عبد الدار اخبره انه سمع ابا هريرة رضی اللہ عنہ يقول سال رجل رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله انا نركب البحر ونحمل معنا القليل من الماء فان توضانا به عطشنا افنتوضا من ماء البحر فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم هو الطهور ماؤه والحل ميتته

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک شخص نے رسول اکرم ﷺ سے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ ہم سمندر کا سفر کرتے ہیں اور اپنے ساتھ تھوڑا پانی رکھتے ہیں اگر ہم اس پانی سے وضو کریں تو ہم کو پیاس کی تکلیف ہوگی کیا ایسی حالت میں ہم سمندر کے پانی سے وضو کر سکتے ہیں حضور اکرم ﷺ نے فرمایا اس کا پانی پاک کرنے والا ہے اور اس کا مردار حلال ہے۔

من بنی عبد الدار: یعنی یہ حدیث صحیح ہے اور وہ شخص بنی عبد الدار سے ہے یہ قریش کے ایک قبیلہ کا نام ہے جو عبد الدار بن قصی بن کلاب بن مرہ کی طرف منسوب ہے جاہلیت کے وقت عبدری کہتے ہیں۔

اخبرہ: کی ضمیر مغیرہ بن ابی بردہ کی طرف راجع ہے یعنی مغیرہ نے سعید بن سلمہ کو خبر دی۔

انہ: کی ضمیر کا مرجع بھی مغیرہ ہی ہے اور سمع کا فاعل بھی وہی ہے اس کے بعد ان کی ملاقات میں سے کوئی نہیں ہے۔

سال رجل: یہ جو سوال کرنے والا شخص کی طرف سے ہے بعض روایات میں اس کی تصریح کی ہے اور بعض نے اس شخص کا نام عبد اللہ مدلجی لکھا ہے اور بعض نے کہا ہے کہ اس کا نام عبد ہے اور بعض نے کہا ہے کہ حمید بن صخر ہے کہ

فی امر الحال علی الصواب۔

اس سائل کو یہ سوال کیوں پیش آیا اور اس کا منشا کیا تھا تحقیق سے اس کی تفصیل یہ ہے کہ بعض نے سوال کی وجہ یہ نقل کی ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی ایک حدیث مرفوع میں جو ابوداؤد شریف میں ہے نبی کریم ﷺ کا یہ ارشاد نقل فرمایا کہ تم حج یا عمرہ یا جہاد فی سبیل اللہ کے علاوہ کا سمندری سفر نہ کیا کرو کیونکہ سمندر کے نیچے آگ ہے اور آگ کے نیچے دریا ہے اس حدیث کو ابوداؤد کتاب الجہاد میں لائے ہیں اس سے معلوم ہوا کہ وہ جگہ جہنم کے طبقات میں سے ہے اللہ تعالیٰ کی ناراضگی اور غضب کا محل ہے اس لئے کی شان ایسی ہے وہاں طہارت حاصل کرنا ٹھیک ہے یا نہیں اس کی تحقیق کے لئے حضور ﷺ سے مسئلہ دریافت کیا گیا بعض نے کہا ہے چونکہ دریا میں سے نکل جانے والے جانوروں کے مرنے کی وجہ سے یہ سوال ہوا کہ جب ان کا پانی سے باہر نکلنا معلوم ہے تو ان کے پانی کے متعلق شبہ ہوا کہ یا تو اس کا حکم بھی ویسا ہی ہے یا یہ کہ اس سے طہارت حاصل کرنے کا طریقہ الگ ہے اس لئے تحقیق کے لئے سوال کیا۔

علامہ خطابی نے لکھا ہے کہ سوال کی وجہ یہ ہے کہ سمندر کا پانی کھارا اور بدمزہ اور رنگ اور بو بدلا ہوا ہے اور اس کا پینا ممکن نہیں ہے تو ایسی حالت میں سائل کو شک ہوا کہ یہ پانی دوسرے پانیوں کی طرح ہے یا الگ ہے اس لئے ان کو پانی کے متعلق ایسی حالت میں معلوم نہیں تھا کہ اس سے طہارت جائز ہوتی ہے یا نہیں اس لئے نبی کریم ﷺ سے سوال کیا آپ نے فرمایا ہو الطہور ماؤہ الحل میتتہ یعنی اس کا پانی پاک کرنے والا ہے اس میں آپ نے بتا دیا کہ بات یہ ہے کہ پانی کی صفت میں یہ بات ہے کہ سمندر ہو یا کوئی دوسرا پانی سب ایک ہی حکم رکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اس بات کو ظاہر کیا ہے فرمایا وهو الذي مرج البحرين هذا عذب فرات سائغ شرابه وهذا ملح اجاج یعنی سمندر کے پانی سے طہارت جائز ہے۔

جواب تفصیلی دینے کی وجہ یہ ہے کہ اس کا پانی پاک کرنے والا ہے یہ جواب مختصر ہے اس سے اختیار فرمایا کہ سائل کی تسلی اچھی طرح ہو جائے کہ سمندر کا پانی ناپاک ہو جائے تو یہ ظاہر ہوتا ہے۔

اس کے بعد دوسری بات یہ ہے کہ سائل کے سوال کی جگہ "نتوضأ بماء البحر" کے جواب میں حضور اکرم ﷺ نے "هو الطهور ماؤه" فرمایا، صرف "نعم" کے ساتھ جواب نہیں دیا اس کی وجہ یہ ہے کہ علماء نے اس میں کئی وجوہات لکھی ہیں کہ اگر جواب میں صرف نعم فرماتے تو سائل یہ خیال کرتے کہ صرف وضو ہی جائز ہے غسل وغیرہ جائز نہیں یعنی سمجھا جاتا کہ صرف وضو کی اجازت ہے جبکہ "هو الطهور ماؤه" فرمانا اس بات کی تفصیل ہے کہ ہر قسم کی طہارت جائز ہے اور یہ کہ بظاہر سائل ضرورت کی حالت میں مشغول کی طہارت طلب کر رہے تھے جیسا کہ ان کے سوال سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ "فان توضأنا به عطشنا" یعنی اگر ہم اس سے وضو کریں تو پیاسے رہ جائیں گے اگر آپ فرماتے تو سائل یہ سمجھتے کہ صرف ضرورت کی حالت میں سمندر کے پانی سے طہارت حاصل کرنا جائز ہے لیکن غیر ضروری حالت میں جائز نہیں اس لئے آپ نے تعمیم فرمائی کہ سمندر کے پانی سے جواز طہارت کا حکم مطلق اور عام ہے جیسا کہ بیان فرمایا کہ سمندر کا حکم حالت مجبوری کے ساتھ خاص نہیں ہے بلکہ حکم عام ہے یعنی اگر نعم فرماتے تو ان کو شبہ ہوتا کہ سمندر کے پانی سے طہارت کی اجازت جب ہم بحری سفر میں ہوں صرف اسی وقت خاص ہے دوسروں کے لئے اجازت نہیں ہے اسی شبہ کو زائل کرنے کے لئے حضور ﷺ نے "هو الطهور ماؤه" کے

الفاظ سے ایک عام جواب دیا تاکہ سائل اور غیر سائل سب کو شامل کرے اور تخصیص کا احتمال ختم ہو جائے اس طرز سے جواب دینا کمال بلاغت اور کمال فصاحت کے باب سے ہے۔

یہاں پر ایک سوال یہ ہے کہ سائل نے صرف سمندر کے پانی سے متعلق سوال کیا تھا اس کے جواب میں "هو الطهور ماؤه" کافی تھا پھر "الحل ميتته" کا جملہ کیوں اضافہ فرمایا ملا علی قاریؒ نے اس کی وجہ یہ بیان فرمائی ہے کہ جب سائل نے آپ ﷺ سے سمندر کے متعلق سوال کیا تو حضور ﷺ نے معلوم کر لیا کہ وہ لوگ اس کے پانی کے حکم سے ناواقف ہیں تو اس سے حضور ﷺ نے محسوس فرمایا کہ یہ لوگ سمندر کے شکار کے حکم سے بھی ناواقف ہوں گے اس لئے بطور ارشاد و ہدایت کے جواب میں "الحل ميتته" کا جملہ زائد فرمایا اور یہ ایسا ہی ہے جیسا کہ کوئی ماہر حکیم جو مریض کے مرض اور دوا کو اچھی طرح جاننے والا ہو وہ مریض کی پوچھی ہوئی باتوں کا جواب دیتے وقت اور بھی بہت سی فائدہ کی باتیں اس کے پوچھے بغیر بتا دے علامہ خطابیؒ نے اس کی وجہ یہ بیان کی ہے کہ جب حضور ﷺ کو معلوم ہو گیا کہ جس طرح وہ لوگ بحری سفر میں میٹھے پانی کے محتاج ہوتے ہیں اسی طرح طعام کی بھی ضرورت پیش آتی رہتی ہے اس لئے ان کی حاجت کے پیش نظر جواب میں دونوں کو شامل فرمایا۔

دوسری یہ کہ پانی کی طہارت کا علم تو عام لوگوں کے نزدیک ایک جانا پہچانا معروف مشہور بات ہے لیکن سمندر کے مردہ اور اس کے حلال ہونے کا علم واقعی ایک مشکل مسئلہ ہے تو جب شارع ﷺ نے دیکھا کہ سائل کو اس واضح چیز یعنی پانی سے متعلق جو کہ ظاہر ہے اس چیز کے بارے میں بھی علم نہیں ہے تو جو مشکل مسئلہ ہے یعنی مردہ کا مسئلہ اس کے بارے میں بدرجہ اولیٰ علم نہ ہوگا اس لئے طہارت ماء کے بیان کے ساتھ میتہ کے حلال ہونے کا مسئلہ بھی بیان فرما دیا۔

تیسری یہ کہ جب حضور اکرم ﷺ نے ان کو سمندر کے پانی کی طہارت کا حکم بتلایا اور چونکہ سمندر میں بے شمار جانور مرتے رہتے ہیں تو مردار تو ناپاک ہے تو ایسی صورت حال میں اس کا پانی کس طرح پاک ہو سکتا ہے اس شبہ کو ختم کرنے کی غرض سے میتہ کا حکم بھی بیان فرما دیا تاکہ سائل مردہ جانوروں کی وجہ سے پانی کی نجاست کا وہم نہ کرے۔

بہر حال حدیث باب سے معلوم ہوا کہ سمندر کا مردہ حلال ہے میتہ اس کو کہتے ہیں جو بغیر ذبح کے خود مر جائے یہاں اس سے مراد مچھلی ہے اس کا شکار کرنا اور اس کا پانی سے نکالنا ہی اس کا ذبح ہے سمندری جانوروں میں سے مچھلی بالاتفاق حلال ہے البتہ حضرات حنفیہ کے نزدیک طافی حلال نہیں ہے طافی اس مچھلی کو کہتے ہیں جو پانی میں بغیر سردی و گرمی کی آفت کے طبعی موت سے مر کر پانی کے اوپر آ جائے اور اگر سردی و گرمی کی آفت سے مر جائے تو وہ حلال ہے مچھلی کے علاوہ دوسرے جانوروں میں اختلاف ہے جس کی تفصیل فقہ کی کتابوں میں دیکھ لیں۔

حضرت علامہ انور شاہ کشمیری صاحبؒ کے حوالے سے معارف السنن میں حضرت شیخ الہندؒ کا یہ قول نقل ہوا ہے آپ نے فرمایا کہ اس حدیث میں لفظ حلال سے معنی میں نہیں ہے جو حرام کی ضد ہے بلکہ طاہر کے معنی میں ہے اس کے بعد حضرت شاہ صاحبؒ نے فرمایا کہ لفظ حل بمعنی طاہر کے محاورات سے ثابت ہے چنانچہ امام بخاریؒ نے کتاب الحج کے آخر میں حضرت ابن

بن مالک رضی اللہ عنہ کی روایت سے حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کا واقعہ نقل کیا ہے اس میں یہ الفاظ مذکور ہیں حتی بلغنا سد الصهباء حلت فبنی بها الخ اور دوسری حدیث میں خیبر کے قصے میں بھی اسی طرح کے الفاظ حتی اذا کانت بالصهباء آئے ہیں یہاں اتفاقا حلت کی صورت کہا گیا ہے۔ ایک دوسری حدیث حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی قصہ اسلام میں بھی اسی طرح نقل کی گئی ہے جس کے الفاظ یہ ہیں "فقال له النبی صلی اللہ علیہ وسلم یا سلمان کل طعام و شراب وقعت فیه دابة لیس لها دم فماتت فیه فهو حلال اکله و شربه و وضوءه" بہرحال حضرت شاہ صاحب کا منشاء اصل یہ بتانا ہے کہ یہاں حلال پر اکل و شرب اور وضو تینوں چیزوں کو مرتب فرمایا ہے جس کی صورت میں حلال کے جو معنی ہیں وہ اس معنی کے مغائر ہیں جس کے ساتھ اکل و شرب کا تعلق ہے لہٰذا یہاں اکل و شرب کی صورت میں لفظ حلال کے معنی علاوہ جائز کے ہیں اور وضو کی صورت میں اس کے معنی طاہر کے ہیں۔ غرض یہ کہ اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ لفظ حل بمعنی طاہر کے آتا ہے اور یہی معنی حضرت شیخ الہند اور حضرت شاہ صاحب کے نزدیک مختار ہے ان حضرات کے قول کی وجہ یہ جواب میں کوئی زیادتی نہیں فرمائی بلکہ اکل میتہ ... سابق کے لوازم حکم میں سے ہے ... یہ کیوں کر ہے اگر یوں نہ فرماتے تو سائل وہم میں مبتلا ہو جاتے اور یہ خیال کرتے کہ سمندر میں اس قدر بے شمار جانور مرتے ہیں اس کا پانی کیسے پاک ہو سکتا ہے اس کے اس وہم کو دور کرنے کی غرض سے حل میتتہ فرمایا کہ سمندر کے مردہ جو حلال ہیں ان کے مرنے سے پانی ناپاک نہیں ہوتا ہے نیز اس توجیہ پر حدیث باب ان حضرات کی دلیل نہیں بن سکتی ہے جو سمندر کے مردار کی حلت پر استدلال کرتے ہیں۔
(واللہ اعلم)

باب الوضوء بالثلج

برف کے پانی سے وضو کرنا

اخبرنا علی بن حجر اخبرنا جریر عن عمارة بن القعقاع عن ابی زرعة ابن عمرو بن جریر عن ابی هریرة رضی اللہ عنہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا استفتح الصلوٰة سکت هنیهة فقلت بابی انت وامی یا رسول اللہ ما تقول فی سکوتک بین التکبیر والقراءة قال اقول اللّٰهم باعد بینی وبین خطایای کما باعدت بین المشرق والمغرب ونقنی من خطایای کما ینقی الثوب الابیض من الدنس اللّٰهم اغسلنی من خطایای بالثلج والماء والبرد

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز شروع فرماتے تو قراءت سے پہلے تھوڑی دیر خاموش رہتے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ پر میرے والدین قربان ہوں آپ تکبیر اور قراءت کے درمیان سکوت کے وقت کیا پڑھتے ہیں فرمایا: اللهم باعد الخ پڑھتا ہوں یا الٰہی میرے اور گناہوں کے درمیان دوری ڈال دے جیسا کہ تو نے مشرق و مغرب کے درمیان دوری پیدا کی ہے یا الٰہی مجھ کو میرے گناہوں سے پاک کر جیسے کہ سفید کپڑا میل سے پاک صاف کیا

جاتا ہے یا اللہ میرے گناہوں کو برف اور پانی اور اولے سے دھو ڈالیے۔

تشریح حدیث باب حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اس میں آیا ہے کہ حضور اکرم ﷺ تکبیر تحریمہ کے بعد اور قرأت سے پہلے دعا مذکور پڑھتے تھے اس دعا میں حضور ﷺ نے تین جملے استعمال فرمائے ہیں بظاہر یہ تینوں جملے تاکید کے لئے ہیں کیوں کہ تنقیہ اصل ہے مباعدت سے اسی طرح غسل خاص ہے تنقیہ سے اور اس کا بھی احتمال ہے کہ دعا ثلاثہ میں مباعدت کا تعلق کی طرف اشارہ فرمایا ہو مباعدت سے مستقبل کے گناہ کی طرف اشارہ ہو غسل سے ماضی کی طرف اور تنقیہ سے حال کی طرف اشارہ ہو اور مستقبل کا اہتمام کے لئے مقدم فرمایا ہو۔

نیز ممکن ہے کہ مباعدت کی دعا سے ان گناہوں سے متعلق ہو جو ابھی واقع نہیں ہوئے اور تنقیہ کا تعلق حال اور استقبال کے گناہوں سے ہو اور غسل کا تعلق زمانہ ماضی کے گناہوں سے ہو جو واقع ہو چکے ہیں اور چونکہ گناہ کے مراتب مختلف ہیں اس لئے اس کے مٹانے میں غسل کے متعدد آلات ذکر فرمائے ہیں جن میں سے ہر ایک کی شان تطہیر کے سلسلہ میں یہی ہے کہ صرف انہیں میں سے کسی ایک کے ذریعہ سے طہارت کاملہ کا حصول ممکن ہے اور مدعا یہاں کے اس کا حصول ہی نہیں ہے کہ ان آلات تطہیر کا ذکر فرما کر انواع مغفرت کی طرف اشارہ فرما رہے ہیں کہ یا اللہ طرح طرح کی بخششوں کے ساتھ مجھ کو ہر قسم کے گناہ سے پاک کر دے مغفرت میں کمال مبالغہ مقصود ہے اور ان چیزوں سے حقیقۃً دھونا مراد نہیں۔

علامہ خطابی نے کہا کہ یہاں در حقیقت ان آلات غسل کے مساوات بیان نہیں جب یہ تینوں چیزیں پاک ہیں اور دھونے کا ارادہ بھی نہیں فرمایا بلکہ یہ مثال ہیں جن کے ذکر سے بطور استعارہ گناہوں کی تطہیر اور تنقیہ ہونے میں نہایت تاکید اور مبالغہ مقصود ہے۔

علامہ طیبی نے کہا کہ دھونے کا ذکر کرنے کے بعد ثلج اور برد کا ذکر شاید اس لئے فرمایا ہو کہ معافی کے بعد انواع رحمت اور مغفرت کی طلب میں عموم و شمول مقصود ہو کہ دوزخ کی آگ کی حرارت کا جو احتمال ہو بھی ہوگی بجھانے کے لئے وسیلہ بن جائے۔

بہرحال یہ ایک جامع دعا ہے جس کا پڑھنا تکبیر و قرأت کے درمیان حضور اکرم ﷺ کے عمل سے ثابت ہے یہاں ایک اہم سوال یہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ ہر قسم کے گناہوں سے معصوم تھے پھر اس کے باوجود استغفار کیوں کرتے تھے، اس کا جواب علماء نے یہ دیا ہے کہ حضور ﷺ کا باوجود معصوم ہونے کے استغفار کرنا اس بنا پر تھا کہ وہ قرب میں ترقی کے طالب رہتے تھے بلکہ اس کا اصل داعیہ یہ ہے کہ مقام عصمت کی نزاکت اور رب العزت کی شان بے نیازی کا تقاضا ہے کہ نفس کی حالت اور کیفیت آپ تصور کرنے لگیں رہتا اس لئے اس بارگاہ صمدیت میں جہاں تقدس کا زوال کردیتی سب سے زیادہ مقصود ہے اپنے لئے ہمیشہ استغفار کرتے رہتے ہیں۔

بعض علماء نے کہا کہ حضور اکرم ﷺ بلا شبہ گناہ سے معصوم تھے مگر اس کے باوجود استغفار میں جانتے تھے کہ مجھ سے بندگی میں قصور ہوا ہے اور حق تعالیٰ کی شایان شان نہیں ہوئی ہو اسی لئے استغفار کرتے تھے اصل مقصود امت کو تعلیم و ترغیب دینا ہے کہ جب حضور اکرم ﷺ باوجود معصوم ہونے کے استغفار کرتے تھے تو امت کے لوگوں کو بطریق اولیٰ اس کی کثرت کرنی چاہئے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

امام نسائی نے اس حدیث پاک سے یہ مسئلہ مستنبط فرمایا کہ وضو کے لئے برف اور اولوں کے پانی سے وضو کرنا افضل اور بہتر ہے اس لئے کہ وضو اور غسل سے مقصود گناہوں کی آگ کو بجھانا ہے اس لئے آپ دعا میں فرماتے ہیں "اللھم اغسلنی من خطایای بالثلج والماء والبرد" یعنی دو چیزوں کی طرف اشارہ ہے ایک تو گناہوں کی نجاست کی طرف کہ ان کے دھونے کا اللہ تعالیٰ سے سوال کیا اس لئے کہ وضو سے گناہ پاک ہوتے ہیں پانی سے آنحضرت دھوتے دوسرے گناہوں کی حرارت اور گرمی کی طرف کہ برف اور اولوں کے پانی سے ان کے بجھنے کی درخواست کی اس لئے کہ اگر معاصی میں صرف نجاست ہوتی اور حرارت نہ ہوتی تو ممکن تھا کہ حضور اکرم ﷺ بجائے برف اور اولے کے پانی کے گرم پانی سے گناہوں کے دھونے کی درخواست فرماتے لیکن ایسی دعا درخواست نہیں فرمائی تو معلوم ہوا کہ گناہوں میں نجاست کے ساتھ حرارت کا اثر بھی ہے اس لئے نجاست کی تطہیر کے علاوہ تبرید اور ٹھنڈک کی بھی ضرورت ہے گرم پانی سے اگرچہ تطہیر ہو سکتی ہے لیکن تبرید اور تسکین کا مقصد خوب اچھی طرح برف اور اولے ہی کے پانی سے حاصل ہو سکتا ہے اس لئے حضور اکرم ﷺ نے بجائے گرم پانی کے بصراحت برف اور اولے کے پانی سے جو ٹھنڈا ہوتا ہے گناہوں کے دھونے کی دعا فرمائی۔ (کذا قال العلامۃ محمد ادریس کاندھلوی)

الوضوء بماء الثلج

برف کے پانی سے وضو کرنے کا بیان

أخبرنا إسحاق بن إبراهيم أخبرنا جرير عن هشام بن عروة عن أبيه عن عائشة قالت كان النبي صلى الله عليه وسلم يقول اللّٰهم اغسل خطاياي بماء الثلج والبرد ونق قلبي من الخطايا كما نقيت الثوب الأبيض من الدنس

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ فرماتے تھے الٰہی میرے گناہوں کو برف اور اولے کے پانی سے دھو ڈالئے اور میرے قلب کو گناہوں سے ایسے پاک و صاف کیجئے جیسا کہ تو سفید کپڑے کو میل کچیل سے پاک کرتا ہے۔

باب الوضوء بماء البرد

اولے کے پانی سے وضو کرنے کا بیان

أخبرنا هارون بن عبد الله قال حدثنا معن قال حدثنا معاوية بن صالح عن حبيب بن عبيد عن جبير بن نفير قال شهدت عوف بن مالك يقول سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي على ميت فسمعت من دعائه وهو يقول اللهم اغفر له وارحمه وعافه واعف عنه وأكرم نزله ووسع مدخله واغسله بالماء والثلج والبرد ونقه من الخطايا كما ينقى الثوب الأبيض من الدنس

جبیر بن نفیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں حضرت عوف بن مالک کی خدمت میں حاضر ہوا وہ کہتے ہیں کہ جب حضور

اکرم ﷺ کی سنت ہے اور پڑھنے کا جو آپ ... پڑھتے تھے جس کو شش ... فرمایا ... حضرت ... پر

... اور اس کو ... کی ... ہے ... جس کی ... اس کی ... کے

اور اس کو پانی اور ... اور اس کو ... سے پاک ... جیسے کہ ... سے ...

صاف کیا جاتا ہے

تشریح ... روایت کرو ... حدیث پر ... پہلا عنوان ... لفظ ... اور

... مقصد ... ہے ... ہے

... باب ... کی حدیث میں جو ... پڑھنے کی ... وارد ہوئی ہے ... تکبیر کے بعد ... پڑھنا مستحب

ہے ... آپ ... حضور ﷺ نے ... حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ

کہتے ہیں کہ ... حضور ﷺ ... پڑھتے ... "اللهم اغفر له" الخ

سؤر الكلب

کتے کے جھوٹے کا بیان

أخبرنا قتيبة عن مالك عن أبي الزناد عن الأعرج عن أبي هريرة رضي الله عنه أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال إذا شرب الكلب في إناء أحدكم فليغسله سبع مرات

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جب کتا تم میں سے کسی کے برتن میں سے پانی پی لے تو اس برتن کو سات مرتبہ دھو لے۔

أخبرني إبراهيم بن الحسن قال حدثنا حجاج قال قال ابن جريج أخبرني زياد بن سعد أن ثابتا مولى عبد الرحمن بن زيد أخبره أنه سمع أبا هريرة رضي الله عنه يقول قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا ولغ الكلب في إناء أحدكم فليغسله سبع مرات

ثابت ... سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جب کتا تمہارے برتن میں منہ ڈالے تو اس کو سات مرتبہ دھویا کرو۔

أخبرني إبراهيم بن الحسن قال حدثنا حجاج قال قال ابن جريج أخبرني زياد بن سعد أنه أخبره هلال بن أسامة أنه سمع أبا سلمة يخبر عن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم مثله

تشریح ... روایت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی ... روایت میں لفظ شرب ... دوسری روایت میں ولغ کا

لفظ آیا ہے ولغ کے معنی ... پانی ... عربی سے ...

ولغ کا استعمال ... پانی پینے ... استعمال ... لفظ شرب کا استعمال سب ...

ہوتا ہے۔

بہر حال ابن رشد کبیر و محمد بن شجاع ثلجی کی تقریر مذکور سے معلوم ہوا کہ پہلے جو مدنی اور مشائخ کے باب سے ہے کہ نقصان سے بچایا جائے اور شرع میں اس کی عدد اور تعیین کے لئے حکم وجوبی کے بجائے استحبابی کے مبالغہ کی بات سات بار دھونے کا حکم علاوہ ہوں سے استدلال کیا گیا۔ عدد تین کا ذکر طہارت کے لئے دوسرے مواضع میں بھی کیا جاتا ہے جیسا کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص نیند سے بیدار ہو تو ہاتھ کو برتن میں ڈالنے سے پہلے تین بار دھو لے (مجموعی طور پر یہ حکم استحبابی ہے) تو ان روایات میں تعدد کا حکم اسی طرف اشارہ کرتا ہے کہ حضور ﷺ سے یہ کہ روایات میں عدد کا تعین آیا ہے جو مختلف حالات کے لحاظ سے ہے اسی طرح شرعی مصالح اور مقاصد کے تحت بھی اسی طرح عدد مذکور ہی کا ہے۔

ابن رشد کے قول پر ابن حزم نے اعتراض کیا کہ پاک کتا تو پانی کے قریب نہیں آتا اس کا جواب ان کے پوتے ابن رشد صغیر نے دیا کہ پانی کے قریب اس لئے نہیں آتا کہ پانی پینے سے اس کو تکلیف ہوتی ہے اور یہ بات ممکن ہے کہ وہ پانی کے پاس پہنچ سکتا ہے۔

علامہ ابن رشد کے جد امجد ابن رشد کبیر نے اس حدیث میں تعبد کا قول اختیار کیا ہے جبکہ ان کے پوتے ابن رشد صغیر نے یہ کہا ہے کہ غسل کا حکم نجاست کی وجہ سے دیا گیا ہے اور ابن رشد صغیر نے بھی اس بات کو ترجیح دی ہے کہ یہ نجاست کی وجہ سے ہے اور یہی ابن رشد کبیر کے نزدیک مختار ہے۔

عدد غسل کے وجوب میں اختلاف

بہر حال پہلی بحث ثابت ہو چکی کہ کتے کے منہ ڈالنے کے بعد دوسری بحث یہ ہے کہ اس کے غسل میں عدد کا حکم ضروری ہے یا نہیں اس کی وجہ سے دھونا ضروری ہے یا مستحب ہے امام شافعی اور امام احمد اور حنابلہ بھی یہی کہتے ہیں کہ عدد غسل کے وجوب میں اختلاف ہے امام شافعی اور امام احمد کے نزدیک برتن کی طہارت کے لئے سات بار دھونا ضروری ہے ان حضرات نے حضرت ابو ہریرہ ﷺ کی حدیث مذکور سے استدلال کیا ہے جس میں "فلیغسله سبع مرات" کے الفاظ آئے ہیں احناف کا مسلک یہ ہے کہ کتے کا جھوٹا ناپاک ہے اور برتن کو تین مرتبہ دھونا واجب ہے تین بار دھونے سے ہمارے نزدیک پاک ہو جاتا ہے اور سات بار دھونے کا حکم استحباب پر محمول ہے احناف کی دلیل حضرت ابو ہریرہ ﷺ کی وہ حدیث ہے جس کو امام ابن عدی نے کامل میں بروایت حسین بن علی الکرابیسی مرفوعاً روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب کتا تم میں سے کسی کے برتن میں منہ ڈال دے تو اسے چاہئے کہ اس کو بہا دے "ثم لیغسله ثلاث مرات" اسی طرح امام دارقطنی نے بھی اس حدیث کے ساتھ بیان کیا ہے اور اس کو موقوف قرار دیا ہے۔ امام ابن عدی نے اس کو بیان کرنے کے بعد کہا کہ یہ حدیث حسین بن علی کرابیسی کے طریق سے مرفوعاً روایت کرنے میں منفرد ہیں لیکن امام شوکانی نے اس کو ضعیف نہیں کہا اور اس نے اس حدیث کے راوی کرابیسی کی ثقاہت پر بحث کی ہے اور امام احمد نے ان پر قرآن کے مسئلہ کی وجہ سے کلام کیا ہے فلما هی الحدیث فلم

راوی ہے یعنی "ہم رفوعاً" روایت حدیث میں اس کے اندر کوئی وجہ مجروح نہیں پاتا (زیلعی)۔ حضرت علامہ ظفر احمد عثمانیؒ نے استدراک الحسن (۱/۹۲) میں لکھا ہے کہ امام طحاوی کے استاذ علی بن مدینی سے ہے جیسا کہ ابن عدی نے "التسبیع والتحمل" میں حافظ ... سے نقل کیا ہے اور ابن حبان اور حاکم ... نے بھی اس کی توثیق کی ہے ... کے حدیث کی کتاب جن میں ... "کمت فی الرفع ایضاً عن ابن عدی" ... حدیث سے موقوف ... قبول ہے ... کے رجال ثقہ ہیں ... والی حدیث کا مرفوع ہونا نہیں ہو سکتا۔ (استدراک الحسن ۱/۹۲)

حضرت شاہ صاحبؒ ... فرماتے ہیں ... جو امام احمد کے معاصر تھے اور محدثین میں سے تھے ان پر کسی نے بھی سوائے امام احمد کے کلام نہیں ... امام احمد نے ان پر صرف مسئلہ قرآن کی وجہ سے طعن کیا ہے اس مسئلہ میں دونوں کے درمیان اختلاف واقع ہو گیا تھا ... اگر یہی مسئلہ قرآن کا سبب جرح ہو جائے تو پھر امام بخاری بھی ... ہو جائیں گے ... کرابیسی ... امام بخاری کے ... امام بخاری وغیرہ نے "لفظی بالقرآن مخلوق" کا مسئلہ انہی سے لیا تھا ... کرابیسی کی اس مسئلہ کی وجہ سے ... روایت کا ... بخاری کے بارے میں ... لکھے جاتے ہیں۔

غرض یہ کہ اس تحریک ... امام طحاوی سے بھی ثابت ہے ... کی حدیث ... زندگی ... امام طحاوی ... "تہذیب الآثار" ... کہ اس حدیث کا موقوف ہونا ... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث قولی اور فعلی سے ثابت ہوتا ہے کہ تین مرتبہ دھونا برتن کی طہارت کے لئے کافی ہے چنانچہ ... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں ... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ... برتن میں منہ ڈال دے تو ... تین مرتبہ دھوئے ... اس کی سند صحیح ہے۔ (آثار السنن)

حضرت علامہ ظفر احمد عثمانیؒ نے استدراک الحسن (۱/۹۶) میں لکھا ہے کہ ... دارقطنی اور طحاوی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے قولاً بھی روایت کیا ہے ... جیسا کہ آثار ... میں آیا ہے ... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے تھے کہ جب کتا برتن میں منہ ڈال دے تو ... اس کو ... دھوئے ... دارقطنی کی "ثم اغسله ثلاث مرات" اور طحاوی کی "یغسل ثلاث مرات" کے الفاظ ... حدیث قولی اور فعلی ... تین مرتبہ دھونے سے برتن پاک ہو جاتا ہے ... اعمش کی حدیث ... حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ... کا عمل ... اعمش کے مطابق ہے ... اس لئے اس حدیث ... موقوف ہے ... اعمش کی حدیث مرفوع کی تقویت ہوگی ... حدیث مرفوع اور موقوف ... احناف کا مسلک ... ثابت ہو گیا ... (ک) (۸)

وجوب عدد اور عدد واجب نہیں بلکہ اس کی طہارت کے لئے تین بار دھولینا کافی ہے اور اس مسئلہ میں امام اعظم ابوحنیفہ متفرد نہیں بلکہ حضرت عطاء جو جلیل القدر تابعی ہیں انہوں نے بھی سات دفعہ دھونے کو واجب نہیں سمجھا چنانچہ ابن جریجؒ سے مروی ہے کہ عطاء نے مجھ سے فرمایا کہ جس برتن میں کتا منہ ڈال دے اس کو دھو ڈالو "کل ذالک سمعت سبعا و خمسا وثلاث مرات" فرمایا کہ سب میں نے سنا ہے سات دفعہ بھی اور پانچ دفعہ بھی اور تین دفعہ بھی رواہ عبد الرزاق فی مصنفہ و سندہ صحیح (آثار السنن)

اب رہا یہ سوال کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت مرفوعہ میں تو "فلیغسلہ سبعا" آیا ہے جس سے شوافع وغیرہ نے استدلال کیا ہے جیسا کہ ماقبل میں اس کا بیان ہو چکا ہے پھر حافظ ابن حجرؒ نے اس کی تائید میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی طرف سے سات دفعہ دھونے کا فتویٰ بھی نقل کیا ہے اس کا کیا جواب ہے حضرات حنفیہ اس کا یہ جواب دیتے ہیں کہ چونکہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے "فلیغسلہ سبعا" کی روایت ثابت ہے لیکن دیکھنا یہ ہے کہ جب خود راوی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اس نص صریح کے خلاف تثلیث کی روایت فرماتے ہیں اور فتویٰ بھی تین دفعہ دھونے کا دیا تو کیا وہ حضرت سبع والی روایت بھول گئے تھے یا وہ روایت مرفوعہ ان کے سامنے موجود نہیں تھی، اگر کوئی کہے کہ ہو سکتا ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ تین دفعہ دھونے کا فتویٰ دیتے وقت سبع والی روایت بھول گئے ہوں اس لئے تثلیث کا فتویٰ دیا تھا تو ہم کہیں گے کہ اولاً تو نسیان کی نسبت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی طرف کرنا ان کی شان کے خلاف ہے اور بلاوجہ بھی غلط ہے دوسرے یہ احتمال بلا دلیل قائم کیا گیا ہے عقلاً اس کا کوئی وزن نہیں ہے جو شخص کسی کو یہ کہنے کا کیا حق ہے کہ شاید حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اس وقت بھول گئے ہوں گے اس لئے تثلیث کا فتویٰ دیا تھا حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہیں، وہی شخص جو روایت کو یاد کرتے رسول اکرم ﷺ کی دعا کی برکت سے اس قدر قوی ہو چکا تھا کہ حافظہ ایسا عطا فرمایا گیا تھا جس کی مثال نہیں ملتی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ خود فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ میں دعا کرتا ہوں کہ جو کوئی اپنا کپڑا پھیلائے اور مجھ سے برکت اس کی دعا اس کے کپڑے میں ڈالے گی پھر سینہ کی طرف ملا دے تو جو کچھ میری حدیثیں ہیں ان میں سے یاد رکھے گا بھولے گا نہیں میں نے اپنی کملی کو سوائے اس کے کچھ کوئی چیز نہ تھا پھیلا دیا یہاں تک کہ حضور ﷺ نے اپنی بات ختم کر دی تو مجھے فرمایا "ثم جمعتها الی صدری فوالذی بعثه بالحق ما نسیت من مقالته تلک الی یومی هذا" یعنی میں نے اس کملی کو اپنے سینے کی طرف جمع کیا قسم ہے اس خدا کی جس نے آپ ﷺ کو نبی برحق بنا کر بھیجا ہے کہ میں نے حضور ﷺ کی کوئی حدیث فراموش نہیں کی۔ اس سے صاف معلوم ہوا کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو تو حافظہ میں امتیازی مقام حاصل تھا اسی لئے امام شافعی نے فرمایا کہ "ابوہریرہ رضی اللہ عنہ احفظ من روی الحدیث فی دهره" اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ خود فرماتے ہیں "لا اعرف احدا من اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم احفظ لحدیثه منی" تو اس حفظ و ضبط کے باوجود بھول کی نسبت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی طرف کرنا جیسا کہ حافظ ابن حجر کہتے ہیں کہ شاید حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ تثلیث کا فتویٰ دیتے وقت تسبیع والی روایت بھول گئے ہوں گے یا انہوں نے وہ فتویٰ اس لئے دیا ہو کہ

سات بار دھونے کا آپ ﷺ نے حکم ذکر فرمایا ہے اور جب احتمال موجود ہے کہ تین بار دھونے کا فتویٰ اس لیے ہے کہ اس روایت کا حکم منسوخ نہیں ہو سکتا ہے کہ حنفیہ کہتے ہیں تو حافظ ابن حجرؒ کا یہ قول بے محل ہے اس کے ساتھ ساتھ جو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں بدگمانی ہے ہم نے بھی دلیل سے ثابت کیا ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کو بھولنے والے راوی نہ تھے اس لئے جب انہوں نے تین دفعہ دھونے کا فتویٰ دیا تو اس وقت [illegible] کی روایت بھول نہیں سکتے تھے لیکن اس کے باوجود اس کے خلاف یہ فتویٰ بھی دیا ہے تو یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو اس روایت کے منسوخ ہونے کا علم ہو چکا تھا انہوں نے مخالف فتویٰ دے دیا یہاں اسی صورت بالکل ایسی ہے جیسے امام شافعی نے حدیث الماء من الماء کے منسوخ ہونے پر استدلال کیا ہے چنانچہ علامہ حازمی نے الاعتبار (۳۲) میں لکھا ہے کہ امام شافعی نے فرمایا کہ جب حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے حدیث الماء من الماء حضور ﷺ سے سنی ہے اس کے خلاف نہیں جب کہ انہوں نے [illegible] میں اس حدیث کی بنا پر انزال نہ ہونے کی صورت میں عدم وجوب غسل کے قائل تھے پھر بعد میں ان کا اس حدیث کو چھوڑ دینا اور یہ قول سابق سے رجوع کر لینا اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ ان کو کسی طرح اس حدیث کے حکم کا منسوخ ہونا معلوم ہو گیا ہے اسی روایت وہ بھی ہے جس کو انہوں نے حضور ﷺ سے بعد میں سنا تھا اور حضرت علی نے بھی بعینہٖ اسی طرح فرمایا ہے اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی طرح حضرت عثمان اور حضرت علی اور حضرت زبیر رضی اللہ عنہم وغیرہ سے بھی اپنے قول سابق سے رجوع کر لیا ہے۔

7 جس طرح سے اس مسئلہ میں امام شافعی اور کئی کے قول کے مطابق روایت ناسخ کے ثبوت کے بعد (یعنی وہ روایت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی ہے جس کو انہوں نے حضور ﷺ سے بیان کیا ہے) یہ بات صاف معلوم ہوتا ہے کہ کسی قول سے غسل واجب ہوتا ہے (یعنی بغیر انزال کے) حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے حدیث الماء من الماء پر عمل کرنا چھوڑ دیا ہے اسی طرح یہاں بھی ہم کہتے ہیں کہ جب حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے سات مرتبہ دھونے کی روایت کی روایت بھی اسی کی فرمائی اور فتویٰ بھی دیا، پھر جب بعد میں تین مرتبہ دھونے کا فتویٰ دیا تو روایت بھی اسی کی اور یہی عمل اور قول بھی اسی کے مطابق دیتے رہے جس سے صاف معلوم ہوا کہ وہ تسبیع کی روایت کو منسوخ مانتے ہیں لہٰذا اس میں کوئی اشکال کی بات نہیں، بلکہ ہمارے نزدیک اس مسئلہ میں تفصیل ہے کہ امام صاحب کی روایت کو وجوب پر اور سات مرتبہ دھونے کی روایت کو استحباب پر محمول کرتے ہیں اس طرح سے دلائل میں تطبیق ہو جائے گی اور استحباب کے قائل ہیں چنانچہ اللامع الدراری اور ہمارے شیخ کی تقریر میں بھی ہے کہ امام ابوحنیفہ سے روایت کی ہے کہ آپ تین مرتبہ بھی سات دفعہ دھونے کو مستحب فرماتے ہیں اور فقہائے حنفیہ نے اسی کو اختیار فرمایا ہے کہ تین مرتبہ دھونا واجب ہے اور سات مرتبہ دھونا مستحب ہے کیونکہ نجاستوں کے ازالہ کا ضابطہ اور طریقہ تثلیث ہے لیکن چونکہ شارع علیہ السلام نے سات مرتبہ دھونے کے لئے بھی فرمایا ہے اس لئے احتیاط کی وجہ سے سات بار تک دھونا مستحب ہوگا۔ (واللہ اعلم)

الامر باراقة ما فی الاناء اذا ولغ فیه الکلب

جب کتا برتن میں منہ ڈال دے تو اس کے اندر جو کچھ ہے اُسے ڈال دینے کا بیان

اخبرنا علی بن حجر اخبرنا علی بن مسہر عن الاعمش عن ابی رزین وابی صالح عن ابی هریرة رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا ولغ الکلب فی اناء احدکم فلیرقہ ثم لیغسلہ سبع مرات قال ابو عبد الرحمن لا اعلم احدا تابع علی مسہر علی قولہ فلیرقہ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ جب کتا کسی کے برتن میں منہ ڈال دے تو اس کے اندر جو کچھ ہے اس کو گرا دے پھر اس کو سات مرتبہ دھو ڈالے۔

تشریح اس روایت میں بجائے شرب کے ولغ کا لفظ وارد ہے ولغ ولوغ سے ماخوذ ہے جس کے معنی ہیں کتے کا پانی میں زبان ڈالنا اور حرکت دینا، زبان سے پانی پینا اور اس میں کچھ نہ کچھ باقی رہتا ہے جو دوسری روایت میں ہے۔ محققین نے اس لفظ کے متعلق بعض علماء نے کلام کیا ہے کہ یہ بات کہی گئی کہ لفظ فلیرقہ کی روایت میں علی بن مسہر کی اور کسی نے متابعت کی ہے حافظ ابن عبد البر نے کہا ہے کہ حفاظ کے طبقے میں سے علاوہ علی بن مسہر کے یہ لفظ اور کسی نے بیان نہیں کیا اس لفظ کا ذکر کسی نے نہیں کیا اور حمزہ کنانی نے کہا ہے کہ یہ لفظ غیر محفوظ ہے علامہ ابن حجر عسقلانی نے تلخیص میں فرمایا ہے دارقطنی نے اسناد حدیث باب کی تصحیح کی ہے اور ابن خزیمہ نے بھی اس کو صحیح کہا ہے اور حافظ نے فتح الباری میں فرمایا کہ امر باراقہ یعنی پانی وغیرہ ڈال دینے کا حکم بطریق عطاء عن ابی ہریرہ مرفوعا بھی وارد ہوا ہے جس کی تخریج ابن عدی نے کی ہے "لکن فی رفعہ نظر والصحیح انہ موقوف" اس طرح حکم اور لفظ کا کرما وہی ہے جو کہ حماد بن زید نے ایوب عن ابن سیرین عن ابی ہریرة موقوفا کیا ہے اس کی سند صحیح ہے اور دارقطنی وغیرہ نے اس کو روایت کیا ہے لہٰذا امام نسائی وغیرہ کا یہ کہنا کہ علی بن مسہر کی کسی اور نے متابعت نہیں کی قابل تسلیم نہیں۔

سابقہ ترجمہ کے ذیل میں گزر چکا ہے کہ مالکیہ سؤر کلب کو پاک کہتے ہیں ان کے نزدیک برتن کا دھونا نجاست کی وجہ سے نہیں بلکہ امر تعبدی کی وجہ سے ہے مگر نسائی کی روایت میں "فلیرقہ ثم لیغسلہ سبع مرات" اور صحیح مسلم کی الفاظ صحیح مسلم کی روایت میں موجود ہیں کہ شارع علیہ السلام کا حکم ہے کہ پانی بہا دیں اور برتن کو سات دفعہ دھو لیں اور غور کرنے کی بات ہے کہ اگر پانی پاک ہوتا اور اس کا استعمال درست ہوتا تو ہرگز گرا دینے کا حکم نہیں دیا جاتا کیونکہ شریعت نے اضاعت مال سے منع فرمایا ہے تو پانی وغیرہ گرا دینے کا اور برتن دھونے کا حکم سات مرتبہ ہونے کا بعض روایت میں مٹی سے مانجھنے کا حکم واضح طور پر ہے کہ برتن کے دھونے کا حکم سؤر کلب کی نجاست کی وجہ سے دیا گیا ہے اور نسائی اور صحیح مسلم کی روایت مذکورہ سے حضرات حنفیہ اور شوافع کی تائید ہوتی ہے کہ کتے کا جھوٹا ناپاک ہے اور شریعت نے برتن کے دھونے کا حکم ناپاکی کی وجہ سے دیا ہے صحیح مسلم میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک دوسری روایت مروی ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا طہور اناء

احدكم اذا ولغ فيه الكلب ان يغسله سبع مرات ... اس روایت سے بھی مسلک احناف و شوافع کی تائید ہوتی ہے کہ برتن کے دھونے کا حکم نجاست کی وجہ سے ہے ... [illegible]

[illegible]

باب تعفير الاناء الذي ولغ فيه الكلب بالتراب

جس برتن میں کتا منہ ڈال دے اس کو مٹی سے مل کر دھونے کا بیان

اخبرنا محمد بن عبد الاعلى الصنعاني قال حدثنا خالد بن الحارث قال حدثنا شعبة عن ابي التياح قال سمعت مطرفا عن عبد الله بن مغفل ان رسول الله ﷺ امر بقتل الكلاب ورخص في كلب الصيد والغنم وقال اذا ولغ الكلب في الاناء فاغسلوه سبع مرات وعفروه الثامنة بالتراب.

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے حکم فرمایا کتوں کو مار ڈالنے کا پھر شکاری

[illegible] کی حفاظت کے لئے [illegible] آپ [illegible] سے [illegible] وفات [illegible]
[illegible] سے ہوا۔

عن ابی التیاح [illegible] ان کا اصل نام یزید بن حمید ضبعی بصری ہے [illegible] کے راویوں میں سے ہیں [illegible] ثقہ [illegible] ۱۲۸ھ میں انتقال ہوا۔

مطرف آپ [illegible] عبداللہ بن الشخیر [illegible] حضور اکرم ﷺ [illegible]
[illegible] میں وفات پائی۔

عن عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ آپ صحابی [illegible] سے [illegible] مسجد جامع کے قریب ہی مکان بنایا آپ سے تابعین کی ایک جماعت نے [illegible] حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ ان دس اشخاص میں سے ایک تھے جنہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے [illegible] دین کی تعلیم دینے کے لئے بھیجا تھا [illegible] حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ [illegible] میں انتقال ہوا۔

[illegible] نقل کیا ہے [illegible] آخر [illegible] نقل کیا ہے [illegible] الباری۔

[illegible]

[illegible] لکھتے ہیں [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

دیں کی تعمیم کے لئے تھا تو اور وہ اسی ترتیب پر جس سے ثابت ہوا حضرت ابو ہریرہ ﷺ سے اخذ ہے "فکان الآخر بردہ"
مسوطہ "البتہ" بھی اس روایت پر اور ترتیب ہے۔ مختصر کی احتیاط بھی ہے کہ کسی روایت پر عمل کیا جائے۔ حافظ ابن حجر
نے بھی شیخ کے اس جواب کو رد کر دیا ہے جس سے کہ ترجیح کے قول کرنے کی ضرورت ہے بلکہ یہاں جمع کی صورت ممکن
ہے کہ حدیث ابن مغفل ﷺ پر عمل مستلزم ہے حدیث ابو ہریرہ ﷺ پر عمل کو بغیر اس کے کہ بعض کی صورت میں نکل اور
"والثامنة عفروه بالتراب" کے ضابطے کے مطابق "وعفروا الثامنة بالتراب" صحیح ہے اور اگر ان سب میں جمع کے
طریقہ پر چلتے تو تیمم بالکل ترتیب کے قائل ہوتے کیونکہ امام مالک کی روایت بدون ترتیب کے اور وہ ضعیف ہے تو ان
لوگوں کی روایت سے ہوتا ہے جس کو سب سے ترتیب المسلک قریب ہے اور امام مسلم کی روایت تو فقہی نظر سے
ترتیب کے قائل ہوتے۔

امام نووی وغیرہ نے صحیح ابن مغفل کا ایک جواب دیا ہے کہ حدیث یہ ہے "اغسلوه سبعا واحدة منهن
بالتراب مع الماء" یعنی برتن کو سات دفعہ دھلی جس میں ایک بار مٹی کے ساتھ پانی سے دھونا ہو تو مٹی سے مانجھنا
حالانکہ دوسری تعداد نہیں ہوتی ہے کہ وہ جب مٹی سے ایک بار ہوئے تو گویا آٹھویں بار دھونا ہوا جو قواب مستحق
ہو سکتی ہیں دونوں روایتیں جمع ہو سکیں ہم اس تاویل کا جواب ذکر کریں گے بعد میں حافظ ابن حجر کی اس تاویل سے خوش معلوم
نہیں ہوتے وہ سمجھتے ہیں کہ ابن دقیق العید نے اس پر اعتراض کیا جو کہا اور ارشاد ہے کہ "وعفروه الثامنة بالتراب" سے
ظاہر معلوم ہوتا ہے کہ آٹھویں بار مٹی سے ملا کر دھونا مستقل طور سے ہونا چاہئے جو غسلات سبعہ سے علیحدہ ہے پھر ابن دقیق العید
نے اپنی طرف سے تاویل کی ہے کہ تعلیم یعنی مٹی سے مانجھنا غسلات سبعہ سے پہلے شروع ہو تو اس صورت میں
آٹھواں دھونا متحقق ہوگا اور حدیث کا ظاہر بھی ترتیب پر محمول ہو سکے گا۔

شرح ابو داؤد حضرت مولانا خلیل احمد نے اس کا جواب دیا ہے کہ امام نووی اور ابن دقیق العید کی تاویل ضعیف اور
معقول ہے جس کو حضور اکرم ﷺ کا فرمان اور الفاظ حدیث پر محمول ہوں تو اس کی مراد یہ ہے کہ "وعفروه الثامنة
بالتراب" یعنی آٹھویں بار کے غسل میں برتن کو مٹی سے مانجھنا یہ ظاہر ہے کہ جب پانی کے ساتھ مٹی
نہیں ملے تو آٹھویں بار کا غسل پانی کے ساتھ ہوا اور مٹی کے ساتھ تیمم کا اعادہ ہے یہ تو امام نووی کی تاویل کا
جواب ہے اور ابن دقیق العید کی تاویل کا جواب یہ ہے جس نے دونوں پر گرفت کی پھر نووی نے اپنی طرف سے ایک تاویل کی
ہے جو پہلے تمام نے ذکر کی ہے اس کا جواب یہ ہے کہ تاویل مذکور حدیث کے مقتضی کے خلاف ہے مقتضی لفظ
حدیث تو یہ ہے کہ ترتیب تعداد کے ساتھ ہو جو غسلات سبعہ سے علیحدہ ہے لہٰذا اس قسم کی تاویلات حدیث کے صریح
خلاف ہیں۔

امام طحاوی کا ارشاد

امام طحاوی نے فرمایا کہ حضرت عبداللہ بن مغفل ﷺ کی اس حدیث میں سات مرتبہ کے بعد آٹھویں دفعہ مٹی سے ملنے

کا حکم ہے اور اس کو کسی نے بھی واجب نہیں کہا، لہٰذا حدیث کے مخالف ہے ۔ سب کا اتفاق ہے تو امام طحاوی نے اس حدیث سے منسوخ ہونے کا الزام دیا ہے کہ اگر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی سات والی روایت سے سات دفعہ دھونا واجب ہوتا تو [illegible] اس حدیث سے آٹھویں دفعہ کا وجوب ثابت ہوتا ہے اور [illegible] ہے کہ [illegible] ہے ۔ [illegible] الا تفاق [illegible] سے والی حدیث چھوڑ دی گئی (شرح) [illegible] ساتھ والی حدیث کے چھوڑنے کا الزام [illegible] طرف سے یا [illegible] سے [illegible] آٹھویں دفعہ والی حدیث [illegible] ہیں، امام ابن حجر نے اس الزام کا جواب [illegible] کے حوالے سے [illegible] ہے کہ [illegible] ﷺ کی اس حدیث کے قائل ہونے سے بالکل [illegible] حدیث کا الزام [illegible] شافعیہ کی طرف سے اس حدیث پر عمل نہ کرنے کا جواب بیان کیا [illegible] حدیث کے چھوڑنے کی وجہ [illegible] امام [illegible] ہیں ۔ (فتح الباری ۱ / ۲۶۲)

اس کا جواب حضرت علامہ عینی [illegible] ۹۵ [illegible] حدیث میں کیا حنفیہ نے تسبیع اور تتریب کے حکم کو استحباب پر محمول کیا ہے اور تثلیث کے [illegible] واجب [illegible] سات والی روایت سے معلوم ہوا کہ رسول اکرم ﷺ کو سات دفعہ کی حدیث سے [illegible] ہوا، بلکہ مقصود یہ ہے کہ صفائی کے ساتھ خوب اچھی طرح پاک کر لیا جائے [illegible] واجب اس [illegible] آپ نے کبھی سات مرتبہ سے تعبیر کیا کبھی [illegible] روایات [illegible] سات والی روایت [illegible] پر محمول [illegible]

[illegible] کی حدیث [illegible] حدیث واقع ہوئی ہے جو ایک ثقہ مخصوص فقیہ صحابی کی روایت ہے [illegible] چھوڑنے کی [illegible] دونوں حدیث واقع میں ایک حدیث [illegible] حدیث پر عمل کرنا [illegible] ہے ۔ شافعیہ نے ترک عمل بالحدیث کا جو عذر بیان کیا ہے وہ صحیح نہیں [illegible] حدیث کا الزام [illegible] حنفیہ پر کیوں [illegible] حدیث ثانیاً منسوخ ہے تو [illegible] انہوں نے تثلیث والی حدیث [illegible] والی روایت پر عمل بطور وجوب کے چھوڑ دیا ہے [illegible] نے کہا کہ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کی حدیث بتا رہی ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے آٹھویں دفعہ دھونے کا حکم اس وقت دیا تھا جب کتوں کے بارے میں شدید حکم دیا گیا تھا حتیٰ کہ تمام کتوں کے مارنے کا حکم تھا چنانچہ اسی نے [illegible] ہے آٹھویں دفعہ دھونے کا حکم بالکل [illegible] اس سے [illegible] کے منسوخ ہونے پر استدلال کیا ہے چنانچہ صاحب ہدایہ نے فرمایا کہ سات مرتبہ دھونے کا حکم [illegible] محمول ہے اور شارحین میں سے اتفاقاً اور بھی وجوہ ہیں اس کی تائید ہوتی ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے شروع میں شدید حکم فرمائے تھے جب ان کی عادت [illegible] ان کا ضرر [illegible] کتوں کو [illegible] کے پالنے اور [illegible] سے منع فرمایا پھر اس کے بعد اس تشدید کو ترک فرما دیا اور فرمایا "[illegible] کتوں سے کیا [illegible] ایک حکم [illegible]

سنت ہے احوط یہی ہے [illegible] کی جگہ [illegible] تک کی جائے، بلی کی جگہ شکار کے لئے شکاری کتے
کی حفاظت کے لئے [illegible] کی عادت سے احتمال تھا کہ کہیں [illegible] کی لوٹ کر [illegible] حقیقت ظاہر
[illegible] کیا کہ [illegible] ہوتا ہے۔
[illegible] کا حکم [illegible] حسب کی ابتداء [illegible] گئے [illegible] میں
[illegible] کا حکم دیا گیا [illegible] ہونے کا حکم بھی منسوخ ہو گیا۔

باب سؤر الهرة

بلی کے جھوٹے کا کیا حکم ہے اس کے بیان میں

اخبرنا قتيبة عن مالك عن اسحق بن عبد الله بن ابي طلحة عن حميدة بنت عبيد بن رفاعة عن كبشة بنت كعب بن مالك ان ابا قتادة دخل عليها ثم ذكرت كلمة معناها فسكبت له وضوءا فجاءت هرة فشربت منه فاصغى لها الاناء حتى شربت قالت كبشة فرآني انظر اليه فقال اتعجبين يا ابنة اخي فقلت نعم فقال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال انها ليست بنجس انها من الطوافين عليكم والطوافات ۔

کبشہ بنت کعب بن مالک سے روایت ہے کہ ابو قتادہ جو ان کے سسر تھے ان کے پاس آئے تو میں نے ان کے واسطے وضو کا پانی ڈالا اتنے میں ایک بلی آئی اور اس نے پانی پینا شروع کیا تو ابو قتادہ نے برتن اس کی طرف جھکا دیا یہاں تک کہ اس نے پانی پی لیا [illegible] میں ان کی طرف دیکھ رہی ہوں تو انہوں نے کہا کہ اے بھتیجی کیا تم تعجب کرتی ہو؟ میں نے کہا ہاں، ابو قتادہ ﷺ نے کہا کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ بلی نجس نہیں ہے وہ تم پر طواف کرنے والوں اور طواف کرنے والیوں میں سے ہے۔

تشریح یہ حدیث کی روایت ہے [illegible] حمیدہ بنت عبید کی والدہ ہیں اور ابو قتادہ کے بیٹے عبداللہ کے نکاح میں تھیں ان سے [illegible] میں سے تھیں [illegible] یہ واقعہ بیان کرتی ہیں کہ میں وضو کے لئے برتن میں پانی ڈال رہی تھی کہ بلی نے پینا شروع کر دیا، حضرت ابو قتادہ ﷺ نے برتن جھکا دیا تاکہ اس کے لئے پانی کا پینا آسان ہو [illegible] ﷺ [illegible] میری طرف دیکھ کر کہا "اتعجبين يا ابنة اخي" اے میری بھتیجی [illegible] ہوتا ہے [illegible] کے اعتبار سے [illegible] تعجب [illegible] ابو قتادہ ﷺ نے کہا کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا "انها ليست بنجس انها من الطوافين عليكم والطوافات" یہ قرآن کریم سے ماخوذ ہے [illegible] "طوافون عليكم بعضكم على بعض" [illegible] روایت میں [illegible] الطوافات

ابن حجر کی طرف سے ان کے دعوی کو رد کر دیا ہے اور کہا کہ چونکہ امام ترمذی نے اس کو بواسطہ معتمر سلیمان بن حرب مرفوعاً روایت کیا ہے اور اس کو صحیح کہا ہے اس لئے بیہقی کے اس دعوی کا کوئی وزن نہیں رہا اور خود بیہقی نے بھی اس حدیث کو بواسطہ عبد الوارث عن ایوب اور بواسطہ ابن عاصم بن ابی اسحاق اور بطریق ... ان کی روایت کیا ہے عن ایوب اور قرۃ ... یہ سب حضرات بھی حفاظ کی ایک جماعت ہیں جنہوں نے اس کو مرفوعاً بطریق محمد بن سیرین سے اور انہوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے اور ثقہ راوی کی زیادتی مقبول ہے لہٰذا ہم یہ تسلیم نہیں کرتے کہ وہ مدرج من الراوی ہے کیونکہ راوی کبھی نشاط اور پوری شادابی کی حالت میں ہوتا ہے تو حدیث مرفوعاً روایت کرتا ہے اور کبھی اس کے مطابق فتوی دیتا ہے تو بطریق موقوف بھی روایت کر دیتا ہے چنانچہ مسح کرنے والوں پر عمل کا التزام ہونے سے یہی توجیہ بہتر ہے۔

بظاہر یہ حدیث مذکور بلی کے جھوٹے کے نجس ہونے پر دلالت کرتی ہے کیونکہ اگر بلی کا جھوٹا پاک ہوتا تو پھر غسل کی کیا ضرورت تھی اور حدیث میں برتن کے دھونے کا حکم کیوں دیا گیا۔

حنفیہ کی دوسری دلیل اثر ابن عمر رضی اللہ عنہ ہے یعنی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا "لاتوضؤوا من سؤر الحمار ولا الکلب ولا السنور" رواہ الطحاوی۔ اس کے دیکھنے سے ہی معلوم ہوا کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ بلی کے جھوٹے کی نجاست پر دلالت کرتا ہے ورنہ اس کے جھوٹے سے وضو کرنے سے کیوں منع فرمایا۔

تیسری دلیل حدیث کی ارشاد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے "السنور سبع" یعنی بلی درندہ ہے اور درندوں کا جھوٹا نجس ہے لہٰذا بلی کا جھوٹا بھی ناپاک ہوتا ہے اس حدیث کو حاکم نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے اور اس کو صحیح کہا ہے اور اس کو عقیلی اور بیہقی نے بھی ایک دوسرے کے ساتھ روایت کیا ہے اور اس کی سند میں عیسیٰ بن مسیب ہے حاکم نے اس کے بارے میں صدوق کا لفظ کہہ کر اس کی توثیق کی ہے اور عقیلی نے بھی اس کو صالح الحدیث کہا ہے۔ یعنی اس حدیث میں مستند ہونے کے قابل ہے یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب یہ روایات بلی کے جھوٹے کے ناپاک ہونے پر دلالت کرتی ہیں پھر تو اس کو بھی نجس قرار دینا چاہئے حالانکہ حنفیہ اس کو مع الکراہت طاہر کہتے ہیں تو جواب یہ ہے کہ بلی اکثر گھروں میں رہتی ہے اور اس سے بچنا مشکل ہے اگر اس کے جھوٹے کو نجس قرار دیا جائے تو گھر والوں کے لئے حرج ہے کیونکہ گھر میں سب چیزوں کا رہنا اور گھر میں بلی کا کثرت سے چلنا پھرنا جہاں تک کھانے پینے کی چیزوں کو ان سے بچا نہیں تو جس طرح گھر میں آنے کے لئے اجازت طلب کرنا ضروری قرار دیا پھر اس سے قرآن پاک میں خادموں اور نابالغ بچوں کو مستثنیٰ قرار دیا اور وسعت دی گئی اسی طرح یہاں بھی کثرت سے آمد و رفت رکھنے کی علت اس پر دلالت کرتی ہے کہ اصل میں نجاست ہے لیکن صرف ضرورت کی وجہ سے معاف کر دی گئی ہے اب رہی بات ... جیسا کہ چوہا وغیرہ ... میں تو تیسیر کی گئی کہ ان کا جھوٹا اس واسطے مکروہ ہے کہ گوشت ان کا حرام ہے ... سبب ... جیسے کہ بلی ... سے حرج لازم آتا ہے اور کراہت باقی رہی اس لئے کہ بعد ضرورت کے ... سے کراہت لازم نہیں آتا اور دلیل اس سے کہ کراہت کی تعلیم ہو سکتی ہے کہ ایک حدیث میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نیند سے جاگے ہوئے شخص کو ہاتھ دھونے سے پہلے پانی میں ڈالنے سے منع فرمایا ہے

[illegible]

باب سؤر الحمار

گدھے کے جھوٹے کا کیا حکم ہے اس کے بیان میں

اخبرنا محمد بن عبد الله بن يزيد قال حدثنا سفيان عن ايوب عن محمد عن انس ﷺ قال اتانا منادي رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال ان الله ورسوله ينهيانكم عن لحوم الحمر فانها رجس

[illegible]

تشریح [illegible]

علاوہ ازیں جب اس سے گدھے اور خچر کے لعاب اور پسینہ کی طہارت ثابت ہوتی ہے اور حدیث باب سے نجاست ثابت ہوتی ہے اس لئے ان کے بچے ہوئے خوردہ سے وضو صحیح ہونے میں شک پیدا ہو گیا تو فتویٰ اس پر ہے کہ ان کا لعاب اور پسینہ پاک ہے اور جس پانی میں یہ منہ ڈال دیں وہ پانی بھی پاک ہے لیکن مطہر ہونے میں شبہ ہے اور مشکوک ہونے کی حالت میں اس سے وضو نہیں کرنا چاہئے کیونکہ اس سے جو طہارت حاصل کی جائے گی وہ بھی مشتبہ و مشکوک رہے گی اور جس کو گدھے اور خچر کے بچے خوردہ کے علاوہ کوئی پانی نہ ملے تو وہ اس سے وضو بھی کرے اور تیمم بھی کر لے۔

(ملخصا من اعلاء السنن للعلامة ظفر احمد عثمانی رحمة الله عليه)

اب یہ سوال کہ ایک روایت تو صراحۃً گدھے کے بچے خوردہ کی طہارت پر دلالت کرتی ہے اس کا کیا جواب دو گے چنانچہ حضرت جابر بن عبداللہؓ حدیث میں ہے کہ قال قيل يا رسول الله صلى الله عليه وسلم انتوضأ بما افضلت الحمر قال نعم وبما افضلت السباع یعنی حضور اکرم ﷺ سے پوچھا گیا کہ کیا ہم گدھے کے چھوڑے گئے بچے ہوئے پانی سے وضو کر سکتے ہیں حضور ﷺ نے فرمایا ہاں اس پانی سے بھی جائز ہے جس سے درندے پی کر بقیہ پانی چھوڑ دیتے ہیں اس حدیث کو دارقطنی وغیرہ نے بہ سند داؤد بن حصین عن ابیہ عن جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے نیز ابن ماجہ نے بواسطہ عطاء بن یسار حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کیا کہ رسول اکرم ﷺ سے پوچھا گیا ان تالابوں اور حوضوں کے بارے میں جو مکہ مدینہ کے درمیان واقع ہیں۔ وہاں سے درندے کتے اور گدھے پانی پی جاتے ہیں تو حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ لها ما حملت في بطونها ولنا ما غبر طهور "درندے وغیرہ جو پانی پیٹ میں لے کر چلے گئے ہیں وہ ان کا ہے اور بقیہ پانی جو چھوڑ گئے ہیں وہ ہمارے لئے طہور ہے۔" اس کا جواب یہ ہے کہ اولاً ان روایات مذکورہ کی صحت میں کلام ہے کیونکہ حدیث جابر رضی اللہ عنہ کی اسناد میں داؤد بن حصین ہے اور حدیث ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ کی اسناد میں عبدالرحمن بن زید ہے اور محدثین کے نزدیک دونوں متکلم فیہ ہیں اسی لئے حافظ ابن حجر نے بھی الدرایہ میں دونوں حدیثوں کے ضعیف ہونے کا اعتراف کیا ہے اور اگر مان بھی لیا جائے کہ صحت کو پہنچی ہیں تو ان سے مراد وہ حوض کا پانی ہے جن میں پانی بہت ہوتا تھا اور اگر پانی اور حوض کے قلیل ہونے پر محمول کریں تو پھر لازم آتا ہے کہ کتے کا جھوٹا بھی پاک ہو حالانکہ کوئی بھی یہ نہیں کہتا کہ اس کا جھوٹا بھی پاک ہے صاحب عنایہ اس کا یہ جواب دیتے ہیں "فيحتمل ان المراد به الحمر الوحشية وسباع الطير او المراد به الماء الكثير" یعنی حدیث مذکور میں حمار اور سباع سے مراد حمار وحشی اور سباع طیر ہے اور حمار وحشی حلال ہے لہذا اس کا جھوٹا بھی پاک ہے یا اس سے ماء کثیر مراد ہے تو اگر گدھے وغیرہ اس سے پانی پی لیں تو وہ ناپاک نہیں ہوتا ہے۔

باب سؤر الحائض

حیض والی عورت کے سور کا بیان

اخبرنا عمرو بن علي قال حدثنا عبدالرحمن عن سفيان عن المقدام بن شريح عن ابيه عن

عائشة رضي الله عنها قالت كنت أتعرق العرق فيضع رسول الله صلى الله عليه وسلم فاه حيث وضعت وأنا حائض وكنت أشرب من الإناء فيضع فاه حيث وضعت وأنا حائض

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ میں ہڈی چوستی تھی پھر حضور کریم ﷺ اپنا منہ اسی جگہ رکھ کر چوستے جہاں پر میں اپنا منہ رکھتی حالانکہ میں حائضہ ہوتی تھی اور میں برتن سے پانی پیتی تھی پھر حضور کریم ﷺ اپنا منہ اسی جگہ رکھ کر پانی پیتے جہاں منہ رکھتی حالانکہ میں حائضہ ہوتی تھی۔

تشریح: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حیض والی عورت کے اعضا جسمانی منہ ہاتھ وغیرہ اور اس کا جھوٹا پاک ہے نجس نہیں ہوتا ہے پاک ہے حائضہ کے بارے میں یہود کا طریقہ نہایت تشدد کا تھا سو حضور کریم ﷺ نے اپنے اس عمل سے ہدایت فرما دی کہ تم یہود کی مخالفت کرو یہود والا طریقہ اختیار کرنا تمہارے لئے درست نہیں ہے غرض اس حدیث باب سے حائضہ کے جسم خوردونوش کی طہارت اور اس کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا اور اس کے ساتھ کھانا پینا سب کی اجازت معلوم ہوتی ہے ہر طرح سے جائز ہے۔

باب وضوء الرجال والنساء جميعا

مردوں اور عورتوں کے ایک ساتھ وضو کرنے کا بیان

أخبرنا هارون بن عبد الله قال حدثنا معن قال حدثنا مالك ح والحارث بن مسكين قراءة عليه وأنا أسمع عن ابن القاسم قال حدثني مالك عن نافع عن ابن عمر رضي الله عنهما قال كان الرجال والنساء يتوضئون في زمان رسول الله صلى الله عليه وسلم جميعا.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ کے زمانے میں مرد اور عورت ایک ساتھ مل کر وضو کرتے تھے۔

تشریح: اس حدیث کی دلالت واضح طور پر ظاہر ہے کہ عہد رسالت میں مرد اور عورت ایک ہی برتن سے ایک ساتھ وضو کر لیتے تھے حضور اکرم ﷺ کا اس پر کوئی اعتراض نہ فرمانا اس بات کی واضح دلیل ہے کہ اس طریقے سے اجتماعی طور پر وضو کرنے کی یہ صورت بلاشبہ درست ہے کیونکہ اگر اس میں شرعاً کوئی کراہت ہوتی تو عہد رسالت میں ہرگز اس عمل کی اجازت نہ دی جاتی شارع علیہ السلام کی اجازت سے معلوم ہوا کہ اس طریقے سے وضو کرنے میں کوئی قباحت نہیں ہے یہی مسلک تمام علماء کا ہے اس مسئلے میں دو صورتیں ہیں ایک تو یہ ہے کہ مرد کے وضو کے بچے ہوئے پانی سے عورت وضو کر سکتی ہے یا نہیں؟ علامہ نووی نے لکھا ہے کہ بیشک کر سکتی ہے اور یہ صورت بھی بالاتفاق درست ہے دوسری صورت یہ ہے کہ عورت کے وضو سے بچے ہوئے پانی کا کیا حکم ہے مرد اس کو استعمال کر سکتا ہے یا نہیں امام نووی کہتے ہیں کہ ہمارے اور امام مالک اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک وہ پانی مرد کے لئے استعمال کرنا جائز ہے خواہ عورت نے مرد کی غیر موجودگی میں تنہائی میں پانی استعمال کیا ہو یا اس کے

سامنے استعمال کیا ہو البتہ اس دوسری صورت میں امام احمد بن حنبل، اسحاق بن راہویہ کے علاوہ چند حضرات کہتے ہیں کہ اگر عورت نے وضو تنہائی میں غیر موجودگی میں پانی استعمال کیا ہو تو باقی بچا ہوا پانی مرد کے حق میں ناقابل استعمال ہو جاتا ہے ان کا مستدل حضرت حکم بن عمرو غفاری کی حدیث ہے جس کے الفاظ یہ ہیں "ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نھی ان یتوضأ الرجل بفضل طهور المرأة" اس کو امام احمد اور ترمذی وغیرہ نے روایت کیا ہے۔ ابن ماجہ اور نسائی کی روایت میں بجائے لفظ طہور کے وضوء المرأة ہے اور امام ترمذی نے اس کو حسن کہا ہے اس سے معلوم ہوا کہ مرد کے لئے عورت کے وضو سے بچے ہوئے پانی کا استعمال ممنوع ہے اس لئے وہ اس سے وضو نہیں کر سکتا۔

علماء نے اس کے متعدد جواب دیئے ہیں ابن ماجہ نے یہ کہا کہ اباحت والی احادیث سے نہی والی حدیث منسوخ ہو چکی ہے یہ حدیث نہی کا تعلق خاص صورت سے ہے جس کے معنی یہ ہیں کہ مرد کو اجنبیہ عورت کے وضو سے بچے ہوئے پانی کے استعمال سے منع کیا گیا اس لئے کہ اگر اس کے بچے ہوئے پانی سے وضو کرے تو ممکن ہے درمیان میں اس عورت کا خیال پیدا ہو اور وہ اجنبیہ عورت ہو تو اس کا دل اس میں مشغول رہا ہو تو اس سے نقصان دہ وساوس پیدا ہوں گے اس نے اصول حسن کے مد نظر اس کے استعمال سے منع کر دیا گیا ہے۔ علامہ خطابی نے حدیث نہی کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ اعضاء سے ٹپکنے والے پانی مراد ہے جس کو وہ مستعمل کہا جاتا ہے اور احادیث جواز کا تعلق بقیہ اس پانی سے ہے جو برتن میں بچا ہوا ہے علاوہ اس کے حدیث نہی کو نہی تنزیہی پر محمول کیا ہے اور علامہ عینی نے بھی اسی کو اختیار کیا ہے علاوہ کہا کہ نہی تحریم کے لئے نہیں بلکہ نہی تنزیہی ہے اور علامہ شوکانی نے بھی اسی مذہب کو پسند کیا ہے اس جواب سے تمام روایات میں تطبیق ہو گی کیونکہ کراہت تنزیہی جواز کے ساتھ جمع ہو سکتی ہے۔

علامہ عثمانی نے فتح الملہم میں حضرت شاہ صاحب کا قول نقل کیا ہے کہ آپ نے فرمایا کہ حضرت حکم بن عمرو الغفاری کی روایت کی احادیث نہی آداب معاشرت کی تعلیم کے باب سے ہیں کہ نہ مرد عورت کے لئے جھوٹا چھوڑے اور نہ عورت مرد کے لئے جھوٹا چھوڑے بلکہ دونوں ایک ساتھ مل کر استعمال کریں تاکہ مرد و عورت کے درمیان شادی اور محبت و الفت پیدا ہو اور بگاڑ اور دوری نہ پیدا ہو۔

حدیث باب میں جمیعا کا لفظ وارد ہوا ہے جس کی مراد یہ ہے کہ عورت اجتماعی طور پر وضو کیا کرتے تھے اس کو دو صورتوں میں تقسیم کیا ہے کہ محارم اور غیر محارم سب عورتیں مردوں کے ساتھ ایک ہی وقت میں وضو کر لیتی تھیں تو نزول حجاب سے پہلے کی بات ہوگی اور اگر حکم حجاب کے بعد کی بات ہے تو ہر روایت میں جو نساء کا لفظ وارد ہوا ہے وہ بیوی اور محارم کے ساتھ خاص رہے گا۔

(ایضاح البخاری)

باب فضل الجنب

جنبی کے بقیہ پانی کا کیا حکم ہے اس کا بیان

اخبرنا قتیبة بن سعید قال حدثنا اللیث عن ابن شہاب عن عروة عن عائشة رضی اللہ عنہا انہا اخبرته انها

كنت أغتسل مع رسول الله صلى الله عليه وسلم في الإناء الواحد

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ میں اور رسول اللہ ﷺ ایک ہی برتن سے غسل کیا کرتے تھے۔

تشریح: باب مذکورہ میں [illegible] حدیث [illegible] کہ ایک ہی برتن سے میاں بیوی ایک ساتھ غسل کر سکتے ہیں جیسا کہ اس باب کی حدیث سے [illegible] بعض روایات میں [illegible] تختلف أيدينا [illegible] بعرف نعم وتعرف قبله [illegible] رسول اکرم ﷺ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا [illegible] ایک دوسرے سے پہلے پانی لے لیتے تھے [illegible] حضور ﷺ [illegible] حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے [illegible] حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا [illegible] پانی [illegible] ﷺ کے [illegible] غسل [illegible] ایک ہی برتن سے [illegible] حضور اکرم ﷺ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا [illegible] حدیث [illegible] دونوں [illegible] ایک دوسرے کا غسل کیا ہوا پانی استعمال کر سکتے ہیں۔

(المصابیح للبغوی)

باب القدر الذي يكتفي به الرجل من الماء للوضوء

پانی کی اس مقدار کا بیان جو ایک شخص کے وضو کے لئے کافی ہے

أخبرنا عمرو بن علي قال حدثنا يحيى قال حدثنا شعبة قال حدثني عبد الله بن عبد الله بن جبر قال سمعت أنس بن مالك رضي الله عنه يقول كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يتوضأ بمكوك ويغتسل بخمسة مكاكي

عبداللہ بن عبداللہ بن جبر کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنا ہے کہ رسول اکرم ﷺ ایک مد پانی سے وضو فرماتے اور پانچ مدوں سے غسل فرماتے تھے۔

أخبرنا محمد بن بشار قال حدثنا محمد ثم ذكر كلمة معناها قال حدثنا شعبة عن حبيب قال سمعت عباد بن تميم يحدث عن جدتي وهي أم عمارة بنت كعب أن النبي صلى الله عليه وسلم توضأ فأتي بماء في إناء قدر ثلثي المد قال شعبة فأحفظ أنه غسل ذراعيه وجعل يدلكهما ويمسح أذنيه باطنهما ولا أحفظ أنه مسح ظاهرهما

حضرت ام عمارہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے وضو کرنے کا ارادہ فرمایا تو آپ کے سامنے پانی سے بھرا ہوا ایک برتن حاضر کیا گیا جو دو تہائی مد کے برابر تھا۔

تشریح اس باب کی حدیث سے معلوم ہوا کہ رسول اکرم ﷺ ایک مکوک سے وضو اور پانچ مکوک سے غسل فرماتے تھے لفظ مکوک میم کے زبر اور کاف کے پیش اور تشدید کے ساتھ ہے اس کی جمع مکاکیک و مکاکی آتی ہے ایک معروف پیمانہ ہے جو ڈیڑھ صاع کے برابر ہوتا ہے [illegible] نے کہا کہ یہاں مکوک سے مراد مد ہے تمام [illegible] میں بھی ہے کہ مکوک سے مراد مد ہے۔ [illegible] نے بھی یہی فرمایا ہے [illegible] دوسری روایت کے صحیح [illegible] ہے کہ یہاں مکوک سے مراد مد ہے اور مد ایک پیمانہ ہوتا ہے [illegible] شوافع اس کے خلاف کہتے ہیں اس کی بحث آگے آرہی ہے۔

اب حضرت انس رضی اللہ عنہ کے بیان کے مطابق حدیث کا مطلب یہ ہوا کہ حضور اکرم ﷺ ایک مد پانی سے وضو اور پانچ مد سے غسل فرماتے تھے [illegible] سے بھی غسل فرماتے تھے [illegible] ایک صاع یعنی چار مد سے غسل فرماتے تھے [illegible] پانی استعمال فرماتے [illegible] حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت جو بخاری میں ہے اس سے معلوم ہوتا ہے وہ روایت یہ ہے کہ "کان یغتسل بالصاع الی خمسة امداد ویتوضا بالمد" کہ رسول اکرم ﷺ غسل فرماتے تھے ایک صاع سے [illegible] پانی سے اور وضو ایک مد سے فرماتے تھے [illegible] آپ ﷺ اکثر اوقات میں ایک صاع یعنی چار مد سے غسل فرماتے تھے [illegible] پانچ مد سے بھی غسل فرمایا ہے۔

ترمذی میں حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے اور ابوداؤد میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی روایت [illegible] ہے جس میں [illegible] ہے کہ حضور اکرم ﷺ ایک صاع پانی سے غسل اور ایک مد سے وضو فرماتے تھے [illegible] کو پیش نظر رکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی کریم ﷺ عام احوال میں ایک صاع یعنی چار مد پانی سے غسل فرماتے اور ایک مد وضو میں استعمال فرماتے تھے۔ بعض اوقات میں پانچ مد پانی سے بھی غسل فرمایا ہے جیسے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت سے ثابت ہے کہ آپ پانچ مد سے غسل [illegible] ایک مد پانی استعمال فرماتے [illegible] ایک مد سے [illegible] روایت بھی [illegible] فرماتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے [illegible] "کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یتوضا بنصف المد" کہ حضور ﷺ نے آدھے مد سے وضو فرمایا [illegible] قابل اعتبار ہے۔

[illegible] ایک صاع [illegible] بیان کیا گیا ہے [illegible] کی روایت [illegible] ایک صاع [illegible] وضو [illegible] غسل [illegible] ایک مد [illegible] ایک صاع [illegible] فرماتے تھے [illegible]

ہے کہ اس سے زیادہ یا کم پانی استعمال کی گنجائش ہے۔ ان روایات میں مقدار پانی کا بیان ہے امام نسائی نے جو ترجمہ لکھا ہے اس سے اسی بات کی طرف اشارہ ہوتا ہے کہ وضو اور غسل کے لئے جو وزن پانی کا بیان کیا گیا ہے وہ تحدید حقیقی کے لئے نہیں ہے روایت میں صرف یہ بیان کیا گیا ہے کہ وضو اور غسل کا عمل اس مقدار سے کیا جا سکتا ہے اس قدر پانی کافی ہو جاتا ہے اس سے زیادہ پانی کی ضرورت ہو تو اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ یہ مقدار مقرر ہو۔ کم پانی استعمال کرنے پر شریعت کی طرف سے پابندی لگائی گئی ہے اگر اس مقدار کی پابندی لازم کی جاتی تو امت مشقت اور [illegible] میں پڑ جاتی جس کی وجہ ظاہر ہے کیونکہ دل کے اعتبار سے انسان کو معیار بنایا گیا ہے اسراف سے اجتناب کرتے ہوئے بقدر ضرورت اس سے کم یا زیادہ پانی استعمال کی اجازت ہے۔ (ایضاح بخاری)

حافظ ابن حجر نے لکھا ہے اس بات میں سب علماء کا اتفاق ہے کہ وضو اور غسل کے پانی کی کوئی مقدار متعین شرط نہیں لیکن سنت یہ ہے کہ اس سے کم نہ ہونا چاہئے [illegible] جس سے ایک صاع ثابت کم ہو۔

اب رہی یہ بات کہ مد اور صاع کی مقدار کیا ہے تو اس میں اختلاف ہو چکا ہے اس بات میں سب کا اتفاق ہے کہ ایک صاع چار مد کا ہوتا ہے لیکن مد کی مقدار میں اختلاف ہے امام ابوحنیفہ امام محمد اور اہل عراق کے نزدیک ایک مد دو رطل کے برابر ہے اس اعتبار سے صاع کا وزن آٹھ رطل کا ہوا اور امام مالک [illegible] امام احمد بن حنبل کے نزدیک ایک مد ایک رطل اور ثلث رطل کا ہوتا ہے اس کے لحاظ سے ان کے یہاں صاع پانچ رطل اور ایک ثلث کا ہوا امام ابو یوسف بھی اسی کے قائل ہیں اس مسئلہ میں امام ابوحنیفہ کے موافق تھے پھر حج سے واپس آئے تو [illegible] ہو گیا اور یہاں واقعہ علامہ عثمانی نے شرح مسلم فتح الملہم میں نقل کیا ہے کہ امام ابو یوسف فرماتے ہیں کہ جب میں مدینہ منورہ پہنچا تو اہل مدینہ سے صاع کی مقدار دریافت کی انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس صاع کا [illegible] رسول اکرم ﷺ کا صاع ہے میں نے ان سے پوچھا اس کا کیا ثبوت ہے انہوں نے کہا کل ثبوت دیں گے دوسرے دن صبح کے وقت تو تقریباً پچاس بوڑھے مہاجرین و انصار کی اولاد میں سے اپنے اپنے صاع لے کر آئے ہر شخص اپنے باپ اور اہل بیت سے نقل کرتا ہے کہ یہ صاع رسول ﷺ کا صاع ہے پھر میں نے غور کیا تو دیکھا تو سب برابر تھے پھر میں نے ان کو ناپا تو معلوم ہوا کہ ان کی مقدار پانچ رطل اور ثلث رطل کے برابر ہے امام ابو یوسف فرماتے ہیں فرأیت امرا قویا فترکت قول ابی حنیفة فی الصاع و اخذت بقول اهل المدینة هذا هو المشهور "[illegible]" یہ بھی منقول ہے کہ امام ابو یوسف نے امام مالک سے بحث کی [illegible] صاع کی [illegible] اس وقت جو لوگ [illegible] کرتے تھے [illegible] امام مالک کی طرف [illegible] منسوب کیا [illegible] حسین بن ولید قرشی سے نقل کیا ہے۔

(سنن کبری للبیہقی ج۴ ص۱۷۱)

تحقیق یہ ہے [illegible] اس واقعہ کو فتح القدیر میں [illegible] روایت [illegible] اعتبار سے [illegible] قرار دیا ہے جس کی وجہ یہ ہے کہ اس واقعہ کو جن راویوں سے نقل کیا گیا ہے محدثین کے ضابطے کے مطابق ہے واقعہ سے استدلال صحیح نہیں ہے دوسری وجہ یہ ہے کہ [illegible] مسئلہ [illegible] امام محمد کی [illegible] کتب [illegible] میں [illegible] کوئی [illegible] ہے

مسئلہ امام محمد سے نقل کرتے ہیں کہ امام ... نے بھی امام ابو یوسف کا قول ... امام اعظم کو چھوڑ کر امام مالک کی طرف رجوع اور ... سے پوشیدہ ... امام ابو یوسف کی مخالفت کا ... سے ... کا عمل اور صحابہ کی ... ہے۔

شیخ ابن ہمام نے بعض مشائخ کا قول نقل کیا ہے کہ درحقیقت ہمارے ائمہ کے درمیان کوئی اختلاف نہیں کیونکہ امام ابو یوسف نے جب صاع مدنی کو ناپا تو اس کی مقدار اہل مدینہ کے رطل سے پانچ رطل اور ایک تہائی کے برابر پائی اور اہل مدینہ کا رطل اہل بغداد کے رطل سے بڑا ہوتا ہے اس کے رطل کے تیس استار ہوتے ہیں اور اہل بغداد کے بیس استار ہوتے ہیں تو اگر تیس کو بغدادی کے پانچ اور ثلث رطل مدنی سے ... مقابلہ کیا جائے تو دونوں برابر ہوں گے شیخ ابن ہمام کے قول کی تائید و تقویت شیخ مسعود بن شیبہ سندی کے قول سے ہوتی ہے جو معارف السنن (١/٢٠٧) میں نقل کیا گیا ہے شیخ موصوف مقدمہ کتاب التعلیم (التعلیم) میں فرماتے ہیں کہ امام صاحب اور امام ابو یوسف کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے بجز اس کے کہ امام اعظم کے نزدیک ایک رطل بیس استار کا ہوتا ہے، اور امام ابو یوسف کے نزدیک تیس استار کا۔

محقق علامہ کوثری کے قول سے بھی شیخ ابن ہمام کا قول مؤکد ہوتا ہے اور یہ معلوم ہوتا ہے ان کے اس قول کو معارف السنن ... میں بحوالہ حقائق ... نقل کیا ہے علامہ موصوف نے اس کتاب کے ص ٣٢ میں فرمایا ہے کہ بیہقی نے حسین بن ولید قرشی کی سند سے امام ابو یوسف کے رجوع کا جو واقعہ نقل کیا ہے اس کے راوی تو مجہول ہیں تمام کتب طبقات میں ان کا کوئی تذکرہ نہیں ہے ... ایسے واقعہ سے ... امام ابو یوسف کا تمسک نہایت بعید بات ہے ... یہ خبر صحیح ہوتی تو ... ایک مجہول ... کے ... امام محمد بھی، شیخ ... چھپے پوشیدہ نہ رہ سکتا بلکہ ... حالانکہ صورت حال اس کے برعکس ہے ... کی علت ہے جو کہ خبر کے منافی ہے اور بعض اوقات سند مرکب ہوتی ہے ... اگرچہ ... ممکن ہے کہ اس واقعہ کی سند مرکب ہو اور اس صورت میں ... ثقہ ہونا کافی نہ ہوگا آگے چل کر علامہ کوثری نے لکھا کہ امام ابو حنیفہ اس مسئلہ میں منفرد نہیں ہیں جیسا کہ بعض لوگوں کا خیال ہے بلکہ آپ کے ساتھ ابراہیم نخعی، موسیٰ بن طلحہ، شعبی، ابن ابی لیلیٰ اور شریک وغیرہ ہیں جیسا کہ ابو عبید نے الاموال میں مع سند کے ذکر کیا ہے اور بعض صحابہ کے ... سے ... کے صاع ... احتجاج اس لئے درست نہیں کہ اس سے صرف یہ معلوم ہوا کہ حضور ﷺ کے مبارک زمانہ میں صاع مختلف قسم کے تھے جیسا کہ الفاظ حدیث ... ہے ... سے آٹھ رطل والا صاع ہے جو حضرت ... ﷺ کے گھر میں ... صاع ... باقی سے ... علامہ کوثری نے یہ بھی فرمایا کہ صاع کی مقدار کے بارے میں اہل مدینہ کا قول ... ہے اس کے لئے کوئی صریح مسند حدیث نہیں ہے بخلاف قول اہل عراق کے ... حدیث صحیح ... آثار صحیحہ ... متوارث سے ثابت ہے ... اعمال کے بارے میں

اہل عراق کا قول نقل کرنا ہے۔

حضرت شاہ صاحب نے فرمایا کہ دونوں ہی قسم کے صاع واقع ہیں تاکہ کسی کو تنگی نہ ہو، دونوں ہی صحیح ہیں۔ حضور اکرم ﷺ نے مختلف اوقات میں مختلف مقدار کے پانی سے غسل فرمایا ہے جس کو اہل حجاز نقل کرتے ہیں مثلاً بیہقی وغیرہ میں حضرت انس ﷺ کی حدیث جو مسلم کی شرط پر ہے اس میں ہے کہ حضرت انس ﷺ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ ایک ایسے برتن سے وضو فرماتے تھے کہ جس میں دو رطل آ جاتے اور کبھی ایک صاع سے غسل فرماتے تھے اور بخاری مسلم کی روایت سے حضور ﷺ کا ایک مد سے وضو کرنا ثابت ہے۔

نسائی شریف میں موسیٰ جہنی سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا کہ مجاہد کے پاس ایک برتن لایا گیا اور مجھے دکھلایا میں نے اس کی پیمائش کی تو وہ آٹھ رطل کا تھا اور مجاہد نے کہا کہ مجھ سے حضرت عائشہ ﷺ نے بیان کیا کہ حضور اکرم ﷺ اس جیسے برتن سے غسل فرماتے تھے۔

طحاوی میں بسند مجاہد ابراہیم نخعی سے مروی ہے کہ انہوں نے کہا ہم نے حضرت عمر ﷺ کے صاع کا اندازہ کیا تو اس کو صاع حجاجی کے برابر پایا اور صاع حجاجی آٹھ رطل بغدادی کا تھا۔

جزء ابن حبان میں ابن ابی حاتم نے موسیٰ جہنی سے روایت کی ہے جس کے الفاظ یہ ہیں "صاع عمر ثمانیة ارطال" کہ حضرت عمر ﷺ کا صاع آٹھ رطل کا تھا، ان روایات سے یہ معلوم ہوا کہ صاع عراقی حضور اقدس ﷺ کے زمانہ میں بھی موجود تھا اور مستعمل ہوتا تھا اس لئے اس کے ثبوت سے انکار کر دینا جب کہ نقل و دلیل موجود ہو درست نہیں، صاف کی بات ہے کہ روایات میں دونوں قسم کے صاع کا ثبوت ملتا ہے، تاہم صاع حجازی کا استعمال زیادہ تھا اور صاع عراقی کا کم جس کی وجہ سے اس کا شہرہ نہ ہوا، پھر جب حضرت عمر ﷺ کا دور خلافت آیا تو فتوحات کی کثرت ہوئی جس کی وجہ سے صاع حجازی کم پڑ گیا تو حضرت عمر ﷺ نے صاع عراقی کو رواج دیا جس کی وجہ سے صاع عمری مشہور ہوا پھر جب حضرت عمر بن عبد العزیز کا دور خلافت آیا تو آپ نے بھی اسی کو رواج دیا، پھر کچھ عرصہ اس کے کم ہو جانے کے بعد حجاج نے دوبارہ رائج کیا اس لئے وہ اس پر فخر کرتا تھا اور اپنے خطبہ میں اہل عراق سے کہتا تھا "الم اخرج لکم صاع عمر ﷺ" کیا میں نے تمہارے واسطے فاروق کے صاع عمر ﷺ کو نہیں نکالا، اسی لئے اس کو صاع حجاجی کہتے ہیں لیکن حجاج کے طرز و طریق سے تعجب ہوا کہ انہوں نے صاف طور سے حضرت عمر بن عبد العزیز کی طرف منسوب نہ کیا، حضرت عمر فاروق ﷺ کی طرف منسوب کیا جاتا ہے جو ان کی عادت کے خلاف ہے۔

غرض کہ صاع حنفیہ سے انکار کی کوئی گنجائش نہیں ہے اسی وجہ سے امام احمد نے بھی دونوں صاع کا اعتراف کیا ہے مگر وہ کہتے ہیں کہ وضو و غسل میں پانچ رطل کا صاع اختیار کیا جائے اور صدقہ فطر میں آٹھ رطل کا، اور امام اعظم حنفیہ کہتے ہیں کہ متعدی احتیاط یہی ہے کہ تمام مواقع میں آٹھ رطل کا صاع اختیار کیا جاتا ہے۔ (واللہ اعلم)

باب النية في الوضوء

وضو میں نیت کرنے کا بیان

أخبرنا يحيى بن حبيب بن عربي عن حماد والحارث بن مسكين قراءة عليه وأنا أسمع عن ابن القاسم حدثني مالك ح وأخبرنا سليمان بن منصور قال أخبرنا عبد الله بن المبارك واللفظ له عن يحيى بن سعيد عن محمد بن إبراهيم عن علقمة بن وقاص عن عمر بن الخطاب ﷺ قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إنما الأعمال بالنية وإنما لامرئ ما نوى فمن كانت هجرته إلى الله وإلى رسوله فهجرته إلى الله وإلى رسوله ومن كانت هجرته إلى دنيا يصيبها أو امرأة ينكحها فهجرته إلى ما هاجر إليه

حضرت عمر بن خطاب ﷺ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول کریم ﷺ نے کہ اعمال کا مدار نیت کے ساتھ ہے اور ہر شخص کے واسطے وہ چیز ہے جس کی اس نے نیت کی جس نے اللہ عزوجل اور اس کے رسول کے لیے ہجرت کی تو اس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کے لیے ہے اور جس نے ہجرت حصول دنیا کے لیے یا کسی عورت سے نکاح کرنے کی غرض سے کی ہو تو اس کی ہجرت اس کی نیت کے مطابق ہی کی گئی ہوگی۔

تشریح: اس حدیث کو طرح طرح سے روایت کیا گیا ہے یعنی سنن نسائی شریف میں "انما الاعمال بالنیۃ" ہے امام بخاری کی روایت میں "انما الاعمال بالنیات" کے الفاظ ہیں بعض روایت میں "الاعمال بالنیۃ" اور بعض میں "العمل بالنیۃ" وارد ہوا ہے یہ حدیث مشہور ہے اس کی صحت پر تمام محدثین کا اتفاق ہے ابن ماجہ وغیرہ نے بھی اس حدیث پر کلام کیا ہے اس کو غالباً خبر واحد کہا ہے۔

بعض علماء نے اس کو متواتر بھی کہا ہے لیکن یہ صحیح نہیں کیونکہ اس حدیث کو نبی کریم ﷺ سے صرف حضرت عمر ﷺ نے روایت کیا ہے ان کے علاوہ کسی نے حضور ﷺ سے روایت نہیں کی اور حضرت عمر ﷺ سے علقمہ کے علاوہ کسی نے روایت نہیں کی اور علقمہ سے محمد بن ابراہیم کے علاوہ کسی نے روایت نہیں کی اور ان سے یحییٰ بن سعید انصاری نے روایت کیا ہے ان کے علاوہ کسی نے روایت نہیں کی پھر یحییٰ بن سعید انصاری سے بطریق تواتر لوگوں نے اس حدیث کو بیان کیا امام بخاری نے نقل کیا ہے کہ سو (۱۰۰) سے زیادہ لوگوں نے ان سے اس حدیث کو نقل کیا ہے اس کے بعد مشہور ہے کہ حافظ ابن حجر نے ایک محدث سے کہا کہ ان سے سات سو اشخاص نے روایت کی ہے لیکن ابن حجر کہتے ہیں کہ میں نے تلاش کیا مگر سو تک بھی نہ پہنچ سکا بہرحال یہ حدیث بہت اہم اور مشہور ہے اور اس کی صحت پر تمام محدثین کا اتفاق ہے۔

حدیث باب میں اعمال کے قبول ہونے کا مدار نیت پر ہے اعمال سے مراد نیک عمل ہیں جیسے نماز روزہ وضو اور حج

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

ہو، اور اگر ضرورت سے متعلق عبارت محذوف مانی جائے جس پر قرینہ بھی پایا جاتا ہے تو ہم اس کو درست کہتے ہیں اور ہم سمجھتے ہیں کہ محذوف سے خصوصاً جب ذکر سے پہلے نہ ہو اگر چہ حضرت شیخ موصوف کی فہم مذکورہ کے مطابق عبادت سے متعلق قرات عادت بھی تو عبادات ہیں اس لئے کہ ان پر اعتراض اٹھتا ہے اور شیخ موصوف کی تحقیق کے مطابق قربات و طاعات میں نیت ضروری نہیں۔

علامہ سندھی نے اس حدیث کے متعلق تفصیل بحث کی ہے جو حاشیہ میں ذکر کی ہے، وہ فرماتے ہیں کہ اگرچہ فقہاء وغیرہ کے کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ حدیث عبادات میں نیت کے شرط ہونے کو بتلاتی ہے لیکن ظاہر یہی ہے کہ اس حدیث کے بیان کا مقصد یہ نہیں ہے جیسا کہ قاضی بیضاوی نے شرح مصابیح میں اس کی تصریح کی ہے اور نبی کے ارشاد مبارک ''وانما لامرئ ما نوی'' سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر شخص کو وہی چیز دی جائے گی جو اس کی نیت میں ہے اگر خیر کی نیت ہے تو وہی دی جائے گی اور اگر شر کی نیت ہے تو وہی چیز دی جائے گی اسی طرح ''فمن کانت هجرته الخ'' میں وہ مذہب اور اس کا کلام حالیہ پر مرتب کرنے اسے جو نتائج اور فروع نکالتے ہیں وہ اس بات کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ یہاں نیت کو نیت شرعیہ کے ساتھ مخصوص کرنا درست نہیں ہے صاحب تحقیق ہے ہند وہ تکلف کرتے ہیں کہ حدیث میں نیت سے مراد مطلق قصد ہے خواہ نیت خیر ہو یا نیت شر، جیسا کہ قاضی بیضاوی فرماتے ہیں کہ دونوں لغت کے نیت قصد کو کہتے ہیں اور شریعت میں نیت کہتے ہیں قلب کا اللہ تعالیٰ کے حکم کے امتثال اور اس کی رضا طلب کرنے کے لئے کسی فعل کی طرف متوجہ کرنا، لیکن یہاں پر نیت معنی لغوی پر محمول ہے تا کہ کلام سابق اس کے بعد کے کلام کے ساتھ حسن میں نیت وہ بات بعید لگتی ہے مہاجرین کے احوال کی تقسیم کی ہے کیونکہ جزئیں تعلیق ہو سکتے اب عمال الاعمال بالنیۃ کے یہ معنی ہوں گے کہ اعمال اختیاریہ جو ان نیت اور قصد کے جو فاعل کو فعل کی طرف داعی ہوتا ہے بغیر نہیں۔

یہاں اشکال وارد ہوتا ہے کہ نحوی قاعدہ سے شرط اور جزا کے درمیان حصول فائدہ کے لئے تغایر ضروری ہے لیکن یہاں ''فمن کانت هجرته الى الله ورسوله فهجرته الى الله ورسوله'' میں شرط اور جزا دونوں ایک ہو گئے نحوی قاعدہ کے اعتبار سے درست نہیں اس کا جواب بعض شارحین نے یہ دیا ہے کہ ''فمن کانت هجرته الى الله ورسوله نية وقصدا فهجرته الى الله ورسوله حكما وشرعا'' اب دونوں میں تغایر ہو گیا یعنی جس کی ہجرت دنیا میں اللہ اور رسول کی طرف ہو گی اس کی ہجرت آخرت میں بھی اللہ اور اس کے رسول کی طرف ہو گی۔

بعض نے جواب دیا ہے کہ فهجرته میں فهجرته کے بعد کچھ حذف ہے، یعنی سب کا سب قائم مقام ہو گیا بعض نے کہا ہے کہ جزا کی جانب میں جو مقدر ہے ''ای فهجرته الى الله ورسوله مقبولة'' یعنی نیت صادق کی بنا پر اس کی ہجرت مقبول ہے اور ادا ت میں عرب نے یا تو محض تعظیم یا تحقیر کی نیت سے جیسا کہ آیت قرآنی ''ومن يخرج من بيته مهاجرا'' اس پر شاہد ہے بعض نے یہ مبالغہ کے لئے شرط اور جزا دونوں کو ایک ہی رکھا جاتا ہے جیسے ''انا ابو النجم وشعری شعری'' کہ میں ابو نجم ہوں اور میرے شعر وہی کے شاعری تو بس ہے کچھ تم سمجھو ہو اسی طرح یہاں ارشاد ہوا کہ جس شخص کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کے لئے ہو گی تو وہ اللہ اور اس کے رسول کی خاطر ہے

پھر منقول ہونے کی کیا وجہ ہے وہ منقول ہی سے اور جس کی ابتداء نیت ہو کسی فائدہ کی غرض سے حتیٰ کہ قرآن کی غرض سے کیوں نہ ہو کر وہ ایک حدیث عظیم ہے اور نیک مقصد ہے کہ اس کا اجر منقول اللہ تعالیٰ کیا جائے گا اور نہ اس پر کچھ اجر مرتب ہوں گے۔

حضرت امام شافعیؒ سے اس حدیث کی فضیلت میں منقول ہے کہ اس حدیث میں نصف علم آ گیا ہے جس کی وجہ یہ ہے کہ نیت قلب کے ساتھ ہے اور عمل ظاہر کے ساتھ ہے۔ جب یہ کہہ دیا تو ظاہر ہے اور عمل ہو یا باطن ہو اور نیت ہو تو یہ امر ایسا ہے جیسا کہ حضور ﷺ نے فرمایا "تعلموا الفرائض فإنها نصف العلم" کہ علم الفرائض سیکھو اس لئے کہ وہ نصف علم ہے۔ یہاں حدیث میں علم فرائض کو اس لئے نصف علم فرمایا ہے کہ اس کا تعلق موت سے ہے جو حیات کے مقابل ہے۔ امام شافعیؒ سے یہ بھی منقول ہے کہ یہ حدیث باب ثلث علم ہے چنانچہ اس سلسلہ میں آپ نے یہ اشعار فرمائے ہیں۔

عمدة الخير عندنا كلمات أربع قالهن خير البرية

اتق الشبهات وازهد ودع ما ليس يعنيك واعملن بنية

ہمارے نزدیک دین کے ستون چار کلمات ہیں جن کو حضور اکرم ﷺ نے فرمایا ہے کہ (۱) شبہات سے پرہیز کرو۔ (۲) دنیا سے بے رغبتی اختیار کرو۔ (۳) بے فائدہ چیزوں کو چھوڑ دو۔ (۴) اور نیت کے ساتھ عمل کرو۔

ان ابیات میں چار احادیث کی طرف اشارہ کیا ہے جن میں سے ایک تو حدیث باب ہے جس کو ثلث علم قرار دیا ہے باقی تین حدیثیں وہ ہیں جو شبہات سے پرہیز کرنے، زہد اختیار کرنے اور فضول چیزوں کے چھوڑنے کے بارے میں وارد ہوئی تھیں۔

نیز امام شافعیؒ اور امام احمدؒ سے منقول ہے کہ یہ حدیث ثلث اسلام یا ثلث علم ہے امام بیہقیؒ نے اس کی توجیہ کی ہے کہ بندے کے کسب کا تعلق قلب سے ہے جیسے نیت یا زبان سے ہے یا دوسرے اعضاء سے ہے تو گویا ان میں سے نیت راجح ہے اور وہ اس لئے ہے کیونکہ صرف اکیلی نیت بھی عبادت ہے یہی مطلب ہے اس حدیث کا جس میں یہ الفاظ وارد ہوئے ہیں کہ "نیة المؤمن خیر من عمله" تو اس کی وجہ یہ ہے کہ نیت میں ریا کا احتمال نہیں ہے اور عمل میں ریا کی آمیزش ہو سکتی ہے۔

الوضوء من الإناء

برتن سے وضو کرنے کا بیان

أخبرنا قتيبة عن مالك عن إسحق بن عبد الله بن أبي طلحة عن أنس رضی اللہ عنہ قال رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم وحانت صلاة العصر فالتمس الناس الوضوء فلم يجدوه فأتي رسول الله صلى الله عليه وسلم بوضوء فوضع يده في ذلك الإناء وأمر الناس أن يتوضؤوا فرأيت الماء ينبع من تحت أصابعه حتى توضؤوا من عند آخرهم

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم ﷺ کو اس حال میں دیکھا کہ عصر کی نماز کا وقت ہو گیا لوگوں نے پانی تلاش کیا مگر پانی نہ ملا پھر وضو کا پانی لایا گیا آپ ﷺ کی خدمت میں تھوڑا سا پانی پیش کیا گیا آپ ﷺ نے اپنا دست مبارک اس برتن میں رکھ دیا اور لوگوں کو وضو کرنے کا حکم دیا حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ پانی حضور ﷺ کی انگلیوں کے نیچے سے چشمہ کی طرح ابل رہا ہے یہاں تک کہ شروع سے آخر تک سب نے وضو کر لیا

حدثنا اسحق بن ابراهيم قال اخبرنا عبد الرزاق اخبرنا سفيان عن الاعمش عن ابراهيم عن علقمة عن عبد الله رضي الله عنه قال كنا مع النبي صلى الله عليه وسلم فلم يجدوا ماء فاتي بتور فادخل يده فلقد رأيت الماء يتفجر من بين اصابعه ويقول حي على الطهور والبركة من الله قال الاعمش فحدثني سالم بن ابي الجعد قال قلت لجابر كم كنتم يومئذ قال الف وخمسمائة

حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نبی کریم ﷺ کے ساتھ تھے تو لوگوں نے پانی نہ پایا تو آپ ﷺ کے پاس پانی کا ایک برتن لایا گیا تو آپ ﷺ نے اپنا دست مبارک اس میں داخل کیا حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ پانی حضور ﷺ کی انگلیوں کے درمیان سے چشمہ کی طرح پھوٹ رہا ہے اور آپ ﷺ فرماتے ہیں کہ طہارت اور پاک کرنے والے پانی کی طرف آؤ اور برکت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔ راوی حدیث اعمش کہتے ہیں کہ سالم بن ابی الجعد نے مجھ سے بیان کیا کہ میں نے حضرت جابر سے پوچھا اس دن تم کتنے آدمی تھے آپ نے جواب دیا ایک ہزار پانچ سو۔

تشریح: ترجمہ سے وضاحت ہو رہی ہے پہلی روایت میں اس کا لفظ ہے کہ پیغمبر ﷺ کے پاس ایک برتن لایا گیا جس میں تھوڑا سا پانی تھا آپ ﷺ نے اپنا دست مبارک رکھ دیا جس سے پانی میں عظیم الشان برکت ظاہر ہوئی اس کی تائید ایک اور روایت کے الفاظ سے ہوتی ہے کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اکرم ﷺ کی انگلیوں سے پانی کے چشمے ابلتے ہوئے دیکھا اور اس موقع پر جتنے صحابہ موجود تھے سب نے اس کے پانی سے وضو کیا چاہے وہ کتنے ہی تھے تو حضرت انس عند آخرهم یعنی وضو کیا آخر تک اور یہ بات بھی ہے کہ اس سے مراد یہ ہے کہ سب کی طرف کر دیا حضور ﷺ نے اور جتنے صحابہ تھے سب نے وضو کیا اس حدیث میں حضرت انس رضی اللہ عنہ جو واقعہ بیان کرتے ہیں وہ مدینہ منورہ کا ہے کہ حضور اکرم ﷺ کے دست مبارک کی برکت اور معجزہ کا ظاہر ہونا ہے اس سے یہ بات واضح ہو گئی کہ اس واقعہ کو کثرت سے صحابہ کرام نے روایت کیا ہے تو یہ ایک روایت کی طرح نقل ہوتی ہے صحابہ میں سے کسی نے بھی اس سے اختلاف نہیں کیا اور کسی نے بھی اس واقعہ کا انکار نہیں کیا یہاں تک کہ جو اس کے مخالف تھے انہوں نے بھی اس کا سکوت اختیار کیا اور انکار نہیں کیا اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم باطل پر سکوت اور جھوٹ پر موافقت سے اجتناب کرتے تھے اور یہ واقعہ حضور اکرم ﷺ کے معجزہ کی

[illegible] نہیں ہے۔

دوسری حدیث میں [illegible] کا لفظ ہے جو ایک قسم کے چھوٹے برتن کو کہتے ہیں جس میں تھوڑا سا پانی [illegible] نبی ﷺ نے اپنا دست مبارک [illegible] اس میں عظیم الشان برکت [illegible] حضرت جابر رضی اللہ عنہ [illegible] فرأیت الماء ینبع من بین اصابعہ [illegible] میں نے دیکھا کہ پانی نبی کریم ﷺ کی انگلیوں [illegible] رسول اللہ ﷺ [illegible] حی علی الطہور والبرکۃ من اللہ [illegible] عطف [illegible] آپ ﷺ [illegible]

[illegible]

[illegible] ﷺ [illegible]

باب التسمیة عند الوضوء

وضو کے وقت بسم اللہ پڑھنے کا بیان

أخبرنا إسحق بن إبراهيم قال أخبرنا عبد الرزاق قال حدثنا معمر عن ثابت وقتادة عن أنس رضي الله عنه قال طلب بعض أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وضوءا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم هل مع أحد منكم ماء فوضع يده في الماء ويقول توضؤوا بسم الله فرأيت الماء يخرج من بين أصابعه حتى توضؤوا من عند آخرهم قال ثابت قلت لأنس كم تراهم قال نحوا من سبعين

حضرت انس رضی اللہ عنہ [illegible] ﷺ کے [illegible] پانی [illegible]

رسول ﷺ نے فرمایا کیا تم میں سے کسی کے پاس پانی ہے؟ (کسی نے ایک برتن میں تھوڑا سا پانی حضور ﷺ کی خدمت میں پیش کیا) تو حضور ﷺ نے اپنا دست مبارک پانی میں رکھ دیا اور فرمایا کہ وضو کرو اللہ کے نام سے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ پانی حضور اکرم ﷺ کی انگلیوں کے درمیان سے نکل رہا تھا یہاں تک کہ سب لوگوں نے وضو کیا۔ راوی حدیث ثابت کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کہ آپ کے خیال میں کتنے لوگ موجود تھے تو انہوں نے جواب دیا تقریباً ستر (۷۰) کے قریب ہوں گے۔

تشریح تسمیہ عند الوضوء کے سلسلہ میں محدثین کے نزدیک معروف و مشہور یہی حدیث ہے "لا وضوء لمن لم یذکر اسم اللہ علیہ" اس حدیث کو امام نسائی یہ حدیث اس لئے نہیں لائے کہ باب کے تحت مذکور ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کی سند میں کلام ہے جس کی وجہ سے وہ صحت کے معیار پر پوری نہیں اترتی ہے اس لئے ترجمہ کے ذیل میں اس کو نقل نہ کرتے ہوئے اس کے حضرت انس رضی اللہ عنہ کی روایت لائے ہیں۔ یہ حدیث "توضؤوا باسم اللہ" امام احمد، ابن خزیمہ اور دار قطنی نے بھی روایت کیا ہے بیہقی نے روایت حدیث کے بعد فرمایا "ھذا اصح ما فی التسمیۃ" کہ وضو کے وقت تسمیہ کے بارے میں جتنی احادیث وارد ہوئی ہیں ان میں یہ حدیث زیادہ صحیح ہے۔ امام نووی نے کہا اسناد جید، کہ اس حدیث کی اسناد عمدہ و جید ہے اسی لئے امام نسائی نے لا وضوء والی متکلم فیہ حدیث کو چھوڑ کر یہ حدیث ترجمہ کے ماتحت نقل فرمائی ہے۔

وضو کے شروع میں تسمیہ کا مسئلہ مختلف فیہ ہے۔ ابن قدامہ نے المغنی (۱/ ۸۵) میں لکھا ہے کہ امام ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی، سفیان ثوری، ابو عبیدہ، ابن المنذر اور جمہور علماء اور اہل حدیث کے نزدیک وضو کے شروع میں تسمیہ سنت ہے۔ امام احمد سے ظاہر روایت میں یہی منقول ہے۔ داؤد ظاہری، اسحاق بن راہویہ اور ایک روایت میں امام احمد کے نزدیک وضو کی ابتداء میں تسمیہ یعنی بسم اللہ کا پڑھنا واجب ہے تفصیل وہاں ملاحظہ کیجئے۔

ابن قدامہ کے قول سے معلوم ہوا کہ امام مالک عند الوضوء تسمیہ کو سنت کہتے تھے لیکن قاضی ابو بکر ابن العربی نے شرح ترمذی میں اس سے انکار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ امام مالک تو استحباب کے بھی قائل نہ تھے چہ جائیکہ وہ سنت ہونے کے قائل ہوں اور انہوں نے لکھا ہے کہ امام مالک سے اس بارے میں سوال کیا گیا کہ وضو کے وقت تسمیہ پڑھنا کیسا ہے؟ تو آپ نے جواب دیا تریدان یذبح اس سے اشارہ کیا ہے کہ تسمیہ تو ذبح کے وقت مشروع ہے نہ کہ وضو کے وقت۔ امام ابوحنیفہ سے بھی ایک روایت میں یہی منقول ہے جیسا کہ علامہ عینی نے اس کو نقل کیا ہے۔ احناف میں سے شیخ ابن ہمام بھی مثل داؤد ظاہری وغیرہ کے تسمیہ کے وجوب کے قائل ہیں یہ بھی ان کے تفردات میں سے ہے جو تقریباً دس (۱۰) مسائل ہیں لیکن ان کے شاگرد محقق حافظ قاسم بن قطلوبغا نے فرمایا ہے کہ ہمارے شیخ کے تفردات قابل تمسک نہیں ہیں تفصیل کے لئے فتح القدیر ملاحظہ ہو۔

داؤد ظاہری وغیرہ لا وضوء والی حدیث سے استدلال کرتے ہیں امام احمد کا قول ترمذی میں موجود ہے "لا اعلم فی ھذا الباب حدیثا لہ اسناد جید" کہ تسمیہ کے مسئلہ میں مجھے کوئی ایسی حدیث معلوم نہیں ہے جس کی اسناد جید ہو لیکن اس کے باوجود ان کے نزدیک تسمیہ واجب ہے۔ یہ حضرات کہتے ہیں کہ عند الوضوء تسمیہ کے بارے میں جو احادیث وارد ہوئی ہیں اگرچہ وہ کلام سے

[illegible] ایک [illegible] ہوگئی [illegible]
[illegible] ہیں۔

[illegible] حدیث [illegible] لا صلوة لجار المسجد الا فی المسجد [illegible] حقیقت [illegible] حضور ﷺ [illegible] لا صلوة الا بطہور [illegible] لا صلوة لجار المسجد الا فی المسجد اور ومن سمع النداء فلم یجب فلا صلوة له [illegible] ہے۔

اب [illegible] ﷺ [illegible] ﷺ [illegible] نے حسن قرار دیا ہے۔

[illegible] حضرت [illegible] ﷺ [illegible] ﷺ [illegible] ﷺ [illegible] ﷺ [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

صب الخادم الماء على الرجل للوضوء

وضو کرنے کے لئے خادم کا پانی ڈالنا یعنی مخدوم پر

اخبرنا سليمان بن داود والحارث بن مسكين قراءة عليه وانا اسمع واللفظ له عن ابن وهب عن مالك ويونس وعمرو بن الحارث ان ابن شهاب اخبرهم عن عباد بن زياد عن عروة بن المغيرة انه

سمعت اباه يقول سكبت على رسول الله صلى الله عليه وسلم حين توضأ في غزوة تبوك فمسح على الخفين قال ابو عبد الرحمن لم يذكر مالك عروة بن المغيرة

عروہ اپنے والد مغیرہ بن شعبہ سے روایت کرتے ہیں کہ جب غزوہ تبوک میں رسول کریم ﷺ وضو فرمانے لگے تو میں نے آپ پر پانی ڈالا [illegible] آپ نے دونوں موزوں پر مسح کیا۔

تشریح [illegible] حدیث سے معلوم ہوا [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible]

حاصل بحث کا یہ ہے [illegible] [illegible] انا لا نستعین علی وضوئنا باحد [illegible] حدیث باطل لا اصل له [illegible] اصلیت نہیں ہے۔

مسح علی الخفین کی بحث ان شاء اللہ آگے آئے گی۔

الوضوء مرة مرة

اخبرنا عمرو بن هشام قال حدثنا مخلد بن يزيد عن سفيان عن علقمة بن مرثد عن سليمان بن بريدة عن ابيه قال جاء رجل الى رسول الله صلى الله عليه وسلم فسأله عن وقت الصلوة فقال صل معي هذين اليومين فامر بلالا فاقام عند الفجر فصلى الفجر ثم امره حين زالت الشمس فصلى الظهر ثم امره حين رأى الشمس بيضاء فاقام العصر ثم امره حين وقع حاجب الشمس فاقام المغرب ثم امره حين غاب الشفق فاقام العشاء ثم امره من الغد فنور بالفجر ثم امره بالظهر فابرد وامره بالعصر والشمس بيضاء واخر عن ذلك ثم صلى المغرب قبل ان يغيب الشفق ثم امره بالعشاء حين ذهب ثلث الليل فصلاها ثم قال اين السائل عن وقت الصلوة وقت صلاتكم ما بين ما رأيتم

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی رسول کریم ﷺ کے پاس آیا اور اس نے آپ ﷺ سے

[illegible]

تشریح [illegible]

[illegible]

[illegible] سمجھا جاتا تھا۔

[illegible]

میں داخل ہوتا ہے

[illegible] یہ حدیث جبرئیل [illegible] میں بیان کیا گیا ہے [illegible] مغرب [illegible]
اس حدیث میں [illegible] مغرب کا وقت [illegible] غروب شمس [illegible]
[illegible]

[illegible] حدیث [illegible] شفق غائب [illegible]
[illegible] مغرب کا وقت [illegible]

امام ابوحنیفہ [illegible] مغرب [illegible] شفق [illegible] مغرب کا وقت [illegible] امام ابوحنیفہ [illegible] امام ابوحنیفہ [illegible]

صاحبین [illegible] شفق [illegible] مغرب کا وقت [illegible]

بہرحال دونوں طرف [illegible] دونوں قول [illegible] اختلاف ہے [illegible] حضرت ابومسعود انصاری [illegible] ثم یصلی العشاء حین یسود الافق [illegible]

پڑھتے تھے جب کہ آدمی کے تیر کے گرنے کی جگہ بھی دکھائی دیتی تھی اس وقت بیاض باقی رہتا ہے جب کہ شفق ابیض غائب ہو جاتی ہے

بہر حال اس سے معلوم ہوا کہ جب تک بیاض غروب نہ ہو جائے تب تک مغرب کا وقت باقی رہتا ہے اس سے پہلے عشاء نہیں ہوتی ... اب یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس سے مراد یہ بات ہو کہ عشاء کی نماز اس وقت پڑھتے جب کہ آسمان کا کنارہ سیاہ ہو جائے ... تو اس کا مطلب ہوا کہ ... کے بعد ہی عشاء کی نماز کا وقت شروع ہوتا ہے۔

تو لازم ہے کہ حدیث ... اور آخری وقت ... بیان کیا ہے ... جبرائیل کا وقت ... مغرب کا وقت ... امام ابو حنیفہ کے مذہب ... میں مشہور ہے ... نے ان کا ... کہ بعض ... روایت ... ابو حنیفہ ... صاحبین کے قول کے موافق ہے ... اس کو اختیار کیا ہے ... صحیح روایت ... حدیث مرفوعاً کے خلاف ہے ... ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کی ہے اس میں ہے ... صلی اللہ علیہ وسلم ... کہ مغرب کا اول وقت جب کہ سورج غروب ہو "وآخر وقتها حين يغيب الأفق" کہ اس کا آخری وقت جب کہ افق غائب ہو جائے اور شفق چھپ جانے کی بعد سے افق چھپ جاتا ہے ... اختلاف معنی کی وجہ سے ... شفق ... ہے یا سفیدی اور شک پیدا ہونے کی وجہ سے اس کا فیصلہ نہیں رہتا کہ وقت ختم ہوتا ہے تو اقرب یہ ہے کہ شک سے وقت مغرب کا ختم نہیں ہوگا اور عشاء بھی ... تاکہ یقینی طور پر مغرب کا وقت نکل جائے اور عشاء بھی ... وقت سے پہلے نہ ہو۔

(فتح القدیر ...)

... شیخ ابن الہمام کے شاگرد علامہ قاسم بن قطلوبغا نے بھی تصحیح قدوری میں امام ابو یوسف کے قول کو ترجیح دی ہے ... ہے ... "ولم يجب ... عن ابي حنيفة الى قول الصاحبين"۔

امام طحاوی کے ... امام ابو حنیفہ سے شفق ... تفسیر کی ہے اس کی تائید حضرت ... رضی اللہ عنہا کی حدیث سے بھی ہوتی ہے ... کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مغرب میں سورۃ اعراف پڑھی (... سنن نسائی) اس سے معلوم ہوا کہ قراءت مسنونہ کے ساتھ مغرب کا وقت ... کی گنجائش رکھتا ہے جب کہ شفق کی وہی تفسیر ... جو امام ابو حنیفہ نے فرمائی ہے۔

غرض یہ کہ دلیل کے اعتبار سے امام صاحب کا مسلک کمزور نہیں بہت مضبوط ہے اسی لئے ابن ہمام نے کہا کہ ... اور ... امام ابو حنیفہ کا قول ہے

تعجيل المغرب

مغرب کی نماز جلدی پڑھنے کا بیان

اخبرنا محمد بن بشار حدثنا محمد حدثنا شعبة عن ابي بشر قال سمعت حسان بن بلال عن رجل من اسلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم انهم كانوا يصلون مع النبي صلى الله عليه وسلم المغرب ثم يرجعون الى اهاليهم الى اقصى المدينة يرمون ويبصرون مواقع سهامهم

ابوبشر سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ میں نے حسان بن بلال سے سنا انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے اصحاب میں سے قبیلہ اسلم کے ایک شخص سے روایت کی کہ وہ مغرب کی نماز نبی اکرم ﷺ کے ساتھ پڑھتے تھے پھر مدینہ کی آخری حد تک اپنے گھر والوں کے پاس جاتے، تیر پھینکتے اور اپنے تیروں کے گرنے کی جگہوں کو دیکھ لیتے تھے۔

تشریح یہ حدیث اس امر پر دلالت کرتی ہے کہ مغرب کی تعجیل مستحب ہے اور اس پر علماء کا اتفاق ہے اور تعجیل کے معنی یہ ہیں کہ نماز اول وقت پڑھ لی جائے۔ مسند احمد اور ابوداؤد میں ایک صحابی سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا میری امت ہمیشہ بھلائی پر رہے گی یا فرمایا فطرت پر رہے گی جب تک مغرب کی تاخیر نہ کرے یہاں تک کہ ستارے گتھ جائیں۔

رواه الحاكم وقال صحيح على شرط مسلم

اور یہ حدیث قانون کے تحت کی اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ مغرب کے بعد اس قدر روشنی باقی رہتی تھی کہ اس بات کی ضرورت ہو کہ صحابہ کرام ﷺ کے ساتھ نماز پڑھ کر مدینہ کی آخری آبادی میں اپنے اہل و عیال کے پاس لوٹنے کے بعد تیر پھینکتے اور گرنے کی جگہ دیکھتے تو یہ صرف اس صورت میں ممکن ہے جبکہ مغرب کی نماز جلدی پڑھی جائے ورنہ اس قدر روشنی باقی نہیں رہ سکتی۔ واللہ تعالیٰ اعلم

باب تاخير المغرب

تاخیر مغرب کا بیان

اخبرنا قتيبة حدثنا الليث عن خير بن نعيم الحضرمي عن ابن هبيرة عن ابي تميم الجيشاني عن ابي بصرة الغفاري قال صلى بنا رسول الله صلى الله عليه وسلم العصر بالمخمص قال ان هذه الصلوة عرضت على من كان قبلكم فضيعوها ومن حافظ عليها كان له اجره مرتين ولا صلاة بعدها حتى يطلع الشاهد والشاهد النجم

ابو بصرہ غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اکرم ﷺ نے ہم کو عصر کی نماز مخمص میں پڑھائی پھر فرمایا بیشک یہ نماز تم سے پہلے لوگوں پر پیش کی گئی تھی انہوں نے اس کو ضائع کر دیا (یعنی اس کا حق ادا نہیں کیا) جو شخص اس پر

عبادت کرے گا اس کو اس کا دوہرا ثواب ملے گا اور اس نماز کے بعد کوئی نماز نہیں یہاں تک کہ شاہد نکلے اور شاہد ستارے کو کہتے ہیں۔

تشریح مخمص ایک جگہ کا نام ہے وہاں رسول اکرم ﷺ نے عصر کی نماز پڑھائی نماز سے فارغ ہونے کے بعد آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ "ان هذه الصلوة عرضت الخ" یعنی جو شخص عصر کی نماز پر محافظت کرے گا اس کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے دوہرا ثواب ملے گا ایک تو اس سبب سے کہ یہ ایک نیک عمل ہے اور ضابطہ کے مطابق ہر نیک عمل پر ثواب ملے گا اور دوسرا ثواب اگلے لوگوں کے برخلاف نماز عصر کا اہتمام کرنے کی وجہ سے ملے گا۔

مصنف نے اس حدیث سے تاخیر مغرب کے جواز پر استدلال کیا ہے کہ ستارے غروب آفتاب ہوتے ہی ظاہر نہیں ہوتے بلکہ کچھ دیر بعد نکلتے ہیں تو اس سے مصنف مغرب کی تاخیر کا جواز ثابت کرتے ہیں لیکن یہ استدلال کمزور ہے اس لئے کہ مغرب کی تعجیل پر کئی کا مرجع ہو یا مروی کا سب کا قائل ہے اس کی تائید صحیح مشہور حدیث سے ہوتی ہے۔

لہٰذا اس حدیث کا یہ مطلب ہے کہ تاخیر کرنا درست نہیں کیونکہ اس حدیث سے مقصود عصر کے بعد نفل نماز کی نفی ہے وقت مغرب کا بیان مقصود نہیں ہے جیسا کہ حضرت امام نسائی نے اس کی طرف اشارہ کیا ہے۔

آخر وقت المغرب

مغرب کے آخری وقت کا بیان

اخبرنا عمرو بن علي قال حدثنا ابو داود قال حدثنا شعبة عن قتادة قال سمعت ابا ايوب الازدي يحدث عن عبد الله بن عمرو قال شعبة كان قتادة يرفعه احيانا واحيانا لا يرفعه قال وقت صلوة الظهر ما لم تحضر العصر ووقت صلوة العصر ما لم تصفر الشمس ووقت المغرب ما لم يسقط ثور الشفق ووقت العشاء ما لم ينتصف الليل ووقت الصبح ما لم تطلع الشمس

حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے شعبہ کہتے ہیں کہ قتادہ اس حدیث کو کبھی مرفوعاً روایت کرتے تھے اور کبھی بطور مرفوع روایت نہیں کرتے تھے جیسے (حضرت عبداللہ بن عمرو نے) فرمایا ظہر کا وقت باقی رہتا ہے جب تک عصر کا وقت نہ آجائے اور عصر کا وقت باقی رہتا ہے جب تک آفتاب زرد نہ ہو جائے اور مغرب کا وقت شفق کی سرخی غائب ہونے تک ہے اور عشاء کا وقت آدھی رات ہونے تک ہے اور صبح کا وقت آفتاب طلوع ہونے تک باقی رہتا ہے۔

اخبرنا عبدة بن عبد الله واحمد بن سليمان واللفظ له قالا حدثنا ابو داود عن بدر بن عثمان قال املاه علي قال حدثنا ابو بكر بن ابي موسى عن ابيه قال اتى النبي صلى الله عليه وسلم سائل يسأله عن مواقيت الصلوة فلم يرد عليه شيئا فامر بلالا فاقام بالفجر حين انشق الفجر ثم امره فاقام بالظهر حين زالت الشمس والقائل يقول انتصف النهار وهو اعلم ثم امره فاقام بالعصر والشمس مرتفعة ثم امره فاقام

المغرب حين غربت الشمس ثم أمره فأقام بالعشاء حين غاب الشفق ثم أمره بالفجر من الغد حين انصرف والقائل يقول طلعت الشمس ثم أخر الظهر إلى قريب من وقت العصر بالأمس ثم أخر العصر حتى انصرف والقائل يقول احمرت الشمس ثم أخر المغرب حتى كان عند سقوط الشفق ثم أخر العشاء إلى ثلث الليل ثم قال الوقت فيما بين هذين

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ کے پاس ایک شخص آیا اور نماز کے اوقات دریافت کیے آپ ﷺ نے جواب نہیں دیا پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا تو بلال رضی اللہ عنہ نے اس وقت فجر کی اقامت کہی جب صبح صادق ہوئی پھر حکم دیا تو بلال رضی اللہ عنہ نے ظہر کی اذان کہی جب کہ آفتاب ڈھل گیا اور بعض کہنے والا کہتا کہ ابھی تو ٹھیک دوپہر ہے حالانکہ حضور اکرم ﷺ ان سب سے زیادہ جانتے تھے پھر حکم دیا بلال رضی اللہ عنہ نے عصر کی اذان کہی اس وقت آفتاب اونچا تھا پھر بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا تو بلال رضی اللہ عنہ نے مغرب کی اذان کہی جب کہ سورج غروب ہو گیا پھر بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا تو بلال رضی اللہ عنہ نے عشاء کی اذان کہی جب کہ شفق غائب ہو گئی پھر دوسرے دن فجر کی اذان کا بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا جب حضور اکرم ﷺ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو کہنے والا کہتا تھا کہ آفتاب نکلا ہی چاہتا ہے پھر ظہر میں تاخیر کی یہاں تک کہ کل کے وقت عصر کے قریب ہو گیا پھر عصر میں تاخیر کی یہاں تک کہ جب نماز سے فارغ ہوئے تو کہنے والا کہتا تھا کہ آفتاب سرخ ہو گیا پھر مغرب میں تاخیر کی یہاں تک کہ شفق چھپنے کے قریب ہو گئی پھر عشاء میں تاخیر کی یہاں تک کہ تہائی رات کے وقت پڑھی پھر پوچھنے والے سے فرمایا جو نمازیں تم نے دیکھیں ان کے درمیان تمہاری نماز کے اوقات ہیں۔

أخبرنا أحمد بن سليمان حدثنا زيد بن الحباب حدثنا خارجة بن عبد الله بن سليمان بن زيد بن ثابت قال حدثني الحسين بن بشير بن سلام عن أبيه قال دخلت أنا ومحمد بن علي على جابر بن عبد الله الأنصاري فقلنا له أخبرنا عن صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم وذاك زمن الحجاج بن يوسف قال خرج رسول الله صلى الله عليه وسلم فصلى الظهر حين زالت الشمس وكان الفيء قدر الشراك ثم صلى العصر حين كان الفيء قدر الشراك وظل الرجل ثم صلى المغرب حين غابت الشمس ثم صلى العشاء حين غاب الشفق ثم صلى الفجر حين طلع الفجر ثم صلى من الغد الظهر حين كان الظل طول الرجل ثم صلى العصر حين كان ظل الرجل مثليه قدر ما يسير الراكب سير العنق إلى ذي الحليفة ثم صلى المغرب حين غابت الشمس ثم صلى العشاء إلى ثلث الليل أو نصف الليل شك زيد ثم صلى الفجر فأسفر

حسین بن بشیر بن سلام نے اپنے والد کی روایت سے بیان کیا ہے کہ میرے والد نے کہا کہ حجاج بن یوسف کی امارت کے زمانہ میں میں اور محمد بن علی حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس گئے ہم نے ان سے کہا کہ ہمیں نبی کریم ﷺ کی نماز کے متعلق بتائیے تو انہوں نے کہا کہ رسول اکرم ﷺ نے ظہر کی نماز پڑھی جب کہ آفتاب ڈھل گیا اور سایہ تسمہ کے برابر

تھا پھر عصر کی نماز پڑھی جب کہ سایہ دو آدمی کے سایہ کے برابر تھا پھر مغرب کی نماز پڑھی جب کہ آفتاب چھپ گیا تھا پھر عشاء کی نماز پڑھی جبکہ شفق غائب ہو گئی پھر فجر کی نماز پڑھی جب کہ فجر طلوع ہوئی پھر دوسرے روز ظہر کی نماز پڑھی جب کہ سایہ آدمی کی لمبائی کے برابر تھا پھر عصر کی نماز پڑھی جبکہ آدمی کا سایہ اس کے دو مثل کے برابر ہو گیا تھا کہ فارغ ہونے کے بعد اتنا وقت رہا تھا کہ تیز رفتار سے چلنے والا سوار غروب آفتاب سے پہلے ذی الحلیفہ تک چلا جاتا پھر مغرب کی نماز پڑھی جبکہ آفتاب ڈوب گیا تھا پھر عشاء کی نماز پڑھی جبکہ آدھی رات یا تہائی رات ہو چکی تھی پھر فجر کی نماز روشنی میں پڑھی۔

تشریح اس میں کوئی اختلاف نہیں کہ مغرب کا اول وقت غروب کے بعد یعنی غروب آفتاب سے شروع ہوتا ہے البتہ اس کے آخر وقت میں کچھ اختلاف ہے ترمذی میں بعض اہل علم کا قول نقل کیا گیا ہے کہ نماز مغرب کے لیے صرف ایک ہی وقت ہے آخری وقت اس کے سوا نہیں ہے اور یہی قول ہے ابن المبارک اور امام شافعی کا ہے انہوں نے اس حدیث جبرئیل علیہ السلام سے استدلال کیا ہے جس میں مغرب کی نماز کی تعلیم ایک ہی وقت میں دینے کا بیان آیا ہے لیکن یہ قول غیر مختار ہے دلائل کے اعتبار سے قول مختار یہ ہے کہ مغرب کا وقت غروب شفق تک باقی رہتا ہے یہی قول امام ابوحنیفہ، امام احمد اور جمہور فقہاء کا ہے بلکہ محققین شوافع بھی اسی کے قائل ہیں۔

چنانچہ حضرت علامہ نووی نے لکھا ہے کہ ہمارے اصحاب میں سے محققین کا قول یہی ہے کہ اول وقت سے مغرب کی تاخیر میں کوئی کراہت نہیں ہے اور جب تک غروب شفق نہ ہو تاخیر جائز ہے اور اسی کو امام نووی نے ترجیح دی ہے اور یہی امام شافعی کا قول قدیم ہے۔

شوافع کے تحت کی روایت ہے جو حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ اور حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہیں جمہور فقہاء کے قول کی تائید ہوتی ہے بلکہ قولی روایت سے بھی قول جمہور کی تائید ہوتی ہے چنانچہ امام ترمذی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد مبارک نقل کیا ہے کہ ان اول وقت المغرب حین تغرب الشمس وان آخر وقتها حین یغیب الشفق" اس سے واضح طور پر مسلک جمہور کی تائید ہوتی ہے بہرحال جو حضرات آخر وقت مغرب کا غروب شفق تک رہنے کے قائل ہیں ان کا شفق کی تفسیر میں اختلاف ہے جس سے مغرب کے آخری وقت میں اختلاف ہوا جس کی تفصیل دلائل کے ساتھ پیچھے گزر چکی ہے۔

كراهية النوم بعد صلوة المغرب

نماز مغرب کے بعد سونا مکروہ ہے

أخبرنا محمد بن بشار حدثنا يحيى قال حدثنا عوف قال حدثني سيار بن سلامة قال دخلت على أبي برزة فسأله أبي كيف كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي المكتوبة قال كان يصلي الهجير التي تدعونها الأولى حين تدحض الشمس وكان يصلي العصر حين يرجع أحدنا إلى رحله في أقصى المدينة والشمس حية ونسيت ما قال في المغرب وكان يستحب أن يؤخر العشاء التي تدعونها العتمة

وكان يكره النوم قبلها والحديث بعدها وكان يصلي من صلوة الغداة حين يعرف الرجل جليسه وكان يقرأ بالستين الى المائة.

سیار بن سلامہ کہتے ہیں کہ میں ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو میرے والد نے ان سے دریافت کیا کہ رسول اللہ ﷺ فرض نمازیں کس طرح پڑھتے تھے؟ ابو برزہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ ظہر کی نماز جس کو تم پہلی نماز کہتے ہو زوال آفتاب کے بعد پڑھتے تھے، اور عصر اس وقت پڑھتے تھے کہ ہم میں سے کوئی شہر کے آخری کنارے تک جا کر واپس آ جاتا تھا اور آفتاب زندہ ہوتا تھا، اور مغرب کے بارے میں جو فرمایا وہ میں بھول گیا، [illegible] اور عشاء کو تاخیر کرنے کو پسند فرماتے تھے اور عشاء سے پہلے سونے کو اور اس کے بعد گفتگو کو ناپسند فرماتے تھے اور فجر کی نماز سے فارغ ہوتے تھے اس وقت کہ آدمی اپنے ساتھی کو پہچان لیتا تھا اور حضور ﷺ فجر کی نماز میں ساٹھ سے سو آیات تک پڑھتے تھے۔

تشریح اس حدیث کے راوی حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ ہیں جن کا اصل نام نضلہ بن عبید ہے۔ ظہر کے بارے میں فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ زوال آفتاب کے بعد ظہر کی نماز پڑھا کرتے تھے جس سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ حضور ﷺ ہمیشہ اول وقت میں ادا فرماتے تھے [illegible] دوسری احادیث سے [illegible] معلوم ہوتا ہے [illegible] کے خلاف نہیں ہے کیونکہ ہو سکتا ہے کہ زوال کے بعد سردی کے موسم میں پڑھتے ہوں گے، اور گرمی [illegible] پہلے [illegible] نماز کے پڑھتے ہوں گے۔ (واللہ تعالیٰ اعلم)

اس حدیث میں یہ بات کہ عشاء سے پہلے سونے اور اس کے بعد بات کرنے کو نبی کریم ﷺ اچھا نہیں سمجھتے تھے کیونکہ عشاء سے پہلے سونے کی صورت میں اندیشہ ہے کہ کہیں جماعت یا نماز فوت نہ ہو جائے [illegible] اور عشاء کے بعد باتوں میں مشغول ہونے سے [illegible] آخر شب میں نیند کا غلبہ ہوگا جس کی وجہ سے صبح کی نماز یا جماعت فوت ہونے کا اندیشہ ہے۔ اگر اس کا خطرہ نہ ہو [illegible] کے معاملات و حقوق [illegible] کی ادائیگی میں مصروف [illegible] رسول اللہ ﷺ [illegible] جیسا کہ اس روایت سے معلوم [illegible] حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی روایت سے بیان کیا ہے کہ ایک مرتبہ حضور اکرم ﷺ نے عشاء کی نماز میں دیر فرمائی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ کو [illegible] عورتیں اور بچے سو گئے [illegible] عشاء سے پہلے سونے پر حضور ﷺ نے انکار نہیں فرمایا جس سے معلوم ہوتا ہے کہ عشاء سے پہلے سونا [illegible] ہے۔

[illegible] حضور اکرم ﷺ [illegible] حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ [illegible] حدیث میں ہے کہ آخر [illegible] میں حضور اکرم ﷺ نے عشاء کی نماز سے سلام پھیرنے کے بعد فرمایا کہ کیا تم نے یہ رات دیکھی [illegible] اس وقت [illegible] ان میں سے کوئی [illegible] ایک صدی [illegible] ان میں سے کوئی بھی [illegible]

حضرت نعمان کا یہ علم ان کو خوب حاصل تھا جب کہ آپ کی وفات کے بعد پیدا ہوئے۔

نیز حضرت عمر ﷺ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ رات تک امور مسلمین کے بارے میں حضرت ابوبکر ﷺ سے باتیں کیا کرتے اور میں بھی شریک ہوتا تھا۔ (رواہ الترمذی والنسائی)

تو ان روایات سے عشاء کے بعد باتیں کرنے کی اجازت ثابت ہے اب بظاہر تعارض ہے اور دفع تعارض کی صورت یہ ہے کہ ممانعت سے پہلے سونا منع اس لیے ہے کہ نماز عشاء فوت ہونے کا خطرہ ہے خصوصاً جب کہ سونا اچھی طرح ہو اور سوتے وقت کوئی جگانے والا نہ ہو اور وقت عشاء سے پہلے سو جانے سے لیکن بات یہ ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اسی صورت میں اور عشاء کے بعد مطلقاً باتیں کرنے کی کراہت ثابت نہیں ہوتی ہے بلکہ حکمت یہ ہے کہ دنیا کی باتیں کرنے سے منع کیا گیا ہے دینی باتیں یا علمی مذاکرہ یا امور مرضیات الٰہی کا کام ہو تو جو حضرت نعمان ہی جن کا علم حاصل کر عشاء کے بعد جاگتے رہیں تو یہ مکروہ نہیں ہے اس سے دونوں قسم کی روایات میں کوئی تعارض نہیں رہا۔

اول وقت العشاء

عشاء کے اول وقت کا بیان

أخبرنا سويد بن نصر حدثنا عبد الله بن المبارك عن حسين بن علي بن حسين قال أخبرني وهب بن كيسان حدثنا جابر بن عبد الله قال جاء جبريل عليه السلام إلى النبي صلى الله عليه وسلم حين زالت الشمس فقال قم يا محمد فصل الظهر حين مالت الشمس ثم مكث حتى إذا كان فيء الرجل مثله جاءه للعصر فقال قم يا محمد فصل العصر ثم مكث حتى إذا غابت الشمس جاءه فقال قم فصل المغرب فقام فصلاها حين غابت الشمس سواء ثم مكث حتى إذا ذهب الشفق جاءه فقال قم فصل العشاء فقام فصلاها ثم جاءه حين سطع الفجر في الصبح فقال قم يا محمد فصل فقام فصلى الصبح ثم جاءه من الغد حين كان فيء الرجل مثله فقال قم يا محمد فصل فصلى الظهر ثم جاءه جبريل عليه السلام حين كان فيء الرجل مثليه فقال قم يا محمد فصل فصلى العصر ثم جاءه للمغرب حين غابت الشمس وقتا واحدا لم يزل عنه فقال قم فصل فصلى المغرب ثم جاءه للعشاء حين ذهب ثلث الليل الأول فقال قم فصل فصلى العشاء ثم جاءه للصبح حين أسفر جدا فقال قم فصل فصلى الصبح فقال ما بين هذين وقت كله

حضرت جابر بن عبداللہ ﷺ سے روایت ہے کہ حضرت جبرئیل ﷺ سورج کے ڈھلنے کے وقت تشریف لائے اور فرمایا کہ اے محمد اٹھو اور ظہر کی نماز پڑھو جس وقت سورج ڈھل چکا تھا پھر ٹھہرے رہے یہاں تک کہ جب آدمی کا سایہ اس کے مثل ہو گیا (سوائے سایہ اصلی کے) تو عصر کے وقت تشریف لائے اور فرمایا کہ اے محمد عصر کی نماز پڑھو پھر ٹھہرے رہے یہاں تک کہ جب سورج غروب ہو گیا تو

پھر تشریف لائے اور فرمایا کہ اٹھو مغرب کی نماز پڑھو تو آپ کھڑے ہوئے اور مغرب کی نماز پڑھی جب کہ غروب آفتاب ہو گیا پھر حضرت جبرئیل علیہ السلام ٹھہر گئے حتیٰ کہ جب شفق (سرخی یا سپیدی) غائب ہو گئی تو آپ ﷺ کے پاس آئے اور فرمایا کہ اٹھو اور عشاء کی نماز پڑھو آپ ﷺ کھڑے ہوئے اور عشاء ادا فرمائی اس کے بعد حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے جس وقت کہ صبح صادق ہو گئی اور فرمایا کہ اٹھو اور نماز پڑھو آپ ﷺ کھڑے ہوئے اور صبح کی نماز ادا فرمائی پھر دوسرے دن حضرت جبرئیل علیہ السلام اس وقت آئے جب کہ آدمی کا سایہ اس کے ایک مثل کے برابر ہو گیا تھا اور فرمایا اٹھو نماز پڑھو تو آپ ﷺ نے ظہر کی نماز ادا فرمائی پھر اس کے بعد جبرئیل علیہ السلام اس وقت آئے جب آدمی کا سایہ اس کے دو مثل ہو چکا تھا فرمایا کہ اٹھو نماز پڑھو تو آپ ﷺ نے عصر کی نماز ادا فرمائی پھر مغرب کے وقت تشریف لائے ایک ہی وقت میں اس سے ذرا پیچھے نہیں ہوئے اور فرمایا کہ اٹھو نماز پڑھو آپ ﷺ نے نماز مغرب ادا فرمائی پھر عشاء کے لئے اس وقت آئے جب کہ رات کا پہلا تہائی حصہ گزر چکا تھا اور فرمایا کہ اٹھو نماز پڑھو تو آپ ﷺ نے نماز عشاء ادا فرمائی پھر صبح کے وقت آئے جبکہ خوب روشنی ہو گئی تھی اور فرمایا کہ اٹھو اور نماز پڑھو تو آپ ﷺ نے صبح کی نماز ادا فرمائی اس کے بعد حضرت جبرئیل علیہ السلام نے فرمایا کہ ان دونوں وقتوں کا درمیانی حصہ بھی نماز کا وقت ہے۔

تعجیل العشاء

نماز عشاء کو جلدی ادا کرنے کا بیان

اخبرنا عمرو بن علي ومحمد بن بشار قالا حدثنا محمد حدثنا شعبة عن سعد بن ابراهيم عن محمد بن عمرو بن حسن قال قدم الحجاج فسألنا جابر بن عبد الله فقال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي الظهر بالهاجرة والعصر والشمس بيضاء نقية والمغرب اذا وجبت الشمس والعشاء احيانا كان اذا رآهم قد اجتمعوا عجل واذا رآهم قد ابطئوا اخر

محمد بن عمرو بن حسن روایت کرتے ہیں کہ حجاج بن یوسف آیا تو ہم نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا (نماز کے اوقات کے بارے میں) انہوں نے فرمایا کہ رسول کریم ﷺ ظہر کی نماز شروع زوال کے وقت پڑھتے تھے اور عصر کی نماز ایسے وقت میں پڑھتے تھے کہ سورج روشن صاف ہوتا تھا اور مغرب کی نماز پڑھتے تھے جب کہ آفتاب غروب ہو جاتا اور عشاء کی نماز کبھی جلدی پڑھتے جبکہ دیکھتے کہ لوگ جمع ہو گئے ہیں اور کبھی تاخیر سے پڑھتے تھے جب دیکھتے کہ لوگوں نے دیر کر دی۔

تشریح حجاج بن یوسف بنی امیہ کی امارت کے دور میں نمازیں بہت زیادہ تاخیر سے پڑھتا تھا اس لئے لوگوں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے نماز کے اوقات مستحبہ کے بارے میں پوچھا انہوں نے اس کا جواب دیا جس کی تفصیل اس حدیث میں ہے بعض روایات میں آیا ہے کہ دو آدمیوں کی نماز ایک شخص کے ساتھ زیادہ ثواب رکھتی ہے اکیلے کی نماز سے اور دو شخصوں کے ساتھ زیادہ ثواب رکھتی ہے ایک شخص کے ساتھ کی نماز سے اور جس قدر زیادہ ہوں تو وہ زیادہ محبوب ہے اللہ تعالیٰ کے نزدیک۔ شاید اسی

کیونکہ نماز عصر رسول کریم ﷺ کا معمول ہونا حدیث میں مذکور ہے۔ (واللہ تعالیٰ اعلم)

باب الشفق

شفق کا بیان

اخبرنا محمد بن قدامة قال حدثنا جرير عن رقبة عن جعفر بن اياس عن حبيب بن سالم عن النعمان بن بشير قال انا اعلم الناس بميقات هذه الصلاة صلاة العشاء الآخرة كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصليها لسقوط القمر لثالثة

حضرت نعمان بن بشیر سے روایت ہے کہ میں لوگوں میں سب سے زیادہ اس نماز عشاء کا وقت جانتا ہوں۔ رسول اکرم ﷺ عشاء کی نماز تیسری رات کا چاند غروب ہونے کے وقت پڑھتے تھے۔

اخبرنا عثمان بن عبد الله قال حدثنا عفان قال حدثنا ابو عوانة عن ابي بشر عن بشير بن ثابت عن حبيب بن سالم عن النعمان بن بشير قال والله اني لاعلم الناس بوقت هذه الصلاة صلاة العشاء الآخرة كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصليها لسقوط القمر لثالثة

حضرت نعمان بن بشیر سے روایت ہے کہ خدا کی قسم! میں لوگوں میں سب سے زیادہ اس نماز یعنی عشاء کی نماز کا وقت جانتا ہوں آپ ﷺ اس کو تیسری رات کا چاند غروب ہونے کے وقت پڑھتے تھے۔

تشریح حاصل یہ ہے کہ تیسری تاریخ کا چاند شفق غائب ہونے کے قریب چھپ جاتا ہے اس سے امام شافعی کے مسلک کی تائید ہوتی ہے کہ شفق سرخی ہے جو کہ مغرب کے بعد ہوتی ہے وہ چھپ جائے تب عشاء کا وقت شروع ہو جاتا ہے اس لیے اس سے معلوم ہوا کہ شفق شام کا فصل ہے۔

بعض لوگ کہتے ہیں کہ یہ دلیل قول صحیح نہیں ہے بلکہ مطلب یہ ہے کہ تیسری رات کا چاند شفق غائب ہونے کے قریب چھپ جاتا ہے لیکن تیسری رات کا چاند غائب ہونے میں تھوڑا سا فصل ہوتا ہے اور بعض حضرات نے جواب دیا ہے کہ جس وقت شفق کے بعد تیسری رات کا چاند غروب ہوتا ہے جبکہ شفق احمر اس سے بہت پہلے چھپ جاتی ہے لہٰذا اس حدیث سے حضرت امام شافعی کا مسلک ثابت نہیں ہوتا۔ (واللہ تعالیٰ اعلم)

ما يستحب من تاخير العشاء

تاخیر عشاء مستحب ہونے کا بیان

اخبرنا سويد بن نصر قال انبانا عبد الله عن عوف عن سيار بن سلامة قال دخلت انا وابي على ابي برزة الاسلمي ﷺ فقال له ابي اخبرنا كيف كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي المكتوبة قال كان يصلي الهجير التي تدعونها الاولى حين تدحض الشمس وكان يصلي العصر ثم يرجع احدنا الى

رحله في أقصى المدينة والشمس حية قال ونسيت ما قال في المغرب قال وكان يستحب أن يؤخر صلاة العشاء التي تدعونها العتمة قال وكان يكره النوم قبلها والحديث بعدها وكان ينفتل من صلاة الغداة حين يعرف الرجل جليسه وكان يقرأ بالستين إلى المائة

[illegible]

أخبرني إبراهيم بن الحسن ويوسف بن سعيد واللفظ له قالا حدثنا حجاج عن ابن جريج قال قلت لعطاء أي حين أحب إليك أن أصلي العتمة إماما أو خلوا قال سمعت ابن عباس يقول أعتم رسول الله صلى الله عليه وسلم ذات ليلة بالعتمة حتى رقد الناس واستيقظوا ورقدوا واستيقظوا فقام عمر فقال الصلاة الصلاة قال عطاء قال ابن عباس خرج نبي الله صلى الله عليه وسلم كأني أنظر إليه الآن يقطر رأسه ماء واضعا يده على شق رأسه قال وأشار فاستثبت عطاء كيف وضع النبي صلى الله عليه وسلم يده على رأسه فأومأ إلي كما أشار ابن عباس فبدد لي عطاء بين أصابعه بشيء من تبديد ثم وضعها فانتهى أطراف أصابعه إلى مقدم الرأس ثم ضمها يمر بها كذلك على الرأس حتى مست إبهامه طرف الأذن مما يلي الوجه ثم على الصدغ وناحية اللحية لا يقصر ولا يبطش بشيء إلا كذلك ثم قال لولا أن أشق على أمتي لأمرتهم أن لا يصلوها إلا هكذا

[illegible]

موذن ﷺ نے اشارہ سے ... حضرت ابن جریج فرماتے ہیں کہ ... وقت ... آپ ﷺ اپنا ہاتھ مبارک سر پر رکھ کر ... گئے ہوئے تھے ... بیان ... ﷺ نے اشارہ کے طور پر ... حضرت عطاء ... کے ... ہوئے ... نے اپنی انگلیوں اور ... طرف سے ... آپ ﷺ ... طرح ... پھر ... دونوں انگوٹھے ... کے کنارہ ... پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ... ہوتی ... تو میں ان کو حکم دیتا ... اسی وقت نماز پڑھا کریں۔

أخبرنا محمد بن منصور المكي قال حدثنا سفيان عن عمرو عن عطاء عن ابن عباس وعن ابن جريج عن عطاء عن ابن عباس قال أخر النبي صلى الله عليه وسلم العشاء ذات ليلة حتى ذهب من الليل فقام عمر رضي الله عنه فنادى الصلاة يا رسول الله رقد النساء والولدان فخرج رسول الله صلى الله عليه وسلم والماء يقطر من رأسه وهو يقول إنه الوقت لولا أن أشق على أمتي

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ایک رات عشاء کی نماز میں تاخیر فرمائی ... حضرت عمر رضی اللہ عنہ ... اور آواز دی ... عورتیں اور بچے سو گئے پھر جناب رسول اللہ ﷺ باہر تشریف لائے ... آپ ﷺ کے سر مبارک سے پانی کے قطرے ... رہے تھے ... یہی وقت نماز کا ہے اگر مجھ کو امت پر مشقت ... ہوتی تو میں ... حکم دیتا۔

أخبرنا قتيبة قال حدثنا أبو عوانة عن سماك عن جابر بن سمرة قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يؤخر العشاء الآخرة

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ عشاء کی نماز میں تاخیر فرمایا کرتے تھے۔

أخبرنا محمد بن منصور قال حدثنا سفيان قال حدثنا أبو الزناد عن الأعرج عن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لولا أن أشق على أمتي لأمرتهم بتأخير العشاء وبالسواك عند كل صلاة

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ مجھ کو اگر امت پر مشقت کا خیال نہ ہوتا تو میں ان کو حکم کرتا کہ عشاء کی نماز تاخیر سے پڑھیں اور ہر ایک نماز کے وقت مسواک کرنے کا حکم دیتا۔

آخر وقت العشاء

عشاء کے آخری وقت کا بیان

أخبرنا عمرو بن عثمان قال حدثنا ابن حمير قال حدثنا ابن أبي حمزة عن الزهري وأخبرنا عمرو بن

عثمان قال حدثني ابي عن شعيب عن الزهري عن عروة عن عائشة قالت اعتم رسول الله صلى الله عليه وسلم ليلة بالعتمة فناداه عمر رضي الله عنه نام النساء والصبيان فخرج رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال وما ينتظرها غيركم ولم يكن يصلي يومئذ الا بالمدينة ثم قال صلوها فيما بين ان يغيب الشفق الى ثلث الليل واللفظ لابي عثمان

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے ایک رات عشاء کی نماز میں تاخیر کی پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اکرم ﷺ کو پکارا کہ عورتیں اور بچے سو گئے ہیں تو رسول اکرم ﷺ باہر تشریف لائے اور فرمایا تمہارے علاوہ کوئی اس نماز کا انتظار نہیں کر رہا اور اس وقت مدینہ منورہ کے علاوہ کہیں بھی نماز ادا نہیں کی جاتی تھی پھر ارشاد فرمایا کہ اس نماز کو غروب شفق سے تہائی رات گزرنے کے درمیانی وقت میں پڑھو۔ روایت کے یہ الفاظ ابو عثمان کے ہیں۔

اخبرنا ابراهيم بن الحسن ثنا حجاج قال قال ابن جريج وحدثني يوسف بن سعيد حدثنا حجاج عن ابن جريج قال اخبرني المغيرة بن حكيم عن ام كلثوم ابنة ابي بكر انها اخبرته عن عائشة ام المؤمنين قالت اعتم النبي صلى الله عليه وسلم ذات ليلة حتى ذهب عامة الليل وحتى نام اهل المسجد ثم خرج فصلى وقال انه لوقتها لولا ان اشق على امتي

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ ایک رات حضور ﷺ نے عشاء کی نماز میں دیر کر دی یہاں تک کہ رات کا اکثر حصہ گزر گیا اور اہل مسجد سو گئے پھر حضور ﷺ تشریف لائے اور نماز پڑھی پھر فرمایا کہ اگر مجھے اپنی امت کی مشقت کا اندیشہ نہ ہوتا تو اسی وقت میں نماز عشاء ادا کرنے کا حکم دیتا۔

اخبرنا اسحاق بن ابراهيم انبانا جرير عن منصور عن الحكم عن نافع عن ابن عمر قال مكثنا ذات ليلة ننتظر رسول الله صلى الله عليه وسلم لعشاء الآخرة فخرج علينا حين ذهب ثلث الليل او بعده فقال حين خرج انكم لتنتظرون صلاة ما ينتظرها اهل دين غيركم ولولا ان يثقل على امتي لصليت بهم هذه الساعة ثم امر المؤذن فاقام ثم صلى

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ ہم لوگ ایک رات عشاء کی نماز کے لئے رسول اللہ ﷺ کا انتظار کرتے رہے پھر جناب رسول اللہ ﷺ اس وقت ہمارے پاس تشریف لائے جب تہائی رات گزر چکی تھی یا اس کے کچھ بعد پھر جب تشریف لائے تو فرمایا کہ تم لوگ ایسی نماز کا انتظار کر رہے ہو کہ تمہارے علاوہ کوئی دین والا اس کا انتظار نہیں کرتا اور اگر میری امت پر یہ بات گراں نہ ہوتی تو میں انہیں اسی وقت نماز پڑھاتا پھر آپ ﷺ نے مؤذن کو حکم دیا اس نے اقامت کی پھر آپ ﷺ نے نماز پڑھائی۔

اخبرنا عمران بن موسى حدثنا عبد الوارث حدثنا داود عن ابي نضرة عن ابي سعيد الخدري قال صلى بنا رسول الله صلى الله عليه وسلم صلاة المغرب ثم لم يخرج الينا حتى ذهب شطر الليل فخرج

فصلى بهم ثم قال إن الناس قد صلوا وناموا وأنتم لم تزالوا في صلاة ما انتظرتم الصلاة ولولا ضعف الضعيف وسقم السقيم لأمرت بهذه الصلاة أن تؤخر إلى شطر الليل

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم ﷺ نے ہمیں نماز مغرب پڑھائی پھر تقریباً نصف رات گزرنے تک تشریف نہیں لائے اس کے بعد تشریف لائے اور نماز پڑھائی پھر فرمایا: تمام لوگ نماز پڑھ کر سو گئے اور تم نماز میں مشغول رہے جب تک تم نماز کا انتظار کرتے رہے اور اگر ضعیف کا ضعف اور بیمار کی بیماری نہ ہوتی تو میں اس نماز کے بارے میں یہ حکم کرتا کہ اسے آدھی رات تک مؤخر کیا جائے۔

أخبرنا علي بن حجر قال أخبرنا إسماعيل ح وأخبرنا محمد بن المثنى قال حدثنا خالد قالا حدثنا حميد قال سئل أنس هل اتخذ النبي صلى الله عليه وسلم خاتما قال نعم أخر ليلة صلاة العشاء الآخرة إلى قريب من شطر الليل فلما أن صلى أقبل النبي صلى الله عليه وسلم علينا بوجهه ثم قال إنكم لن تزالوا في صلاة ما انتظرتموها قال أنس كأني أنظر إلى وبيص خاتمه في حديث علي وهو ابن حجر إلى شطر الليل

حضرت حمید فرماتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ کیا نبی اکرم ﷺ نے انگوٹھی بنائی تھی؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہاں ایک رات آپ ﷺ نے عشاء کی نماز کو نصف شب کے قریب تک مؤخر کر دیا پھر جب نماز پڑھ چکے تو ہماری جانب متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ جب تک تم نماز کا انتظار کرتے رہے گویا کہ تم نماز ہی میں ہوتے ہو۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں گویا کہ میں آپ ﷺ کی انگوٹھی کی چمک دیکھ رہا ہوں۔ علی بن حجر کی حدیث میں نصف شب تک کے الفاظ ہیں۔

تشریح یہ بات معلوم ہو چکی ہے کہ عشاء کا اول وقت شفق غائب ہونے کے بعد شروع ہوتا ہے جبکہ آخری وقت کی تعیین کے بارے میں احادیث میں لفظی اختلاف ہے۔

حضرت ابن عباس، ابوموسیٰ اشعری، ابوسعید خدری رضی اللہ عنہم کی روایات میں ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے عشاء کو نصف رات تک مؤخر کیا اور حضرت ابوہریرہ اور حضرت انس رضی اللہ عنہما کی روایات میں ہے کہ تہائی رات ہونے تک مؤخر کیا اور ابن عمر رضی اللہ عنہ نے تہائی رات تک تاخیر کرنا بیان کی ہے اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں عامۃ اللیل کا لفظ فرمایا ہے یعنی حضور اکرم ﷺ نے عشاء کی نماز اس وقت پڑھی جب کہ اکثر رات گزر چکی تھی یہ سب احادیث صحیح مسلم میں موجود ہیں۔

امام طحاوی نے فرمایا کہ ان روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ تمام رات عشاء کی نماز کا وقت ہے لیکن مراتب کا فرق ہے اول وقت سے ایک تہائی رات تک افضل ہے اس کے بعد نصف رات تک فضیلت کم ہے اور نصف کے بعد سب سے کم درجہ ہے۔

غرض یہ ہے کہ ان اوقات میں سے کسی وقت کو مکروہ نہیں کہہ سکتے جیسا کہ حدیث سے ثابت ہے کہ نصف رات اور دو تہائی رات تک بلکہ اس کے بعد بھی نبی کریم ﷺ نے عشاء پڑھی اب بعض لوگوں کا کہنا کہ نصف رات کے بعد وقت مکروہ ہے اس کی کوئی حقیقت نہیں ہے۔

مزید تفصیل شروحات حدیث میں ملاحظہ ہو۔

الرخصة في أن يقال للعشاء العتمة

عشاء کو عتمہ کہنے کی رخصت کا بیان

أخبرنا عتبة بن عبد الله قال قرئ على مالك بن أنس والحارث بن مسكين قراءة عليه وأنا أسمع عن ابن القاسم قال حدثني مالك عن سمي عن أبي صالح عن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لو يعلم الناس ما في النداء والصف الأول ثم لم يجدوا إلا أن يستهموا عليه لاستهموا ولو يعلم الناس ما في التهجير لاستبقوا إليه ولو علموا ما في العتمة والصبح لأتوهما ولو حبوا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کہ اگر لوگ اس ثواب کو جان لیتے جو اذان اور صف اول میں ہے پھر بغیر قرعہ اندازی کے اس کو حاصل نہ کر پاتے تو ضرور وہ قرعہ اندازی کرتے اور اگر لوگ ظہر کی نماز کے لئے سویرے جانے کے ثواب کو جان لیتے تو ضرور وہ لوگ اس کی طرف دوسرے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرتے اور اگر لوگ اس ثواب کو جان لیتے جو عتمہ (عشاء) اور فجر کی نماز میں ہے تو ان دونوں کی جماعت میں ضرور شامل ہوتے اگرچہ گھٹنوں کے بل چلنا پڑتا۔

الكراهية في ذلك

لفظ عتمہ کی کراہت کا بیان

أخبرنا أحمد بن سليمان قال حدثنا يزيد قال أنبأنا ... عن سفيان عن عبد الله بن أبي لبيد عن أبي سلمة عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تغلبنكم الأعراب على اسم صلاتكم هذه فإنهم يعتمون على الإبل وإنها العشاء

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ دیہاتی لوگ تمہاری نماز کے نام پر ہرگز غالب نہ آئیں کیونکہ وہ لوگ اونٹنیوں کا دودھ دوہنے کی وجہ سے عشاء میں دیر کرتے ہیں اور یہ لوگ اس کو عتمہ کہتے ہیں حالانکہ وہ حقیقت میں عشاء ہے۔

أخبرنا سويد بن نصر قال حدثنا عبد الله بن المبارك عن ابن عيينة عن عبد الله بن أبي لبيد عن أبي سلمة بن عبد الرحمن عن ابن عمر رضي الله عنه قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول على المنبر لا تغلبنكم الأعراب على اسم صلاتكم ألا إنها العشاء

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم ﷺ کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا کہ تم پر دیہاتی لوگ تمہاری نماز کے نام پر غالب نہ آ جائیں تم لوگ سن لو کہ وہ عشاء کی نماز ہے۔

تشریح عرب کے گنوار لوگ جب رات ہو جاتی تو اونٹنیوں کا دودھ دوہنا شروع کرتے تھے اور اس سے فارغ ہونے میں دیر ہو جاتی تھی اور وقت اندھیرا ہو جاتا تھا اس کے بعد وہ عشاء پڑھنے جاتے تھے اس لئے وہ اس کو صلوٰۃ العتمہ کہتے تھے عتمہ کے معنی

میں ادا فرمانا ثابت اندھیرا

تشریح: احادیث میں اس نماز کے ... [illegible] ... کہ نماز عصر کا وقت ... [illegible]

... [illegible] ... روایات سے ثابت ہے کہ ... [illegible]

... [illegible] ... سے معلوم ہوتی ہے ...

... [illegible] ...

... [illegible] ...

... [illegible] ... (واللہ تعالیٰ اعلم)

اول وقت الصبح

نماز صبح کے اول وقت کا بیان

اخبرنا ابراهيم بن هارون حدثنا حاتم بن اسماعيل قال حدثنا جعفر بن محمد بن علي بن الحسين عن ابيه عن جابر بن عبدالله ان النبي صلى رسول الله صلى الله عليه وسلم الصبح حين تبين له الصبح

حضرت جابر بن عبداللہ ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے نماز فجر اس وقت پڑھی جس وقت کہ آپ ﷺ کے سامنے صبح ظاہر ہو گئی۔

اخبرنا علي بن حجر حدثنا اسماعيل حدثنا حميد عن انس ان رجلا سأل النبي صلى الله عليه وسلم عن وقت صلاة الغداة فلما اصبحنا من الغد امر حين انشق الفجر ان تقام الصلاة فصلى بنا فلما كان من الغد اسفر ثم امر فاقيمت الصلاة فصلى بنا ثم قال اين السائل عن وقت الصلاة ما بين هذين وقت

حضرت انس ؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر فجر کی نماز کے وقت کے بارے میں آپ ﷺ سے دریافت کیا جب صبح ہوئی تو آپ ﷺ نے طلوع فجر کے وقت نماز کے لئے اقامت کا حکم فرمایا اور نماز پڑھائی پھر جب اگلے روز روشنی ہو گئی تو اس وقت نماز کے لئے تکبیر کا حکم فرمایا پھر نبی ﷺ نے نماز پڑھائی پھر ارشاد فرمایا نماز کے وقت کے بارے میں سوال کرنے والا کہاں ہے؟ ان دونوں اوقات کے درمیان نماز کا وقت ہے۔

التغليس في الحضر

حالت حضر میں اندھیرے میں نماز پڑھنے کا بیان

اخبرنا قتيبة عن مالك عن يحيى بن سعيد عن عمرة عن عائشة قالت ان كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ليصلي الصبح فينصرف النساء متلفعات بمروطهن ما يعرفن من الغلس

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ صبح کی نماز پڑھا کرتے تھے پھر عورتیں اپنی چادروں میں لپٹی ہوئی واپس ہوتی تھیں وہ اندھیرے کی وجہ سے پہچانی نہیں جاتی تھیں۔

اخبرنا اسحق بن ابراهيم حدثنا سفيان عن الزهري عن عروة عن عائشة قالت كن النساء يصلين مع رسول الله صلى الله عليه وسلم الصبح متلففات بمروطهن فيرجعن فما يعرفهن احد من الغلس.

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ عورتیں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ صبح کی نماز پڑھتی تھیں اپنی چادروں میں لپٹی ہوئی پھر واپس ہوتی تھیں اندھیرے کی وجہ سے ان کو کوئی نہیں پہچانتا تھا۔

تشریح: یہ دلیل اس بات پر ہے کہ غلس (اندھیرے) میں نماز فجر شروع کی جائے جیسا کہ معروف مذہب ہے امام شافعی اور ان کے پیروکاروں کے نزدیک صبح کی نماز غلس میں پڑھنا افضل ہے اور حنفیہ کے نزدیک اسفار میں تو تحقیق سے معلوم ہوا کہ خلاف صرف افضلیت میں ہے ورنہ دونوں جائز ہیں۔

لیکن یہ حدیث باب ہے جو شافعیؒ کے دلائل میں سے ایک مضبوط دلیل ہے اس سے غلس میں نماز پڑھنے کا ثبوت ہوتا ہے حنفیہ چونکہ اسفار کو مستحب سمجھتے ہیں یہ حدیث ان کے خلاف ہے ان کی طرف سے بعض حضرات نے اس حدیث کا یہ جواب دیا ہے کہ غلس سے مراد مسجد کے اندر کا اندھیرا ہے کیونکہ اگرچہ باہر اجالا ہو جاتا ہو پھر بھی ہم مشاہدہ کرتے ہیں کہ مسجد کے اندر چھت کے ہونے سے تاریکی ہوتی ہے حالانکہ باہر صحن میں روشنی پھیل جاتی ہے لیکن محققین کہتے ہیں کہ یہ کوئی تحقیقی جواب نہیں ہوا کیونکہ اس زمانے میں مسجد کی روشنی اور ... یہی وجہ ہے کہ غلس مسجد پر محمول کرنا درست نہیں ہے۔

پھر حدیث میں "ما یعرفن من الغلس" کے الفاظ آئے ہیں جس سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ عدم شناخت مسجد سے نکلنے کے بعد بھی تھی چھت کی وجہ سے نہیں بلکہ معلوم ہوتا ہے کہ نماز سے فارغ ہونے کے بعد واپسی کے وقت ایک دوسرے کو نہیں پہچان سکتا تھا بعض روایت میں ہے کہ بعض عورتیں بعض کو نہیں پہچان سکتی تھیں یہ تو ظاہر ہے کہ ہم جنس ہونے کی وجہ سے شناخت کوئی مشکل نہ تھی مگر ان کا نہ پہچاننا اس بات کی دلیل ہے کہ غلس کی وجہ سے پہچانی نہیں جاتی تھیں غرض صورتوں کی تلاش سے معلوم ہوا کہ اکثر احادیث سے غلس میں پڑھنے کا ثبوت ہوتا ہے اب اگر ضعیف روایت یا مسلک کے مطابق بنانے کے لئے خلاف ظاہر تاویل کی جائے تو یہ انصاف کے خلاف ہے۔ لیکن درست یہ ہے کہ غلس بلا شبہ ثابت ہے ایسا ہی روایت سے اسفار بھی ثابت ہے جس کی افضلیت کے احناف قائل ہیں چنانچہ اسی کتاب میں عنقریب اس سے متصل باب الاسفار کے تحت ان احادیث سے مسلک حنفیہ کی تائید ہوتی ہے اور یہ قوی حدیث ہے جس میں فجر میں اسفار کا حکم دیا گیا ہے اسفار کے ساتھ ثواب زیادہ ہے اور یہ حدیث ایک جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم سے الفاظ مختلفہ کے ساتھ مروی ہے اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے عجیب بات ہے کہ بعض شافعیہ نے اسفار کی حدیث میں غیر ضروری تاویل کی ہے چنانچہ علامہ خیر سے منقول ہے کہ وہ اس کے معنی بتاتے ہیں کہ صبح صادق اور صبح کاذب میں خوب اچھی طرح شناخت کر لو اس طرح کہ شبہ نہ رہے یہ تاویل بالکل نامناسب ہے اس لئے کہ جب تک صبح صادق ہونا معلوم نہ ہو جائے تو نماز درست ہونے کا حکم ہی نہیں ہو سکتا چہ جائے کہ اس پر ثواب

تو دوسری کتاب پالا کی روایت میں "فانہ اعظم للاجر" آیا ہے جو صیغہ تفضیل ہے بتاتا ہے کہ اجر غلس میں بھی ہے یہاں افضلیت وافضلیت اسفار میں ہے۔

اس سے واضح ہوا کہ حدیث اسفروا بالفجر کی غرض وہی ہے جو احناف نے بیان کی کہ فجر کی نماز کو تاخیر سے اسفار کے وقت میں پڑھا جائے اس صورت میں صیغہ تفضیل کا مفہوم اپنی جگہ صحیح رہے گا بخلاف اس معنی کے جو علماء شوافع نے بیان کئے ہیں وہ حدیث کے سیاق وسباق کے خلاف ہونے کی وجہ سے ناقابل تسلیم ہے۔

غرض کہ اس تقریر مذکور سے واضح ہو گیا کہ احادیث سے تغلیس اور اسفار دونوں کا ثبوت ہے اب اگر شافعیہ تغلیس کو افضل کہیں کیونکہ اس میں مبادرت ومسارعت ہے اور احتیاط قوی ہے اور حنفیہ اسفار کو افضل کہیں کیونکہ اس سے تکثیر جماعت ہوگی اور اس سے اجر زیادہ ثواب ہوگا تو دونوں کا قول صحیح ہے جیسا کہ ایک ماہر تفسیر اور ایک ماہر حدیث دونوں کی وجوہ افضل ہوں گے اسی طرح اس بحث ومسئلہ میں بھی لیں اور جب دونوں فریق کا قول صحیح ہے تو پھر کسی پر تنقید نہیں کی جائے گی۔

علاوہ اس کے اصولی طور پر مسلک حنفیہ قابل ترجیح ہونا چاہیے کیونکہ اسفار کی روایت قولی ہے اور غلس کی روایات تمام فعلی ہیں چنانچہ اصول کے لحاظ سے تعارض کی صورت میں حدیث قولی کو فعلی پر ترجیح دی جاتی ہے مگر شافعین نے اس اصول کو نظر انداز کر کے دوسرا طریقہ لیا ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ ٹھیک ہے کہ بیشک قولی حدیث کو فعلی پر ترجیح ہے لیکن کیا علی الاطلاق قولی حدیث کو فعلی پر ترجیح ہے یا کوئی تفصیل ہے ہم تو یہ سمجھتے ہیں کہ حدیث قولی کو ایسے فعل پر ترجیح ہے جو اتفاقاً کبھی کبھار واقع ہوا ہو لیکن یہاں تو معاملہ اس کے برعکس ہے چنانچہ حضرت ابی مسعود رضی اللہ عنہ انصاری کی حدیث جو صحیح الاسناد ہے مذکور ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے ایک بار صبح کی نماز غلس میں پڑھی تھی اور دوسری بار اسفار میں ادا کی پھر حضور ﷺ کی نماز تغلیس میں ہوتی یہاں تک کہ دنیا کو چھوڑا۔

(رواہ ابو داؤد وابن حبان)

تو اس روایت سے اور اسی طرح حضرت عائشہ وغیرہ کی روایات سے دائمی تغلیس ثابت ہوتی ہے چنانچہ ایسے دوامی فعل پر ترجیح کا کوئی حق نہیں ہے۔ (واللہ تعالیٰ اعلم)

امام طحاوی نے ٹھیک توجیہ کی ہے جس کو علامہ ابن تیمیہ وغیرہ نے بھی پسند کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ نماز فجر کی ابتداء غلس میں اور ختم اسفار میں ہو جائے اب کوئی تعارض نہیں ہے دونوں قسم کی احادیث پر عمل کرنا اسی طرح سے ممکن ہے اور امام طحاوی نے یہ بھی لکھ دیا ہے کہ یہی ائمہ ثلاثہ کا قول ہے مگر ہدایہ وغیرہ میں ہمارے ائمہ ثلاثہ رحمہم اللہ سے ظاہر روایت یہ بیان کی ہے کہ شروع نماز بھی اسفار میں ہو اور ختم بھی اسفار میں ہو اب بظاہر امام طحاوی کی روایت اور ظاہر الروایت میں اختلاف ہے بعض محققین نے اس کا حل کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ کچھ اختلاف نہیں ہے کیونکہ اسفار کی ابتداء بہ نسبت انتہاء اسفار کے تاریکی ہی ہوتی ہے چنانچہ امام طحاوی نے اسی کو غلس کہا ہے اور اشارہ کیا ہے کہ حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ وغیرہ کی حدیث میں یہی غلس مراد ہے نہ کہ وہ جو طلوع فجر ہونے کے فوراً بعد ہے کیونکہ یہ حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ کی تصریح کے خلاف وقت ہے اب خوب واضح ہو گیا کہ روایات

تغلیس اور اسفار میں کوئی تعارض نہیں کیونکہ جس وقت حضور اکرم ﷺ نے اسفار کا حکم فرمایا یعنی ارشاد فرمایا "اسفروا بالفجر فانه اعظم للاجر" اسی کو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ وغیرہ نے غلس کہا ہے کیونکہ اس وقت ایک طرف کو تاریکی ہوتی ہے جبکہ حدیث "اسفروا بالفجر" کا مطلب یہ ہوا کہ حضور ﷺ نے لوگوں کو یہ حکم فرمایا کہ فجر کے طلوع ہونے کے بعد نماز شروع کرنے کے لیے اتنا ہونے دو تاکہ اول وقت اندھیرے میں شروع کرو اس صورت میں نماز اسفار کامل میں ختم ہوگی کیونکہ اس وقت کچھ تاریکی باقی ہوتی ہے خلاف ہوتا ہے اس لیے کہ اس وقت کچھ تاریکی بھی تھی۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ وغیرہ نے اس کو غلس سے تعبیر کیا ہے۔

خلاصہ یہ ہوا کہ فجر کی نماز میں آخری وقت وہ ہے کہ فجر طلوع ہونے کے فوراً بعد شروع کرنے کے بعد اسفار ہونے کے بعد تک ختم ہو جائے جیسے تاریکی طرح اسفار بھی باقی ہے اور تغلیس کی روایات میں اس کو غلس کہا گیا ہے اور اسفار کی روایات میں اسی کو اسفار سے تعبیر کیا گیا ہے اور اسی غلس پر حضور اکرم ﷺ کا دوام رہا اور اسی نماز پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اتفاق کیا ہے جیسے دونوں قسم کی احادیث میں کوئی تعارض نہیں ہے۔ (واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب)

التغليس في السفر

حالت سفر میں اندھیرے میں نماز پڑھنے کا بیان

اخبرنا اسحٰق بن ابراهيم اخبرنا سليمان بن حرب حدثنا حماد بن زيد عن ثابت عن انس قال صلى رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم خيبر صلاة الصبح بغلس وهو قريب منهم فاغار عليهم وقال الله اكبر خربت خيبر مرتين انا اذا نزلنا بساحة قوم فساء صباح المنذرين.

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے خیبر کے دن صبح کی نماز اندھیرے میں ادا کی (جبکہ آپ ﷺ) مقام خیبر ان سے قریب تھا پھر ان پر حملہ کیا اور فرمایا: اللہ اکبر خیبر ویران ہوا۔ خیبر دو مرتبہ فرمایا بلاشبہ ہم لوگ جب کسی قوم کے میدان میں اترتے ہیں تو ڈرائے گئے لوگوں کی صبح بری ہوتی ہے۔

باب الاسفار

اجالے میں صبح کی نماز ادا کرنے کا بیان

اخبرنا عبيدالله بن سعيد حدثنا يحيى عن ابن عجلان قال حدثني عاصم بن عمر بن قتادة عن محمود بن لبيد عن رافع بن خديج عن النبي صلى الله عليه وسلم قال اسفروا بالفجر

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ فجر کی نماز اجالے میں پڑھو۔

اخبرنا ابراهيم بن يعقوب حدثنا ابن ابي مريم اخبرنا ابو غسان قال حدثني زيد بن اسلم عن عاصم بن عمر بن قتادة عن محمود بن لبيد عن رجال من قومه من الانصار ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ما اسفرتم بالفجر فانه اعظم بالاجر.

حضرت محمود بن لبید اپنی قوم انصار کے بعض لوگوں سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ فجر کی نماز جب تک تم روشنی میں پڑھتے رہو گے تو تم کو اس کا ثواب بہت زیادہ ملتا رہے گا۔

باب من ادرک رکعة من صلوٰة الصبح

باب جس نے صبح کی نماز میں سے ایک رکعت پائی ہو اس کا کیا حکم ہے

اخبرنا ابراهيم بن محمد ومحمد بن المثنى واللفظ له قالا حدثنا يحيى عن عبد الله بن سعيد قال حدثني عبد الرحمن الاعرج عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من ادرك سجدة من الصبح قبل ان تطلع الشمس فقد ادركها ومن ادرك سجدة من العصر قبل ان تغرب الشمس فقد ادركها

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص نے صبح کی نماز کا ایک سجدہ پالیا طلوع آفتاب سے پہلے تو اس نے نماز صبح کو پالیا اور جس نے غروب آفتاب سے پہلے نماز عصر کے ایک سجدہ کو پالیا تو اس نے نماز عصر کو پالیا۔

اخبرنا محمد بن رافع حدثنا زكريا بن عدي حدثنا ابن المبارك عن يونس بن يزيد عن الزهري عن عروة عن عائشة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من ادرك ركعة من الفجر قبل ان تطلع الشمس فقد ادركها ومن ادرك ركعة من العصر قبل ان تغرب الشمس فقد ادركها

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس شخص نے فجر کی ایک رکعت طلوع آفتاب سے پہلے پائی تو اس نے نماز فجر کو پالیا اور جس نے غروب آفتاب سے پہلے نماز عصر کی ایک رکعت کو پالیا تو اس نے نماز عصر کو پالیا۔

آخر وقت الصبح

نماز صبح کے آخری وقت کا بیان

اخبرنا اسماعيل بن مسعود ومحمد بن عبد الاعلى قالا حدثنا خالد عن شعبة عن ابي صدقة عن انس بن مالك قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي الظهر اذا زالت الشمس ويصلي العصر بين صلاتيكم هاتين ويصلي المغرب اذا غربت الشمس ويصلي العشاء اذا غاب الشفق ثم قال على اثره ويصلي الصبح الى ان ينفسح البصر

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ نبی ﷺ نماز ظہر اس وقت ادا فرماتے تھے جب کہ سورج ڈھل جاتا اور نماز عصر تمہاری ان دونوں نمازوں کے درمیان ادا کرتے تھے اور نماز مغرب اس وقت ادا فرماتے تھے جب سورج غروب ہو جاتا اور نماز عشاء اس وقت ادا فرماتے تھے جب شفق غائب ہو جاتی پھر اس کے بعد فرمایا اور نماز صبح اس وقت تک

ادا فرماتے تھے جبکہ تیر گرنے کی جگہ دیکھی جا سکتی تھی۔

تشریح: اس حدیث میں حضرت انس ﷺ نماز صبح کے متعلق کہتے ہیں: "یصلی الصبح الی ان یفسح البصر" حتی یفسح البصر" ابن مالک کہتے ہیں کہ فسح البصر اور انفسح البصر اس وقت بولا جاتا ہے جب روشنی کی وجہ سے نگاہ وسیع ہو جائے۔ اس حدیث کا مطلب یہ ہوا کہ نبی کریم ﷺ صبح کی نماز اس وقت ادا فرماتے تھے جب کہ اتنی روشنی ہو جاتی تھی کہ تیر گرنے کی جگہ دیکھی جا سکتی تھی۔

بہرحال اس حدیث کا آخری جملہ "یصلی الصبح الی" اسفار کے اس معنی کو ادا کرتا ہے جس کے علماء حنفیہ قائل ہوتے ہیں جیسا کہ ہم واضح طور پر پیچھے ذکر کر چکے ہیں، لہٰذا یہ حدیث بھی ان احادیث میں سے ہے جو اسفار کے اس معنی کی تائید ہوتی ہے جس کے حنفیہ قائل ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم واحکم۔

قد تم المجلد الاول من شرح النسائي ويتلوه المجلد الثاني ان شاء الله تعالى